# حبیب الفتاوی

جدید ترتیب تعلیق و تخریج

تالیف

حبیب الامت عارف باللہ

حضرت مولانا مفتی حبیب اللہ صاحب قاسمی

# تفصیلات





| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | مکمل ومدلل حبیب الفتاوی ( جلد چہارم ) |
| نام مصنف | : | حضرت مولانا مفتی حبیب اللہ صاحب قاسمی دامت برکاتہم |
| باہتمام | : | محمد طیب قاسمی مظفر نگری |
| کمپوزنگ | : | سیّد عبد العلیم ۔7017984091-6396271354 |
| سن اشاعت | : | ستمبر 2020 |
| ناشر | : | مکتبہ طیبہ دیوبند۔ 9412558230 |



## ملنے کے پتے

whatsapp: 9897352213

Mob: 9557571573

# عرض ناشر

دیوبند جو علوم وفنون کا مرکز ہے یہاں کتب خانے ہمیشہ سے دینی کتابوں کی اشاعت میں پیش پیش رہے ہیں۔

انہیں کتب خانوں میں ایک کتب خانہ **مکتبہ طیبہ** بھی ہے جس نے آغاز سے نہایت اہم موضوعات تفسیر، حدیث فقہ وفتاویٰ پر منتخب کتابیں شائع کرنے کی تاریخ رقم کی ہے۔

**مکتبہ طیبہ** آج یہ اطلاع دیتے ہوئے اللہ کا شکر ادا کر رہا ہے حبیب الفتاویٰ مکمل مدلل جدید ترتیب تعلیق تخریج کے ساتھ شائع کرنے جا رہا ہے۔ یہ مجموعہ فتاویٰ اس شخصیت کے قلم سے ہے جو نہ صرف دار العلوم دیوبند کے فارغ، بلکہ حضرت مفتی اعظم مولانا محمود حسن گنگوہی صاحب کے خصوصی شاگرد ہیں بلکہ آپ کے معتمد خاص اور مجاز ہیں۔

ہمیں یقین ہے کہ فقہ وفتاویٰ کی دنیا میں، اس مجموعہ فتاویٰ سے ایک گرانقدر اضافہ ہوگا۔

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ جب اس نے اس کی اشاعت کی توفیق دی ہے تو اسے زیادہ سے زیادہ قبولیت سے نوازے، آمین۔

محمد طیب قاسمی مظفر نگری

21/اگست 2020

محترم المقام مولانا محمد طیب صاحب قاسمی زید مجدہم!

مالک مکتبہ طیبہ دیوبند

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید کہ مزاج گرامی بخیر وعافیت ہوگا۔

مختلف زمانوں اور اوقات میں دین وشریعت کے مسائل ایک عرصہ سے مجھ سے معلوم کیے جاتے رہے اور ان کے جوابات بھی قرآن وحدیث اور بزرگ فقہاء کرام کی تحقیقات کی روشنی میں دئے جاتے رہے۔

میرے ایک دوست نے انھیں مرتب کیا اور پھر یہ فتاوے "حبیب الفتاویٰ" کے عنوان سے شائع بھی ہوئے اور بحمد اللہ مقبول بھی ہوئے۔

یہ معلوم کرکے بے حد مسرت ہوئی کہ آپ اپنے کتب خانہ "مکتبہ طیبہ دیوبند" سے اس کو شائع کرنا چاہتے ہیں، میں آپ کا شکر گزار ہوں اور بصد خوشی آپ کو اس کی طباعت واشاعت اور اس کے مالکانہ حقوق کی اجازت دیتا ہوں بلکہ اس کی اشاعت کی مقبولیت اور محبوبیت کے لئے دعا گو بھی ہوں۔

والسلام

# اجمالی فہرست


**المجلد الاوّل**

کتاب الطھارۃ

باب الوضو

آداب الخلاء

باب الحیض

باب التیمم

متفرقات

کتاب الصلٰوۃ

باب صفۃ الصلٰوۃ

باب الاذان و الاقامۃ

باب القرأۃ وزلۃ القاری

باب المسبوق

باب ادراک الفریضہ

باب الدعاء

**المجلد الثانی**

باب الامامۃ

باب الجمعہ

باب العیدین

باب الوتر

باب المسافر

باب سجود السھو

باب سجود التلاوۃ

باب التراویح

کتاب الجنائز

**المجلد الثالث**

کتاب الصوم

باب الاعتکاف

کتاب الزکٰوۃ

کتاب الحج

کتاب النکاح

باب المحرمات

باب الاولیاء و الاکفاء

**المجلد الرابع**

باب الحضانۃ

كتاب الطلاق
باب التعليق
باب الخلع
باب العدة و النفقة
كتاب الذبائح و الأضحية

**المجلد الخامس**

كتاب البيوع
كتاب الهبة
كتاب الاجارة
كتاب الربو و الرشوة و القمار
كتاب النذر و الايمان
كتاب الوقف
كتاب الفرائض و الميراث و الوصايا

**المجلد السادس**

كتاب المساجد
كتاب المدارس
كتاب الحظر و الاباحة
كتاب البدعات و الرسومات

**المجلد السابع**

كتاب الأشتات
كتاب المفقود
كتاب الجنايات

**المجلد الثامن**

كتاب الطهارة
كتاب الصلوٰة
كتاب الصوم
كتاب الحج
كتاب النكاح
كتاب الطلاق
كتاب البيوع
كتاب الأضحية و العقيقة
كتاب المساجد
كتاب الإجارة
كتاب الهبة
كتاب الدية
كتاب الأشتات
كتاب الأيمان و النذور
كتاب الحظر و الإباحة
كتاب الفرائض

✪✪✪

# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| **باب الحضانۃ** | ۱۸ |
| دو تین سال کے بچوں کی پرورش کا حقدار کون ہے؟ | ؍؍ |
| ماں اگر فاسقہ ہو تو اس کو حق حضانت حاصل ہے یا نہیں؟ | ۱۹ |
| دودھ بخشنا شرعاً بے اصل ہے | ۲۱ |
| طلاق کے بعد پیدا ہونے والے بچہ کا حکم | ۲۲ |
| طلاق و حضانت کا ایک مسئلہ | ؍؍ |
| طلاق مکرہ اور حق حضانت کا ایک مسئلہ | ۲۳ |
| **کتاب الطلاق** | ۲۵ |
| ایک یا دو یا تین طلاق شدہ عورت کو رکھنے کی صورت | ؍؍ |
| حلالہ کی ترکیب | ۲۶ |
| حلالہ کے لئے نکاح مشروط کا حکم | ؍؍ |
| حلالہ اور اس سے پیدا ہونے والی اولاد کا حکم | ۲۹ |
| تحریر کے ذریعہ وقوع طلاق کا حکم | ۳۰ |
| صورت مسئولہ میں کیا طلاق واقع ہوگی؟ | ۳۱ |
| کلما کے ذریعہ کھائی قسم کے بطلان کا ایک حیلہ | ۳۲ |
| طلاق مغلظ پر گواہ موجود ہیں مگر تحریر نہیں، شرعاً کیا حکم ہے | ۳۳ |
| مکرہ کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟ | ۳۴ |
| لڑکا طلاق دینے پر راضی نہیں، چھٹکارے کی کیا شکل ہوگی | ۳۷ |

| | |
|---|---|
| مطلقہ رجعیہ کو شوہر زوجیت میں کس طرح لاسکتا ہے؟ | ۳۸ |
| طلاق نامہ لکھوانے کے بعد انکار کردے تو کیا حکم؟ | ۴۰ |
| لفظ کلما کے ذریعہ دی ہوئی طلاق کا حکم | ۴۲ |
| لفظ تلاق سے طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟ | ۴۶ |
| اگر میکے گئی تو تمہیں طلاق کیا حکم ہے؟ | ۴۷ |
| تم چاہے جو بھی کرو مجھ سے مطلب نہیں کہنے سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ | ۴۹ |
| طلاق دے دوں گا کہنے سے طلاق واقع نہیں ہوتی | ۵۱ |
| ''جا ہم نے تجھ کو طلاق دیا'' تین مرتبہ کہنے سے کتنی طلاق واقع ہوگی | ۵۲ |
| طلاق رجعی دے دی کیا حکم ہے؟ | ۵۴ |
| مذاقاً طلاق دینے سے بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے | ۵۵ |
| مہر میں معاف کردیتی ہو مجھے طلاق دے دو | ۵۷ |
| نشہ میں دی ہوئی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟ | ۵۸ |
| صورت مسئولہ میں مہر کتنی ادا کرنی ہوگی؟ | ۵۹ |
| زبردستی طلاق نامہ لکھوانے کا حکم | ۶۰ |
| طلاق کے باب میں بیوی کی بات بلاشہادت معتبر نہیں | ۶۱ |
| طلاق کے وقت بیوی سے زیورات لوٹانے کا حکم | ۶۳ |
| بیوی کا بغیر نام لئے طلاق کا حکم | ۶۴ |
| ''طلاق سمجھو'' کہنے سے طلاق واقع نہیں ہوگی؟ | ۶۶ |
| حالت جنون میں طلاق دینا | ۶۷ |
| شوہر کے اقرار طلاق سے طلاق واقع ہو جائے گی | ۶۸ |
| شوہر کے اقرار طلاق سے بیوی مطلقہ ہو جائے گی | ۷۰ |
| ایام حیض میں طلاق دینے کا حکم | ۷۲ |

| | |
|---|---|
| شوہر دائمی مریض ہے بیوی کیا کرے | ۷۳ |
| دے دیا کہنے پر طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ | ۷۴ |
| دو بار لفظ طلاق کہنے سے کون سی طلاق واقع ہوگی؟ | ۷۵ |
| جبراً طلاق نامہ پر دستخط کرانے کا اعتبار نہیں | ۷۶ |
| مطلقہ ثلاثہ کے حلال ہونے کا طریقہ | ۷۸ |
| ”اگر رشتہ داری یا میکہ گئی تو طلاق“ کہنے کا حکم | ۷۹ |
| ”اگر میں نکاح کروں گا تو طلاق دے دوں گا“ کہنے کا حکم | ۸۰ |
| دل میں صرف سوچنے سے طلاق ہوگی یا نہیں؟ | ۸۱ |
| وقوع طلاق کی ایک صورت | ۸۲ |
| مطالبۂ طلاق پر مہر کی ادائیگی کا حکم | ۸۴ |
| طلاق کی ایک شکل | ۸۵ |
| دو بار طلاق صریح کا حکم | ۸۶ |
| والدین کے کہنے پر طلاق کا حکم | ۸۷ |
| طلاق دیتا ہوں کہنے کا حکم | ۸۸ |
| طلاق دینے کے بعد انکار کا حکم | ۸۹ |
| طلاق نامہ پر زبردستی دستخط کرالینے کا حکم | ۹۱ |
| تین مرتبہ طلاق طلاق طلاق کہنے کا حکم | ۹۲ |
| طلاق دیدی دیدی دیدی کہنے کا حکم | ۹۴ |
| دو طلاق دیا رجعت کی کیا صورت ہوسکتی ہے؟ | ۹۵ |
| طلاق کی ایک صورت | ۹۶ |
| دوسرے سے طلاق نامہ لکھوانے کا حکم | ۹۸ |
| کہا طلاق دیا دیا دیا کہنے سے کتنی طلاق ہوئی | ۹۹ |

| | |
|---|---|
| ایک طلاق کا اقرار بقیہ کا انکار کیا، کیا حکم ہے؟ | ۱۰۰ |
| تحریری طلاق سے انکار کا حکم | // |
| تین طلاق کا حکم | ۱۰۱ |
| طلاق معلق کا حکم | ۱۰۲ |
| بلا نیت اور علم کے طلاق دیا کیا حکم ہے | ۱۰۳ |
| لفظ ''فارغطی'' سے طلاق ہوئی یا نہیں؟ | ۱۰۴ |
| طلاق کی ایک صورت | ۱۰۵ |
| طلاق قبل الخلوۃ مہر واجب ہے یا نہیں؟ | ۱۰۶ |
| حالت اکراہ میں دی ہوئی طلاق کا حکم | ۱۰۷ |
| تینوں طلاق واقع ہوگئیں | ۱۰۹ |
| کسی غیر سے کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو طلاق دیدیا کیا حکم ہے؟ | ۱۱۲ |
| بخار اور غصہ میں تین طلاق کا حکم | ۱۱۳ |
| بیوی کی غیر موجودگی میں طلاق کا حکم | ۱۱۴ |
| طلاق نامہ پر رضامندی سے دستخط کرنے کا حکم | ۱۱۵ |
| جس تحریر میں طلاق دینے کا بیان نہ ہو اس پر دستخط کردینے کا حکم | ۱۱۶ |
| غصہ میں دی گئی طلاق کا حکم | ۱۱۷ |
| حالت جنون میں دی گئی طلاق کا حکم | ۱۱۸ |
| ارادۂ طلاق کا حکم | ۱۱۹ |
| دسیوں بار طلاق طلاق کہا کیا حکم ہے؟ | ۱۲۱ |
| حق طلاق کسی دوسرے کو دیدینے کا حکم | ۱۲۲ |
| ''اب اُو کرے طلاق ہوئی نہ ایسا کری'' کہنے کا حکم | ۱۲۳ |
| بلا قصد تلاق (بالتاء) لکھ کردے دیا کیا حکم ہے؟ | ۱۲۴ |

| | |
|---|---|
| بیوی سے ناراض ہو کر چار ماہ باہر رہا، کیا نکاح ٹوٹ گیا؟ | ۱۲۶ |
| تین طلاق کا حکم | 〃 |
| ”طلاق دے دوں گا“ کہنے کا حکم | ۱۲۷ |
| طلاق نامہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لیا کیا حکم ہے؟ | ۱۲۸ |
| طلاق کے بعد شادی میں دیئے گئے سامانوں کی واپسی کا حکم | ۱۲۹ |
| طلاق نامہ پر شوہر سے دستخط کرا لینے کا حکم | ۱۳۱ |
| طلاق نامہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لینے کا حکم | ۱۳۳ |
| کیا میاں بیوی میں باہم تکرار یا لوگوں کی افواہ پر طلاق واقع ہو جاتی ہے؟ | ۱۳۴ |
| طلاق دیدوں گا کہنے کا حکم | ۱۳۶ |
| طلاق بالتحریر کا حکم | 〃 |
| لفظ طلاق تین مرتبہ کہنے کا حکم | ۱۳۸ |
| ایک مجلس میں تین طلاق کہنے کا حکم | ۱۳۹ |
| ”تین مرتبہ طلاق دیتا ہوں“ کہنے کا حکم | ۱۴۰ |
| صورت مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی | ۱۴۱ |
| ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی | ۱۴۲ |
| لفظ ”چھوڑ دیا“ طلاق صریح کے معنی میں مستعمل ہے | ۱۴۳ |
| غصہ کی حالت میں طلاق دیا تعداد یاد نہیں، کتنی طلاق واقع ہوگی؟ | ۱۴۵ |
| غصہ کی حالت میں طلاق دیا طلاق ہوئی یا نہیں؟ | ۱۴۶ |
| طلاق صریح و معلق کی ایک شکل | ۱۴۷ |
| والدین کے حکم پر طلاق کا مسئلہ | ۱۴۸ |
| پہلے دو طلاق دیا، پھر تین چار کا اعلان کیا، کتنی طلاق واقع ہوئی؟ | ۱۵۱ |
| تین طلاق کی ایک صورت | ۱۵۳ |

| | |
|---|---|
| ہوش وحواس کے ساتھ دی گئی طلاق کا حکم | ۱۵۴ |
| طلاق غضب کا حکم | ۱۵۵ |
| غیر محرم کے ساتھ سفر پر طلاق کا حکم | ۱۵۶ |
| طلاق مغلظہ کی ایک شکل | ۱۵۷ |
| ایک دو تین طلاق کہنے کا حکم | ۱۵۸ |
| حالت حمل میں طلاق کا حکم | ۱۶۰ |
| ایک دو تین، تم کو جواب دیا، کہنے کا حکم | ۱۶۲ |
| تحریری طلاق کا حکم | ۱۶۳ |
| جہیز کی واپسی کا حکم | ۱۶۴ |
| طلاق کے بعد جہیز کی واپسی کا حکم | ۱۶۵ |
| دو طلاق دیا، کون سی طلاق واقع ہوئی؟ | ۱۶۶ |
| جنون کی حالت میں دی ہوئی طلاق کا حکم | ۱۶۷ |
| مکرہ کی طلاق کا حکم | ۱۶۹ |
| کاغذ پر ایک طلاق لکھ کر پھاڑ دیا، طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ | ۱۷۰ |
| طلاق دیا ایک بار کہا، اور دیا دیا کئی بار کہا، کتنی طلاق واقع ہوئی؟ | ۱۷۱ |
| دو مرتبہ طلاق کہا، کیا حکم ہے؟ | ۱۷۲ |
| طلاق بائنہ کی ایک صورت | ۱۷۳ |
| طلاق کا ایک مسئلہ | ۱۷۴ |
| تفویض طلاق کی ایک صورت | ۱۷۵ |
| شوہر لفظ طلاق کہنے سے انکار کرتا ہے، کیا حکم ہے؟ | ۱۷۶ |
| بلا نیت طلاق نامہ پر دستخط کیا، طلاق ہوئی یا نہیں؟ | ۱۷۷ |
| دھوکہ دیکر طلاق نامہ پر دستخط کرایا، کیا حکم ہے؟ | ۱۷۸ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| مطلقہ مغلظہ کا مسئلہ | ۱۷۹ |
| لفظ طلاق تین مرتبہ بلا ''واؤ'' کے کہا، کیا حکم ہے؟ | ۱۸۰ |
| بیوی کا نام لئے اور اسے مخاطب کئے بغیر لفظ طلاق کہا، کیا حکم ہے؟ | ۱۸۱ |
| ''میں بیوی نہیں رکھوں گا'' اور قرآن اٹھالیا، کیا حکم؟ | ۱۸۲ |
| بیوی نے شوہر کو ''ابا'' کہہ دیا، کیا حکم ہے؟ | ۱۸۳ |
| ان شاء اللہ کے ساتھ طلاق دینے کا حکم | ۱۸۴ |
| دو طلاق رجعی کا حکم | ۱۸۵ |
| ایک صورت طلاق مغلظہ کی | ۱۸۶ |
| **باب التعلیق** | ۱۸۸ |
| طلاقِ مشروط کی ایک شکل | // |
| مشروط طلاق کا حکم | ۱۸۹ |
| طلاق مشروط کی ایک شکل | // |
| طلاق کو شرط پر معلق کرنے کے بعد شوہر نے رجوع کرلیا، کیا حکم ہے؟ | ۱۹۰ |
| معلق بالشرط طلاق کا حکم | ۱۹۲ |
| طلاق معلق کی تنسیخ کا حیلہ | ۱۹۳ |
| وقوع شرط سے پہلے طلاق کا حکم | ۱۹۵ |
| طلاق ارادہ معلق بالشرط کا حکم | ۱۹۶ |
| طلاق معلق کا حکم | ۱۹۸ |
| طلاق معلق اور اس میں تخفیف کی ایک صورت | ۱۹۹ |
| **باب الخلع** | ۲۰۱ |
| خلع کے بعد حلالہ ضروری ہے یا نہیں؟ | // |
| بدچلن شوہر سے خلاصی کی صورت | ۲۰۲ |

| | |
|---|---|
| لڑکی کی اجازت کے بغیر باپ نے خلع کرالیا کیا حکم ہے؟ | ۲۰۶ |
| طریقہ خلع | ۲۰۷ |
| بالغہ لڑکی کی اجازت کے بغیر باپ نے خلع کرالیا خلع ہوا یا نہیں؟ | ۲۰۹ |
| بدچلن شوہر سے خلاصی کی صورت | ۲۱۰ |
| شوہر کے گھر والوں سے تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہے لڑکی کیا کرے؟ | ۲۱۱ |
| خلع کی ایک شکل | ۲۱۲ |
| فسخ نکاح کی ایک شکل | ۲۱۴ |
| **باب العدة والنفقة** | ۲۱۵ |
| اگر بیوی میکہ رہے تو کیا وہ نفقہ کی مستحق ہے؟ | // |
| بیوی جب از خود میکے چلی جائے تو کیا نان ونفقہ شوہر پر ہے؟ | ۲۱۶ |
| صورت مسئولہ میں ہندہ نفقہ اور مہر کی حقدار ہے یا نہیں | ۲۱۸ |
| عورت عدت کہاں گذارے | ۲۱۹ |
| معتدۂ طلاق عدت کہا گذارے؟ | ۲۲۲ |
| مطلقۂ ثلاثہ کا بعد عدت شوہر کے گھر میں رہنا کیسا ہے؟ | ۲۲۳ |
| نفقہ مطلقہ پر تحقیقی مقالہ نفقہ کب واجب ہے کب نہیں؟ | ۲۲۵ |
| عدت کا خرچہ کتنا دیا جائے؟ | ۲۳۱ |
| مطلقہ حاملہ کی عدت کا حکم | ۲۳۳ |
| اگر عورت عدتِ طلاق کے ختم ہونے کا اقرار کرے تو نکاح درست ہے یا نہیں؟ | ۲۳۵ |
| عدت کا خرچہ اور بچہ کا نفقہ کس کے ذمہ ہے؟ | ۲۳۶ |
| عدت کا نفقہ کس پر ہے؟ | ۲۳۸ |
| معتکفہ کی طلاق وعدت کا حکم | ۲۳۹ |
| طلاق کی عدت کا خرچہ شوہر پر لازم ہے | // |

| | |
|---|---|
| عدت والی عورت کا گھر سے نکلنے کا حکم | ۲۴۰ |
| جس گھر میں طلاق ہوئی، کوئی دیکھ ریکھ کرنے والا نہیں، عدت کہاں گزارے؟ | ۲۴۱ |
| بیوہ عدت وفات کہاں گزارے؟ | ۲۴۲ |
| معتدہ متوفی عنہا زوجہا کا زمانۂ عدت میں میکہ جانا کیسا ہے؟ | ۲۴۳ |
| **کتاب الذبائح والأضحية** | ۲۴۴ |
| رات میں قربانی کرنا کیسا ہے؟ | // |
| صرف مردے کے نام سے قربانی کرنے سے وجوب ساقط نہ ہوگا | ۲۴۵ |
| ایام اضحیہ میں قربانی نہیں کرنے کا کیا حکم ہے؟ | ۲۴۶ |
| بقرعید کی نماز سے پہلے پیدا ہونے والے بکری کی قربانی کا حکم | ۲۴۷ |
| قربانی کی کھال کو خود استعمال کرنا جائز ہے؟ | ۲۴۸ |
| شکار پر تیرے چلاتے وقت بسم اللہ پڑھنا معتبر ہے یا نہیں؟ | ۲۵۰ |
| مسائل قربانی | ۲۵۲ |
| قربانی کا گوشت کافر کو دینے کا حکم | ۲۵۶ |
| قربانی کا گوشت بلا وزن تقسیم کرنے کا حکم | ۲۵۷ |
| قربانی کی کھال کی قیمت کافر کو دینے کا حکم | ۲۵۸ |
| ایک آنکھ ضائع شدہ بکرے کی قربانی کا حکم | ۲۵۹ |
| رات میں قربانی کرنے کا حکم | ۲۶۰ |
| ذبح کے بجائے بندوق سے مار دیا کیا حکم ہے؟ | ۲۶۱ |
| دوسرے سے قربانی کرانے کا حکم | ۲۶۲ |
| ذبح کرتے وقت معاون نے بسم اللہ نہیں پڑھی کیا حکم ہے؟ | ۲۶۳ |
| چھ سالہ بچہ کی طرف سے قربانی کا حکم | ۲۶۴ |
| ایام قربانی میں صدقہ افضل ہے یا قربانی؟ | // |

| | |
|---|---|
| بدھیا جانور کی قربانی کا حکم | ۲۶۵ |
| قربانی کے جانور کو کتے نے کاٹ لیا کیا حکم ہے؟ | ۲۶۶ |
| دو نام میں سے ایک سے عقیقہ دوسرے سے نکاح کا حکم | ۲۶۸ |
| معطی کا نام و پتہ معلوم نہ ہو تو کیا کرے | // |
| حاجی اگر قربانی نہ کرسکا تو کیا کرے؟ | ۲۶۹ |
| بدھیا اور کان وغیرہ کٹے ہوئے جانور کی قربانی کا حکم | ۲۷۰ |
| چرم قربانی کی رقم، بغیر تملیک کے استعمال کی ایک صورت | ۲۷۱ |
| دیہات میں نماز عید سے پہلے قربانی کا حکم | ۲۷۲ |
| قربانی کے لئے خریدا ہوا جانور ایام اضحیہ میں ذبح نہیں ہوا، اب کیا حکم ہے؟ | ۲۷۳ |
| قربانی کا گوشت کیسے تقسیم کیا جائے | ۲۷۴ |
| میت کے نام پر قربانی کرنے کا طریقہ | ۲۷۵ |
| ایک سال سے کم بکرے کی قربانی کا حکم | ۲۷۶ |
| قربانی کے گوشت کا حکم | ۲۷۷ |
| قربانی کس جانور کی افضل ہے؟ | ۲۷۹ |
| دیہاتی شہر میں قربانی کب کرے؟ | ۲۸۰ |
| قربانی کی کھال فروخت کر کے قصاب کو اجرت میں دینے کا حکم | ۲۸۱ |
| چرم قربانی کی قیمت کا حکم | ۲۸۲ |
| قربانی کا گوشت غیر مسلم کو دینے کا حکم | ۲۸۳ |
| قربانی کا گوشت شرکاء میں کس طرح تقسیم کرے؟ | ۲۸۴ |
| قربانی کے لئے خریدی ہوئی بکری کے دودھ کا حکم | // |
| عورت اپنے سے قربانی کرسکتی ہے یا نہیں؟ | ۲۸۵ |
| قربانی کے گوشت کو سوکھا کر رکھنے کا حکم | ۲۸۶ |

| | |
|---|---|
| رات میں قربانی کرنے کا حکم | ۲۸۷ |
| جانور کی کھال کب اتاری جائے؟ | ۲۸۸ |
| نابالغ پر قربانی کے وجوب کا حکم | ۲۸۹ |
| صاحب نصاب بالغ اولاد کی طرف سے قربانی کا حکم | ۲۹۰ |
| دو تہائی سے زاید کسی حصہ کے کٹنے کا حکم | ۲۹۱ |
| قربانی کا خریدا ہوا جانور مر گیا اب کیا حکم ہے؟ | ۲۹۲ |
| قربانی کے جانور کو بیچ کر پیسہ استعمال کرنا کیسا ہے؟ | ۲۹۳ |
| قربانی میں عقیقہ کا حکم | ۲۹۴ |
| نام بدلنے پر عقیقہ مکرر کرنا کیسا ہے؟ | ۲۹۵ |

# باب الحضانة

## دو تین سال کے بچوں کی پرورش کا حقدار کون ہے؟

**سوال** (۵۹۷): زید نے اپنی بیوی کو طلاق دیا اور اس کے تین بچے ہیں پہلے بچے کی عمر ۳ سال اور دوسرے کی ۲ سال اور تیسرے کی ایک سال ہے اب صورت مذکورہ میں دریافت طلب امر یہ ہے کہ بچے زید کو ملیں گے یا اس کی مطلقہ بیوی کو؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

بچوں کی پرورش کا حق ماں کو ہے "**الأم احق بحضانة ولدها قبل الفرقة وبعدها**" (ملتقی الابحر: ۱/ ۴۸۰) (۱) لڑکا ماں کے پاس مفتی بہ قول کے مطابق سات سال رہے گا "**والخصاف اى قدر مدة استغنائه بسبع سنين وعليه الفتوى كما فى اكثر الكتب اعتبار اللغالب**" (مجمع الانہر: ۱/ ۴۸۲) (۲) اور لڑکی ماں کے پاس مفتی بہ قول کے مطابق نو سال تک رہے گی "**وعند محمد حتى تشتهى وبه يفتى لفساد الزمان، واختلف فى حد الشهوة فقدره ابو الليث تسع سنين وعليه الفتوى كما فى التبيين**" (مجمع (۳) مع ملتقی: ۱/ ۴۸۲، وہذا فی سکب الانہر: ۱/ ۴۸۲) (۴)

اس کے بعد لڑکا اور لڑکی دونوں والد کے حوالے کر دیئے جائیں گے مذکورہ بالا مدت کے بعد والد بچوں کا مستحق ہے (ای القاضی) **اى الاب لانه اذا استغنى يحتاج الى التاديب والتخلق بآداب الرجال واخلاقهم، والاب اقدر على ذلك وبعد اسطر واذا استغنى الولد عند واحدة منهن فالاولى اقربهم تعصيبا فالاب ثم الجد الاقرب فالاقرب**۔ (مجمع (۵) الانہر: ۱/ ۴۸۲ وہکذا

فی سکب الانہر: ۱/ ۴۸۲)(۶)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) ملتقى الأبحر ص:۹۸۵ ج:۱۔ مؤسسة الرسالة۔

(الفتاوىٰ الهندية ص:۵۴۱ ج:۱۔ الباب السادس عشر فى الحضانة۔ رشيدية)۔

(الفقه الاسلامى وأدلته ص:۲۹۸۵ ج:۱۰۔ المبحث الثانى ترتيب درجات الحواض أو مستحقى الحضانة۔ دار الفكر المعاصر)۔

(۲) مجمع الأنهر ص:۱۶۹ ج:۲۔ فقيه الأمت۔

(۳) ملتقى الأبحر ص:۴۹۹ ج:۱۔ مؤسسة الرسالة۔

(۴) سكب الأنهر مع الجمع ص:۱۶۹ ج:۲۔ فقيه الامت۔

(۵) مجمع الأنهر ص:۱۶۹ ج:۲۔ فقيه لامت۔

(۶) سكب الأنهر مع المجمع ص:۱۶۹ ج:۲۔ فقيه الأمت۔

## ماں اگر فاسقہ ہو تو اس کو حق حضانت حاصل ہے یا نہیں؟

**سوال** (۵۹۸): میں نے دس سال پہلے مسماۃ فرخندہ نوید سے شادی کی، شادی کے بعد ہی مجھے اندازہ لگا کہ میری بیوی کے اخلاق ٹھیک نہیں ہیں اور بدچلن ہے میں نے اس سلسلے میں بعض باتیں معلوم کیں تو اس نے اس کا اعتراف کیا اور آئندہ اپنی حرکت سے باز رہنے کا وعدہ کیا مگر اس کے باوجود اپنی روش بدلنے سے باز نہ آئی اور میں والدہ صاحبہ کے ایماء واصرار پر اس کے ساتھ نباہ کرتا رہا، یہاں تک کہ چار سال قبل اسکے بطن سے ایک لڑکا بھی تولد ہوا، طبی معائنہ سے معلوم ہوا کہ لڑکا میرا ہی ہے بہرکیف میں اس بچے کی وجہ سے برداشت کرتا رہا مگر وہ اپنے فحش کاموں سے باز نہ آئی بالآخر اس نے میرے چھوٹے بھائی

سے غلط تعلقات پیدا کر لئے اور پھر اس نے مجھ سے خلع کا مطالبہ کرنا شروع کر دیا اب چونکہ اسکے حالات ٹھیک نہیں ہیں اور ساتھ ہی اس کی ماں اس کی بعض بہنوں کے اخلاق بھی ٹھیک نہیں ہیں، تو ایسی حالت میں اگر میں طلاق دیتا ہوں (یا خلع) تو پھر میرے چار سالہ بچے کا کیا ہوگا؟ میں کسی حالت میں اس بچہ کو اس کی ماں یا نانی کے پاس چھوڑنا نہیں چاہتا ہوں میں چاہتا ہوں کہ میرا بچہ مجھے مل جائے تاکہ میں اس کی اچھی طرح اور اسلامی تربیت کرسکوں امید ہے کہ ان حالات کے پیش نظر مجھے کوئی ایسا حل بتلائیں گے جس سے مجھے بچہ مل جائے اور میری پریشانی دور ہو جائے اور اللہ کے یہاں ماجور ہوں۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

صورت مسئولہ میں اگرچہ بعض حضرات فقہاء نے ماں کو حق حضانت سے محروم کرنے کی بات لکھی ہے "**ولا للفاسقة كما في الفتح وغيره لكن في البحر وينبغي ان يراد بالفسق هنا الزنا لاشتغال الأم عن الولد بالخروج من المنزل لا مطلقة**" (مجمع الانہر: ۱/ ۴۸۰) (۱)

لیکن صاحب قنیہ نے ماں کو مطلقاً خضانت کا حق دیا ہے۔ "**وفي القنة اللاماحق وان كانت سئية السيرة معزوفة بالفجور مالم تقبل ذالك**"۔ (الدر المنتقی و مجمع الانہر: ۱/ ۴۸) (۲)

لہذا اگر ماں حق حضانت کا مطالبہ کرے تو اس کا مطالبہ بجا ہوگا اور اس حق کے تحت لڑکا مفتی بہ قول کے مطابق اس کے پاس سات سال تک رہ سکتا ہے اور اگر کسی طرح وہ اپنا حق ساقط کر دے تو اس کو یہ اختیار ہے "**والحضانة بسبع سنين وعليه الفتوى كما في اكثر الكتب اعتبارا للغالب**" (مجمع الانہر: ۱/ ۴۸۲) (۳)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) مجمع الأنہرص:۱۶۶/ج:۲۔باب الحضانۃ فقیہ الامت۔

الأم أحق بحضانة الولد بعد الفرقة لطلاق أو وفاة بالإجماع لعفود شفقتها إلا أن تكون فرعتدة أو فاجرةً فجوراً يضيع الولد به كزنا وغناء وسرقةٍ ونياحةٍ أو غير مأمونةٍ بأن تخرج كل وقتٍ وتتون الولد ضائعاً۔

(الفقه الإسلامي وأدلته ص:۷۲۹۸ ج:۱۰۔ المبحث الشافي ترتيب درجات الحواض۔ أو مسخفي الحضانة دار الفكر المعاصر)۔

ہکذا في: الفتاویٰ الهندیۃ ص:۵۴۱ ج:۱، الباب السادس عشر في الحضانۃ رشیدیۃ)۔

(۲) الدر المنتقى والجمع الأنهر ص:۱۶۶ ج:۲۔ فقيه الامت۔

(۳) مجمع الأنهر ص:۱۶۹ ج:۲۔ فقيه الامت۔

## دودھ بخشنا شرعاً بے اصل ہے

**سوال** (۵۹۹): لوگوں کے اندر یہ بات عام ہے کہ بال بچوں کو چاہئے کہ والدہ سے قبل موت دودھ معاف کرائے یہ بات شریعت کے اندر ہے یا خارج ہے اس کا جواب دیکر مشکور ہوں۔

رات کو جھاڑو دینا درست ہے یا نہیں؟

ذاکرہ نکہت بنت مفتی حبیب اللہ صاحب

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

دودھ بخشنا شرعاً بے اصل ہے۔(فتاوی محمودیہ:۲/۴۰۸)(۱)

بعض لوگ رات کو جھاڑو دینے کو برا سمجھتے ہیں اس کی بھی کچھ اصل نہیں ہے۔(۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی ۴/۶/ ۱۴۱۲ھ

## التعليق والتخريج

(۱) فتاویٰ محمودیة ص:۱۹۱ ج:۳۔ شیخ الاسلام۔

(۲) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال، قال رسول لله صلى الله عليه وسلم لا عدو ولا طيرة ولا هامة ولا صفر وفرّ من المجذوم كما تفر من الأسد۔ (مشكاة المصابيح ص:۳۹۱ ج:۲۔ باب الفال والطيرة من كتاب الطلب مكتبة ملت)۔

## طلاق کے بعد پیدا ہونے والے بچہ کا حکم

**سوال** (۶۰۰): حمل، طلاق کے بعد کا ہے اور طلاق کے بعد کئی اولاد پیدا ہوئی اب احقر کو یہ معلوم کرنا ہے کہ ان کی اولاد کی جو نسل چلے گی وہ حرامی نسل ہوگی یا غیر حرامی؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

طلاق کے بعد شوہر اول کے نطفہ سے بغیر نکاح شرعی کے جو بچے پیدا ہوئے وہ غیر ثابت النسب ہوں گے شوہر اول سے اس کا نسب صحیح نہیں۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) وإن ولدته لأكثر منها من وقته لا يثبت بدائع۔ (شامی ص: ۵۴۴ ج: ۳۔ کراچی)۔

لا يثبت نسب الولد۔ لأن الصبي لا ماء له فلا يتصور منه العلوق۔ (هدايه ص:۴۲۵ ج:۲۔ اشرفی بک ڈپو دیوبند)۔

## طلاق وحضانت کا ایک مسئلہ

**سوال**: مطلوب احمد نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدی، مطلقہ کے پاس دو لڑکے ہیں پہلے بچہ کی عمر تقریباً سات سال اور دوسرے بچہ کی عمر آٹھ ماہ ہے۔ مطلقہ کے پاس شوہر کی

طرف سے دیئے گئے زیورات ہیں، شوہر اپنے بچوں کو اور تمام زیورات کو مانگ رہا ہے۔

سوال یہ ہے کہ (۱) شوہر زیورات اور بچوں کے پانے کا حقدار ہے یا نہیں۔ (۲) خرچۂ عدت اور مہر مطلقہ پانے کی حقدار ہے یا نہیں؟ (۳) اگر بچہ مطلقہ کو ملے گا تو اس کا خرچ کس کے ذمہ ہوگا؟ بینوا توجروا

## طلاق مکرہ اور حق حضانت کا ایک مسئلہ

**سوال** (۵۶۰۱): میری بیوی ہے، اس کے گھر والوں نے زبردستی مجھ کو طلاق دینے کو کہا تو جب میں نے یہ سنا تو میں نے زہر کھالیا اور طلاق دینے سے انکار کیا، لیکن اسکے باوجود اس کے گھر والوں میں سے چار آدمیوں نے گھر میں بند کر کے مجھ سے زبردستی طلاق لی یعنی میری زبان سے طلاق کہلوایا یا دلوائی، یہ طلاق ہوئی یا نہیں؟ نیز اس سے دو بچے ہیں، ایک کی عمر تقریباً آٹھ سال ہے اور دوسرے کی عمر آٹھ ماہ ہے، ان بچوں کا اور بیوی کے زیورات کا حقدار شوہر ہوگا یا نہیں؟ جواب دے کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

زبردستی طلاق دلوانے سے بھی شرعاً طلاق واقع ہو جاتی ہے لہٰذا صورت مسئولہ میں اگر یہ صحیح ہے کہ شخص مذکور کو گھر میں بند کر کے چار آدمیوں نے زبردستی زبان سے طلاق کہلوایا یا طلاق دلوائی تو اس کی بیوی پر طلاق واقع ہوگئی، شامی میں ہے: **يقع طلاق كل زوج عاقل بالغ ولو عبدا او مكرها. فان طلاقه صحيح** (ج ۲ ص ۴۲۱) (۱) حدیث شریف میں ہے: ”**عن ابی هريرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ كل طلاق جائز الا طلاق المعتوه والمغلوب على عقله**“ رواہ الترمذی (مشکوۃ ج ۲ ص ۲۸۵)

(۲) سوال سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے تین طلاق دی ہے لہٰذا اس کی بیوی پر تین طلاق پڑ گئی اور اس کی بیوی اس پر حرام ہوگئی، اب بلا حلالہ شرعی دونوں کا ایک ساتھ رہنا اور ازدواجی زندگی گذارنا حرام ہے ”**فان طلقها فلا تحل له حتى تنكح زوجا غيره**“ (۳)

حق حضانت ماں کا حق ہے جب تک کہ بچہ ازخود کھانے پینے اور ناپاکی دور کرنے کے قابل نہ ہو جائے، لڑکا سات سال اور لڑکی نو سال تک حق حضانت کے تحت ماں کے پاس رہے گی، لہٰذا صورت مسئولہ میں شخص مذکور آٹھ سال کے بچہ کا شرعا حقدار ہوگا اور آٹھ ماہ کے بچہ کا حقدار نہ ہوگا۔ عالمگیری میں ہے: **والام والجدة احق بالغلام حتى يستغني وقدر بسبع سنين وقال القدوري حتى ياكل وحده ويشرب وحده ويستنجي وحده** (ج ا ص ۵۴۲) عالمگیری۔(۴)

جہیز میں ملے ہوئے سامان کی مالکہ عرفاً عورت ہوتی ہے خواہ ماں باپ کی جانب سے ہو یا شوہر یا اس کے گھر والوں کی جانب سے، خواہ وہ زیورات کی صورت میں ہو یا گھریلو سامان کی صورت میں، لہٰذا ان سب کی مالکہ اور حقدار عورت ہوگی نہ کہ شوہر، اور شوہر یا اس کے گھر والوں نے بعد شادی عورت کو کوئی سامان دیا لیکن قابض نہیں بنایا بلکہ صرف تصرف کی اجازت دی تو اس صورت میں اس سامان کا حقدار شوہر یا اس کے گھر والے ہوں گے۔ لیکن اس کی بنیاد عرف پر ہے لہٰذا عرف کے تحت اس کا فیصلہ کرالیا جائے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ويقع طلاق كل زوج بالغ عاقلٍ ولو عبداً أو مكرهاً فإن طلاقه صحيح۔ (شامی ص:۲۳۵ ج:۳۔ کراچی)۔

(۲) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل طلاق جائز إلا طلاق المعتوه والمعكوب على عقله رواه الترمذي۔ (مشكاة المصابيح ص:۲۸۴ ج:۲۔ كتاب الطلاق۔ العقل الثاني)۔

(۳) فإن طلقها فلا تحل له حتى تنكح زوجاً غيره۔ (سورة البقرة ص:۳۰ ۲ رقم الآية)

(۴) والأم والجدة۔ وحده۔ (الفتاوى الهندية ص:۵۴۲ ج:۱۔ رشيدية الباب السادس تم في الحضان

# کتاب الطلاق

## ایک یا دو یا تین طلاق شدہ عورت کو رکھنے کی صورت

**سوال** (۶۰۳): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع میتن مسئلہ ذیل میں کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دینے کے بعد پھر اپنے نکاح میں لینا چاہے تو اسے کیا کرنا چاہئے جواب باصواب سے نوازیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

اگر ایک طلاق صریح یا دو طلاق صریح دیا ہے یعنی بیوی کو یہ کہا کہ میں نے تجھ کو ایک طلاق دیا یا یہ کہا کہ میں نے دو طلاق دیا تو ان دونوں صورتوں میں بیوی نکاح سے خارج نہیں ہوئی جب تک عدت ختم نہ ہو جائے لہٰذا عدت کے اندر اگر شوہر چاہے تو رجعت کر سکتا ہے اور عدت ختم ہونے کے بعد نکاح ٹوٹ جاتا ہے اب اگر رکھنا چاہے تو اس سے دوبارہ نکاح کرنا پڑے گا۔

اور اگر طلاق بائن دیا تو فوراً بینونت واقع ہو جائے گی اس کے بعد اگر رکھنا چاہے تو نکاح کرنا پڑے گا اور اگر تین طلاق دیدیا تو اس کو طلاق مغلظہ کہتے ہیں اس کا حکم یہ ہے کہ اگر اس کے بعد اپنے نکاح میں لینا چاہے تو بغیر حلالہ کے اس سے نکاح جائز نہیں ہے **قال الله تعالىٰ فى القرآن المجيد فان طلّقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجًا غيره قال العلامة جلال الدين سيوطى تحت هذه الاية فان طلقها الزوج بعد اثنتين فلا تحل له من بعد طلقة الثلاثة حتى تنكح تزوج زوجا غيره** (ج۱ص۳۵) (۱)

**وقال الامام برهان الدين مرغينانى وان كان الطلاق ثلاثا فى الحرة او ثنتين فى الامة لا تحل له حتى تنكح زوجا غيره نكاحا صحيحا**

ویدخل بھا ثم یطلقھا أو یموت عنھا (ہدایہ ج ۲ ص ۳۷۹) باب الرجعۃ (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) (تفسیر جلالین ص:۳۵ ج:۱) کتب خانہ رشیدیہ۔

(۲) وإن طلّق الرجل امرأته تطليقة رجعيّة أو تطليقتين فله أن يراجعها في عدّتها رضيت بذلك أو لم ترض۔ (ھدایہ ص:۳۹۴ ج:۲) وإذا كان الطلاق بائنا دون الثلث فله أن تيزوّجها في العدّة وبعد انقضائها.... وإن كان الطلاق ثلثاً في الحرّة وثنتين في الأمة لم دخلّ له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثمّ يطلّقها أو يموت عنها۔ (ھدایہ ص:۳۹۹ ج:۲) مکتبہ تھانوی۔

(۳) و کذا فی النھر الفائق ص:۴۲۰ ج:۲۔ زکریا۔

(۴) و کذا فی الھندیہ ص:۵۳۴۔۵۳۵ ج:۱۔ زکریا جدید۔

(۵) و کذا فی مجمع الأنھر ص:۸۷۔۸۸ ج:۲۔ فقیہ الأمت۔

## حلالہ کی ترکیب

**سوال** (۶۰۴): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ شرعی اصول کے مطابق طلاق کے بعد دوبارہ بیوی کے حلال ہونے کی کیا شرائط ہیں زحمت فرما کر جواب باصواب سے نوازیں اور عنداللہ ماجور ہوں۔

**الجواب: حامدًاومصليًا**

اگر طلاق ثلاثہ کے بعد پھر بیوی بنانا چاہتا ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ عورت طلاق کی عدت گذارے اس کے بعد دوسرے شخص سے نکاح ہو وہ اس سے صحبت کرے اپنی بیوی بنا کر رکھے اس کے بعد پھر یہ شخص مرجائے یا طلاق دے دے تو عورت پھر وفات یا طلاق

کی عدت گذارے اس کے بعد عورت اگر راضی ہو تو اس سے نکاح کرسکتا ہے اور اپنی بیوی بنا سکتا ہے۔

مذهب جمهور العلماء ان المطلقة بالثلاث لا تحل للزوج المطلقة منه بالثلاث الا بشرائط وهى ان تعتد منه ثم تتزوج بزوج آخر ويطأها ثم يطلقها ثم تعتد منه فاذا حصلت هذه الشرائط فقد حلت للاول والا فلا تفسير خازن (ج١ص١٩٥)

وفى الدر المختار لا ينكح مطلقة من نكاح صحيح فاخذ بها اى بالثلاث الخ حتى يطأها غيره الخ

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(١) مذهب جمهور العلماء انّ المطلقة بالثلاث لاتحل للزوج المطلقة منه بالثلاث إلّا بشرائط "الخ". (تفسير خازن). ج:١ص:١٩٥۔ قديم۔

(٢) (شامی ص:٤٣۔ ٤٦ ج:٥) اشرفيه۔

وفی الهندیہ ص:٥٣٥/ج:١۔ زکریا جدید۔

وفی النہر الفائق ص:٤٢١۔ ٤٢٢/ج:٢۔ زکریا۔

وفی مجمع الأنہر ص:٨٧۔ ٨٨/ج:٢۔ فقیہ الامت۔

## حلالہ کے لئے نکاح مشروط کا حکم

**سوال** (٦٠٥): کیا فرماتے ہیں علماء دین دریں مسئلہ کہ اگر زید نے اپنی بیوی کو طلاق دے دیا اور وہ اسے دوبارہ اپنے نکاح میں لینے کے لئے بکر کو اس شرط پر تیار کرتا ہے کہ نکاح کے دو روز کے بعد طلاق دے دے (تا کہ زید کے لئے بیوی حلال ہوسکے) تو یہ

شرعاً کیسا ہے۔جواب سے نوازیں۔

## الجواب: حامدًاومصليًا

بکر کو حلالہ کے لئے اس شرط پر تیار کرنا کہ وہ دو روز کے بعد طلاق دے دے یہ مکروہ تحریمی ہے لیکن حلالہ ہو جائے گا۔اور طلاق کے بعد شوہر اول سے نکاح کرنا درست ہے کذا فی الھدایۃ واذا تزوّجها بشرط التحليل فالنّكاح مكروه لقوله عليه السلام لعن الله المحلل والمحلل له وهذا هو محمله فان طلقها بعد وطيئها حلت للاول لوجود الدخول فى نكاح صحيح اذا لنكاح لا يبطل بالشرط الخ (الہدایہ ج ۲ ص ۳۸۰ وتنویر الابصار ج ۲ ص ۵۴۰) وفى فتح القدير قوله بشرط التحليل اى بان يقول تزوجتك على ان احللك له او تقول هى ذالك فهو مكروه كراهة التحريم المنتهضة سببًا للعقاب لقوله ﷺ لعن الله المحلل والمحلل له اما لونواه ولم يقولا فلا عبرة به ويكون ماجورا القصد الاصلاح الخ (ج ۳ ص ۱۷۷)

وفى العناية اما النكاح مكروه لقوله عليه السلام لعن الله المحلل والمحلل له فان محمله اشتراط التحليل فى العقد كما ذكرنا اذلو اضمر ذالك فى قلبه لم تستحق اللعن (ج ۳ ص ۱۷۷) على هامش فتح القدير۔

بہتر یہ ہے کہ زبان سے ظاہر نہ کرے اگر چہ دل میں مضمر ہو تاکہ لعنت کا مستحق نہ ہو۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) عن جابر و عليّ قالا: إنّ رسول الله۔ صلى الله عليه وسلم۔ لعن المحلل والمحلل له۔ (ترمذی شریف ص:۲۱۳ ج:۱)۔ مکتبہ بلال۔

(۲) وإذا تزوّجها بشرط التحليل فالنكاح مكروه" الخ۔ (هدایه ص:۴۰۰ ج:۲)۔

(۳) وكره التزوج للثانى تحريماً لحديث لعن الله المحلل والمحلل له بشرط التحليل۔۔۔ وإن حلّت للأوّل۔ (شامی ص:۵۱ ج:۵)۔ اشرفیه۔

(۴) وكذا فى مجمع الأنهر ص:۱۱۵ ج:۲۔ فقیه الامت۔

(۵) وكذا فى مجمع الأنهر ص:۲۳۱ ج:۲۔ زکریا۔

## حلالہ اور اس سے پیدا ہونے والی اولاد کا حکم

**سوال** (۲۰۶): حلالہ شرعی طور سے ابغض المباحات میں شامل ہے، لیکن آج کل لوگوں نے اس کا عام رواج بنالیا ہے اور نکاح ثانی والے شوہر نے بغیر اپنی خوشی کے طلاق دیدی پھر نکاح اولوالے شوہر سے ان کا نکاح کرادیا گیا اس کے بعد جو اولاد پیدا ہوتی ہے اس پر شرعی فتوی کیا ہے؟ ایا حلالی ہے یا حرامی؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صرف حلالہ ہی شرعی طور پر ابغض المباحات میں سے نہیں ہے بلکہ طلاق بھی ابغض المباحات میں سے ہے۔ لیکن آپ کو طلاق کا مسئلہ معلوم کرنے کی فکر نہیں ہوئی اور نہ ہی اس کو روکنے کی، حلالہ اگر سال میں کہیں ایک دو جگہ کرانے کی نوبت آتی ہے تو طلاق تو ایک سال میں ہزاروں کے گھروں میں واقع ہوتی ہے۔ بہر حال حلالہ کے بعد جو اولاد پیدا ہوتی ہے وہ حلالی ہے حرامی نہیں۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

**التعليق والتخريج**

(۱) اذا تزوج الرجل إمرأة فجاءت بولد لأقل من ستة اشهر منذ تزوجها لم يثبت نسبه لأن العلوق سابق على النكاح۔ فلا يكون منه۔۔۔ إلى لأن الفراش قائم

والمدة تامة. (هندية ج:۱ص:۵۶. رشيديه لاهور).

(۲) هكذا في الهداية ج:۲،ص:۴۳۲. مكتبه تهانوى ديوبند.

(۳) ومن قال إن نكحت فلانة فهي طالق، فنكحها فولدت لستة أشهر منذ نكحها لزمه نسبه. (مجمع الانهر ج:۲،ص:۱۵۷. فقيه الأمة).

## تحریر کے ذریعہ وقوع طلاق کا حکم

**سوال** (۶۰۷): کیا فرماتے ہیں علماء دین مسئلہ مذکورہ کے بارے میں اقبال احمد قریشی سے اس کے سسرال میں خسر، سالے، اور بیوی سے گھریلو معاملات میں کچھ جھگڑا لڑائی تکرار ہوا اس کے بعد اقبال احمد نے اپنی بیوی سے کہا کہ اچھا گھر چلو مگر اس نے اس وقت جانے سے انکار کر دیا اور کہا کہ کل چلیں گے باوجود اصرار کے نہیں آئی تو اقبال اپنے دو بچوں کو لے کر واپس ہوگیا چار میل آنے کے بعد اقبال احمد نے ایک غیر مسلم سے ایک رقعہ لکھوا کر بھیج دیا جو ذیل میں درج ہے اقبال احمد کی بیوی حاملہ ہے اب مذہب اسلام کی رو سے جو حکم صادر ہوتا ہوا سے بتلایا جائے۔

نقل خط جو ہندی میں لکھا تھا

اقبال حمد کی طرف سے درگاہی قریشی کو سلام

جو سامان ہے وہ کل پرسوں آکر لے جانا ہم طلاق دیتے ہیں ہم طلاق دیتے ہیں ہم طلاق دیتے ہیں (بقیہ کیا لکھوں چھٹی کو بھی لیتے آنا۔ (درگاہی اقبال احمد کے خسر کا نام ہے چھٹی اقبال کے سالے کا نام ہے)۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

اقبال احمد صاحب کو اگر اپنی تحریر کا اقرار ہے تو ان کی تحریر کے مطابق ان کی بیوی پر تین طلاق واقع ہو کر ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئی۔ اب اس سے کسی قسم کا تعلق ازدواجیت قائم رکھنا درست نہیں۔

إلا بعد الحلالة۔ صريحته ما لم يستعمل الا فيه كطلقتك، وأنت طالق ومطلقة ويقع بها اى بهذه الالفاظ وما بمعناها من الصريح وقال العلامة الشامی تحته و كذا المضارع اذا غلب فی الحال مثل اطلقك كما فی البحر (شامی ج ۲ص ۴۳۰)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) (شامی ص:۲۴۷ ج:۳) کراچی۔

(۲) ہکذا فی (البحر الرائق ص:۲۵۱ ج:۳) سعید۔

(۳) الفتاویٰ الہندیہ ص:۴۲۲ / ج:۱ زکریا۔

(۴) تبیین الحقائق ص:۱۹۶ / ج:۲ امدادیہ ملتان۔

(۵) إن أرسل الطلاق بأن كتب أما بعد فأنت طالق فكما كتب هذا يقع الطلاق وتلزمها العدة من وقت الكتابة۔ (شامی ص:۴۵۶ ج:۴، زکریا) ص:۲۴۶ ج:۳ کراچی

## صورت مسئولہ میں کیا طلاق واقع ہوگی؟

**سوال** (۶۰۸): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین دریں مسئلہ کہ بندہ رخصتی کرنے کے لئے گیا تھا تو وہاں کے لوگوں نے طلاق چاہا اور عورت نے بھی طلاق چاہا تو اسی پر میں نے کہا کہ بول بول پھر سے بول پھر اس نے کوئی جواب نہیں دیا آیا طلاق پڑی یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی چونکہ (بول بول) طلاق پر نہ صراحۃً دلالت کرتا ہے نہ کنایۃً دلالت کرتا ہے نیز قائل کا ارادہ اس سے طلاق دینے کا نہیں تھا بلکہ صرف

عورت کاارادہ معلوم کرنا تھا۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) قوله بلفظٍ مخصوصٍ وهو ما اشتمل على مادة ط،ا،ل،ق.....وسائر الكنايات المفيدة للرجعة والبينونة ولفظ الخلع۔ (حاشية الشلبي ص:۱۸۸ ج:۲۔ إمدايه ملتان مع تبيين الحقائق)۔

اللفظ الدال على إزالة حل المحلية۔ (البحر الرائق ص:۲۳۵ ج:۳) سعيد۔

واللفظ المخصوص هو الصريح الفظ الطلاق والكناية كلفظ البائن والحرام ويقوم مقام اللفظ الكتابة والإشارة المفهمة۔ (الفقه الإسلامي وأدلته ص:۶۸۷۳ ج:۹)۔ دار الفكر المعاصر۔

النهر الفائق ص:۳۰۹ ج:۲۔ زكريا۔

## کلما کے ذریعہ کھائی قسم کے بطلان کا ایک حیلہ

**سوال** (۶۰۹): کلما کے ذریعہ جو طلاق دی جاتی ہے کیا کلما کے بطلان کی کوئی صورت ہے یا نہیں اگر ہے تو کسی مجبوری کی وجہ سے ہے یا عام مسئلہ ہے حالانکہ ان کے پاس خدمت وغیرہ کے لئے بیوی اور لڑکے اور پوتا پوتی ناتی نتنی سب موجود ہیں ان میں بعض شادی کے لائق ہیں کیا وہ ایسی حالت میں شادی کرسکتا ہے۔

مندرجہ بالا مسئلہ کا جواب حدیث وقرآن کی روشنی میں تحریر فرمائیں۔

**الجواب: حامداً ومصلياً**

کلما کے بطلان کی صورت یہ ہے کہ اگر طالق کا کوئی دوست ہو تو اس کو چاہئے کہ از خود طالق کی طرف سے وکیل فضولی بن کر کسی لڑکی سے عقد نکاح کردے پھر طالق کو جا کر کہے کہ میں نے

تمہارا نکاح فلاں عورت سے کر دیا ہے اس کو اتنا یعنی کچھ روپئے مہر معجل دے دو طلاق زبان سے کچھ نہ کہے اور مہر اس کو دے دے اس طرح نکاح درست ہو جائے گا عملاً اور قولاً چونکہ عقد نکاح نہیں کیا اس لئے نکاح میں کوئی فساد نہیں آئے گا یہ حیلہ ہے کلما کے ذریعہ طلاق کے بطلان کی اور یہ حیلہ کوئی ضروری نہیں ہے مبتلی بہ اگر شادی کی ضرورت محسوس کرتا ہو تو اس حیلہ سے کرسکتا ہے یہ اس کی ضرورت پر موقوف ہے **اذا قال كل امرأة اتزوجها فهي طالق فزوجه فضولی وأجاز بالفعل بأن ساق المهر أو نحوه لا تطلق بخلاف ما اذا وكل له لانتقال العبارة اليه الخ** (عالمگیری ج ۱ ص ۴۱۹) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) (الفتاویٰ الھندیة ص:۴۸۸ ج:۱۔ زکریا۔ ص:۴۱۹ ج:۱۔ رشیدیة)۔

حلف لا يتزوج فزوجه فضولی فأجاز بالقول حنث بالفعل ومنه الكتابة خلافاً لابن سماعة۔ لا يحنث وبه يفتي۔ (الدر المختار مع الشامي ص:۸۴ ج:۳) کراچی۔

وإذا قال كل امرئة أتزوجها طالق فزوجه فضولی فأجاز بالفعل بأن ساق المهر ونحوه لا تطلق۔ (فتح القدیر ص:۱۰۶ ج:۴)۔ زکریا۔

فتاویٰ قاضی خان ص:۶۰۰ ج:۱۔ دار الکتب العلمیة۔

## طلاق مغلظ پر گواہ موجود ہیں مگر تحریر نہیں، شرعاً کیا حکم ہے

**سوال** (۶۱۰): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین دریں مسئلہ کہ

(۱) زید نے اپنی بیوی کو طلاق مغلظ دے دیا ہے گواہ موجود ہیں مگر تحریر نہیں ہے مطلقہ دوسری جگہ نکاح کرنا چاہتی ہے جائز ہے کہ نہیں جواب سے براہ کرم مطلع کریں طلاق دیئے ہوئے تین سال ہوگیا ہے۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

(۱) جب شاہدین موجود ہیں پھر کیا کلام ہے عورت کے لئے جائز ہے کہ دوسری جگہ اپنا نکاح کرلے۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) وإن كان الطلاق ثلاثاً فى الحرة، وثنتين فى الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً، ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۵۳۵ ج:۱) زكريا۔

ونصابها لغيرها من الحقوق سواء كان الحق مالاً أو غيره كنكاحٍ وطلاقٍ ووكالة ووصيةٍ واستهلال صبى ولو للإرث رجلان أو رجل وامرأتان۔ (الدر المختار ص:۹۱ ج:۲۔ كتاب الشهادات أشرفيه متن)۔

هدايه ص:۱۹۹ ج:۲۔ أشرفى بك ڈپو ديوبند۔

تبيين الحقائق ص:۵۷ ج:۲۔ إمداديه ملتان۔

البحر الرائق ص:۶ ج:۴۔ سعيد۔

## مکرہ کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟

**سوال** (۶۱۱): ایک شخص نے نکاح کیا اور کچھ دنوں بعد اس سے یا اس کے گھر والوں سے کچھ کھٹ پٹ ہوگئی اور سسرال والوں نے زبردستی اس سے طلاق لینا چاہا اور مخالفین نے اس سے کہا کہ اگر تم طلاق نہیں دوگے تو تمہارا ابھی گلا دبا کر مار ڈالیں گے تو اس صورت میں اس نے اپنی جان جانے کے خوف سے طلاق دے دیا لیکن اس کا طلاق دینے کا بالکل ارادہ نہیں تھا آیا اس صورت میں طلاق پڑی یا نہیں۔

یا کھٹ پٹ وغیرہ کچھ نہیں تھی ایسے ہی اچانک دشمنوں نے گھیر لیا اور اس سے زبردستی گلا دبا کر طلاق لینا چاہا اور کہا طلاق دو نہیں تو ابھی تمہاری جان لے لیں گے اس نے شدت خوف کی وجہ سے زبردستی طلاق دے دیا اس صورت میں طلاق واقع ہوگی یا نہیں ان دونوں صورتوں میں اگر طلاق واقع ہو جائے گی تو کیوں؟ اور اگر نہیں واقع ہوگی تو کیوں؟ مفصل طور پر واضح لفظوں میں بالدلیل تحریر فرمائیں۔

## الجواب: حامدًا و مصلیًا

صورت مسئولہ میں جن حالات کا تذکرہ ہے اس کو حضرات فقہاء اکراہ سے تعبیر کرتے ہیں اور مکرہ کی طلاق کو فقہاء نے واقع قرار دیا ہے چنانچہ درمختار میں ہے (۱) **ویقع طلاق کل زوج بالغ عاقل ولو عبدًا او مکرھا فان طلاقہ صحیح لا اقرارہ الخ** (ج ۲ ص ۴۲۱ وکذا فی ملتقی الابحر (۲) ج ۱ ص ۳۸۴) اور صاحب مجمع الانہر (۳) نے لکھا ہے کہ جب کوئی شخص اکراہ کر رہا ہے اور اس وقت مکرہ طلاق دیتا ہے تو گویا کہ یہ حقیقت کے خلاف اپنی زبان سے طلاق کا جملہ نکال رہا ہے لہٰذا یہ مخطی اور ہازل کے درجہ میں ہو گیا اور مخطی اور ہازل کی طلاق معتبر ہے **لقول النبی ﷺ ثلاث جدھن جد وھزلھن جد النکاح والطلاق والعتاق کذا فی مجمع الانہر** (ج ۱ ص ۳۸۴)

اور حضرت اقدس شیخ الہند فرمایا کرتے تھے کہ مکرہ بھی فی الحقیقت مختار ہے یہ ریکارڈ کی طرح نہیں ہے کہ جوں ہی اس پر کیل رکھی گئی فوراً اس سے آواز نکلنے لگتی ہے مکرہ تو حالت اکراہ میں بھی مختار ہوتا ہے اس لئے کہ جب کوئی اکراہ کرتا ہے تو اس وقت اس کو اختیار ہوتا ہے کہ چاہے اپنی جان دے دے یا طلاق دے دے مکرہ حدیث پاک کی روشنی میں **من ابتلی ببلیتین فلیختر اھونھما**

طلاق کو اھون سمجھتے ہوئے اس کو اختیار کرتا ہے اور طلاق دے دیتا ہے کذا فی تنظیم (۴) الاشتات اور یہی بات قدرے تفاوت کے ساتھ صاحب ہدایہ نے بھی بیان فرمائی ہے (ہدایہ (۵) ج ۲ ص ۳۳۸) **وھذا لانہ عرف الشیئین واختار**

اھونھما وھذا آیۃ القصد والاختیار الا انہ غیر راض بحکم وذالك غیر مخل بہ کالھازل الخ

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

عن أبی ھریرۃ رضی اللہ عنہ أن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال: ثلاث جد ھن جد وھزلھن جد النکاح والطلاق والرجعۃ۔ (أبوداؤد ص:۲۹۸ ج:۱ کتاب الطلاق)۔

(۱) الدرالمختار مع الشامی: ص:۴۲۱۔ ج:۲۔ کراچی۔

من ابتلی ببلیتین یختار أھونھما۔ (العرف الشذی ص:۱۶۷ ج:۱) مع المتن مکتبہ بلال۔

(۲) ویقع طلاق کل ذوجٍ عاقلٍ بالغٍ ولو مکرھاً۔ (ملتقی الأبحر ص:۲۶۲ ج:۱ مؤسسۃ الرسالۃ)۔

(۳) قولہ "ولو مکرھاً" فإن طلاق صحیح لا إقرارہ بالطلاق لأن الإقرار خبر محتمل للصدق والکذب، وقیام آلۃ الإکراہ علی۔ رأسہ یرجح جانب الکذب و کذا اللاعب والھازل بالطلاق لقولہ علیہ الصلاۃ والسلام۔ ثلاث جدھن جد وھزلھن جد النکاح والطلاق والعتاق۔(مجمع الأنھر ص:۸ ج:۲۔ فقیہ الأمۃ)۔

(۴) تنظیم الأشتات ص:۲۰۰ ج:۲۔ قدیم۔)

(۵) ھدایہ ص:۳۵۸ ج:۲۔ اشرفی بک ڈپو دیوبند۔

# لڑکا طلاق دینے پر راضی نہیں، چھٹکارے کی کیا شکل ہوگی

**سوال** (۶۱۲): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ مہر علی ساکن زین الدین پور اپنی لڑکی کا نکاح ساکن پرسونا وہاب علی ولد برخوردار سے کیا لیکن جس وقت نکاح ہوا اس وقت لڑکی اور لڑکا دونوں نابالغ تھے ایک سال کے بعد لڑکا تپ دق کا مریض ہوگیا آج عرصہ چھ سال کا گذر گیا لیکن لڑکا تندرست نہ ہوا اب لڑکی کو تین سال بالغ ہوئے ہوچکا اب لڑکی کہہ رہی ہے کہ ہماری زندگی وہاں نہیں گذر سکتی جبکہ خود ہی بہت مجبور ہے لڑکا سے طلاق کے لئے کہا گیا لیکن لڑکا طلاق دینے سے انکار کر رہا ہے کہتا ہے کہ ہم زندگی میں طلاق نہ دیں گے اس حالت میں ہم بہت مجبور ہیں حضرت مولانا سے استدعا ہے کہ اس حالت میں ہم کیا کریں۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

حدیث پاک (۱) میں ہے **الطلاق لمن اخذ بالساق كذا في الدر المختار** (۲) یعنی طلاق وہی دے سکتا ہے جو عورت کی پنڈلی کا مالک ہوتا ہے لہٰذا بغیر طلاق دیئے کچھ نہیں کیا جاسکتا لڑکے کی خوشامد کرکے یا اس کو لالچ دے کر یا کچھ روپئے پیسے پر راضی کرکے طلاق حاصل کریں اگر وہ ان چیزوں پر راضی نہ ہو اور نہ حقوق ازدواجیت ادا کرے تو پھر آخری مرحلہ یہ ہے کہ باپ دارالقضاء کو دستک دے قاضی کو یہ اختیار ہے کہ وہ تمام معاملات کی چھان بین کرنے کے بعد تفریق کردے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) عن ابن عباس رضي الله عنهما.... فصعد رسول الله صلى الله عليه وسلم المنبر.... فقال إنما الطلاق لمن أخذ بالساق۔ (سنن ابن ماجۃ: ص: ۱۵۱ ج) یاسر ندیم دیوبند۔

(۲) ولا يقع طلاق المولى على امرأة عبده لحديث ابن ماجه الطلاق لمن أخذ بالساق۔ (شامی ص:۲۴۲ ج:۳) کراچی۔

(۳) إذا وقع الاختلاف بين الزوجين أن يجتمع أهلهما ليصلحوا بينهما، فإن لم يصلحا جاز الطلاق والخلع۔ (شامی ص:۲۴۱ ج:۳، کراچی)۔

والصلح خير من الفرقة وسوء العشرة أو من الخصومة۔ (تفسير روح المعانی ص:۲۳۷ ج:۴) زکریا۔

وأما الأمير ممتى صادف فصلاً مجتهداً نفذه أمره وتحته في الشامية: نفذ أمره بمعنى وجب امتثاله۔ (شامی ص:۴۰۹ ج:۵) کراچی۔

## مطلقہ رجعیہ کو شوہر زوجیت میں کس طرح لاسکتا ہے؟

**سوال** (۶۱۳): کیا فرماتے ہیں علماء دین واہل سنت الجماعت اس ذیلی مسائل کی بابت کہ میں شفیع لدین نے آج تقریباً سات سال ہوا اپنی بیوی کے پاس بمبئی سے ایک تحریر طلاق رجعی کی روانہ کردیا تھا اور مدت کے اندر رجعت نہ ہوسکی جس سے طلاق بائن قرار پاگئی اور اس سے دو بچے ہیں اور وہ عورت نہ مہر اور خرچہ لینے پر رضامند ہوتی ہے اور نہ دوسرا عقد کرنے پر تیار ہوتی ہے اور نہ بچوں کو کسی قیمت پر دینے پر راضی ہوتی ہے اور بچوں کا قیمتی وقت کھیل کود میں خراب ہورہا ہے اور اس کا یہی سوال ہوتا ہے کہ میں رہوں گی شفیع الدین ہی کے ساتھ میں اور اب بچوں کی وجہ سے مجبور ہو کر شفیع الدین بھی چاہتے ہیں کہ میں رکھوں ورنہ بچے ناکارے ہوجائیں گے اور ان کی زندگی پلید ہوگی اور خدا کے یہاں میری پکڑ ہوگی اس لئے اس کی کیا صورت ہے۔

(۲) بغیر حلالہ کے شفیع الدین کے ساتھ نکاح ہوسکتا ہے اگر ہوسکتا ہے تو اس کی کیا صورت اور احسن طریقہ کیا ہے۔

(۳) اگر نکاح نہیں ہوسکتا شریعت اجازت نہیں دیتی تو ایسی حالت میں مہر اور خرچہ کی

ادائیگی کا کیا راستہ ہوگا اور بچوں کو حاصل کرنے کا کیا راستہ ہے۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

صورت مسئولہ میں حلالہ کی ضرورت نہیں ہے۔عورت جب راضی ہے تو شفیع الدین صاحب کو چاہئے کہ کسی مولوی صاحب کو بلا کر دو گواہوں کے سامنے اس عورت سے نکاح پڑھوالیں اس کے بعد حقوق ازدواجیت کی ادائیگی شروع کردیں اور آئندہ خیال رکھیں ورنہ صرف دو طلاق کے بعد مغلظہ ہوجائیگی ایک طلاق دینے کی وجہ سے اب آئندہ صرف دو طلاق کے مالک رہیں گے۔

والطلاق الرجعی لا یحرم الوطی وله أن یتزوج مبانة بما دون الثلاث فی الحرة وبما دون الثنتین فی الأمة فی العدة وبعدها لان حل المحلیة باق لان زوال الحل معلق بالطلقة الثالثة فینعدم الزوال قبله الخ (ملتقی الابحر مع مجمع الانہر ج اص ۴۳۷ وج اص ۴۳۸)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ملتقی الأبحر ص: ۲۷۷ ج: ۱۔ مؤسسة الرسالة۔

مجمع الأنہر ص: ۸۷ ج: ۲۔ فقیہ الأمت۔

البحر الرائق ص: ۵۶ / ج: ۴۔ سعید۔

تبیین الحقائق ص: ۲۵۷ / ج: ۲۔ امدادیہ ملتان۔

الفتاویٰ الہندیہ ص: ۵۳۵ / ج: ۱۔ زکریا۔

إنه یوجب الحرمة وزوال الملك عند انقضاء العدة۔ (تحفة الفقهاء ص: ۲۴۵ ج: ۳) دار الکتب العلمیة بیروت)۔

# طلاق نامہ لکھوانے کے بعد انکار کردے تو کیا حکم؟

**سوال** (۶۱۱۴): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین بیچ اس مسئلہ کے عمر نے ایک تحریر طلاق نامہ یہ خلع نامہ بذریعہ وکیل لکھوایا اور اس کو ٹائپ انگریزی میں کرا کر اس کا ہندی ترجمہ کرالیا اور اس کو لے کر موضع کھویۃ پرگنہ وتحصیل الہ آباد چائل آیا چند لوگ بین الطرفین معاملات کو صاف کرنے کے لئے بیٹھتے تھے اس میں سے نہ تو سبھی لوگ انگریزی جانتے تھے اور نہ ہی سبھی لوگ ہندی جانتے تھے لہٰذا طے ہوا کہ اس کا اردو ترجمہ کرادیا جائے اس کا اردو ترجمہ ہوا لیکن عمر کہتا ہے کہ میں نے تحریر کا املاء نہیں کرایا اس کے اس انکار کا اعتبار ہوگا یا نہیں تحریر کی نقل درج ذیل ہے۔

## طلاق نامہ یا خلع نامہ

(۱) شری بدر الزماں بالغ پسر جناب مولوی تجمل حسین صاحب ساکن موضع کھویۃ پرگنہ چائل الہ آباد (پہلی پارٹی) اور شری متی شاکرہ خاتون بالغہ دختر جناب اکرام الحق صاحب ساکن چائل خاص الہ آباد (دوسری پارٹی)

ان دونوں کی شادی اسلامی طریقہ سے ہوئی تھی اور شادی کے بعد تقریباً دو سال تک ساتھ رہے اور کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

(۲) کہ ان دونوں پارٹیوں کے تعلقات خراب ہوگئے اور اب الگ الگ دسمبر ۱۹۷۹ء سے رہ رہے ہیں اور سمجھوتہ کی سبھی کوشش بیکار ہوگئیں۔

اس لئے دونوں پارٹیوں نے طے کیا ہے کہ اس شادی کو بذریعہ طلاق حسب ذیل شرائط کے مطابق ختم کردیا جائے۔

## شرائط

(۱) پہلی پارٹی شری بدر الزماں دوسری پارٹی شری متی شاکرہ خاتون کو طلاق دیتا ہے اور گواہان کے سامنے تین بار کہتا ہے کہ میں نے شاکرہ خاتون کو طلاق دیا طلاق دیا طلاق دیا۔

(۲) شری متی شاکرہ اپنی مہر کی رقم اور طلاق کے بعد گذر بسر کے خرچہ کی رقم معاف کرتی ہے اور اس بات کا اقرار کرتی ہے کہ مستقبل میں مہر و نان نفقہ کے خرچہ کا شری بدر الزماں سے کوئی حقدار نہ ہوگی۔

(۳) جہیز اور سامان دونوں پارٹیوں کو اپنے اپنے حسب منشاء مل گیا ہے اور اب کچھ بھی ایک دوسرے کو آئندہ واپس نہیں کرنا ہے۔

(۴) کہ دوسری پارٹی بعد میعاد عدت اپنی شادی اپنی مرضی کے مطابق کہیں بھی کرنے کے لئے آزاد ہے گواہان کے سامنے طلاق یا خلع کا مضمون پہلی دوسری پارٹی نے مان لیا ہے اور سمجھنے کے بعد دستخط کئے ہیں۔

المرقوم ۶/اپریل ۱۹۸۰ء

مذکورہ بالا طلاق نامہ عمر خود اپنے جیب میں لے کر آیا جب طلاق کی گفتگو شروع ہوئی تو عمر کے بھائی کے خسر عبد العزیز صاحب نے دولائن طلاق نامہ کی تحریر لکھ کر دیا اور کہا کہ معاملہ صاف کرلو اور لڑکے سے دستخط اس پر کرالو اس پر عمر نے اپنے جیب سے مذکورہ بالا طلاق نامہ نکال کر دیا اور کہا کہ اس طلاق نامہ کے مطابق فیصلہ کرو وہ تحریر چونکہ انگریزی و ہندی میں تھی اس لئے ان سے کہا گیا کہ اس کا اردو ترجمہ کراؤ چنانچہ مذکورہ بالا طلاق نامہ کا مضمون اس نے املا کرایا اور خود اس وقت کچھ انکار نہ کیا۔ اب عمر کہتا ہے کہ میں نے املاء نہیں کرایا اور انکار کرتا ہے تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس کے انکار کا اعتبار کرتے ہوئے طلاق واقع نہ ہوگی یا مذکورہ بالا طلاق نامہ کے بموجب طلاق واقع ہو جائے گی۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

صورت مسؤلہ میں عمر نے جس وقت طلاق نامہ لکھنے کا حکم وکیل کو دیا اسی وقت طلاق واقع ہوگئی اگر لکھوانے کا اقرار کرتا ہو ورنہ املاء کرانے کی وجہ سے حسب تحریر عمر جو کہ شرائط (۱) میں موجود ہے تین طلاقیں واقع ہو کر مغلظہ ہوگئی۔ (کذا فی الشامی ج ۲ ص ۴۲۹) (۱)

ولو قال للكاتب اكتب طلاق امرأتي كان اقرارًا بالطلاق وإن لم

یکتب الخ اب عمر کے انکار کا اعتبار نہیں اس کے لئے لازم ہے کہ باقی معاملات کا تصفیہ فوراً کر لے اور جن حضرات کے سامنے عمر نے ہندی تحریر کا املاء کرایا ہے ان پر واجب ہے کہ اس کی شہادت دیں اور عمر کو فیصلہ پر مجبور کریں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) (شامی ص:۷۴۶ ج:۳۔ کراچی)۔ (شامی ص:۴۲۹ ج:۲ نعمانیہ)۔

الأمر بکتابة الإقرار اقرار"..... لوقال للمکان اکتب طلاق امرأتی تطلق کتب أو لم یکتب کذا فی العمادیة۔ (دور الحکام شرح غرر الأحکام ص:۲۶۳۰ ج:۲)۔ قدیم۔

ولو استکتب من آخر کتاباً بطلاقها.... وقع إن أقرّ الزوج أنه کتابه۔ (شامی ص:۴۵۶ ج:۴) زکریا۔

## لفظ کلما کے ذریعہ دی ہوئی طلاق کا حکم

**سوال** (۶۱۵): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسئلہ کے بارے میں کہ زید ایک بیوہ عورت سے بری محبت خفیہ طور پر قائم کئے ہوئے تھا جب یہ بات عام لوگوں کو معلوم ہوئی تو محلہ کے چند آدمیوں نے اس کو سمجھایا کہ آپ اس بدفعلی سے باز آجائیں خدا کا شکر ہوا کہ اسی وقت زید نے فوراً توبہ واستغفار کے بعد خدا کو حاضر وناظر سمجھ کر قسم کھا کر کہا کہ میں اب کبھی بھی اس بیوہ سے کسی قسم کی محبت اور شادی نہیں کروں گا اور جب میں اس بیوہ عورت سے شادی کروں گا تو اس کو طلاق مغلظہ ہے اب زید نے ۲۷ ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ کو اسی بیوہ سے نکاح کر لیا ہے اب اس صورت میں نکاح ہوا یا نہیں اور کیا وہ عورت زید کے نکاح میں سمجھی جائے گی یا نہیں مدلل ومفصل جواب سے نوازیں۔

اس سوال کے بعد مندرجہ ذیل جواب ملا

لفظ جب جب یہ کلما کا ترجمہ ہے کلما کے معنی میں تکرار ہوتا ہے لہٰذا صورت مسئولہ میں زید کا نکاح نہ تو اس وقت درست ہے اور نہ کسی وقت درست ہوسکتا ہے وہ جب بھی اس عورت سے نکاح کرے گا اس پر طلاق پڑے گی۔

عالمگیری کے اندر ہے **ولو دخلت کلمة کلما علی نفس التزوج بأن قال کلّما تزوجت امرأة فهي طالق أو کلما تزوجتك فأنت طالق** ہدایہ کے اندر بھی بعینہٖ یہی عبارت ہے۔ص ۳۶۶۔ اسی اثناء میں محمد شریف ابن عبد الماجد نے قاضی شریعت بہار کو خط لکھا کہ میرے والد نے قسم کلما کھانے اور توبہ کرنے کے باوجود ۲۷ ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ کو اس بیوہ عورت سے شادی کرلیا ہے آپ ان کو ناجائز فعل سے روکیں تو حضرت قاضی شریعت بہار نے تحقیقات کے لئے ایک آدمی گھر روانہ کیا آیا یہ بات جو شریف ابن عبد الماجد نے لکھا ہے صحیح ہے یا غلط تو اس کی تحقیق محلہ کے متعدد اشخاص کے سامنے کی گئی اور اس کا جواب یہ لکھا گیا محترم قاضی شریعت بہار السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آپ کا خط ملا جناب شریف صاحب میرے لڑکے ہیں میں نے واقعی جب جب کی قسم کھائی تھی کہ اب میں کسی عورت سے شادی کروں گا تو طلاق ہے طلاق ہے طلاق ہے میں یہ جواب آپ کو اپنے محلہ کے چند سرغنہ کے سامنے بیٹھ کر لکھ رہا ہوں اور اس کا اقرار کر رہا ہوں لہٰذا جو بات شریف نے لکھی ہے صحیح ہے اب بیوہ کو میں بہت دن کے لئے چھوڑ رہا ہوں گواہان شرعی حضرات ہیں ان لوگوں کے سامنے انہوں نے اپنی دستخط کر دی ہے۔ گواہان مشتاق احمد، محمد عنایت الدین، محمد معصوم، محمد یوسف القاسمی، زین العابدین نشان تین حضرات نے لگایا طاہر حسین پسر سعدی، توحید پسر سعدی، لعل محمد پسر لیاقت، یہ جواب جانے کے بعد قاضی صاحب نے کوئی اطلاع نہیں دی اس کے بعد عبد الماجد نے استغفار کیا کہ کلما سے بچنے کی شریعت میں کوئی اور صورت ہے یا نہیں تو ایک مفتی صاحب نے شامی کے حوالہ سے یہ جواب تحریر فرمایا کہ اگر کوئی فضولی اس شخص کا نکاح منعقد کر دے جس نے کلما کے ذریعہ قسم کھائی ہے تو اس کا نکاح درست ہوگا اور

وہ جانتا نہیں ہوگا یعنی اس کی بیوی کو طلاق نہ واقع ہوگی شامی کی عبارت یہ ہے:

**وینبغی ان یجئ الی عالم ویقول له ما حلف واحتیاجه الی نکاح الفضول فیتزوجه العالم امرأة ویجز بالفعل فلا یحنث و کذا اذا قال لجماعة لی حاجة الی نکاح الفضولی فیتزوجه واحد منهم**

(شامی ج ۲ ص ۴۹۷)

اس جواب کے آنے کے بعد عبد الماجد بہت سے علماء کے پاس گئے اور کہا کہ میرا نکاح کر دو تو ان کا نکاح ۴ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ کو پڑھا دیا گیا اور یہ نکاح بغیر حلالہ کے ہوا ہے وہ بھی ایسے حالات میں کہ ان کے پاس لڑکے لڑکیاں پوتا پوتی ناتی نتنی سب موجود ہیں ان میں بعض شادی کے لائق بھی ہیں لہٰذا دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید کا جو نکاح پڑھایا گیا یہ شرعاً معتبر ہے یا نہیں جب کہ وہ بھی شادی ایسی حالات میں ہوئی ہے کہ لڑکی کو کپڑا وغیرہ بھی دیا اور خطبہ وغیرہ پڑھایا گیا۔

لہٰذا تمام سوال و جواب پر غور وخوض فرماتے ہوئے کتاب وحدیث کی روشنی میں مکمل جواب باحوالہ تحریر فرمائیں۔

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

صورت مسئولہ کا اصل جواب تو وہی ہے جو عالمگیری اور ہدایہ کے حوالہ سے کسی عالم نے دیا ہے۔ ایک اور مفتی صاحب نے جو شامی کے حوالہ سے بات کہی ہے وہ بھی اپنی جگہ صحیح ہے اور اس کی تائید عالمگیری ج ۱ ص ۴۱۹ کے ایک جزئیہ سے بھی ہوتی ہے اور یہی جواب تفصیل کے ساتھ اس سے پہلے بھی آپ ہی کے سوال کے جواب میں جاچکا ہے شامی اور عالمگیری کی بات حیلہ سے متعلق ہے یعنی اگر کوئی شخص طلاق دینے کے بعد نکاح کا خواہاں ہے تو اس کی بھی اجازت بچند شرائط شریعت نے دی ہے اس لئے کہ انسان کی زندگی کا کوئی بھی شعبہ ایسا نہیں ہے جس میں شریعت ساتھ دینے سے انکار کردے لیکن اس کے لئے شرط ہے کہ یہ انسان شریعت کا تابع اپنے آپ کو بنادے بہر حال صورت مسئولہ

میں زید کا اگر کوئی عالم یا اس کا کوئی دوست از خود بغیر زید کے وکیل بنائے زید کا نکاح کردے اور زید عملاً اس کو قبول کر لے یعنی کچھ مہر وغیرہ دے دے اور قولاً کچھ نہ کہے تو زید کا نکاح اس طرح درست ہو جائے گا اور اس پر طلاق واقع نہیں ہوگی لیکن صورت مسئولہ میں زید کا نکاح درست نہیں اس لئے کہ اس میں توکیل کی صورت موجود ہے نکاح ہوتے ہی فوراً طلاق واقع ہوگئی لہٰذا اب پھر شرائط مذکورہ پر دوسرا نکاح اگر ہو تو درست ہوگا باقی رہی یہ بات کہ اس کی خدمت کے لئے پوتی نتنی وغیرہ موجود ہیں تو اس سے کیا ہوتا ہے اگر زید شادی کی ضرورت محسوس کرتا ہے تو یقیناً اس کے لئے مذکورہ بالا حیلہ شرع کے مطابق اختیار کرنا جائز ہے اس ضرورت وعدم ضرورت کو زید ہی سمجھ سکتا ہے اس لئے کہ کسی شخص کے جذبات کا صحیح طور پر دوسرا شخص اندازہ نہیں لگا سکتا۔

**وفی البحر عن البزازیه والتزوج فعلًا من فسخ الیمین فی زماننا وینبغی ان یجیٔ الی عالم ویقول له ما حلف والاحتیاج الی نکاح الفضول فیتزوجه العالم امرأة ویجیز بالفعل فلا یحنث الخ** (ردالمحتار ج ا ص ۴۹۷)(۱)

**واذا قال کل امرأة اتزوجها فهی طالق فزوجه فضولی واجاز بالفعل بان ساق المهر ونحوه لا تطلق بخلاف ما اذا وکل به انتقال العبارة الیه الخ** (الفتاوی الهندیہ ج ا ص ۴۱۹)(۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) (شامی ص:۴۹۷ ج:۲) نعمانیہ۔

(۲) (الفتاویٰ الهندیة ص:۴۸۸ ج:۱) (زکریا ص:۴۱۹ ج:۱) رشیدیة۔

الدرالمختار مع الشامی ص:۸۴۶ ج:۳۔ کراچی باب الایمان۔

فتح القدیر ص:۱۰۶ ج:۴۔ زکریا۔ فتاویٰ قاضی خان ص:۵۶۰ ج:۱۔ دار الکتب العلمیة۔

# لفظ تلاق سے طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟

**سوال** (۶۱۶): علماء حضرات کیا فرماتے ہیں زاہد نے اپنی بیوی کو تلاق، تلاق، تلاق تین بار کہہ دیا اور اس کے بعد لڑکے کے والد نے اپنے لڑکے سے پوچھا کہ تم نے کیا کہہ دیا تو لڑکے نے جواب دیا کہ ہم نے تلاق تین بار کہہ دیا ہے لیکن لڑکے نے اپنے دل میں یہ بھی خیال کیا ہے کہ ہم نے اس لئے والد سے کہا کہ لڑکی آئندہ کے لئے ایسی حرکت نہ کرے اور اس کے بعد اور لوگوں نے بھی لڑکے سے پوچھا تو لڑکے نے کہا کہ ہم نے تین بار تلاق کہہ دیا ہے مگر بعد میں لڑکا کہتا ہے کہ ہم کلام پاک لے کر کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے اپنی بیوی کے سامنے یہ صرف تلاق تین بار کہا ہے تو ایسی حالت میں طلاق ہوا کہ نہیں۔

**نوٹ:** لڑکی کے پیٹ میں تین مہینے کا لڑکا بھی ہے۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

(۱) صورت مسئولہ میں زاہد کے تین بار تلاق، تلاق، تلاق کہنے کی وجہ سے اس کی بیوی پر تین طلاق واقع ہوگئی اور وہ مغلظہ ہوگئی۔ اب بیوی زاہد پر حرام ہوگئی، بغیر حلالہ کے وہ اپنے پاس نہیں رکھ سکتا ہے۔ لفظ تلاق طلاق کی طرح صریح ہے نیت کا اعتبار نہیں۔

ويقع بها اى بهذه الالفاظ وما بمعناها من الصريح ويدخل نحو طلاغ وتلاغ وطلاك او ط ل ق او طلاق باش بلا فرق بين عالم وجاهل وان قال تعمدته تخويفا لم يصدق قضاءً الا اذا اشهد عليه قبله به يفتى الخ (تنویر الابصار مع الدر المختار ج ۲ ص ۴۳۰) (۱)

قوله ويدخل نحو طلاغ وتلاغ الخ اى بالغين المعجمة قال فى البحر ومنه الالفاظ المصحفة وهى خمسة فزاد على هذا تلاق الخ (شامى ج ۲ ص ۴۳۰)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) تنویر الأبصار مع (الدر المختار ص:۲۱۸ ج:۱ اشرفیہ متن)۔

(۲) (الدر المختار مع در المختار ص:۲۴۹ ج:۳، کراچی)۔

(۳) ومنه الألفاظ المصحفة وهي خمسة "تلاق وتُلاغ" وطُلاك" وتلاك "طلاع" فيقع فضاءً ولا يصدق إلا إذا اكان على ذلك بأن قال: امرأتي تطلب منى الطلاق وأنا لا أطلق فأقول هذاء ولا فرق بين العالم والجاهل وعليه الفتوى۔ (البحر الرائق ص:۲۵۲ ج:۳۔ سعيد)۔

وإن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيرته۔ نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۵۳۵ ج:۱) زكريا۔

## اگر میکے گئی تو تمہیں طلاق کیا حکم ہے؟

**سوال** (۶۱۷): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے متعلق کہ لڑکی بہت دن سے میکے نہیں گئی تھی بہت گھبراتی تھی لڑکے کے والدین اور بھائیوں نے لڑکے سے کہا آخر کیوں نہیں لڑکی کو میکے پہونچا دیتے تو بھائیوں میں تو تو میں میں ہوگئی اور بات بڑھ گئی لڑکے کے چھوٹے بھائی نے لڑکے کو لکڑی کے ایک ٹکڑے سے پھینک کر مارا جس کی وجہ سے لڑکا غصہ میں آکر لڑکی سے کہا کہ اگر تم کسی رشتہ داری میں گئی خاص کر میکے گئی تو تمہیں طلاق۔

لڑکی ابھی سسرال میں ہے تو کیا لڑکی میکے گئی یا کسی رشتہ داری میں گئی تو مطلقہ ہوجائے گی اور اگر طلاق واقع ہوگی تو کتنی طلاق واقع ہوگی اور رشتہ داری کا لفظ تو عام ہے تو کیا لڑکے کی نیت اور مراد کو بھی اس میں دخل ہے قرآن وحدیث کی روشنی میں تفصیل کے ساتھ واضح طور سے تحریر فرما کر ممنون ومشکور فرمائیں۔

## الجواب: حامدًاومصليًا

صورت مسئولہ میں اگرلڑکی میکے گئی تو جتنی طلاق شوہر نے دی ہوگی وہ سب واقع ہوجائے گی اگر ایک طلاق دی ہوگی تو لڑکی جب بھی میکے جائے گی تو ایک طلاق واقع ہوجائے گی اس کے بعد شوہر اپنے گھرلا کر رجعت کرلے نیز میکے چلی جانے کے بعد یمین منحل ہوجائے گی اس کے بعد پھر اگر کسی رشتہ داری میں گئی تو اس سے کوئی طلاق واقع نہ ہوگی لہذا لڑکی کو میکے بھیج دے اور دو چار روز کے بعد اپنے گھر بلا کر اس سے رجعت کرلے۔

**الفاظ الشرط ان واذا واذ وكل وكلما ومتى ومتى ما ففي هذه الالفاظ اذا وجد الشرط انحلت اليمين وانتهت لانها لا تقتضي العموم والتكرار فبوجود الفعل مرة تم الشرط وانحلت اليمين فلا يتحقق الحنث بعده الخ** (عالمگیری ج ا ص ۴۱۵) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ألفاظ الشرط "إن" "إذا" "وإذ" "وكل" و"كلّما" الخ۔ (الفتاویٰ الهندية ص:۴۸۳ ج:۱، زكريا ص:۴۱۵ ج:۱) رشيدية)۔

ملتقی الأبحر ص:۵۹۰ /ج:۲۔ دار الکتب العلمیۃ بیروت۔

مجمع الأنہر ص:۵۸ /ج:۲۔ فقیہ الامۃ دیوبند۔

البحر الرائق ص:۱۰ /ج:۴۔ سعید۔

تبیین الحقائق ص:۲۳۳ /ج:۲۔ امدادیہ ملتان۔

وإذا أضافه إلى الشرط وقع عقيب الشرط اتاقاً۔ (الفتاویٰ الهندية ص:۴۸۸ ج:۱، زكريا)۔

## تم چاہے جو بھی کرو مجھ سے مطلب نہیں کہنے سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**سوال** (۶۱۸): میں خیریت سے رہ کر تمہاری خیریت رب العزت سے نیک چاہتا ہوں ضروری استدعا یہ ہے کہ پیر کا علاج ہو رہا ہے کہ نہیں تمہارے والد والدہ نے میرے ساتھ دھوکہ بازی کی مجھے دھوکہ دیا کاش یہ بات مجھے پہلے معلوم رہی ہوتی تو آج میں ہر گز شادی نہیں کرتا ایک انسان انجان میں دھوکہ کھاتا ہے جان کر نہیں جب یہ مرض شروع ہوا تھا تب تو تمہار والد والدہ سو رہے تھے اور جب حد سے زیادہ بڑھ گیا تب چلے ہیں علاج کرنے تم کو اچھی طرح سے معلوم ہے کہ آج کل زمانے میں ذرا سی بات میں کیا سے کیا ہو جاتا ہے میں اتنا گیا گذرا نہیں ہوں کہ تمہاری زندگی سے کھیلوں گا میں تم کو اب نہیں لاؤں گا میں لا کر کیا کروں گا جب تمہارا پیر خراب ہو جاتا ہے تو تم پانی پینے کے لئے محتاج ہو جاتی ہو تو تم دوسروں کی کیا مدد کر سکتی ہو لوگ شادی کرتے ہیں کہ گھر بیوی آئے گی تو والد والدہ کو آرام ملے گا لیکن تمہارے آنے سے سب کو تکلیف ہی تکلیف ہے جب تک پیر نہیں ٹھیک ہوگا تب تک میرے گھر میں آنے کی کوشش مت کرنا یہ مرض بہت ہی خطرناک ہے میرے گھر میں ایک چھوٹی بہن ہے اگر کوئی جان جائے گا تو شادی کرنے کے لئے تیار نہیں ہوگا یہ بہت بڑا داغ ہے تمہارے والد والدہ میری زندگی سے کھیلنا چاہتے ہیں۔ تمہارا سامان تمہارے گھر پر میرا سامان میرے گھر پر ابھی تو میں آزاد پھرتا مجھے کیا کمی تھی لیکن آج تمہارے والد والدہ نے موت کے منھ میں ڈال دیا اگر میرے گھر میں آنا چاہتی ہو تو پیر کا علاج کر کے آنا میں تو سوچتا ہوں کہ اگر تمہارے والد والدہ فیصلہ کرا لیں تو بہتر ہوگا کیوں کہ ابھی اللہ کے فضل و کرم سے کوئی بال بچے بھی نہیں ہیں کہیں شادی کر لیں میں بوڑھا نہیں ہوں کہ میں تم کو لے کر زندگی بھر سیتا رہوں دو چار روز میں تمہارے والد کو یہی پرزہ بھیج دوں گا پیر کی حقیقت بتا دوں وہ پیر ٹھیک نہیں ہوگا میں ڈاکٹر سے ایک بار نہیں ہزاروں بار پوچھا تھا ڈاکٹر کہتا تھا کہ ٹھیک ہو جائے گا لیکن پھر ہو جائے گا تو میں کیا کروں گا یہ مرض میری شادی سے چار برس پہلے کا ہے میں جانتا ہوں کہ ابھی

میرا بس نہیں چلتا لیکن جب میں نہیں چاہوں گا تو میرے والد والدہ کب تک اپنے گھر میں رکھیں گے میں بہت بدنصیب ہوں میرا مقدر خراب ہے جوکہ آج میں اتنی مصیبت جھیل رہا ہوں اگر تم اپنی زندگی عزت سے گذارنا چاہتی ہو تو جہاں تک ہو سکے علاج کرو یہ مرض اگر میرے گھر میں آکر ہو جاتا تو میں جان دینے کے لئے تیار ہو جاتا مگر تمہارے والد والدہ نے چھپا کر شادی کیا خیر اب تو ناممکن بات ہے کہ میں تم کو اپنے گھر میں آنے کی جگہ دوں جس دن تم اعظم گڑھ دوا کیلئے گئی تھی اس دن میں بھی اعظم گڑھ گیا تھا تم جس بس میں بیٹھی تھی میں دیکھ کر واپس چلا آیا تھا تمہاری بس آگے تھی اور میری ٹیکسی تمہارے پیچھے تھی لیکن کب تک تمہارا ہمارا ساتھ رہے گا کوئی ٹھیک نہیں ہے اگر تمہارے والد والدہ جب کہیں میں تب طلاق دینے کے لئے تیار ہوں میں لاکر کیا کروں گا جہاں تم کو بیٹھ کر کھانے کو ملے وہاں شادی کر لینا کوئی بھی چیز ہو ہر چیز کا وقت ہوتا ہے جو تم وہاں پر کہہ رہی ہو مجھے سب پتہ چلتا ہے لال گنج کوئی دور نہیں ہے اسی وجہ سے تو تمہارے گھر والے مجھے نہیں بلا رہے ہیں کہ اگر آئیں گے تو سب بھید کھل جائے گا تم چاہے جو بھی کرو مجھ سے نہیں مطلب خدا کے سامنے کیا منھ دکھاؤ گی صرف آوارہ بن کر ادھر ادھر گھومتی ہو۔ خدا حافظ

## الجواب: حامدًا و مصلیًا

صورت مسئولہ میں چند جملے ہیں (۱) میں تم کو اب نہیں لاؤں گا میں لاکر کیا کروں گا۔ (۲) اب تو ناممکن ہے کہ میں اپنے گھر میں آنے کی جگہ دوں۔ (۳) تم چاہے جو بھی کرو مجھ سے مطلب نہیں یہ سب جملے کنایہ ہیں اگر ان جملوں سے جواد احمد نے طلاق کی نیت کی ہے تو ایک طلاق بائن ہوگئی جس کا حکم یہ ہے کہ اگر دوبارہ رکھنا چاہیں تو نکاح جدید کی ضرورت ہوگی حلالہ کی ضرورت نہیں اور اگر ان جملوں سے طلاق کی نیت نہیں کی ہے تو کوئی بھی طلاق نہیں واقع ہوگی۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) والكنايات لا تطلق بها قضاءً إلا بنية أو دلالة الحال وتحته فى الشامية: لأنه لا يقع ديانة بدون النية وقوله "أو دلالة الحال" المراد بها الحالة الظاهرة المفيدة المقصودة۔ ومنها تقدم ذكر الطلاق۔ (شامی ص:۲۹۷ ج:۳) کراچی۔

الكنايات لايقع بها الطلاق إلا بالنية أو بدلالة الحال۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۴۴۲ ج:۱۔ زکریا)۔

البحر الرائق ص: ۲۹۸/ج: ۳۔ سعید۔

(۴) تبیین الحقائق ص: ۲۱۴/ج: ۲۔ امدادیہ ملتان۔

لا يقع الطلاق بشيئ من الكنايات إلا بالنية۔ (فتاوىٰ قاضی خان ص:۴۱۱ ج:۱۔ دار الکتب العلمیة)۔

## طلاق دے دوں گا کہنے سے طلاق واقع نہیں ہوتی

**سوال** (۶/۹): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اندریں مسئلہ کہ ایک شخص نے کہا کہ اگر میں شادی کروں گا تو اپنی بیوی کو طلاق دے دوں گا ڈرانے کے لئے تو کیا طلاق واقع ہوجائے گی یا نہیں مدلل تحریر فرمائیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

طلاق از قبیل اخبار نہیں بلکہ از قبیل انشاء ہے اور طلاق دے دوں گا یہ خبر ہے یا وعدۂ طلاق ہے اور اس کو معلق کیا ہے نکاح ہونے پر لہٰذا نکاح کرنے کے بعد طلاق نہ ہوگی طلاق دے دوں گا سے بغیر تعلیق کے بھی طلاق نہیں ہوگی اگر یہ کہتا کہ تو مطلقہ ہے یا تجھ کو طلاق ہے اگر تجھ سے نکاح کروں تو اس صورت میں نکاح کرتے ہی فوراً عورت پر طلاق واقع ہوجاتی۔ فافهم كذا فى الشامى (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) ولو قال اطلقك لم يقع۔ (سكب الأنهر ص:۱۴ ج:۲،فقيه الأمة۔

ولو قال بالعربية "أطلق" لا يكون طلاقاً إلا إذا غلب استعماله للحال فيكون طلاقاً۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۴۵۲ ج:۱،زكريا)۔

أنا أطلّق نفسي لم يقع لأنه وعد۔ (الدر المختار مع الشامي ص:۳۱۹ ج:۳، کراچی)۔

أن يقول لامرءةٍ:إن تزوجتك فأنت طالق۔۔۔۔فهي طالق بعد النكاح۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۴۸۸ ج:۱۔ زكريا)۔

## ’’جا ہم نے تجھ کو طلاق دیا‘‘ تین مرتبہ کہنے سے کتنی طلاق واقع ہوگی

**سوال** (۶۲۰): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ ساس بہو میں جھگڑا ہونے کی وجہ سے بہو نے غصہ میں ہو کر کہا کہ ہم کو پرواہ نہیں ہے چاہے رکھو چاہے چھوڑ دو دو تین بار کہا اور بچوں کی قسم کھا کر کہا جب زید گھر آیا تو جھگڑا ہو رہا تھا زید نے جھگڑا دیکھا زید کی ماں نے کہا دیکھو یہ بچوں کی قسم کھاتی ہے اور کہتی ہے کہ ہم کو پرواہ نہیں ہے چاہے رکھو چاہے چھوڑ دو تو اس پر زید نے کہا کہ جا ہم نے تجھ کو طلاق دیا اور تین بار کہا ایسی صورت میں طلاق واقع ہو جائے گی اگر طلاق واقع ہو جائے گی تو کون سی طلاق واقع ہوگی اور ایسی صورت میں دوبارہ رجعت کی کیا صورت ہو سکتی ہے اور عدت گذارنے کا کیا طریقہ ہوگا براہ کرم صاف اور سلیس لفظوں میں تفصیل سے جواب تحریر فرمائیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں زید کے تین مرتبہ ’’جا ہم نے تجھ کو طلاق دیا‘‘ کہنے سے تین طلاق واقع ہوگئی کذا فی الشامی اب اگر وہ اس بیوی کو دوبارہ رکھنا چاہتا ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ عورت اس طلاق کی عدت (تین حیض) گذار کر کسی دوسرے شخص سے نکاح کر لے اور وہ اس سے صحبت کرے پھر یہ دوسرا شخص مر جائے یا طلاق دے دے تو اس طلاق یا وفات کی

عدت گذار کر اس شوہر سابق کے لئے حلال ہوسکتی ہے اگر عورت راضی ہوتو اس سے نکاح کرسکتے ہیں **كما قال الله تعالىٰ فإن طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجا غيره وهكذا في فتح القدير** بہر حال طلاق کی اطلاع کے بعد عورت کے ذمہ عدت کا گذارنا لازم ہوجاتا ہے صورت مسئولہ میں عورت کے ذمہ لازم ہے کہ تین حیض تک گھر سے باہر نہ نکلے نہ اپنا دوسرا نکاح کرے نہ بناؤ سنگار کرے یہ سب چیزیں اس کے لئے حرام ہیں یہ طریقہ عدت گذارنے کا ہے بناؤ سنگار میں تیل لگانا خوشبو لگانا، پان کھانا سرمہ لگانا رنگا ہوا کپڑا پہننا داخل ہے یہ سب چیزیں حرام ہیں کذا فی الشامی وعالمگیری لیکن اگر نیلا یا سیاہ یا پرانا رنگا ہوا ہوتو اس کو پہننا جائز ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

**(١) وفي "أنت الطلاق" أو "طلاق"…. فإن نوى محلات فثلاث لأنه فرد حكمي وتحته في الشامية لأن الثلاث كل الطلاق فهي الزد الكامل منه. (الدر المختار مع الشامي ص:٢٥٢ ج:٣. كراچی).**

(٢) تبیین الحقائق ص:١٩٨/ج:٢۔امدادیہ ملتان۔

(٣) البحر الرائق ص:٢٥٩/ج:٣۔سعید۔

(٤) النہر الفائق ص:٣٢٦/ج:٢۔زکریا۔

(٥) الفتاویٰ الہندیہ ص:٣٢٢/ج:١۔زکریا۔

(٦) فتح القدیر ص:٣١/ج:٤۔دار إحیاء التراث العربی۔

# طلاق رجعی دے دی کیا حکم ہے؟

**سوال** (۶۲۱): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ بدرالدین ولد اللہ بھیج کا لڑکا اپنی بیوی زلیخا کو طلاق رجعی دے دیا ہے اپنے ہوش وحواس کے ساتھ اس کا کیا حکم ہے؟

## الجواب: حامدًاومصلیًا

صورت مسئولہ میں ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی اب اس کا حکم یہ ہے کہ عدت کے اندر اندر رجعت کرلے یعنی بیوی کا بوسہ لے لے اس سے صحبت کرلے یا زبان سے کہہ دے کہ میں رجعت کرتا ہوں اور سنت یہ ہے کہ اس رجعت پر دو شاہد بنالے ان دونوں کے سامنے رجعت کرے اور اگر عدت کے اندر اندر رجعت نہیں کی تو نکاح فسخ ہوجائے گا مگر پھر دوبارہ نکاح کرکے رکھ سکتا ہے حلالہ کی ضرورت نہیں ہے۔(۱)

طلاق رجعی میں مہر اور عدت کا نفقہ ادا کرنے کی وجہ سے کوئی فرق نہیں پڑتا مہر اور عدت کے نفقہ کی ادائیگی کے بعد بھی رجعت کرسکتا ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) والرجعة أن يقول رجعتك وراجعت امرأتي هذا صريح في الرجعة. أو يطأها أو يقبلها أو تلمسها بشهوة أتى ينظر إلى فرجها بشهوة. مستحب أن يشهد على الرجعة شاهدين فإن لم يشهد صحت الرجعة. (هدايه ص:۳۹۹ ج:۲ أشرفي).

وبكل ما يوجب حرمة المصاهرة كمس ولو منها اختلاساً أونائماً أو مكرهاً او مجنوناً أو معتوهاً. والرجعي لا جريل الملك إلا بعد مضى المسة. (شامي ص:۳۹۹ ج:۳، كراچي).

ويستحب أن يراجعها بعد ذلك بالإشهاد۔ (الفتاویٰ الهندیۃ ص: ۵۳۲ ج: ۱، زکریا)۔

البحر الرائق ص: ۵۱/ ج: ۴۔ سعید۔

مجمع الأنہر ص: ۸۲/ ج: ۲۔ فقیہ الامت۔

تبیین الحقائق ص: ۲۵۱/ ج: ۲۔ امدادیہ ملتان۔

## مذاقاً طلاق دینے سے بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے

**سوال** (۶۲۲): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید نے کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو طلاق دیا تو کیا اس جملہ سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں نیز رجعت کے لئے بیوی کے پاس جانا ضروری ہے یا غائبانہ طور پر بھی رجعت ہو سکتی ہے؟ نیز اگر مذکورہ جملہ کو مذاق میں کہا تو پھر بھی طلاق واقع ہو جائے گی یا نہیں تفصیل کے ساتھ جواب عنایت فرمائیں۔

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

صورت مسئولہ میں زید کے کہنے کی وجہ سے کہ (میں نے اپنی بیوی کو طلاق دیا) ایک طلاق واقع ہوگئی (کذا فی عالمگیری ج ۱ ص ۳۵۴) (۱) **الفصل الأوّل فی الطلاق الصریح وهو كانت طالق ومطلقة وطلقتك تقع واحدة رجعية وان نوى الأكثر أو الإبانة أو لم ينو شيئًا** (کذا فی الکنز وہکذا فی الہدایہ ج ۲ ص ۳۳۹) (۲) خواہ اس سے طلاق کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو اور چاہے حقیقتاً کہا ہو یا مذاقاً کہا ہو بہر صورت ایک طلاق رجعی واقع ہوگی **لقوله(۳) عليه السلام ثلث جدهن جد وهزلهن جد النكاح والطلاق والعتاق** اب اس کا حکم یہ ہے کہ عدت کے اندر اگر رجعت کرلے تو بیوی علی حالہ باقی رہے گی ورنہ عدت ختم ہوتے ہی نکاح ٹوٹ جائے گا رجعت کا طریقہ یہ ہے کہ بیوی کا بوسہ لے لے یا اس سے صحبت کرلے یا اس سے کہہ دے کہ میں تم کو حسب سابق بیوی بناتا ہوں رجعت کرتا ہوں نیز یہ رجعت جس طرح بیوی کی موجودگی

یں ہو سکتی ہے اسی طرح اس کی غیبت میں بھی ہو سکتی ہے غائبانہ میں یہ کہہ دے (راجعت امراتی) میں نے اپنی بیوی سے رجعت کی اس کو لوٹا لیا وہ حسب سابق میری بیوی ہے اور اگر بیوی کو طلاق کی اطلاع دے چاک ہو تو اس رجعت کی بھی اطلاع دے دے نیز سنت یہ ہے کہ رجعت پر دو شاہد بنالے تا کہ موقع پر ان کی شہادت کام دے **کذا فی الفتاوی الھندیہ وھی (ای الرجعة) علی ضربین سنی وبدعیی قال النبی ﷺ ان یراجعھا بالقول ویشھد علی رجعتھا شاھدین ویعلمھا بذالك الفاظ الرجعة صریح و کنایة فالصریح راجعتك فی حال خطابھا او راجعت امرأتی حال غیبتھا الخ** (ج ۱ ص ۴۶۱) (۴)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۳) عن أبی ھریرة رضی اللہ عنہ أن رسول اللہ صلی اللہ عیہ وسلم قال: ثلاث جد ھن جد، وھو بھن وجد النکاح والطلاق والرجعة۔ (سنن أبی داؤد ص:۲۹۸ ج:۱، کتاب الطلاق)۔ مکتبة بلال۔

(۱) الفتاویٰ الھندیة ص:۴۲۲ ج:۱۔ زکریا۔

(۲) فالصریح قولہ أنت طالق ومطلقہ وطلقتك فھذا یقع بہ الطلاق الرجعی لأن ھذہ الألفاظ لا تستعل فی غیرہ ولا یفتقر إلی النیة لأنہ صریح فیہ...... إن نوی ثلاثاً فثلاث۔ (ھدایة ص۳۵۹ ج:۳) اشرفی بک ڈپو۔

شامی ص:۲۴۷/ج:۳۔ کراچی۔

البحر الرائق ص:۲۵۹/ج:۳۔ سعید۔

(۴) الفتاویٰ الھندیہ ص:۵۳۲ ج:۱۔ زکریا۔۔۔

## مہر میں معاف کر دیتی ہو مجھے طلاق دے دو

**سوال** (۶۲۳): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین صورت مسئولہ میں کہ ایک شخص کی بیوی اپنے شوہر سے کہتی ہے کہ آپ مجھے پسند نہیں ہیں آپ دوسری شادی کرلیں مہر میں معاف کر دیتی ہوں شوہر نے اس پر کہا کہ میں طلاق دے دوں گا مگر یہ پہلے معلوم کرلوں کہ اس طرح پر مہر شرعاً معاف ہو جاتی ہے یا نہیں تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ صورت مذکورہ بالا میں طلاق دینے پر مہر معاف ہو جائے گی یا نہیں۔ بینوا توجروا

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں شوہر کے طلاق دینے پر مہر معاف ہو جائے گی بہتر یہ ہے کہ شوہر طلاق دیتے وقت یہ کہے کہ میں نے تم کو طلاق دیا بعوض مہر اور پہلے بیوی سے کاغذ پر لکھوا لے میں مہر معاف کرتی ہوں اس شرط پر کہ آپ طلاق دیں پھر آپ بھی زبان سے طلاق دے دیں اور کاغذ پر لکھ دیں کہ میں طلاق دیتا ہوں تاکہ منازعت کی کوئی شکل نہ پیدا ہو۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) ولو قال لها "بعت منك مهرك بتطليقةٍ فقالت اشتربت يقع بائناً۔ (الفتاویٰ التاتارخانیه ص:۱۰ ج:۵۔ زکریا)۔

وإن طلقها على مالٍ فقبلت وقع الطلاق ولزمها المال۔ (الفتاویٰ الهندية ص:۵۵۴ ج:۱، زکریا)۔

(۳) واذا احتلعت بكل حق لها عليه فلها النفقة مادامت فى العدة۔ (شامی ص:۴۴۴ ج:۳۔ کراچی)۔

# نشہ میں دی ہوئی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟

**سوال** (۶۲۴): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ زید کے تعلقات اس کی بیوی سے بہت ہی اچھے تھے اچانک شراب پیااور نشہ کی حالت میں اس نے اپنی بیوی کو تین طلاق لکھ کر دے دیا اس کے بعد اس کو ہوش ہوا تو افسوس سے پاگل ہوگیااور کہتا ہے کہ میں رکھوں گا مفصل مدلل کتاب وحدیث کی روشنی میں بیان فرمائیں مہربانی ہوگی۔

**الجواب: حامدًاومصليًا**

صورت مسئولہ میں زید کی بیوی پر تین طلاق واقع ہوگئی اب اس بیوی کا رکھنا زید کے لئے حرام ہے فوراً علیحدگی کی جائے **كذا فى الهدايه طلاق السكران واقع الخ** (ج ۲ ص ۳۳۸)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) (ہدایہ ص:۳۵۸ ج:۲۔اشرفی بک ڈپو)۔

ملتقی الأبحر ص:۲۶۲ ج:۱۔مؤسسۃ الرسالۃ۔

أو كان الزوج سكران زائل العقل فإن طلاقة واقع وكذا حلفه۔ (مجمع الأنهر ص:۸ ج:۲۔ فقيه الامت)۔

السكران إذا طلق امرأته فإن كان سكره سبب محظورٍ بأن شرب الخمر أو النبيذ طوعاً حتى سكر وزال عقله فطلاقه واقع عند عامة العلماء وعامة الصحابة۔ (بدائع الصنائع ص:۳۵۸ ج:۳) زكريا۔

البحر الرائق ص:۳۲۴ ج:۳۔زکریا۔ الفتاویٰ التاتارخانیہ ص:۳۶۱ ج:۴۔زکریا۔

# صورت مسئولہ میں مہر کتنی ادا کرنی ہوگی؟

**سوال** (۶۲۵): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید جوکہ بہرا ہے اس کی شادی ایک عورت سے پانچ سو روپیہ دین مہر کے عوض میں ہوئی اس کے بعد رخصتی ہوکر جب عورت زید کے گھر آئی تو زید نے پہلی رات کو کہا کہ میں تو بہرا ہوں میں نے سنا نہیں کہ نکاح کس طرح ہوا کتنا مہر باندھا گیا لہٰذا میں دوبارہ نکاح پڑھوانا چاہتا ہوں عورت نے کہا کہ بہت اچھا ہے چنانچہ ایک میاں جی کو بلایا گیا تو نکاح سے قبل عورت نے کہا کہ اب میں ہزار روپیہ دین مہر کے عوض نکاح کروں گی، چنانچہ ایجاب وقبول ہوگیا دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید کے ذمہ ایک ہزار دین مہر لازم ہوگا یا پانچ سو روپیہ۔ **بینوا توجروا**

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

جب زید خود اقرار کر رہا ہے کہ میں نے سنا نہیں کہ نکاح کس طرح ہوا کتنا مہر باندھا گیا تو گویا کہ اس نے قبول ہی نہیں کیا اور عقد نکاح میں ایجاب کے ساتھ قبول بھی شرط ہے لہٰذا دوبارہ جو نکاح ہوا وہی اصل نکاح ہے پس اس میں مہر کی جو مقدار متعین ہوئی یعنی ایک ہزار روپیہ وہی زید پر لازم اور واجب الادا ہوگی۔ (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ینعقد النکاح بالایجاب والقبول فالمعنی، یثبت حکم النکاح بالإیجاب والقبول۔ ومقصوده فی البابین تحقیق أن الإیجاب مع القبول عین العقد لا غیره۔ (البحر الرائق ص:۸۱ ج:۳۔ سعید)۔

تبیین الحقائق ص:۹۶ ج:۲۔ امدادیہ ملتان۔

ویسمع کل واحدٍ من المتعاقدین کلام صاحبه۔ (النہر الفائق ص:۱۷۶ ج:۲) زکریا۔

الفتاویٰ الھندیة ص:۲۷۲ ج:۱۔ زکریا۔

# زبردستی طلاق نامہ لکھوانے کا حکم

**سوال** (۶۲۶): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ میرے سسرال کے لوگ مجھ سے زبردستی طلاق لینا چاہتے ہیں چنانچہ میرا ان کے یہاں جانا ہوا ان لوگوں نے کاغذ پر زبردستی طلاق لکھوانا چاہا میں نے انکار کیا مگر ان لوگوں نے مجھ کو مجبور کیا اور دھمکی دی حاصل یہ کہ میں اپنی جان بچانے کے خوف سے میں نے یہ تحریر لکھ دی کہ ایک بار طلاق دے رہا ہوں مگر زبان سے نہیں کہا اس صورت میں شریعت مطہرہ کیا فرماتی ہے میری بیوی پر طلاق واقع ہوگئی کہ نہیں جواب سے ممنون فرمائیں مہربانی ہوگی۔

**الجواب:**

اگر یہ صحیح ہے کہ شوہر کو مجبور کر کے طلاق لکھوایا گیا ہے اور شوہر نے زبان سے نہیں کہا ہے تو طلاق واقع نہیں ہوئی عورت جس طرح نکاح میں تھی اسی طرح باقی ہے **فلو اکرہ علی طلاق إمرأتہ فکتب لا تطلق** (شامی ج ۲ ص ۵۷۹) (حضرت مولانا محمد سجاد غفرلہٗ بیت العلوم سرائے میر)

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

مذکورہ بالا جواب صحیح ہے جب تک شوہر اپنی زبان سے طلاق نہ دے، اکراہ کی صورت میں صرف لکھانے سے یا طلاق نامہ پر دستخط کرالینے سے طلاق واقع نہیں ہوتی، جیسا کہ شامی (۱) وغیرہ دوسری کتابوں میں موجود ہے **ولو اکرہ علی کتابتہ او علی الاقرار بہ لا تقع الخ** (سکب الانہر (۲) ج ۱ ص ۳۸۴ وہکذا فی مجمع الانہر ج ۱ ص ۳۸۴ وہکذا فی الفتاوی الہندیہ (۳) ج ۱ ص ۳۷۹ وہکذا فی کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ ج ۴ ص ۲۸۴) (۴)

**ویشترط ان یکون إلا کراہ علی التلفظ بالطلاق فاذا اکرھتہ علی کتابۃ الطلاق فکتبہ فانہ لا یقع بہ الطلاق الخ** فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

وفی البحر أن المراد الإکراہ علی التلفظ بالطلاق فلو أکرہ علی أن یکتب طلاق امرأته فکتب لا تطلق لأن الکتابة أقیمت مقام العبارة باعتبار الحاجة ولا حاجة هنا۔ (شامی ص:٢٣٦ ج:٣) کراچی۔

(٢) ولو أکرہ علی کتابته أو علی الإقرار به لا یقع۔ (سکب الأنهر مع مجمع الأنهر ص:٨ ج:٢۔ فقیه الأمت)۔

(٣) رجل أکرہ بالضرب والحبس علی أن یکتب طلاق امرأته فلانه بنت فلان بن فلان فکتب إمرأته فلانه بنت فلان بن فلان طالق لا تطلق امرأته۔ (الفتاویٰ الهندیة ص:٣٤٦ ج:١۔ زکریا)۔

(٤) ویشترط أن یکون الإکراہ علی التلفظ بالطلاق فإذا أکرهه علی کتابة الطلاق فکتبه لا یقع به الطلاق۔ (الفقه علی المذاهب الأربعة ص:٢٥٨ ج:٤)۔ بیروت۔

## طلاق کے باب میں بیوی کی بات بلا شہادت معتبر نہیں

**سوال** (٦٢٧): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسئلہ میں کہ ہندہ اور اس کی دختر میں کسی بات پر تکرار ہوئی اور اس نے اپنے شوہر زید سے شکایت کی کہ تمہارے ساتھ اب لڑکے بھی مجھ سے لڑنے لگے آپس میں خوب تکرار ہوئی اور زید نے فیصلہ صبح پر مؤخر کر دیا صبح ہندہ نے اپنے شوہر زید سے اصرار کیا کہ اپنے قول کے موافق فیصلہ کرو شوہر نے اسے طلاق دے دیا اور وہ اپنا کپڑا وغیرہ لے کر میکہ چلی آئی اور وہاں بتایا کہ میرے شوہر نے مجھ کو تین طلاق دے دیا ہے بعد شوہر یہ کہتا ہے کہ میں نے ایک طلاق دی اور اس پر وہ حلف اٹھانے کو تیار ہے اس کی تصدیق اس کے لڑکے جو مذکورہ بالا لڑائی میں والدہ کے فریق تھے کرتے ہیں لڑکے عادل نہیں ہیں اور زوجہ حلفیہ کہتی ہے کہ مجھ کو تین طلاق دیا ہے اور میں نے کانوں سے سنا ہے اور اب میرا جانا حرام کاری ہے لیکن زوجہ کو اور اس کے باپ کو لوگ شوہر کے پاس جانے کے لئے راضی کرنے کی کوشش کر رہے

ہیں کیا ہندہ کو اپنے شوہر زید کے پاس (باوجود اس حلفیہ بیان کے کہ مجھے شوہر نے تین طلاق دیا ہے جسے میں نے خود سنا ہے) بغیر حلالہ کے جانا صحیح ہے یا نہیں؟

اس سلسلہ میں ایک عالم نے یہ بتایا کہ چونکہ ہندہ نے اپنے کان سے سنا ہے کہ اس کے شوہر نے اس کو تین طلاق دی ہے تو ہندہ کو اپنے شوہر زید سے زن و شوہر جیسے تعلقات رکھنا حرام ہے اور طلاق مغلظہ واقع ہوگئی اور **رد المحتار** کی یہ عبارت پیش کی۔ **والمرأة اذا سمعته او اخبرها عدل لا يحل لها تمكينه** (ردالمحتار ج ۲ ص ۴۳۲)

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں جب بیوی تین طلاق کا دعویٰ کر رہی ہے اور شوہر منکر ہے اور بیوی کے پاس بینہ موجود نہیں ہے تو ایسی صورت میں بیوی کے قول کا اعتبار نہیں ہوگا **وشرط لغير ذالك رجلان او رجل وامرأتان مالا كان او غير مال كالنكاح والرضاع والطلاق الخ** (ملتقی (۱) الابحر ج ۲ ص ۱۸۸ و ہکذا فی الدر (۲) المختار ج ۴ ص ۳۷۲) نیز شوہر کے پاس جو شاہدین ہیں وہ بھی غیر معتبر اور غیر قابل قبول ہیں اس لئے کہ وہ غیر عادل ہیں جیسا کہ سوال میں تصریح ہے اور اس باب میں عدالت شرط ہے **وشرط للكل الحرية والاسلام والعدالة الخ** (ملتقی (۳) الابحر ج ۲ ص ۱۸۸) اب بغیر شہادت کے شوہر کا قول معتبر ہوگا لہٰذا شوہر کے لئے جائز ہے کہ اگر عدت نہ گذری ہو تو اپنی بیوی کو اپنے گھر لے آوے اور رجعت کرلے اور اگر عدت گذر چکی ہو تو تجدید نکاح کی ضرورت پڑے گی **واذا طلق الرجل امرأته تطليقة رجعية او تطليقتين فله ان يراجعها فى عدتها رضيت بذالك او لم ترض الخ** (ہدایہ باب الرجعۃ ج ۲ ص ۳۷۴ **وهكذا فى فتاوى دار (۵) العلوم فليراجع ثم ان شئت** ج ۹ ص ۱۹۳) (۴)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

(۱) (ملتقی الأبحر ص:۸۴ ج:۲) مؤسسة الرسالة۔

(۲) ونصابها لغيرها من الحقوق سواء كان الحق مالاً أو غيره كنكاح وطلاق ووكالة ووصيةٍ والستهلاك صبي ولو للإرث رجلان أو رجل وامرأتان۔ (الدر المختار ص:۹۱ ج:۲۔ اشرفیه کتاب الشهادت متن)۔

(۳) وشرط للكل الحرية والإسلام والعدالة الخ۔ (ملتقى الأبحر ص:۸۴ ج:۲۔ مؤسسة الرسالة)۔

(۴) وإذا طلق الرجل۔۔۔۔ أو لم ترض۔ (هداية ص:۳۹۴ ج:۲، یاسر ندیم دیوبند)۔

(۵) فتاویٰ دار العلوم دیوبند ص:۳۶ ج:۱۰۔

## طلاق کے وقت بیوی سے زیورات لوٹانے کا حکم

**سوال** (۶۲۸): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین

(۱) وصی الدین نے اپنی زوجہ احمدی کو تین طلاق مغلظہ دیا بوقت نکاح جو زیور بطور تحفہ احمدی کو دیا گیا تھا وصی الدین کو واپس لینے کا حق ہے۔

(۲) کلیم الدین وصی الدین کے حقیقی بھائی ہیں اور احمدی کے حقیقی پھوپھا ہیں کلیم الدین کی ذمہ داری پر نکاح ہوا تھا زیور کلیم الدین نے بنوایا تھا اور یہ کہا تھا کہ یہ زیور میں احمدی کو دیا ہوں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

(۱-۲) اس دیار میں جو زیورات لڑکی کو دیتے ہیں اگر بطور عاریۃ دیتے ہوں تو واپسی کا مطالبہ کا حق ہے اور اگر بطور تملیک دیتے ہیں تو پھر واپسی کے مطالبہ کا حق نہیں غرضیکہ مدار عرف پر ہے عرف کے مطابق فیصلہ ہوگا۔

واذا بعث الزوج الى اهل زوجته اشياء عند زفافها منها ديباج فلما زفت اليه اراد ان يسترد عن المرأة الديباج ليس له ذالك اذا

بعث الیھا علی جھة التملیك كذا فی الفصول العمادیه الی ان قال وقال فی الواقعات ان کان العرف ظاھرًا تملیکه فی الجھاز کما فی دیارنا فالقول قول الزوج وان کان مشترکا فالقول قول الاب كذا فی التبیین وقال الصدر الشھید وھذا التفصیل ھو المختار للفتویٰ كذا فی النهر الفائق عالمگیری (ج۱ص ۳۴۷)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) (الفتاویٰ الهندیة ص:۳۹۳ ج:۱۔ زکریا الباب السادس عشر فی جھاز البنت)۔

عن أبی حرة الرقاشی رضی الله عنه عن النبی صلی الله علیه وسلم أنه قال: لا یحل امرأ مسلمٍ إلا عن طیب نفسه۔ (سنن الدار قطنی ص:۲۲ ج:۳، دار الإیمان بیروت)۔

(۳) إذ للمبیح أن یمنعه عن التصرف فیه۔ (مجمع الأنھر ص:۳۸۵ ج:۱، فقیه الأمت)۔

## بیوی کا بغیر نام لئے طلاق کا حکم

**سوال** (۶۲۹): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ نصاب الدین کی بیوی اور نصاب الدین کی ماں میں ایک روز جھگڑا ہو رہا تھا اور جھگڑا مکان کے اندر ہو رہا تھا اور نصاب الدین مکان کے باہر کوئی کام کر رہا تھا اتفاق سے کسی ضرورت سے مکان کے اندر گیا تو جھگڑا ہوتے دیکھ کر نصاب الدین نے اپنی بیوی کو لفظ طلاق کہا لیکن نصاب الدین کو یہ ہوش نہیں کہ اس نے کتنی دفعہ لفظ طلاق کہا لیکن نصاب الدین کی والدہ کہہ رہی ہیں کہ نصاب الدین نے صرف طلاق طلاق طلاق تین مرتبہ کہا نہ تو اس نے کسی کا نام لیا نہ تو

اپنی عورت کو کہا کہ میں تمہیں طلاق دے رہا ہوں لفظ طلاق کہنے کے بعد نصاب الدین کی والدہ رونے لگی اور عورت وغیرہ بھی رونے لگی اب عورت جانے کو تیار نہیں ہے اور نصاب الدین رکھنے کو تیار ہے تو کیا اس طرح سے نصاب الدین کی بیوی و نصاب الدین ایک ساتھ رہ سکتے ہیں یا نہیں اس کے متعلق شریعت کا کیا حکم ہے۔

## الجواب: حامدًا و مصلیًا

صورت مسئولہ میں یہ تصریح ہے کہ جھگڑا ہوتے دیکھ کر نصاب الدین نے اپنی بیوی کو لفظ طلاق کہا لہٰذا دوسرے احتمالات ساقط ہو گئے اور اس کی بیوی کو طلاق واقع ہو گئی اب اگر تین طلاق کا اقرار کر رہا ہو یا ماں جو خبر دینے والی ہے وہ عادلہ ہو یا بیوی کو تین طلاق یاد ہو تو اس کی بیوی نصاب الدین پر ہمیشہ کے لئے حرام ہو گئی الا یہ کہ حلالہ کروائے تو اس کے بعد پھر اس سے تعلق از دواجیت قائم کر سکتا ہے اور اپنے پاس رکھ سکتا ہے اس کے بغیر حرام ہے۔ (**کذا فی الشامی امداد الفتاوی ج ۲ ص ۳۴۸**) (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) قال: امرأته طالق ولم يسم وله امرأة معروفة طلقت امرأته۔ (الدر المختار ص: ۲۹۲ ج:۳۔ کراچی مع الشامی)۔

(۲) امداد الفتاویٰ ص:۳۶۸ ج:۲۔ زکریا قدیم۔

وإن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها، ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (الفتاویٰ الهندية ص:۵۳۵ ج:۱، زكريا)۔

تبیین الحقائق ص: ۲۵۷/ ج: ۲۔ امدادیہ ملتان۔

البحر الرائق ص: ۵۶/ ج: ۴۔ سعید۔

# ''طلاق سمجھو'' کہنے سے طلاق واقع نہیں ہوگی؟

**سوال** (٦٣٠): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ تقریباً چھ ماہ قبل (غلام مصطفیٰ) نے اپنی بیوی سے کہا کہ اگر شام کا کھانا مجھے چھ بجے تک نہیں ملا کرے گا تو تم طلاق سمجھو لفظ طلاق سمجھوں میں نے تین بار ادا کیا تھا اس کے باوجود اس نے شام چھ بجے تک کبھی کھانا نہیں تیار کیا طلاق کے بارے میں مذکورہ بالا جملہ ادا کرتے وقت میرا مقصد صرف دھمکانا تھا علاحدگی کا تصور میرے وہم وگمان میں بھی نہیں تھا میرے علم کے مطابق اپنے کسی فعل کا انحصار مشیت پر ہی ہوتا ہے اور میری نیت ہرگز طلاق کی نہیں تھی اس سے کئی گنا غلطی پر بھی میں بیوی کو طلاق نہیں دے سکتا۔

لہٰذا آپ سے التماس ہے کہ براہ کرم تحریر فرمائیں کہ طلاق ہوئی یا نہیں؟ طلاق کی دھمکی دئیے چھ ماہ بیت گئے ہیں اور چھ ماہ سے ہم لوگ ایک ساتھ بالکل خوش وخرم رہ رہے ہیں۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

صورت مسئولہ میں ایک بھی طلاق نہیں ہوئی اس لئے کہ طلاق سمجھو یہ طلاق دادہ انگار کا ترجمہ ہے اور طلاق دادہ انگار سے طلاق واقع نہیں ہوتی لہٰذا حسب سابق اپنی بیوی کے ساتھ تعلق ازدواجیت قائم رکھیں۔

امراة قالت لزوجها مُرا طلاق ده فقال الزوج داده گیر و کرده گیرا وقال داده بادو کرده باد ان نویٰ یقع ویکون رجعیا وان لم ینو لا یقع الخ ولو قال داده انگار او کرده انگار لا یقع وان نویٰ الخ (الفتاوی الهندیه ج ا ص ٣٨٠) فی الطلاق بالالفاظ الفارسیه (١)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) الفتاویٰ الهندیة ص:۳۸۰ ج:۱۔ رشیدیة۔

وکل لفظ لا یحتمل الطلاق لا یقع به الطلاق۔ (الفتاویٰ الهندیة ص:۳۷۴ ج:۱، زکریا)۔

بدائع الصنائع ص:۱۳۷ ج:۳۔ زکریا۔

## حالت جنون میں طلاق دینا

**سوال** (٦٣١): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ زید نے اپنی بیوی کو حالت جنون میں طلاق دیا اور دستخط بھی کردیا آیا اس جنون کی کیفیت میں طلاق دینا درست ہے یا نہیں اور طلاق ہوا یا نہیں بحوالۂ کتب تحریر فرمائیں۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

انسان کے اندر ایک قوت ممیزہ ہے جس کے ذریعہ انسان اچھائیوں اور برائیوں میں تمیز پیدا کرتا ہے اس قوت ممیزہ میں خلل آجانے کا نام جنون ہے اور یہ نقصان وخلل کسی میں فطری وخلقی ہوتا ہے اور کبھی مصائب ومضائق کے توارد کی وجہ سے ہوجاتا ہے جیسا کہ علامہ شامی نے تلویح کے حوالہ سے اس کی تصریح کی ہے **(قوله والجنون) قال فی التلویح الجنون اختلال القوة الممیّزة بین الامور المحسنة والقبیحة المدرکة للعواقب بان لا تظهر آثارها وتتعطل افعالها اما لنقصان جعل علیه دماغه فی اصل الخلقة واما لخروج مزاج الدماغ عن الاعتدال بسبب خلط او آفة الخ** (شامی ج ۲ ص ۴۲۶) (۱)

اور صاحب سکب الانہر نے ولا جنون کے بعد ایک اور قید کا اضافہ فرمایا ہے **لا یفیق اصلًا او یفیق احیانا** (ج ۱ ص ۳۸۵) اور کبھی بھی افاقہ نہ ہوتا ہو یا کبھی کبھار افاقہ ہوجاتا ہو بہر حال جس نے طلاق دی ہے وہ اگر اسی انداز کا مجنون ہے جیسا کہ ابھی بیان کیا گیا

تو اس کے قول کا اعتبار نہیں اور طلاق واقع نہ ہوگی اور اس کے دستخط کا بھی اعتبار نہیں اور اگر طلاق دیتے وقت مجنون بن گیا تھا تو اس جنون کا اعتبار نہیں اور طلاق واقع ہو جائے گی۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) عن قتادة قال: الجنون جنونان: فإن لا يقبق لم يجزله طلاق۔ وإن كان يفيق مطلق في حال إفافته لزمه ذلك۔ (المصنف لابن أبي شيبة ص:۵۴۹ ج:۹) مؤسسة القرآن رقم:۱۸۲۲۹۔

(۱) (شامی ص:۴۴۳ ج:۳) کراچی۔

(۲) قوله ولا مجنون لا يفيق أصلاً أو يفيق أحياناً۔ (سكب الأنهر على هامش مجمع الأنهر ص:۱۰ ج:۲۔ فقيه الأمت)۔

الفتاویٰ الهندیہ ص:۴۲۰ رج:۱، زکریا۔

ولا يقع طلاق الصبي والمجنون ولقوله لقوله عليه السلام كل طلاق جائز إلا طلاق الصبي والمجنون ولأن الأهلية بالعقل المميز وهما عديم العقل۔ (هداية ص:۳۵۸ أشرفي ديوبند)۔

## شوہر کے اقرار طلاق سے طلاق واقع ہو جائے گی

**سوال** (۶۳۷): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل مسائل میں کہ زید کا نکاح ہندہ سے ہوا عقد نکاح کے بعد متعدد بار زید کی منکوحہ ہندہ زید کے گھر گئی برضاء ورغبت ہندہ اپنے میکے آئی پھر زید تین بار اپنی منکوحہ کے پاس آیا اس آمد ورفت میں کوئی بات زید کی جانب سے ناگواری ناراضگی کی نہیں ظاہر ہوئی آٹھ ماہ سے زید نہ منکوحہ کے پاس آیا نہ رخصتی کرا کے لے گیا نہ اس کا نان ونفقہ دیا آٹھ دس ماہ بعد بعض آدمیوں سے خبر ملی کہ

زید نے ہندہ کو طلاق دے دی ہے ایسی حالت میں شریعت مطہرہ کا کیا حکم ہے؟

نان ونفقہ مہر عدت وغیرہ کے بارے میں کیا احکامات ہوں گے۔ کیا زید پر شرعی ذمہ داری نہیں ہے کہ بیوی یا اس کے والدین کو طلاق کی اطلاع دے نان ونفقہ کتنے دنوں کا واجب ہے عدت کا خرچ اور مہر کی ادائیگی اس کے ذمہ واجب ہے یا نہیں؟

ہندہ جو طلاق اور زید کی ناراضگی سے بالکل لا علم ہے اس پر شرعاً کیا واجب ہوتا ہے جواب مدلل تحریر فرما کر ماجور ہوں۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

صورت مسئولہ میں بعض آدمیوں کے ذریعہ جو خبر ملی ہے کہ زید نے ہندہ کو طلاق دے دیا ہے اگر زید کو اس کا اعتراف ہو اور وہ اقرار کرتا ہو کہ میں نے طلاق دیا ہے تو ہندہ پر طلاق واقع ہو جائے گی اور اگر وہ انکار کرتا ہو تو پھر شاہدین کی ضرورت پڑے گی جو اس کے طلاق دینے پر شہادت پیش کریں۔ اگر شہادت سے اس کا طلاق دینا ثابت ہو جائے تو پھر زید کے انکار کا اعتبار نہیں اور اگر شہادت فراہم نہ ہو سکے تو پھر زید کے قول کا اعتبار ہوگا طلاق کا فتویٰ نہیں دیا جا سکتا۔

بہر حال وقوع طلاق کی صورت میں عدت (تین حیض) اور پوری مہر اور عدت کا نان ونفقہ زید کے ذمہ لازم ہوگا **المعتدة عن الطلاق تستحق النفقة والسكنى كان الطلاق رجعيًا او بائنًا او ثلاثًا حاملًا كانت المرأة اولم تكن كذا فى فتاوى قاضيخان عالمگيرى** (۱) (ج ۱ ص ۵۵۷) **رجل تزوّج المرأة نكاحاً جائزًا فطلقها بعد الدخول او بعد الخلوة الصحيحة كان عليها العدة كذا فى فتاوى قاضيخان عالمگيرى**(۲) (ج ۱ ص ۵۲۶) **والمهر يتأكد باحد معان ثلاثة الدخول والخلوة الصحيحة وموت احد الزوجين الخ** (عالمگیری ج ۱ ص ۳۵۳) (۳) **لزم المسمّٰى بالدخول اوموت احدهما ونصف بالطلاق قبل الدخول والخلوة الصحيحة** (ملتقى الابحر

ص ۳۴۶) آٹھ دس مہینہ یا جتنی بھی مدت تک ہندہ میکے رہی اس کا نان ونفقہ زید پر واجب نہیں کذا فی ملتقی الابحر ولا تجب نفقة مدة مضت الا ان تکون قضی بھا او تراضیا علی مقدارھا الخ (ج ا ص ۴۹۱) (۴) زید کو چاہئے تھا کہ طلاق کی خبر بیوی کو کر دیتا لیکن اگر اس نے خبر نہیں کی تو اس کی وجہ سے وقوع طلاق میں کوئی فرق نہیں پڑا اطلاع کرے یا نہ کرے بہر صورت طلاق دینے سے طلاق واقع ہو جاتی ہے اب ہندہ کے ذمہ لازم ہے کہ وہ زید سے قطع تعلق کر لے اور علیحدہ ہو جائے زید نے جتنی طلاق دی ہے وہ واقع ہو گئی۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) (الفتاویٰ الهندیۃ ص: ۶۰۵ ج: ۱، زکریا)۔

(۲) (الفتاویٰ الهندیۃ ص: ۵۷۹ ج: ۱، زکریا)۔

(۳) (الفتاویٰ الهندیۃ ص: ۳۷۰ ج: ۱) زکریا۔

(۴) ملتقی الأبحر ص: ۳۰۱ ج: ۱، باب النفقۃ مؤسسۃ الرسالۃ۔

مجمع الأنہر ص: ۱۸۳ ر ج: ۲ فقیہ الأمت دیوبند۔

## شوہر کے اقرار طلاق سے بیوی مطلقہ ہو جائے گی

**سوال** (۶۳۳): کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ آج سے چار سال پہلے میری شادی ہوئی میں پہلی مرتبہ دس روز کے لئے سسرال گئی دوسری مرتبہ ایک مہینہ کے لئے گئی اس درمیان میں حاملہ ہو گئی اور میرا شوہر اپنی بھابھی کو رکھے ہوئے ہے جب اس راز کا مجھے پتہ چلا تو میں نے اپنے شوہر کو سمجھانے کی کوشش کی تب اس نے مجھے مار پیٹ کر گھر سے نکال دیا یہ کہہ کر کہ تم کالی ہو میں نے تمہیں ایک بار نہیں کئی بار تلاق دیا تب میں نے اپنی

والدہ کو بلوا کر ساری باتیں بتائیں تب ہماری والدہ نے میرے سسرال والوں سے بات چیت کی تب میرے سسرال والوں نے کہا کہ میں آپ کی لڑکی کو نہیں رکھ سکتا میرا بیٹا زبانی طلاق دے چکا ہے میرے پاس اس کا کوئی ثبوت نہیں کہ میں تلاقی عورت ہوں اور یرے والد بچپن ہی میں مر گئے اور میری والدہ نے دوسرے کے ساتھ نکاح پڑھالیا ہے وہ باپ میرا مجھے دیکھنا تک پسند نہیں کرتا اور میری ماں مجبور ہے کچھ نہیں کرسکتی میں آج چار سال سے دوسروں کی مزدوری کر کے کھاتی ہوں اور میرے پاس ایک بچہ بھی ہے جس کی پرورش اس حالت میں نہیں ہوسکتی اور بچہ چار سال کا ہے اس لئے میں اب دوسرے کے ساتھ نکاح کرنا چاہتی ہوں شریعت کے مطابق میں نکاح کرسکتی ہوں کہ نہیں میرے شوہر کا تب سے کوئی پتہ نہیں ہے میں بہت غریب ہوں بے سہارا ہوں۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

جب شوہر نے کہہ دیا کہ میں ایک بار نہیں کئی بار طلاق دے دیا تو اس جملہ سے عورت مسماۃ نصیر النساء مطلقہ ہوگئی اب جب کہ عدت بھی گذر چکی ہے نصیر النساء کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنی شادی کسی جگہ کرلے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) إذا قال لامرأته أنت طالق "وطالق" وطالق ولم يعليقه بالشرط إن كانت مدخولة طلقت ثلاثاً، وإن كانت غير مدخولة طلقت واحدةً. (الفتاویٰ الهندية ص:۴۲۳ ج:۱، زکریا)۔

(۲) العدة هى تربص بلزم المرء عدة الحرة للطلاق أو النسخ ثلاثة قروءٍ أى حيضٍ. (ملتقى الأبحر مع مجمع الأنهر ص:۱۴۲ ج:۲) فقيه الامت۔

(۳) البحر الرائق ص:۱۲۸ / ج:۴۔ سعید۔

(۴) تبیین الحقائق ص:۲۶ / ج:۳۔ امدادیہ ملتان۔ (۵) النہر الفائق ص:۴۷۴ / ج:۲۔ زکریا۔

# ایام حیض میں طلاق دینے کا حکم

**سوال** (۶۳۴): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ میں نے اپنی بیوی سے باغ سے آم لانے کے لئے جھولا مانگا۔ اس نے جواب دیا نہیں ہے۔ میں نے کہا کہ اتنا سب جھولا تھا کیا ہوا؟ اس نے جواب دیا کہ سب لوگ مانگ لے گئے۔ مجھے غصہ آیا میں نے اس کا ہاتھ پکڑ کر کہا تم یہاں سے بھاگ جاؤ اسے بھی غصہ آیا اس نے میرے والد کا نام لے کر کہا کہ اگر اپنے اصل باپ کے بیٹے ہو تو ہمارا فیصلہ کر دو میں نے کہہ دیا کہ جاؤ میں نے فیصلہ کر دیا اور تین بار طلاق طلاق طلاق کہہ دیا اس صورت میں طلاق واقع ہو جائے گی یا نہیں۔

نیز یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ یہ معاملہ طلاق ایام حیض میں واقع ہوا ہے ایک صاحب کا کہنا ہے کہ طلاق جب ایام طہر میں دی جائے تب واقع ہوتی ہے ایام حیض کی طلاق واقع نہیں ہوتی آیا ان کا یہ کہنا صحیح ہے یا نہیں۔

جواب بحوالہ کتب تحریر فرمائیں۔ ممنون ہوں گا۔

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

صورت مسئولہ مں تین طلاق واقع ہو کر مغلظہ ہوگئی اب اگر رکھنا چاہیں تو حلالہ کرا کے دوبارہ نکاح کر کے رکھ سکتے ہیں۔

جن صاحب نے یہ کہا کہ حیض میں طلاق واقع نہیں ہوتی یہ غلط ہے حیض ہو یا طہر بہر صورت طلاق واقع ہو جاتی ہے یہ امر آخر ہے کہ اس کو طلاق سنی نہیں بلکہ طلاق بدعی کہیں گے۔

**کذا فی الدر المختار والشامی ج:۳ ص:۱۱۹۔ کراچی۔**

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

عن أنس بن سیرین قال: سمعت ابن عمر قال: طلق ابن عمر امرأته وهی حائضه، فذکر عمر للنبی صلی الله علیه وسلم: لیراجعها: وفی روایة: مره فلیراجعها۔ (الصحیح البخاری ص:۷۹۰ ج:۲،یاسر ندیم دیوبند)۔

وإذا طلق الرّجل امرأته فی حالة الحیض وقع الطلاق لأن النهی عنه لمعنی فی غیره وهو ما ذکر نا فلا ینعدم مشروعیته۔ (هدایه ص:۳۵۷ ج:۲) اشرفیه بك ڈپو دیوبند۔

ولو کانت الطلقة فی الحیضة..... ولا یمنع کونه فی الحیض کونه سنیاً۔ (مجمع الأنهر ص:۵ ج:۲۔ فقیه الأمت)۔

البحر الرائق ص:۲۴۱؍ج:۳ سعید۔

وطلاق الموطوء ة حائضاً بدعیٌ" قال أهل الظاهر لا یقع ولأنه منهی عنه فلا یکون مشروعاً ولنا قوله علیه السلام لعمر مر ابنك فلیراجعها۔ وکان طلاقها فی حالة الحیض والمراجعة بدون وقوع الطلاق محالٌ۔ (تبین الحقائق ص:۱۹۳ ج:۲) امدادیه ملتان۔

## شوہر دائمی مریض ہے بیوی کیا کرے

**سوال** (۶۳۵): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ پانچ برس شادی کو ہوگئے والد کا انتقال ہوگیا ہے ماں بیوہ ہے کوئی میرا سہارا نہیں ہے شادی کے دس مہینہ کے بعد میرا شوہر بیمار ہوگیا جب میں بالغ ہوئی تو سال بھر کے بعد بیدائی ہوئی دوبارہ گئی تو اس سے مجھ کو کچھ تعلقات نہیں تھے۔ جا کر کیا کروں ہمیشہ بیمار ہی رہتا ہے ٹی، بی کا مریض ہے ابھی تک اچھا نہیں ہوا تو میں کب تک انتظار کروں کسی کا سہارا ہوتا تو میں بیٹھی رہتی۔

## الجواب: حامدًاومصلیًا

صورت مسئولہ میں آپ کو چاہئے کہ دار القضاء یا شرعی پنچایت میں ایک درخواست دیں اور اپنی تمام تر پریشانیوں کو کھلے الفاظ میں تحریر کریں قاضی درخواست پر غور کر کے شوہر سے اگر چاہے تو علیحدہ کر سکتا ہے قاضی شوہر سے بھی تحقیق کرے گا اس کے مطابق فیصلہ کر دے گا۔

**نوٹ**: مدرسہ ہذا میں بھی شرعی پنچایت ہے۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) أما الأمير فمتى صادف فصلاً مجتهداً نفذ أمره وتحته في الشامية: نفذ أمره بمعنى وجب امتثاله۔ (شامی ص:۴۰۹ ج:۵، کراچی)۔

## دے دیا کہنے پر طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**سوال** (۶۳۶): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید اور اس کی بیوی زرینہ دونوں میں تنازع ہو گیا گفتگو کے درمیان لفظ چھوڑنے کے آئے زید نے محض ڈرانے اور دھمکانے کے لئے کہا کہ اگر تم قاعدے سے نہ رہو گی تو تمہیں چھوڑ دوں گا اس بات پر زرینہ نے اصرار کیا کہ اس وقت طلاق دے دو زید نے کہا کہ نہیں آج نہیں کل یعنی دو یوم کے بعد دوں گا مگر اس کے اصرار شدید پر زید نے کہا کہ دے دیا لفظ طلاق نہیں کہا تو کیا اس صورت میں طلاق واقع ہو گئی یا نہیں اگر ہو گئی تو کون سی طلاق ہو گی دیگر امر یہ ہے کہ زرینہ دو مہینہ کی حمل سے ہے لہٰذا درخواست ہے کہ مکمل ومدلل روشنی ڈالیں۔

## الجواب: حامدًاومصلیًا

صورت مسئولہ میں دو طلاق رجعی ہو گئی لہٰذا شوہر اگر رجعت کر لے گا تو حسب سابق وہ اس کی بیوی رہے گی اور اس سے تعلق از دواجیت قائم رکھنا جائز ہو گا (کذا فی الفتاوی الہندیہ ج ۱

ص ۳۸۳) الفصل السابع فی الطلاق بالفاظ الفارسیۃ ولو قالت مرا طلاق دہ مرا طلاق دہ مرا طلاق دہ فقال دادم تقع واحدۃ الخ اور آئندہ خیال رکھیں کہ صرف ایک طلاق کے بعد مغلظہ ہو جائے گی۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

الفتاویٰ الهندیة ص:۳۸۳ ج:۱، رشیدیة۔

وإذا طلق الرجل امرأته تطليقة رجعية أو نطليقين فله أن يرابعها في عدتها، رضيت بذلك أو لم ترض۔ (هدایه ص:۳۹۴ ج:۲، اشرفیه بك ڈپو)۔

ويستحب أن يراجعها بعد ذلك بالإشهاد۔ (الفتاوی الہندیۃ ص:۵۳۲ ج:۱، زکریا)۔

البحر الرائق ص:۱۵ ج:۴۔ سعید۔

## دو بار لفظ طلاق کہنے سے کون سی طلاق واقع ہوگی؟

**سوال** (۶۳۷): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید نے اپنی بیوی کو دو مرتبہ لفظ طلاق کہا ہے اس صورت میں طلاق کون سی واقع ہوگی ہے اور زید کو اب کیا کرنا چاہئے۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

صورت مسئولہ میں طلاق رجعی واقع ہوگئی لہٰذا اگر عدت کے اندر رجعت کرلی تو ٹھیک ہے ورنہ عدت کے بعد بائنہ ہو جائے گی لہٰذا اب زید کو چاہئے کہ بیوی کا بوسہ لے لے یا صحبت کرلے اس سے رجعت ہو جائے گی یا زبان سے کہہ دے کہ میں رجعت کرتا ہوں۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ولو نوى بطالق واحدةٍ وبالطلاق أخرى وقعتا رجعتين لو مد خولاً بها۔ (الدر المختار مع الشامی ص: ۲۵۲ ج: ۳، جراچی)۔

وإذا طلق الرجل امرأته نطليقة رجعية تطليقتين فله أن يرابعها فى عدتها رضيت بذلك أولم ترض۔ (هدايه ص: ۳۹۴ ج: ۲۔ أشرفی بك ڈپو)۔

أو بفعل ما يوجب حرمة المصاهرة من وطئي ومس ونحوه من أخذ الجانبين وندب الإشهاد عليها۔ (ملتقى الأبحر مع مجمع الأنهر ص: ۸۱ ج: ۲۔ فقيه الأمت)۔

الفتاوىٰ الهندية ص: ۳۲۵ ج: ۱۔ زكريا۔

البحر الرائق ص: ۱۵ ج: ۴۔ سعيد۔

## جبراً طلاق نامہ پر دستخط کرانے کا اعتبار نہیں

**سوال** (۶۳۸): کیا فرماتے ہیں علماء دین دریں مسئلہ کہ افضل سسرال ہے اور اپنی بیوی سے کپڑا دھونے کے لئے کہا اور اس نے کپڑا نہیں دھویا افضل نے اس کو دو چھڑی مارا اس وقت افضل کی ساس مانی کلاں تھیں۔ افضل کے پچیرے سسر صاحب نے افضل کی سسرال میں سب سے کہا افضل نے ہماری بچی کو بہت مارا اس کو بے جان کیا افضل اپنی ساس سے ملنے کے لئے جمال الدین کے گھر گئے جمال الدین ساڑھو ہوتے ہیں اس وقت افضل کی ساس نو ناری اپنی بہن کے یہاں گئی تھیں کچھ دیر کے بعد افضل کی ساس وفیاض دونوں آدمی آئے افضل سے فیاض نے کہا کہ افضل بغیر طلاق دیئے ہوئے ہم جانے نہیں ڈیں گے، ہم بہت ماریں گے معین الدین نے سادے کاغذ پر تحریر لکھا ہم کو نہیں معلوم ہم سے کہا لکھ دو ہم نہیں لکھ رہے تھے چھ سیل کی ٹارچ سے ہمارے سر پر مارا جبری ہم سے دستخط کروالیا زبان سے ایک مرتبہ کہلوایا ہے معین الدین کو فیاض نے بلایا بلانے کے بعد فیاض نے کہا بغیر افضل طلاق لئے ہوئے ہم نہیں جانے دیں گے معین نے

تحریر لکھا اور جبراً افضل سے کہا دستخط کردو فیاض نے جبری افضل سے دستخط کروایا معین الدین نے ایک بار افضل سے زبان سے کہلوایا ہے جمال الدین گواہ ہیں جبری ایک مرتبہ زبان سے کہلوایا ہے۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں صرف ایک طلاق افضل کی بیوی پر واقع ہوئی جس کو اس نے زبان سے کہا ہے جبراً کاغذ پر دستخط کروالیا اس کا اعتبار نہیں صرف زبان سے کہے ہوئے کا اعتبار ہوگا لہٰذا عدت کے اندر اندر اگر افضل رجعت کرلے تو اس کی بیوی حسب سابق رہے گی رجعت کا طریقہ یہ ہے کہ زبان سے کہہ دے کہ میں رجعت کرتا ہوں یا تعلق از دواجیت قائم کرلے یعنی صحبت وغیرہ کرلے۔

ويقع طلاق كل زوج بالغ عاقل ولو عبدًا او مكرهًا فان طلاقه صحيح لا إقراره بالطلاق الخ (تنویر الابصار مع الدر المختار ج ۲ ص ۴۲۱)

وفى البحر ان المراد الاكراه على التلفظ بالطلاق فلو اكره ان يكتب طلاق امرأته فكتب لا تطلق الخ (شامی ج ۲ ص ۴۲۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) تنویر الأبصار ص: ۲۱۷ ج: ۱ مع الدر اشرفیہ متن)۔

(۲) وفى البحر أن المراد الاكراه على التلفظ بالطلاق۔ فلو أكره على أن يكتب طلاق امرأته فكتب لا تطلق۔ (شامی ص: ۲۳۶ ج: ۳۔ کراچی)۔

(۳) هكذا فى: الفقه على المذاهب الأربعة۔ ص: ۱۵۸ ج: ۴۔ بيروت۔

(۴) الفتاوىٰ الهندية ص: ۳۶۱ ج: ۱۔ زكريا۔

# مطلقۂ ثلاثہ کے حلال ہونے کا طریقہ

**سوال** (۶۳۹): کسی نے اپنی بیوی کو طلاق دیا اور بعد میں اپنے کئے پر پچھتایا اور اس کو پھر اپنے عقد میں لینے کی جد و جہد کچھ اس طرح شروع کردی کہ ایک آدمی کو اس شرط پر تیار کیا کہ وہ اپنا نکاح کرنے کے ایک روز یا دو روز کے بعد طلاق دے دے تاکہ بیوی خود کے لئے حلال ہو سکے، ایسا کرنا قرآن وسنت کی روشنی میں کہاں تک درست ہے اور دوبارہ پہلے شوہر کے لئے بیوی کے حلال ہونے کا صحیح طریقہ کس طرح ہے؟

## الجواب: حامدًا ومصليًا

ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے، کذا فی فتح القدیر (۱) شوہر اول کے حلال ہونے کا طریقہ یہ ہے کہ عورت عدت گزارنے کے بعد دوسرے شوہر سے نکاح کرے وہ شخص اس سے صحبت کرے اس کے بعد وہ مرجائے یا طلاق دے دے تو پھر اس کی عدت گزار کر شوہر اول سے اگر نکاح کرے تو شوہر اول کے لئے اب یہ حلال ہو جائے گی۔ (کذا فی در المختار) (۲)

| الجواب صحیح | فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب |
| --- | --- |
| بندہ عبد الحلیم عفی عنہ | حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ |

## التعليق والتخريج

**(۲) ولا ينكح مطلقة (من نكاحٍ صحيحٍ) بها أي بالثلاث حتى يطأها غيره حقيقة أو حكماً ولو الغير مراهقاً يجامع مثله۔ (شامی ص:۴۱۰ ج:۳، کراچی)۔**

(۱) فتح القدیر ص:۳۱/ج:۴۔ دار إحیاء التراث۔

الفتاویٰ الہندیہ ص:۵۳۵/ج:۱۔ زکریا۔

ہدایہ ص:۳۹۹/ج:۲۔ اشرفی بک ڈپو۔

تبیین الحقائق ص:۲۵۷/ج:۲۔ امدادیہ ملتان۔

البحر الرائق ص:۵۶/ج:۴۔ سعید۔

## ’’اگر رشتہ داری یا میکہ گئی تو طلاق‘‘ کہنے کا حکم

**سوال** (۶۴۰): لڑکی بہت دن سے میکے نہیں گئی تھی بہت گھبراتی تھی لڑکے کے والدین اور بھائیوں نے لڑکے سے کہا آخر کیوں نہیں لڑکی کو میکے پہنچا دیتے۔ دو بھائیوں میں تُو تُو میں مَیں ہوئی بات بڑھ گئی لڑکے کے چھوٹے بھائی نے لڑکے کو لکڑی کے ایک ٹکڑے کو پھینک کر مارا جس کی وجہ سے لڑکا غصہ میں آکر لڑکی سے کہا کہ اگر تم کسی رشتہ داری میں گئی خاص کر میکے گئی تو تمہیں طلاق۔ لڑکی ابھی سسرال میں ہے تو کیا اگر لڑکی میکے گئی یا رشتہ داری میں گئی تو مطلقہ ہو جائے گی اور طلاق پڑے گی تو کے طلاق پڑے گی اور رشتہ داری کا لفظ تو عام ہے تو کیا لڑکے کی نیت اور مراد کا بھی اس میں دخل ہے؟

**الجواب: حامداً ومصلیًا**

اگر لڑکی میکے گئی تو جتنی طلاقیں شوہر نے دی ہوں گی وہ سب واقع ہو جائیں گی۔ اگر ایک طلاق دی ہوگی تو لڑکی جب میکے جائے گی تو ایک طلاق واقع ہو جائے گی اس کے بعد شوہر اپنے گھر لاکر رجعت کرلے۔ نیز میکے چلے جانے کے بعد یمین منحل ہو جائے گی اس کے بعد اگر کسی رشتہ داری میں گئی تو اس سے کوئی طلاق واقع نہ ہوگی لہٰذا لڑکی کو میکے بھیج دے اور دو چار روز کے بعد اپنے گھر بلا کر رجعت کرلے۔

الفاظ الشرط إنّ واذا واذ اما وكل وكلما ومتى ومتى ما ففي هذه الالفاظ اذا وجد الشرط انحلت اليمين وانتهت لانها لا تقتضي العموم والتكرار فبوجود الفعل مرة تم الشرط وانحلت اليمين فلا يتحقق الحنث بعده الخ (عالمگیری ج ۱ ص ۴۱۵) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ألفاظ الشرط، "أن" "إذا" و"إذ"۔۔۔۔ الخ۔ (الفتاویٰ الهندية ص:۴۸۳ ج:۱۔ زکریا)۔

ملتقی الأبحر ص:۵۹/ج:۲۔ دار الکتب العلمیۃ۔

مجمع الأنہر ص:۵۸/ج:۲۔ فقیہ الأمت۔

البحر الرائق ص:۱۰/ج:۴۔ سعید۔

تبیین الحقائق ص:۲۳۳/ج:۲۔ امدادیہ ملتان۔

(۲) وإذا أضافه إلى الشرط وقع عقيب الشرط اتفاقاً۔ (ہندیہ ص:۴۸۸ ج:۱، زکریا)۔

## ''اگر میں نکاح کروں گا تو طلاق دے دوں گا'' کہنے کا حکم

**سوال** (۶۴۱): ایک شخص نے کہا کہ اگر میں شادی کروں گا تو اپنی بیوی کو طلاق دے دوں گا ڈرانے کے لئے تو طلاق واقع ہوجائے گی یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

طلاق از قبیل اخبار نہیں بلکہ از قبیل انشاء ہے اور طلاق دیدوں گا یہ خبر ہے یا وعدۂ طلاق (۱) ہے اور اسی کو معلق کیا ہے نکاح ہونے پر لہٰذا نکاح کرنے کے بعد طلاق نہ ہوگی طلاق دیدوں گا سے بغیر تعلیق کے بھی طلاق نہیں ہوگی اگر یہ کہتا کہ تو مطلقہ ہے یا تجھ کو طلاق ہے اگر تجھ سے نکاح کروں تو اس صورت میں نکاح کرتے ہی فوراً عورت پر طلاق واقع ہوجاتی۔ (کذا فی الشامی)(۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) وأنا أطلق نفسي لم يقع لأنه وعد۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۳۱۹ ج:۳۔ کراچی)۔

(۲) إن تزوجتك فأنت طالق فإنه يصح عندنا۔ (شامی ص:۲۶۹ ج:۳۔ کراچی)۔

ولو قال أطلقك لم يقع۔ (سكب الأنهر ص:۱۴ ج:۲۔ فقيه الامت)

ولو قال بالعربية: "أطلق" لا يكون طلاقاً إلّا إذا غلب استعماله للحال فيكون طلاقاً۔ (الفتاویٰ الهندية ص:۴۵۲۲ ج:۱، زکریا)۔

أن يقول لا مرءة: إن تزوجتك فأنت طالق.... فهي طالق۔ (المصدر السابق ص:۴۸۸ ج:۱۔ زکریا)۔

## دل میں صرف سوچنے سے طلاق ہوگی یا نہیں؟

**سوال** (۶۴۲): (۱) زید اپنے نفس سے یوں کہتا ہے کہ قصداً یا بلا عذر کبھی نماز قضا کروں تو ہندہ پر تین طلاق، پھر زید کچھ دنوں کے بعد اپنے اہل وعیال کے ساتھ لمبے سفر میں تھا جس میں زید کے بچوں نے زید کے اوپر پیشاب وقے کر دیا جس کی وجہ سے نماز قضاء ہوگئی، ایسی صورت میں طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

(۱) اگر زبان سے نہیں کہا تو ہندہ پر طلاق واقع نہیں ہوئی، لقوله عليه الصلوٰة والسلام عن ابي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله ﷺ ان الله تجاوز عن امتي ما وسوست به صدورها ما لم تعمل به او تتكلم متفق عليه. (مشکوٰۃ شریف ج۱ ص۱۸)

اما تفسيره (اى الطلاق) شرعًا فهو رفع قيد النكاح حالًا او مآلًا بلفظ مخصوص كذا فى البحر الرائق والفتاوىٰ الهنديه ج۱ ص۳۴۸ وهكذا فى الدر المختار ج۲ ص۴۱۴

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) عن أُبی هریرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: إن الله تجاوز عن أمتی ما وسوست به صدورها مالم لم تعمل أو تتکلم۔ (مشکاة المصابیح ص:۱۸ ج:۱، باب فی الوسوسة)۔

(۲) وفی روایة مسلم عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم إن الله عز وجل تجاوز لأمستی عماحد ثت به أنفسها مالم تعمل أو تتکلم۔ (الصحیح للمسلم ص:۷۸ ج:۱)۔

(۳) أما تغیره شرعاً: أی الطلاق۔۔۔۔ الخ۔ (الفتاویٰ الهندیة ص:۳۱۸ ج:۱)۔ زکریا۔

(۴) الدر المختار مع الشامی ص:۲۲٦ ج:۳۔ کراچی۔

(۵) لو أجری الطلاق علی قلبه، وحرك لسانه من غیر تلفظ یسمع لا یقع۔ (مراقی الفلاح علی نور الإیضاح مع الطحطاوی ص:۲۱۹ دار الکتاب)۔

## وقوع طلاق کی ایک صورت

**سوال** (٦۴۳): کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین دریں مسئلہ کہ ایک شخص نے جو ضلع فیض آباد کا رہنے والا بمبئی سے اس نے اپنی بیوی کو طلاق بائن لکھ کر بھیج دیا اس کے بعد وہ گھر آیا تو اس کے چچا زاد بھائی نے اس سے کہا کہ تو نے بہت برا کیا تمہیں اس کا بھی خیال نہیں کہ تمہاری بہن اسی گھر میں ہے اس کا کیا حشر ہوگا اس لئے پھر اس سے نکاح کرلو اس نے جواب دیا کہ اب کوئی گنجائش نہیں ہے چچا زاد بھائی نے پوچھا کہ کیا تین طلاق دیا ہے اس نے کہا ہاں کچھ دنوں کے بعد اس شخص نے پھر اس عورت سے نکاح کرلیا ایسی صورت میں جبکہ اس کی تحریر ایک طلاق کی ہے اور چچا زاد بھائی کے سامنے تین طلاق کا اقرار کیا کیا بلا حلالہ صرف نکاح کافی ہوگا؟

## الجواب: حامدًا ومصليًا

چچا زاد بھائی کا دریافت کرنا کہ کیا تین طلاق دیا ہے طلب انشاء الطلاق نہیں ہے بلکہ استخبار عن انشاء الطلاق ہے اور اس پر جواب میں زوج کا ہاں کہنا اخبار عن انشاء الطلاق ہے انشاء الطلاق نہیں ہے لہٰذا اس صورت میں حکم یہ ہے کہ اگر اخبار کاذباً ہے تو قضاءً طلاق پڑے گی اور بصورت صدق دیانۃً بھی پڑ جائے گی (کمافی الشامی ج ۲ ص ۴۲۱) **لو اقر بالطلاق کاذبًا اوھازلًا وقع قضاءً لا دیانۃً** (ج ۲ ص ۴۲۳) **عن البحر عن البزازیہ والقنیۃ لو ارادبہ ای باقرار الطلاق الخبر عن الماضی کذبا لا یقع دیانۃً وان شھد قبل ذالك لا یقع قضاءً ایضًا فی الھندیۃ ج ۱ ص ۳۵۹ سئل کم طلقتھا فقال ثلاثاً ثم زعم انہٗ کان کاذبًا لا یصدق فی القضاء کذا فی التاتار خانیہ** اور مقصود سوال استفتاء ہے قضاء نہیں اور فتویٰ بیان حکم شرعی ہوتا ہے قضاء نہیں اور بصورت مسئولہ اگر اخبار کاذباً ہے یعنی تین طلاق نہیں دیا تھا جھوٹ ہی تین طلاق کا اقرار کرلیا تو وقوع طلاق مغلظہ کا حکم نہیں کریں گے اور اس شخص کا نکاح بلا حلالہ کے صحیح ہوگیا اور اگر تین طلاق کا اقرار صحیح تھا تو طلاق مغلظہ واقع ہوجانے کی وجہ سے نکاح بغیر حلالہ کے صحیح نہیں ہوا، دونوں علیحدگی اختیار کریں اور حلالہ کے بعد نکاح ثانی کریں تو درست ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) لو أقر بالطلاق هازلاً أو كاذبا. فقال فى البحر، ثم قتل عن البزازية اوالقنية لو أداد به الخبو عن الماضى كذباً لا يقع ديانةً وإن أشهد قبل ذلك لا يقع قضاءً أيضاً۔ (شامی ص:۲۳۸ ج:۳۔ کراچی)۔

(۲) سئل کم طلقتها فقال ثلاثاً۔۔۔۔۔الخ۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۳۸۹ ج:۱۔رشيدية)۔

(۳) ولا ينكح مطلقة بها أى بالثلاث حتى يطأها غيره حقيقة أو كاعاً ولو الغير

مراهقاً يجامع مثله۔ (شامی ص:۴۱۰ ج:۳۔ کراچی)۔

(۴) فتح القدیر ص:۱۳۱ ج:۴۔ دار احیاء التراث۔

## مطالبۂ طلاق پر مہر کی ادائیگی کا حکم

**سوال** (۶۴۴): زید اور اس کی بیوی میں باہم تُو تُو مَیں مَیں ہوئی اور سلسلۂ ناراضی ابھی تک قائم ہے، عورت کی طرف سے اصرار ہے اور اس بات پر مصر ہے کہ مجھے طلاق دیدو، زید اس مطالبہ پر تیار نہیں ہے اور نہ اس کا ارادہ رکھنے کا ہے، لیکن مسئلہ دریافت طلب یہ ہے کہ اگر زید اپنی بیوی کے مطالبہ پر طلاق دیدے تو چونکہ اقدام بیوی کی طرف سے ہے تو اس صورت میں زید مہر کا ذمہ دار ہوگا یا نہیں؟ ادائیگی مہر واجب ہوگی یا نہیں مسئلہ کی بے غبار وضاحت فرمائیں۔

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

صورتِ مسئولہ میں زید کے ذمہ طلاق کے بعد مہر کی ادائیگی لازم ہوگی، **المهر يتأكد بأحد معان ثلاثة الدخول والخلوة الصحيحة وموت أحد الزوجين.** (عالمگیری ج ۱ ص ۳۰۳) (۱)

الا یہ کہ زید طلاق کو مہر کی معافی کے ساتھ مشروط کردے اس صورت میں مہر ساقط ہوجائے گی، بیوی کی طرف سے اقدام طلاق علی الاطلاق موجبِ سقوطِ مہر نہیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

### التعلیق والتخریج

(۱) (ہندیہ ص:۳۰۷ ج:۱ زکریا)۔

(۲) النہر الفائق ص:۲۳۰ ج:۲۔ زکریا۔

(۳) تبیین الحقائق ص:۱۳۸ ج:۲۔ امدادیہ ملتان۔

(۴) البحر الرائق ص: ۴۴۳ ار ج: ۳۔ سعید۔

(۵) مجمع الأنہر ص: ۵۰۹ ر ج: ا۔ فقیہ الامت۔

(۶) بدائع الصنائع ص: ۵۸۴ ر ج: ۲۔ زکریا۔

# طلاق کی ایک شکل

**سوال (۶۴۵):** زید اور اس کے سسر سے کچھ رخصتی کے بارے میں تکرار ہوئی اس تکرار سے زید کی زبان سے یہ لفظ نکلا کہ طلاق دیدیا دیدیا اور سسر کہتا ہے کہ زید نے طلاق طلاق طلاق کہا دونوں حلف اٹھانے کے لئے تیار ہیں اگر دونوں نے حلف اٹھالیا تو کس کا قول معتبر ہوگا۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورتِ مسئولہ میں زید کے قول کا اعتبار ہوگا لہٰذا زید اگر چاہے تو اپنی بیوی سے عدت کے اندر اندر رجعت کرسکتا ہے البتہ آئندہ خیال رکھے ورنہ ایک ہی طلاق میں مغلظہ ہوجائے گی پھر بغیر حلالہ کے نکاح نہیں کرسکے گا۔(۱)

الجواب صحیح — فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

بندہ عبدالحلیم عفی عنہ — حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

(۱) وإذا طلق الرجل امرأته تطليقةً وجعيةً أو تطليقة فله أن يراجعها في عدتها رضيت بذلك أو لم ترضه۔ (هداية ص: ۳۹۴ ج: ۲۔ أشرفی بك ڈپو)۔

## التعليق والتخريج

(۲) الفتاویٰ الہندیہ ص: ۵۳۲ ر ج: ا۔ زکریا۔

(۳) البحر الرائق ص: ۵۱ ر ج: ۴۔ سعید۔

(۴) شامی ص: ۳۹۹ ر ج: ۳۔ کراچی۔

(۵) مجمع الأنہر ص: ۸۲ ر ج: ۲۔ فقیہ الامت۔ (۶) تبیین الحقائق ص: ۲۵۱ ر ج: ۲۔ امدادیہ ملتان۔

# دو بار طلاق صریح کا حکم

**سوال** (۶۴۶): زید نے اپنی بیوی ہندہ کو بحالت خفگی دو بار فقط طلاق کہا دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید اپنی بیوی ہندہ سے زن وشوہر کے تعلقات قائم رکھ سکتا ہے یا نہیں؟ اور اگر نکاح ختم ہوگیا تو عقدِ ثانی کی کیا سبیل ہوگی؟ حکمِ شریعت سے نوازیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورتِ مسئولہ میں اگر عدت کے اندر شوہر رجعت کرلے تو بیوی حسب سابق عقد میں داخل رہے (۱) گی اور اگر عدت کے اندر رجعت نہیں کیا تو عدت گذر جانے پر طلاق بائن پڑ جائے گی، بیوی بنانے کے لئے اس کی رضامندی سے نکاح کرنا پڑے گا۔

(نوٹ) رجعت کا طریقہ یہ ہے کہ بیوی کا بوسہ لے لے یا صحبت کرلے یا زبان سے کہہ دے کہ میں نے رجعت کیا، نیز آئندہ خیال رکھیں ورنہ ایک طلاق کے بعد مغلظہ ہوجائے گی، **واذا طلق الرجل امرأتهٗ تطليقةً رجعيةً او تطليقتين فلهٗ ان يراجعها فى عدتها رضيت بذالك او لم ترض، والرجعة ان يقول راجعتكِ اوراجعتُ امرأتي أويطأها أويقبلها الخ** (ہدایہ ج ۲ ص ۳۷۴)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

وإذا طلق الرجل۔۔۔ ويقبلها۔ (هدايه ص:۳۹۴ ج:۲۔ اشرفی بک ڈپو)۔

(۲) وستحب أن يرابعها بعد ذلك بالإشهاد۔ (هنديه ص:۵۳۲ ج:۱۔ زکریا)۔

(۱) والرجعة بنحو راجعتك۔۔۔ وبكل ما يوجب حرمة المصاهرة كمس بشهوةٍ۔

(شامی ص:۳۹۸ ج:۳) کراچی۔ البحر الرائق ص:۵۱/ج:۴۔ سعید۔

مجمع الأنہر ص:۸۲/ج:۲۔ فقیہ الامت۔ تبیین الحقائق ص:۲۵۱/ج:۲۔ امدادیہ ملتان۔

# والدین کے کہنے پر طلاق کا حکم

**سوال** (۶۴۷): میرے گھر میں والدین اور میرے سسرال والوں سے اختلاف ہونے کی وجہ سے والدین کی آواز ہے کہ اپنی بیوی کو طلاق دے دو، اب لڑکا کیا کرے؟

**الجواب: حامدًاومصلیًا**

نکاح اس لئے نہیں کیا جاتا کہ اس کو توڑا جائے بلکہ اس کا مقصد باہم محبت ومؤدت کے ساتھ اطمینان وسکون کی زندگی گذارنا ہے ارشاد ربانی ہے **خلق لکم من أنفسکم أزواجًا لتسکنوا إلیها وجعل بینکم مؤدة ورحمة** (۲) اسی وجہ سے اسلام نہ تو طلاق کو پسند کرتا ہے اور نہ طلاق دینے والے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے بلکہ اس کو ابغض المباحات قرار دیتا ہے لیکن بعض مرتبہ مزاج کی ناموافقت کی وجہ سے حالات ناسازگار ہوجاتے ہیں اور بظاہر نباہ مشکل ہونے لگتا ہے ایسے نازک وقت میں تعلق ازدواجیت کو شکست وریخت سے بچانے کے لئے اور باہمی غلط فہمیاں دور کر کے تعلقات کو استوار کرنے کے لئے شوہر کو ہدایت دی گئی ہے **والتی تخافون نشوزهن فعظوهن واهجروهن فی المضاجع واضربوهن فان اطعنکم فلا تبغوا علیهن سبیلا**۔(۲) لیکن اگر میاں بیوی کے تعلقات خوشگوار ہوں اختلاف وکشیدگی اوپر والوں میں ہو تو حتی الامکان کشیدگی کو ختم کرنے والی تدابیر اختیار کی جائیں اور مخالفت کو موافقت سے بدلنے کی سعی بلیغ کی جائے بلاوجہ کسی عورت کو پریشانی میں مبتلا کرنا اوراس کی زندگی سے کھیلنا انسانیت وہمدردی کے خلاف ہے الا یہ کہ خود عورت میں کوئی ایسی برائی ہو جو باعث نفرت یا خلاف شرع ہو تو امر آخر ہے لیکن یہاں پر وہ بات بھی نہیں ہے لہٰذا والدین کو ذی اثر وباحیثیت لوگوں کے ذریعہ سمجھانے کی کوشش کریں اگر مجبوراً طلاق ہی کی نوبت آجائے تو پھر ایسی صورت میں صرف ایک طلاق دیں اور ایسے وقت میں دیں جب عورت ایام حیض سے نکل کر

ایام طہر میں داخل ہوگئی ہو اور اس طہر میں ہمبستری کی نوبت نہ آئی ہو۔ (ہدایہ) (۳)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) (سورۃ الروم رقم الآیۃ: ۲۱)۔

(۲) (سورۃ النساء رقم الآیۃ: ۳۴)۔

عن ابن عمر رضی الله عنهما قال: كانت تحتى امرأة أصبها وكان أبى بكر هها فأمرنى أن أطلقها فأبيت فذكرت ذلك للنبى صلى الله عليه وسلم فقال: يا عبد الله بن عمر طلق امرءتك۔ (سنن الترمذى ص:۳۲۶ ج:۱۳۔ مركز الشيخ)۔

(۴) لما أمر عمر رضى الله عنه ابنه عبد الله بطلاق زوجته لم يكن طلاقها واجباً عليه، فلما أمره النبى صلى الله عليه وسلم بطلاقها وجب عليه الطلاق۔ (بذل المجهود ص:۵۲۶ ج:۱۳ مركز الشيخ)۔

(۵) عن جمارب قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : ما أحل الله شيئًا أبعضه إليه من الطلاق۔ وفى رواية: أبعض الحلال إلى الله الطلاق۔ (سنن أبى داؤد ص:۲۹۶ ج:۱۔ بلال)۔

## طلاق دیتا ہوں کہنے کا حکم

**سوال** (۶۴۸): ایک بچی کی شادی موضع سہنرہ میں ہوئی تھی اس کا شوہر بار بار مارتا پیٹتا تھا اور یہ بھی بار بار کہتا تھا کہ میں تجھ کو طلاق دیتا ہوں۔ اور ان کے میکے کے لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے یہاں بھی دو آدمی کے سامنے کہا ہے اس صورت میں کیا حکم؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

طلاق دیتا ہوں کہنے سے طلاق واقع ہو جاتی ہے لہٰذا شوہر نے جتنی مرتبہ کہا ہوگا اتنی

طلاق واقع ہوگئی اگر تین مرتبہ یا اس سے زیادہ کہا ہوگا تو پھر بیوی اس کے لئے حرام ہوگئی اب بغیر حلالہ کے تعلق ازدواجیت اس سے قائم رکھنا حرام ہے ویسے سوال سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ تین مرتبہ وہ کہہ چکا ہے کیونکہ سوال میں ہے بار بار کہتا تھا کہ میں تجھ کو طلاق دیتا ہوں۔

قال فی البحر ومنه الالفاظ المصحفة وهی خمسة فزاد علی ماهنا تلاق الخ (شامی ج۲ ص۴۳۰)(۱) ولو قال اطلقك لم يقع إلا إذا غلب استعماله فی الحال الخ (سکب الانہر ج۱ ص۳۸۷)(۳) تنبيه (وہکذا فی رد المحتار ج۲ ص۴۳۰) ناقلًا عن البحر۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) شامی ص:۲۴۹ / ج:۳۔ کراچی۔

(۲) البحر الرائق ص:۲۵۲ / ج:۳۔ سعید۔

(۳) فالأحسن أن يطلق الرجل امراته تطليقة واحدة لم يجامعها فيه ويتركها حتى تنقضي عدتها هداية ص:۳۵۴ ج:۲۔ تهانوی۔ (سكب الأنهر على هامش مجمع الأنهر ص:۱۴ ج:۲۔ فقيه لأمت)۔

وإن كان الطلاق ثلاثاً فی الحرة وثنتين فی الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره۔ نكاحاً صحيحاً ويدخل له ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۵۳۵ ج:۱) زكريا۔

## طلاق دینے کے بعد انکار کا حکم

**سوال** (۶۴۹): زید اپنی بیوی بچوں کو لیکر پردیس گیا اور کچھ دن کے بعد بیوی بچوں کو چھوڑ کر واپس آگیا اپنی والدہ سے کہا کہ بیوی سے جھگڑا ہوا اور ہم نے بیوی کو طلاق

دیدیا زید کی ماں نے محلہ کے لوگوں کو بلایا اور زید سے جب لوگوں نے دریافت کیا تو زید نے لفظ طلاق پھر دھرایا ایک آدمی نے کہا بھائی ایسے طلاق نہیں پڑتی تین بار کہنا پڑتا ہے تو زید نے کہا ہم سو بار طلاق دے چکے ہیں۔

ایک ہفتہ بعد زید کی بیوی بچے واپس اپنے گھر آئے اور زید اور اس کی بیوی سابقہ طور پر میاں بیوی بن کر رہنے لگے جب لفظ طلاق کے سننے والوں نے زید سے منع کیا کہ یہ فعل گناہ عظیم ہے، باز رہو، تو زید جھوٹ بولتا ہے اور کہتا ہے کہ ہم نے تو طلاق نہیں دیا ہے، طلاق دیدیں گے یہ کہا تھا اور زید کی بیوی بھی کہتی ہے کہ ہم کو قطعی انہوں نے طلاق نہیں دیا ہے اور دونوں میاں بیوی کی حیثیت سے رہتے ہیں۔ اب ایسے شخص کے بارے میں جو کئی شاہدوں کے سامنے کہہ کر جھوٹ بول رہا ہے کیا حکم ہے؟

## الجواب: حامدًا ومصليًا

صورتِ مسئولہ میں اگر دو گواہ عادل ہوں تو زید کی بیوی پر طلاق ثابت ہو جائے گی، اور جتنی طلاق کی شہادت دو عادل گواہ دیں گے اتنی ہی طلاقیں ثابت ہوں گی۔

وما سوا ذلك من الحقوق يقبل فيها شهادة رجلين أو رجل وامرأتين سواء كان الحق مالا أو غير مالٍ مثل النكاح والطلاق الخ (ہدایہ ج ۳ ص ۱۳۸)

وشرط بغير ذالك رجلان او رجل وامرأتان مالا كان او غير مال كالنكاح والرضاع والطلاق الخ وشرط للكل الحرية والاسلام والعدالة الخ (ملتقی الابحر ج ۲ ص ۱۸۷)(۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) (ہدایہ ص:۳۵۴ ج:۳)۔

(۲) (ملتقی الأبحر ص:۸۴ ج:۲ مؤسسۃ الرسالۃ)۔

(۳) ونصابها لغيرها من الحقوق سواء كان الحق مالاً أو غيره كنكاح وطلاقٍ ووكالة ووصية واستهلال صبي ولو للإرث رجلان أو رجل وامرأتان۔ (الدر المختار ص:۹۱ ج:۲۔ أشرفيه كتاب الشهادت)۔

مجمع الأنهر ص:۲۶۱ ج:۳۔ فقيه الامت۔

## طلاق نامہ پر زبردستی دستخط کرا لینے کا حکم

**سوال** (۶۵۰): رضوان اللہ سسرال گیا وہاں کچھ لوگوں نے زبردستی دھمکی دے کر بلا میری رضامندی کے تحریر پر مجھ سے دستخط کروالیا نہ ان لوگوں نے مجھ کو تحریر سنائی اور نہ پڑھنے کو دیا اور نہ میں نے زبان سے کچھ کہا بعد میں معلوم ہوا کہ ان لوگوں نے طلاق نامہ پر مجھ سے دستخط کروالیا ہے حالانکہ میں نے نہ اس وقت طلاق دیا نہ اس وقت دیتا ہوں، نہ دینا چاہتا ہوں اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا صرف میرے دستخط کر دینے سے میری بیوی پر طلاق واقع ہوگئی؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں آپ کی بیوی پر کوئی طلاق واقع نہیں ہوئی وہ حسب سابق عقد زوجیت میں ہے، اس سے تعلق ازدواجیت قائم رکھیں، رجل أكره بالضرب والحبس على ان يكتب طلاق امرأته فلانة بنت فلان فكتب امراته فلانة بنت فلان طالق لا تطلق امرأته كذا فی فتاویٰ قاضی خاں عالمگیری ج ا ص ۳۷۹۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) الفتاویٰ الہندیہ ص:۴۴۶ ج:۱ ز کریا۔

ویشترط أن یکون الإکراہ علی التلنظ بالطلاق فإذا أکرهه علی کتابه الطلاق فکتبه لا یقع به الطلاق۔ (الفقه علی المذاهب الأربعة ص:۲۵۸ ج:۴) بیروت۔

المراد الإکراہ علی التلفظ بالطلاق۔ فلو أکرہ علی أن یکتب طلاق امرأته فکتب لا تطلق لأن الکتابة أقیمت مقام العبارة باعتبار الحاجة ولا حاجة هنا۔ (شامی ص:۲۳۶ ج:۳۔ کراچی)۔

ولو أکرہ علی کتابته أو علی الإقرار به لا یقع۔ (سکب الأنہر ص:۸ ج:۲۔ فقیہ الامت)۔

## تین مرتبہ طلاق طلاق طلاق کہنے کا حکم

**سوال** (۶۵۱): کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین اس مسئلہ میں کہ زید نے بوقت نزاع اپنی والدہ سے بطور دھمکی یہ کہا کہ اگر اسی طرح مجھ سے تکرار کروگی تو میں اپنی بیوی کو طلاق دے دوں گا اور پھر اس نے اسی دوران تین چار مرتبہ طلاق طلاق کہہ دیا حالانکہ بیوی سے اس کا کوئی جھگڑا نہیں تھا اور نہ اس کو طلاق دینے کی نیت تھی، ایسی صورت میں کیا طلاق واقع ہوگئی؟ اور اگر طلاق واقع ہوئی تو کون سی طلاق ہوئی اور دوبارہ بیوی سے تعلق قائم رکھنے کی کون سی صورت ہوسکتی ہے اور یہ سوچ کر کہ میں نے تو طلاق بیوی کو صراحۃً نہیں دیا ہے، اس سے علاحدگی اختیار نہیں کی تو اس گناہ کا کیا کفارہ ہوگا؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

زید کا یہ کہنا کہ میں اپنی بیوی کو طلاق دے دوں گا یہ وعدۂ طلاق ہے کذا فی الفتاویٰ الهندیه(۱) لا یقع الطلاق باطلقك لانه وعد لہٰذا اس جملہ سے تو طلاق واقع ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا البتہ اس کے بعد زید کا طلاق طلاق طلاق تین بار کہنا برا ہوا اس لئے کہ اس سے تین طلاق واقع ہوکر بیوی حرام ہوگئی کذا فی الشامی ولا

یلزم کون الاضافة صریحة فی کلامه لما فی البحر لو قال طالق فقیل له من نویت فقال امرأتی طلقت امرأته وبعد اسطر قال وانه لو قال لم اعن امرأتی لا یصدق قضاءً اذا کانت امرأته کما وصف کما سیاتی قبیل الکنایات الخ فیقع بلا نیة الخ فاوقعوا به الطلاق مع انه لیس فیه اضافة الطلاق الیها صریحًا فهذا مؤید لما فی القینة وظاهره انه لا لیصدق فی انه لم یرد امرأته للعرف والله اعلم۔ (ج۲ ص۴۲۹ وص۴۳۰)(۲)

لہٰذا زید کے لئے ضروری ہے کہ فوراً تعلق از دواجیت ختم کرے اب یہ بھی غیر محرم اجنبیہ کی طرح ہوگئی البتہ آئندہ پھر اپنے عقد میں اگر زید لانا چاہتا ہوتو اس کی صورت صرف حلالہ ہے بغیر حلالہ کے اس سے تعلق قائم نہیں کیا جاسکتا اور اب تک طلاق کے بعد سے جو تعلقات قائم رہے یہ غلط ہوا زید کو چاہئے کہ فوراً علیحدگی کے بعد توبہ واستغفار کرے اور خداوندِ قدوس سے معافی مانگے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ولو قال بالعربیته أطلق لا یکون طلاقاً ---- لأنه وعد۔ (ہندیہ ص:۴۵۲ ج:۱، زکریا)۔

(۲) ولا یلزم ---- امرأته۔ (شامی ص:۳۰ـ۴۲۹ ج:۲ نعمانیہ، باب الطلاق الصریح)۔

وإن کان الطلاق ثلاثاً فی الحرة وثنتین فی الأمة لم تحل له حتی تنکح زوجاً غیره۔ نکاحاً صحیحاً ویدخل بها ثم یطلقها أو یموت عنها۔ (الفتاویٰ الهندیة ص:۵۳۵ ج:۱۔ زکریا)۔

شامی ص:۴۱۰/ج:۳۔ کراچی۔

فتح القدیر ص:۳۱/ج:۴۔ دار إحیاء التراث۔

(٦) ولو کرّرَ الطلاق وقع الکل۔ (الدر المختار ص:۲۹۳ ج:۳۔ کراچی)۔

# طلاق دیدی دیدی دیدی کہنے کا حکم

**سوال** (۶۵۲): زید نے اپنی عورت سے کہا کہ میں نے تم کو طلاق دیدی دیدی دیدی طلاق کا لفظ ایک بار کہا ہے لیکن ایک ہی سانس میں کہا ہے تو طلاق پڑی یا نہیں اور اگر پڑی ہے تو کتنی طلاق پڑی؟ جواب دیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں تین طلاق واقع ہوگئی (۱) (کمافی الشامی: ۱/۷۶۳) لہٰذا اب شوہر کے لئے تعلق ازدواجیت قائم رکھنا جائز نہیں۔ (۲)

الجواب صحیح فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

بندہ عبدالحلیم عفی عنہ حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) وصريحه مالم يستعمل إلا فيه كطلقتك وأنت طالق ومطلقة وينع بها أى بهذه الألفاظ وما بمعناها من الصريح وقال العلامة الشامي تحته: وكذا المضارع إذا غلب فى الحال مثل أطلقك كما فى البحر۔ (شامی ص: ۲۴۷ ج: ۳ کراچی)۔

(۲) إذا قال لامرأته أنت "طالق"، "طالق" "وطالق" ولم يعلقه بالشرط إن كانت مدخولاً بها طلقت ثلاثاً وإن كانت غير مد خولة بها طلقت واحدة۔ (هنديه ص: ۴۲۳ ج: ۱۔ زكريا)۔

(۳) وإن كان الطلاق ثلاثاً فى الحرة وثنتين فى الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (الفتاوىٰ الهندية ص: ۵۳۵ ج: ۱۔ زكريا)۔

شامی ص: ۴۱۰ ج: ۳۔ کراچی۔
فتح القدیر ص: ۳۱/ ج: ۴۔ دار إحیاء التراث۔

# دو طلاق دیا رجعت کی کیا صورت ہو سکتی ہے؟

**سوال** (۶۵۳): میں نے اپنی بیوی کو دو مرتبہ طلاق دی ہے، مسئلہ پوچھنے پر علماء سے معلوم ہوا کہ طلاق رجعی ہوئی ہے رجعت کی گنجائش ہے مزید تحقیق کے لئے جناب کے پاس لکھ رہا ہوں۔ لہٰذا مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات سے سرفراز فرمائیں۔

(۱) مذکورہ بالا صورت میں رجعت کی گنجائش ہے کہ نہیں؟

(۲) رجعت کی کیا صورت ہوگی۔

(۳) کیا رجعت کے لئے بیوی کی منظوری ضروری ہے؟

## الجواب: حامدًا ومصليًا

(۱) طلاق صریح دو مرتبہ دینے سے رجعی طلاق واقع ہوئی اور طلاق رجعی میں عدت کے اندر رجوع کر سکتے ہیں عدت کے گزر جانے کے بعد تجدید نکاح ضروری ہے البتہ حلالہ کی ضرورت نہیں۔ (۱)

(۲) بوسہ لے لے۔ یا صحبت کرلے یا زبان سے کہہ دے کہ میں نے رجعت کرلی۔ (۲)

(۳) رجعت کے لئے بیوی کی منظوری ضروری نہیں۔ (۳)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۲) والرجعت أن يقول: "رجعتك" و"راجعت مرأتي" هذا صريح فى الرجعة أو بطأها أو يقبلها أو تلمسها بشهوة أو ينطو إلى فرجها۔ وستجب أن يشهد على الرجعة شاهدين فإن لم يشهد صحت الرجعة۔س (هداية ص:۳۹۵ ج:۲۔ أشرفى بك ڈپو ديوبند)۔

(۲) وبكل ما يوجب حرمة المصاهرة كمس ولو منها احتلاماً۔ (شامى ص:۳۹۹

ج:۳۔ کراچی)۔

(۱) وإذا طلق الرجل امرأته تطليقةً أو تطليقتين فله أن يراجعها في عدتها هداية ص:۳۹۴ ج:۲۔

# طلاق کی ایک صورت

**سوال** (۶۵۴): زید نے اپنے پوتے کی شادی نابالغی میں کی جب لڑکا لڑکی بالغ ہوئے تو رخصتی کے لئے کوشش کی گئی تو لڑکی کے ورثاء نے جواب دیا کہ لڑکی کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے. بہت علاج کیا مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا اب سوائے او جھائی کے کوئی چارہ نہیں ہے اور جب لڑکی رخصت بھی کروں گا تو لکھا پڑھی کے ساتھ کروں گا جب لڑکے کو یہ سب باتیں معلوم ہوئیں تو لڑکا رکھنے پر رضامند نہیں ہے اور بعد میں طلاق بھی دے دیا اور لڑکے کی دوسری جگہ نسبت بھی طے ہوگئی جب لڑکی کے ورثاء کو معلوم ہوا تو میرے خلاف پوسٹر نکال کر پوری قوم کے سامنے ذلیل کیا اس کے بعد پنچایت بھی کیا تمام برادریوں کو اور قوم کے سردار کو جمع کر کے بدنام بھی کیا اور مجھ پر پنچایت کر کے ساڑھے تین ہزار روپیہ جرمانہ بھی کیا اس کے علاوہ پوری عدت کا نان ونفقہ اور مہر بھی لے گیا اور ایک جوڑا کپڑے کی قیمت بھی لے گیا اکیاون روپیہ جو بروقت نکاح میں دیا تھا۔ وہ بھی اس نے لیا کل رقم چار ہزار دوسو اٹھارہ روپیہ مجھ سے وصول کیا اور دوسری نسبت جو لگی تھی اس کو بھی چھڑا دیا۔ بلکہ اس پر بھی پانچ سو روپیہ جرمانہ کیا جس انسان کا خیال او جھائی پر منحصر ہو وہ مسلمان رہ گیا یا اسلام سے خارج ہوگیا؟

پنچایت کر کے شروع میں قوم کے جنرل سرداروں نے اعلان کیا کہ جو فیصلہ کیا جائے وہ از روئے شریعت ہو، کیا ان کا یہ فیصلہ از روئے شریعت ہے؟ اگر ہے تو کہاں تک درست ہے۔ پنچایت کے اندر زید نے بار بار معافی مانگی یہ ایک گناہ قرار دیا گیا۔

پنچایت میں پنچوں کے سامنے مہر اور عدت کا فتویٰ بھی پیش کیا گیا اس پر برادریوں اور سرداروں نے کوئی توجہ نہیں کی اس لئے زید کو پنچایت کے سامنے معافی منگائی گئی اور زید کی

دوسری نسبت کو بھی ختم کر کے پانچ سو روپیہ جرمانہ کیا گیا۔ اس طرح کل رقم چار ہزار دوسو اٹھارہ روپیہ وصول کیا گیا یہ جرمانہ کہاں تک درست اور جائز ہے اس طرح زید کو تین سزائیں دی گئیں یہ کہاں تک درست ہے۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

رشتہ ایسی چیز نہیں جو معمولی معمولی باتوں کی وجہ سے ختم کر دیا جائے صرف غیروں کی زبانی باتیں سن کر تحقیق کئے بغیر لڑکے کا طلاق دیدینا انتہائی غلط کام ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مباح چیزوں میں سب سے زیادہ مبغوض طلاق کو قرار دیا ہے (۱) جب طلاق دینے کا ارادہ ہوا اس وقت کیوں نہیں معلوم کیا کہ شریعت کا کیا حکم ہے؟ جب پنچوں نے جرمانہ لگایا تب آنکھ کھلی اور شریعت نظر آنے لگی بہر حال طلاق کے بعد نصف (۲) مہر کی ادائیگی اور عدت کا نفقہ لڑکے کے ذمہ لازم ہے البتہ پنچوں پر لازم ہے کہ وہ جرمانہ کی رقم واپس کر دیں (۳) اور کوئی دوسری سزا اس کے علاوہ مقرر کر دیں تا کہ دوسروں کو بھی اس انداز سے سبق حاصل ہو۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب | الجواب صحیح

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی | بندہ عبدالحلیم عفی عنہ

## التعليق والتخريج

(۱) عن محارب قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أحل الله شيئاً أبغض إليه من الطلاق وفي رواية: أبعض الحلال إلى الله الطلاق. (سنن أبي داؤد ص:۲۹۶ ج:۱، بلال)۔

(۲) عن أبي حرة الرفاشي رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم: لا يحل مال امرأ مسلمٍ إلا عن طيب نفسه۔ (سنن الدار قطني ص:۲۲ ج:۳، رقم الحديث ۲۸۶۳)۔

(۳) ولا يجوز لأحدٍ من المسلمين أخذ مال أحد بغير سببٍ شرعي۔ (شامي ص:۶۱ ج:۴۔ کراچی)۔

(۴) وبأ الطلاق قبل الدخول ينتصف والمراد قبل الدخول والخلوة۔ (تبيين الحقائق ص:۱۳۸ ج:۲، امدادیہ ملتان)۔

# دوسرے سے طلاق نامہ لکھوانے کا حکم

**سوال** (۶۵۵): زید نے اپنی بیوی سے کسی معاملہ میں جھگڑا کیا اور غصہ میں آ کر اپنی بیوی کے باپ کے پاس کسی سے ہندی میں ایک خط لکھوایا جس میں تحریر ہے کہ میں تمہاری بیٹی کو تین طلاق دیتا ہوں شریعت کی روشنی میں فرمائیں کہ طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**نوٹ:** طلاق نامہ کی تحریر زید نے لکھوائی ہے اس کا زید کو اعتراف ہے۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

طلاق غصہ کی حالت میں دیجاتی ہے پیار ومحبت میں طلاق کوئی نہیں دیتا۔ صورت مسئولہ میں جب زید نے تحریر لکھوائی ہے اور اس کا اعتراف بھی ہے لہٰذا زید کی بیوی پر حسبِ تحریر تین طلاق واقع ہو کر مغلظہ ہوگئی اب اس سے تعلق از دواجیت قائم کرنا حرام ہے۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ولو قال للكاتب اكتب طلاق امرأتي كان اقراراً بالطلاق وإن لم يكتب۔ (شامی ص:۲۴۷ ج:۳، کراچی ص:۴۲۹ ج:۲۔ نعمانیه)۔

لو قال للمكاتب: اكتب "طلاق امرأتي" نطلق كتب أو لم يكتب كذا في العمادية:۔ (ودر الحكام شرح غرد الأحكام ص:۳۶۳ ج:۲)۔

ولو استكتب من آخر كتاباً بطلاقها وقع إن أقر الزوج أنه كتابه۔ (شامی ص:۴۵۶ ج:۴) زكريا۔

هكذا في الفتاوى الهندية ص:۴۴۶ ج:۱۔ زكريا۔

# کہا طلاق دیا دیا دیا کہنے سے کتنی طلاق ہوئی

**سوال** (٦٥٦): میری بیوی سے اور مجھ سے کسی بات پر جھگڑا ہونے کی وجہ سے فدوی نے غصہ میں کہا طلاق دیا دیا دیا۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

برتقدیر صحت سوال صورت مسئولہ میں آپ کی بیوی پر تین طلاق واقع ہو کر مغلظہ ہوگئی اب اس سے تعلق از دواجیت قائم کرنا جائز نہیں اب بغیر حلالہ شرعی کے زوجیت میں نہیں آسکتی۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) وصريحه مالم يستعمل إلا فيه كطلقتك وأنت طلق ومطلقة ويقع بحه أى بهذه الألفاظ وما بمعناها من الصريح۔ وتحته فى الشامية بلا اشتراط فية۔ (شامى ص:۲۴۷ ج:۳۔ كراچى)۔

إذا قال لامرأته أنت طالق وطالق وطالق ولم يعلقه بالشرط إن كانت مدخولاً بها طلقت ثلاثاً فإن كانت غير مدخولة بها طلقت واحدةً۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۴۲۳ ج:۱۔ زكريا)۔

وإن يكان الطلاق ثلاثاً فى الحرة۔ وثنتين فى الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً۔ ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (هنديه ص:۵۳۵ ج:۳)۔ كراچى۔

شامی ص:۴۱۰ ج:۳۔ کراچی۔

فتح القدیر ص:۳۱ ج:۴۔ دار إحياء التراث۔

## ایک طلاق کا اقرار بقیہ کا انکار کیا، کیا حکم ہے؟

**سوال** (۶۵۷): علماء دین کیا فرماتے ہیں۔

از طرف ابوسعد! میں اپنی بیوی ثریا کو طلاق دیتا ہوں (۳)

اگر آپ لوگوں کو ایک ایک سامان اور ایک ایک پائی کا حساب چاہئے تو لڑکی کو ہر قیمت پر لیکر آئے گا اور اگر صلح وصفائی کے ساتھ آنا ہے تو کوئی بات نہیں۔ ابوسعد

**نوٹ:** ابوسعد کا کہنا ہے کہ یہ تحریر میری ہے مگر ۳ کی گنتی میری نہیں ہے ابوسعد کے چھوٹے بھائی ابوطلحہ کی ہے ابوطلحہ کا کہنا ہے کہ یہ ۳ میں نے لکھا ہے۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

برتقدیر صحت سوال صورت مسئولہ میں ثریا پر ایک طلاق تو قطعی طور پر پڑ گئی ابوسعد کے اس کہنے کی وجہ سے کہ میں اپنی بیوی ثریا کو طلاق دیتا ہوں گویا کہ ایک صریح اقرار ہے۔ لہٰذا اس میں کوئی کلام نہیں البتہ اس سے زائد کا چونکہ ابوسعد منکر ہے اور اس کے خلاف کوئی ثبوت بھی نہیں ہے اس لئے اس کا انکار قابل قبول ہے (کما فی الفتاوی (۱) الھندیہ درمختار) (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

### التعليق والتخريج

(۲) للحديث المشهور والبينة على المدعى واليمين على من أنكر۔ (الدر المختار اشرفيه ص:۷۹ ج:۲۔ متن)۔

(۱) ولا يتع به الطلاق إذا لم يقر۔ (هنديه ص:۴۴۷ ج:۱۔ زكريا)۔

## تحریری طلاق سے انکار کا حکم

**سوال** (۶۵۸): شہنشاہ جو شوہر ہے اور سعودیہ رہتا ہے اس کا خط پہلے آچکا ہے اور

پھر دوسرا خط آیا ہے دونوں خطوں میں انہوں نے لکھا ہے کہ میں نے اپنی بیوی شہناز کو طلاق نہیں دیا ہے کسی نے طلاق نامہ لکھ کر بھیج دیا ہوگا مجھے یہ بھی معلوم نہ ہوتا اگر گھر سے خط نہ آیا ہوتا طلاق نامے کی تحریر اور دستخط میں فرق معلوم ہوتا ہے لیکن شہنشاہ کے دونوں خطوں میں دستخط کا کوئی ذکر نہیں ہے بس یہ لکھا ہے کہ میں نے اپنی بیوی کو طلاق نہیں دیا ہے۔ کسی دوسرے نے یہ حرکت کی ہے اس صورت میں شرعاً طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

## الجواب: حامداً ومصلیاً

تحریر سے طلاق واقع ہونے کے لئے تحریر کا خود لکھنا یا کسی سے لکھوانا شرعی شہادت یا اقرار سے ثابت ہونا ضروری ہے۔ شہنشاہ جب یہ کہتا ہے کہ ''میں نے اپنی بیوی کو طلاق نہیں دیا ہے'' تو اس کا یہ قول معتبر ہوگا چونکہ اس کے معارض کوئی قول نہیں ہے اور نہ ہی کوئی بات شرعی اصولوں پر منطبق موجود ہے۔ اس لئے شہنشاہ کے قول کے مطابق اس کی اہلیہ حسبِ سابق بیوی ہے۔(۱)

**نوٹ:** برتقدیر یہ صحت سوال مذکورہ بالا جواب ہے۔

الجواب صحیح — فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

بندہ عبدالحلیم عفی عنہ — حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۲) ملتقی الأبحر ص: ۸۴ ر ج: ۲۔ مؤسسة الرسالة۔

(۱) و کذالك كل كتابٍ لم يكتبه بخطه ولم يمله بنفسه لا يقع الطلاق إذا لم يقر أنه كتابه۔ (هنديه ص: ۴۴۶ ج: ۱، زکریا)۔ (شامی ص: ۲۴۷ ج: ۳۔ کراچی)۔

# تین طلاق کا حکم

**سوال:** کلیم نے اپنی بیوی کو غصہ کی حالت میں یہ کہا کہ جاؤ تمہیں تین طلاق! ہمارے گھر سے نکل جاؤ۔ تو کیا تین طلاق پڑ گئی؟ اور اگر وہ پھر اس کو رکھنا چاہے تو اس کی کیا

صورت ہوسکتی ہے۔

**الجواب: حامدًاومصليًا**

طلاق غصہ ہی کی حالت میں دیجاتی ہے پیار ومحبت کی فضاء میں کوئی طلاق نہیں دیتا۔ بہر حال زوجہ پر تین طلاق واقع ہوکر مغلظہ ہوگئی اب بغیر حلالہ شرعیہ کے اس سے تعلق ازدواجیت قائم کرنا جائز نہیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: ثلاث جدهن وهزلهن جد النكاح والطلاق والرجعة۔ (سنن أبي داؤد ص:۲۹۸ ج:۱، كتاب الطلاق)۔

(۲) ولذا يقع بلا توقفٍ على نيةٍ في حالة الغضب۔ (شامی ص:۳۰۱ ج:۳۔ کراچی)۔

(۳) إن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (هنديه ص:۵۳۵ ج:۱۔ زكريا)۔

(۴) فتح القدير ص:۳۱ ج:۴۔ دار إحياء التراث العربي۔

(۵) لو كان كذلك لم يقع على أحدٍ طلاق لأن أحداً لا يطلق حتى يغضب۔ (بذل المجهود ص:۱۷۹ ج:۱۔ مركز الشيخ)۔

## طلاق معلق کا حکم

**سوال** (۶۶۰): حافظ حامد نے اپنی بیوی جمیلہ کو یہ لکھ دیا کہ دوشنبہ کو چار بجے تک اپنے میکہ سے میرے گھر نہیں پہونچتی ہو تو میں نے طلاق بائن دیا اگر حافظ صاحب کی بیوی بجائے چار بجے پہنچنے کے چھ بجے پہنچتی ہے یا ایسی صورت میں حافظ حامد کی بیوی کو طلاق

پڑے گی یا نہیں اگر پڑے گی تو کون سی بائن یا رجعی؟

پھر اس واقعہ کے ایک سال بعد اسی بیوی سے ایک بچہ پیدا ہوتا ہے آیا یہ بچہ حرامی ہوگا کہ نہیں۔ چونکہ یہ بچہ طلاق کے ایک سال بعد پیدا ہوا ہے۔

## بلا نیت اور علم کے طلاق دیا کیا حکم ہے

**سوال** (۶۶۱): ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین مرتبہ طلاق دیا اس کی ذہنی کیفیت ایک عام آدمی کی طرح نہیں ہے اور نہ ہی وہ طلاق کی اصل اہمیت کو جانتا ہے وہ کند ذہن اور ہلکے دماغ کا اور پڑھا لکھا بالکل نہیں ہے لیکن سب کو جانتا پہچانتا ہے اور کہتا ہے کہ ہم کو نہیں معلوم تھا کہ ایسا کہنے پر بیوی چلی جائے گی اور کہتا ہے کہ ہم نے بیوی کو چھوڑا نہیں ہے مگر اس کی بیوی کو زبردستی اس کے میکے پہنچا دیا گیا ہے میاں بیوی میں کوئی لڑائی جھگڑا بھی نہیں تھا اور نہ ہے اور دونوں ساتھ رہنا چاہتے ہیں۔ زید کی عمر ۱۷ سال ہے اور تقریباً چھ مہینے پہلے شادی ہوئی تھی۔

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

لفظ طلاق الفاظ طلاق میں صریح ہے اس لفظ سے بغیر نیت طلاق کے بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے۔ نیز خواہ یہ معلوم ہو کہ اس سے طلاق واقع ہو جائے گی یا معلوم نہ ہو۔ دنیاوی قوانین میں سے اگر کوئی قانون توڑ دے اور یہ کہے کہ مجھے یہ قانون معلوم نہیں تھا تو اس سے جان بخشی نہیں ہوتی بہر حال صورت مسئولہ میں حسبِ تصریح تین طلاق واقع ہوگئی اب اگر دونوں ایک ساتھ رہنا چاہیں تو شرعی حلالہ ضروری ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) وصريحه مالم يستعمل إلا فيه كطلقتك "وأنت طالق" ومطلقة، يقع بها أي بهذه الألفاظ وما بمعناها من الصريح وتحته في الشامية: بلا اشتراط نية۔ (شامی ص:۲۴۷ ج:۳)۔ کراچی۔

(۲) وإن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (ہندیہ ص:۵۳۵ ج:۱۔زکریا)۔

(۳) شامی ص:۴۱۰ ج:۳۔کراچی۔

(۴) فتح القدیر ص:۱۳۱ ج:۴۔دار إحیاء التراث العربی۔

## لفظ "فارغطی" سے طلاق ہوئی یا نہیں؟

**سوال** (۶۶۲): عرض ہے کہ مسماۃ رابعہ خاتون نے اپنا مہر وغیرہ معاف کرتے ہوئے اپنے شوہر مسمیٰ مظفر علی عرف میو سے طلاق حاصل کی ہے جس کے جواب میں زبانی (بلاتحریری) تجھے فارغطی دیا فارخطی (اصلی خط فارغ خطی مراد ہے) دیا تو ایسی شکل میں کون سی طلاق واقع ہوئی خصوصاً تین بار کہنے پر شبہ حللہ کی شکل پیدا ہو رہی ہے۔ یہ دونوں پھر زن وشو کی زندگی گزارنے کی کوشش میں ہیں۔

**نوٹ:** مہر کی معافی کا کاغذ ارسال ہے۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

فارغطی کا استعمال طلاق کی جگہ پر ہے اور چونکہ تین بار اس لفظ کو مظفر علی عرف میو نے استعمال کیا ہے اس لئے اس کی بیوی مغلظہ ہوگئی، اب دونوں ایک ساتھ رہنا چاہتے ہیں تو شرعی حلالہ ضروری ہے اس کے علاوہ کوئی چارۂ کار نہیں۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی ۳؍۷؍۱۴۱۱ھ

## التعلیق والتخریج

(۱) الكنايات لا تطلق بها إلا بنية أولادلة الحال.... وتصح نيته الثلاث.... لأنه كل الجنس۔ (البحر الرائق ص:۳۰۰ ج:۳۔ سعید)۔

(۲) وإن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها۔ ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (هنديه ص:۵۳۵ ج:۱)۔ زكريا۔

وينكح مبانته بما دون الثلاث في العدة وبعدها بالإجماع ولا ينكح مطلقة بها أي بالثلاث لو حرة وثنتين لو أمة حتى يطأها غيره ولو الغير مراهقاً يجامع مثله۔ (الدر المختار ص:۴۱۰ ج:۳۔ کراچی)۔

(۴) فتح القدیر ص:۳۱/ج:۴۔دار إحیاء التراث العربی۔

## طلاق کی ایک صورت

**سوال** (۶۶۳): محمد احسان نے اپنی بیوی کو خط لکھا اس میں لکھا کہ آج سے جان لو کہ ہمارے محلہ میں نہیں آنا ہے اور اگر میرے رہتے ہوئے تو آئے گی تو تمہارا کیا حشر ہوگا وہ تم جان لوگی اس خط کو خط نہ سمجھنا میں تم کو طلاق دے رہا ہوں اور آپ کو اگر ہم سے کچھ کہنا ہو تو عدالت کا سہارا لو تا کہ تمہارا اور ہمارا معاملہ عدالت میں در پیش ہو۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں شوہر کی تصریح کے مطابق زوجہ پر طلاق واقع ہوگئی۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) فیثبت له حکم طالق وکذا ما کان عندنا من الصریح لا یحتاج إلی النیة۔ (البحر الرائق ص:۲۵۹ ج:۳۔ سعید)۔

وصریحه مالم استعمل إلا فیه۔۔۔ یقع بها أی بهذه الألناظ وما بمعناها من الصریح وتحته فی الشامیة: بلا اشتراط نیةٍ۔ (شامی ص:۲۴۷ ج:۳۔ کراچی)۔

أن الفرد نوعان فرد حقیقی وهو أدنی الجنس وفرد حکمی وهو وجمیع الجنس، فأیهما نوی صحت نیته لأن اللفظ یحتمله۔ (تبیین الحقائق ص:۱۹۸۰ ج:۲۔ امدادیه ملتان)۔

ہندیہ ص: ۴۲۲ رج: ۱ ۔ زکریا۔

# طلاق قبل الخلوۃ مہر واجب ہے یا نہیں؟

**سوال** (۶۶۴): ہاشم کی شادی ہوئی اور شادی کے تقریباً چار مہینے گذرے کہ کسی بات کی بنا پر ہاشم نے خلوت صحیحہ کے بغیر طلاق دیدی اب درکار مسئلہ یہ ہے کہ کیا اس صورت میں ہاشم کو مہر دین بھی دینا پڑے گا اور اگر دینا پڑے گا تو کتنا اور مہر دین دینا پڑے گا تو کس بنا پر کیوں! واضح طور پر بیان فرمائیں۔

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

جماع یا خلوت صحیحہ کے قبل طلاق کی صورت میں نصف مہر کی ادائیگی منصوص ہے ”فنصف ما فرضتم“(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) وإن طلقتموهن من قبل أن تمسوهن فنصف ما فرضتم۔ (سورة البقرة رقم الآية: ۲۳۷)۔

وبالطلاق قبل الدخول يتصنف ومعنى تنصيفها استحقاق الزوج النصف منها۔ (البحر الرائق ص: ۱۴۴ ج: ۳۔ سعيد)۔

ونصف المسمى خمسة دراهم وعند زفر نجب المنعة۔ (تبيين الحقائق ص: ۱۳۹ ج: ۲۔ امداديه ملتان)۔

ولزم نصفه أي المسمى بالطلاق قبل الدخول وقبل الخلوة الصحيحة۔ وهذا الحكم غير مخصوصٍ بالطلاق بل يَعَمُّ الفرق من قبل الزوج بسبب محظورٍ كالردة والإباء عن الإسلام۔ (مجمع الأنهر ص: ۵۰۹ ج: ۱۔ فقيه الأمت)۔

## حالت اکراہ میں دی ہوئی طلاق کا حکم

**سوال** (۶۶۵): جب میں گھر سے گھبرا گیا تو بھیونڈی چلا گیا مرے جانے کے ایک ہفتہ بعد میری سسرال کے چند غنڈوں نے مجھے اغواء کرلیا اور مجھ سے زبردستی طلاق کا مطالبہ کرنے لگے اور یہ بس کہا کہ اگر طلاق نہیں دوگے تو تمہیں جان سے مار ڈالیں گے تو مجبوراً میں نے جان بچانے کے لئے لفظی ادغام کرکے اپنی جان بچائی اور یوں گویا ہوا کہ میں اپنی بیوی فلاں کو تلاک دیتا ہوں تین مرتبہ میں نے یونہی کہا تلاک تلاک تب میری جان بچی کیا یوں کہنے اور لکھنے پر طلاق واقع ہوگی جبکہ میں یہ نہیں چاہتا کہ رشتہ ختم ہو پھر بھی بچی کے والدین غیر شرعی غیر فطری اور غیر ضروری حرکت پر آمادہ ہیں اور بذاتِ خود اقبال جرم کے مرتکب ہوچکے ہیں اب ایسے حالات میں دارالافتاء سے رجوع کرنا چاہتا ہوں کہ کیا واقعی طلاق واقع ہوجائے گی اور رشتہ ختم ہوجائے گا جبکہ اقبال جرم کے مرتکب بچی کے والدین ہیں اس کی جو بھی سزا شرعی نقطہ نظر سے ہو میری رہبری کریں گے۔ اگر خدانخواستہ سسرال کے

لوگ اسی پر اڑ جائیں کہ رشتہ ختم ہوگیا تو مہر اور نان ونفقہ مجھے دینا ہوگا جو کچھ سامان جہیز میں ملا ہے اسے واپس کرنا ہوگا اور میرے زیورات مجھے واپس ملیں گے۔ جو بھی شرعی فیصلہ قرآن وسنت کی روشنی میں صادر فرمائیں میں اس کو من وعن قبول کرنے کو تیار ہوں ملزم کو اس کے کیفر کردار تک پہنچائیں اور قرآن وسنت کی روشنی میں فتویٰ صادر فرمائیں۔ میں آپ لوگوں کا بہت ہی ممنون ومشکور رہوں گا۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

اکراہ کی صورت میں زبان سے کہہ دینے پر طلاق واقع ہوجاتی ہے۔ اور آپ نے زبان سے تین بار کہہ دیا ہے لہٰذا آپ کی بیوی پر تین طلاق واقع ہوکر مغلظہ ہوگئی اب آپ پر اس سے علیحدگی اختیار کرنا شرعاً لازم ہے اور تعلق ازدواجیت قائم کرنا حرام ہے۔ (۱)

آپ کی بیوی عدت کے خرچہ اور پورمہر کی حقدار ہے۔ (۲) لہٰذا آپ عدت کا خرچہ اور اس کا پورا مہر ادا کریں اور جہیز کے سامان کی واپسی کا جو عرف آپ کے دیار میں ہو اس کے مطابق عمل کریں۔ (۳)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) ويقع طلاق كل زوجٍ عاقلٍ بالغٍ ولو مكرهاً۔ (ملتقى الأبحر ص:۲۶۲ ج:۱۔ مؤسسة الرسالة)۔

وقوله ولو "مكرهاً" فإن طلاقه صحيح لا اقراره بالطلاق، لأن الاقرار خبر محتمل للصدق والكذب وقيام آلة الإكراه اعلى رأسه۔ يرجع جانب الكذب وكذا اللاعب والهازل بالطلاق۔ (مجمع الأنهر ص:۸ ج:۲۔ فقيه الأمت)۔

(۲) المعتدة عن الطلاق تستحق النفقة والسكنى۔ (هنديه ص:۶۰۵ ج:۱۔ زكريا)۔

فالمهر يتأكد بأحد معان ثلاثة۔ الدخول والخلوة الصحيحة۔ وموت أحد

الزوجين۔ (بدائع الصنائع ص:۵۸۴ ج:۲۔ زکریا)۔

(۳) وإذا بعث الزوج إلى أهل زوجته أشياءً عند زفافها مسنها ديباج فلما زفت إليه أراد أن يسترد من المرءة الديباج تيس له ذالك إذا بعث إليها على جهة التمليك۔ (هنديه ص:۳۹۳ ج:۱۔ زکریا)۔

## تینوں طلاق واقع ہوگئیں

**سوال** (۶۶۲): عاشق کی شادی جب عاصمہ سے ہونے والی تھی تو لڑکی والے نے عاشق کو بلوایا تو عاشق آیا پانچ آدمی کے درمیان یہ بات ہوئی محمد احسان نے عاشق سے سوال کیا کہ تمہاری پہلی شادی کہاں ہوئی تھی تو عاشق نے جواب دیا پورینی میں تو احسان پھر سوال کیا کہ وہ بیوی کیا ہوئی تو عاشق نے جواب دیا کہ وہ مرگئی پھر احسان نے سوال کیا کہ دوسری شادی کہاں ہوئی تو عاشق نے جواب دیا کہ بانکا میں پھر احسان نے عاشق سے سوال کیا کہ وہ بیوی کیا ہوئی تو عاشق نے جواب دیا کہ بانکا والی بیوی کو سال بھی پہلے طلاق دے چکے ہیں اسی کے بعد یہ پانچوں آدمی مطمئن ہو گئے کہ بانکا والی بیوی کو طلاق ہو چکا ہے، پانچ آدمی کا نام یہ ہے محمد احسن، محمد عمران، محمد معین، محمد نور اللہ، عطاء الرحمٰن۔

ان باتوں کے دو دن بعد عاشق کا نکاح عاصمہ سے ہوا نکاح کے وقت بھی لڑکے نے کہا کہ طلاق نامہ بنوانا چاہیں تو بنوالیں لیکن لڑکی کے والد نے کہا کہ جب طلاق بانکا والی کو ہو چکی ہے تو طلاق نامہ بنوانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ شادی کے سات ماہ بعد یہ واقعہ رونما ہوا۔

اب یہاں سے عطاء الرحمٰن کا بیان شروع ہوتا ہے۔

۵ جنوری کی صبح میں کام کر رہا تھا تو عاشق نے ایک بچہ کو بھیج کر ہم کو بلوایا ہم سجاد کے یہاں آئے تو عاشق نے ہم سے کہا کہ بانکا والی کا طلاق نامہ بنوانا ہے تو ہم نے عاشق سے سوال کیا کہ کیوں عاشق نے جواب دیا کہ ڈھوا میں پنچایت ہونے والی ہے وہاں کاغذ دینا ہے۔ تو ہم نے عاشق سے سوال کیا کہ لڑکی کا نام کیا ہے؟ عاشق نے جواب دیا کہ ہم نہیں جانتے، پھر ہم

نے عاشق سے سوال کیا کہ اس کے والد کا نام کیا ہے؟ عاشق نے جواب دیا ہم نہیں جانتے؟ پھر ہم نے عاشق سے سوال کیا کہ ہم کیا لکھیں تو عاشق نے جواب دیا کہ ہم بولیں گے آپ لکھئے گا۔اس کے بعد ہم نے عاشق کو کہا کہ تم عین الحق کو بلا لاؤ، عاشق کبیر پور جا کر عین الحق کو بلا لایا لیکن جمعہ کا وقت قریب ہونے کی وجہ سے ہم نے عین الحق سے کہا کہ جمعہ بعد آؤ وہ چلا گیا۔ بعد جمعہ عین الحق آیا تو میں نے طلاق نامہ کو اس طرح بنایا۔

یہ طلاق نامہ ہے محمد عاشق والد شیر محمد کی جانب سے

اپنی بیوی عاصمہ بنت محمد سجاد کے لئے کہ میں اپنی بیوی عاصمہ کو تینوں طلاق دیتا ہوں تینوں طلاق دیتا ہوں تینوں طلاق دیتا ہوں ان گواہوں کے سامنے۔گواہ میں نور اللہ، عتیق الحق، محمد اشتیاق۔

طلاق نامہ میں میں نے لڑکی کے نام کی جگہ کو خالی چھوڑ دیا ہے اس کے بعد میں نے عاشق سے سوال کیا کہ بولو کیا بولتے ہو عاشق نے کہا کہ ہم کیا بولیں تو میرے بدلہ میں سجاد نے کہا کہ تم کو جو بولنا ہے وہ بولو تبعاشق نے کہا کہ میں اپنی بیوی کو تینوں ،لاق دیتا ہوں میں اپنی بیوی کو تینوں طلاق دیتا ہوں۔میں اپنی بیوی کو تینوں طلاق دیتا ہوں اس کے بعد میں نے دستخط لیکر کاغذ پھاڑ کر عاشق کو دیدیا پھر میرے ذہن میں یہ بات آئی کہ بانکا والی تو مطلقہ ہے اس وقت اپنی بیوی تو عاصمہ ہے اس لئے میں نے دوبارہ کاغذ لیکر لڑکی کے نام کی خالی جگہ پر میں نے عاصمہ کا نام اس طرح چڑھایا۔(اپنی بیوی عاصمہ بنت محمد سجاد کے لئے میں اپنی بیوی عاصمہ کو) تینوں طلاق دیتا ہوں۔

اس بات کا گواہ عین الحق ہے کہ میں نے دوبارہ کاغذ لیکر نام چڑھایا ہے۔

میں نے طلاق نامہ پر اپنی بیوی کا لفظ صرف ایک جگہ پر چڑھایا ہے، دو جگہ پر جگہ نہ ہونے کی وجہ سے اپنی بیوی کا لفظ نہیں چڑھا سکا ہوں۔

گواہ نور الدین کا بیان: نور اللہ نے کہا کہ میں اسٹیشن کی طرف جارہا تھا تو اچانک سجاد چچا باہر آئے اور ہم سے یہ کہا کہ بانکا والی کا کاغذ بنایا جارہا ہے تو ہم سجاد چچا کے کارخانہ میں گئے تو

عاشق سے کہا گیا کہ بولو کیا بولتے ہو تو عاشق نے یہ کہا کہ ہم کیا بولیں اس کے جواب میں سجاد چچا نے کہا کہ کچھ بھی بولو تو اس نے کہا کہ میں اپنی بیوی کو تینوں طلاق دیتا ہوں تین مرتبہ کہا۔

گواہ عین الحق کا بیان: عاشق ہمارے یہاں گیا اور یہ کہا کہ بانکا والی کا کاغذ بنایا جارہا ہے اس لئے آپ چلتے تو ہم ناتھ نگر سجاد کے یہاں آئے لیکن جمعہ کا وقت قریب ہونے کی وجہ سے واپس کر دیا گیا بعد جمعہ ہم پھر آئے تو کاغذ بنا تیار تھا ہم سے کہا گیا کہ دستخط کرو ہم نے دستخط کر دیا بغیر پڑھے ہوئے اس لئے کہ میرے پاس چشمہ نہیں تھا اس کے بعد عاشق کو بلایا گیا اور عاشق کو کہا گیا کہ بولو تو عاشق نے کہا کہ ہم کیسے بولیں تو مولوی صاحب نے کہا کہ اپنی بیوی کے نام سے بولو تب عاشق نے کہا کہ میں اپنی بیوی کو تینوں طلاق دیتا ہوں، میں اپنی بیوی کو تینوں طلاق دیتا ہوں، میں اپنی بیوی کو تینوں طلاق دیتا ہوں۔

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

صورت مسئولہ میں ذکر کردہ تحریر سے یہ بات معلوم ہوئی کہ عاشق نے عاصمہ ہی کو تین طلاق دی ہے۔ لہٰذا طلاق واقع ہو کر مغلظہ ہوگئی اور اگر واقعہ اس کے علاوہ ہے تو صحیح صورتِ حال کے آنے کے بعد اس کے مطابق جواب دیا جائے گا۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) وإن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (هندية ص:۵۳۵ ج:۱۔ زكريا)۔

وينكح مبانته بما دون الثلاث في العدة وبعدها بالإجماع ولا ينكح مطلقة بها أي بالثلاث لو حرة۔ وثنتين لو أمة، حتى يطأها غيره ولو الغير مراهقاً يجامع مثله۔ (الدر المختار ص:۴۱۰ ج:۳۔ كراچی)۔

فتح القدیر ص:۳۱/ج:۴۔دار إحیاء التراث العربی۔

(۴) إذا قال لامرأته أنت طالق وطالق، وطالق وولم يعلقه بالشرط إن كانت مدخولاً بها طلقت ثلاثاً وإن كانت غير مدخولة بها طلقت واحدة۔ (هندية ص:۴۲۳ ج:۱، زکریا)۔

## کسی غیر سے کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو طلاق دیدیا کیا حکم ہے؟

**سوال** (٦٦٧): زید نے اپنی بیوی ہندہ سے کہا کہ میں تجھے طلاق دے دوں گا، اس کے بعد زید نے اپنے والدین سے یہ کہا کہ میں اپنی بیوی ہندہ کو طلاق دیدیا دریافت طلب امر یہ ہے کہ دریں صورت ہندہ کو طلاق ہوئی یا نہیں اگر طلاق ہوگئی تو ''رجعی یا طلاقِ بائن یا مغلظہ، فقہ حنفی کے مطابق بالتفصیل جواب مرحمت فرمائیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

زید نے جب اپنے والدین سے یہ کہا کہ میں نے اپنی بیوی ہندہ کو طلاق دیدیا تو اس کے یہ کہنے سے طلاق پڑگئی۔ اور ظاہر سوال سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ صرف ایک بار کہا ہے لہٰذا ایک طلاق رجعی واقع ہوئی، اس کا حکم یہ ہے کہ عدّت کے اندر اندر رجعت کرلے اور رجعت کا طریقہ یہ ہے کہ اپنی بیوی سے کہہ دے کہ میں نے رجعت کیا یا اس سے تعلق ازدواجیت قائم کرلے۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) وصريحه مالم يستعمل إلا فيه... يقع بها أي بهذه الألفاظ وما بمعناها من الصريح وتحته في الشامية: بلا اشتراط نية۔ (شامی ص:۲۴۷ ج:۳۔ کراچی)۔

(۲) فيثبت له حكم طالق وكذا كان عندنا من الصريح لا يحتاج إلى النية۔ (البحر

الرائق ص:۲۵۹ ج:۳۔ سعید)۔

(۳) والرجعة أن يقول وجعتك وراجعت امرأتي هذا صريح في الرجعة أو يطأها أو يقبلها أو يلمسها بشهوةٍ أو ينظر إلى فرجها بشهوة ويستحب أن يشهد على الرجعة شاهدين فإن لم يشهد صحت الرجعة۔ (هداية ص: ۳۹۵ ج:۲۱۔ (اشرفی بك ڈپو دیوبند)۔

وبكل ما يوجب حرمة المصاهرة كمسٍ ولو منها احتلاساً أو نائماً أو مكرهاً أو معتوهاً۔ (شامی ص:۳۹۹ ج:۳۔ کراچی)۔

تبیین الحقائق ص:۲۵۱/ج:۲۔امدادیہ ملتان۔

## بخار اور غصہ میں تین طلاق کا حکم

**سوال** (٦٦٧): زید کی بیوی اپنے میکے میں تھی اولاً زید نے اپنے بھائی کو اس کو لانے کے لئے بھیجا لیکن اس نے طبیعت کی خرابی بتا کر آنے سے انکار کر دیا اس کے بعد زید جو کہ خود بھی بخار میں مبتلا تھا غصہ میں اٹھ کر اپنی سسرال گیا اور بیوی سے گھر چلنے کو کہا لیکن بیوی نے جواب دیا کہ ہماری طبیعت ٹھیک نہیں ابھی ہم نہ جائیں گے اس پر زید غصہ میں آ گیا اور اسی غصہ کی حالت میں اس نے اپنی بیوی سے کہا کہ اگر نہیں جاؤ گی تو ابھی ہم فیصلہ کر دیتے ہیں اور یہ کہہ کر اس نے تین بار طلاق طلاق طلاق کہا اور گھر چلا آیا۔ مندرجہ بالا صورت مسئلہ میں زید کی بیوی پر طلاق واقع ہوئی یا نہیں۔ قرآن وحدیث اور فقہ کی روشنی میں مع دلیل جواب سے نوازیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

طلاق غصہ ہی کی حالت میں دی جاتی ہے پیار ومحبت میں کوئی بھی طلاق نہیں دیتا بہر حال زید کی بیوی پر اس کے تین بار طلاق، طلاق، طلاق کہنے کی وجہ سے تین طلاق واقع ہو کر مغلظہ ہو گئی اب زید کے لئے اس سے بغیر حلالہ کے تعلق ازدواجیت قائم کرنا جائز نہیں۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

(۱) عن أبي هريرة رضی اللہ عنه ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال: ثلاث جد هن وهزلهن جد النكاح والطلاق، والرجعة۔ (سنن أبي داؤد ص:۲۹۸ ج:۱۔ كتاب الطلاق)۔

وكذا يقع بلا توقفٍ على نية في حالة الغضب۔ (شامی ص:۳۰۱ ج:۳۔ کراچی)۔

ولو كان كذلك لم يقع على أحدٍ طلاق لأن أحداً لا تطلق حتى يغضب۔ (بذل المجهود ص:۱۷۹ ج:۸) مركز الشيخ۔

إن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها۔ أو يموت عنها۔ (هندیه ص:۵۳۵ ج:۱) زکریا۔

فتح القدیر ص:۳۱/ ج:۴۔ دار إحیاء التراث العربی۔

## بیوی کی غیر موجودگی میں طلاق کا حکم

**سوال** (۶۶۹): ایک شخص اس کے پھوپھا اور اس کے لڑکے سب ایک کمرہ میں سو رہے تھے اور اسی کمرہ میں اس شخص کی عورت بھی کھاٹ بچھا کر سوگئی جب اس شخص نے دیکھا تو غصہ میں آکر تین بار کہہ دیا میں نے طلاق دیدیا اور اس عورت نے نہیں سنا اور اس کے سامنے عورت بھی نہیں تھی ایک دم تنہا تھا۔ تو کیا فرماتے ہیں طلاق پڑگئی یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں حسبِ تحریر تین طلاق واقع ہو کر مغلظہ ہوگئی طلاق کے واقع ہونے کے لئے بیوی کا سامنے ہونا یا موجود ہونا ضروری نہیں، لہٰذا اب بغیر حلالہ کے بیوی سے تعلق ازدواجیت قائم کرنا جائز نہیں حرام ہے۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

(۱) ويقع طلاق زوجٍ عاقل بالغٍ ولو مكرهاً۔ (ملتقى الأبحر ص:۲۶۲ ج:۱۔ مؤسسة الرسالة)۔

ويقع طلاق كل زوج عاقل بالغٍ لصدوره من أهله في محله۔ (البحر الرائق ص:۲۴۴ ج:۳۔ سعید)۔

وإن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۵۳۵ ج:۱۔زکریا)۔

الدر المختار مع رد المحتار ص:۴۱۰/ج:۳۔کراچی۔

## طلاق نامہ پر رضامندی سے دستخط کرنے کا حکم

**سوال** (۶۷۰): میری لڑکی زینب کی شادی بکر کے ساتھ ہوئی تھی۔ کچھ عرصہ کے بعد بکر کے دروازہ پر میرے اور میرے چند رشتہ داروں اور کثیر تعداد میں شریک گاؤں والوں کی موجودگی میں طلاق نامہ طرفین کی رضامندی سے لکھا گیا اور تمام حاضرین کے سامنے پڑھ کر سنایا گیا بعد ازاں بکر نے اسی مجلس میں اس طلاق نامہ پر دستخط کیا اور دو گواہوں نے بھی دستخط کئے ادھر کچھ دنوں سے بکر کہتا ہے کہ میں نے اپنی زبان سے طلاق نہیں دی ہے کیا بکر کے اس طرح کہنے سے طلاق پر کوئی اثر پڑتا ہے جبکہ زینب اور بکر دونوں بالغ ہیں، طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

جب طرفین کی رضامندی سے بلا جبر واکراہ طلاق نامہ لکھا گیا اور پڑھ کر سنایا بھی گیا اور خوشی سے بکر نے اسی مجلس میں دستخط بھی کیا، لہٰذا طلاق واقع ہوگئی۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ولأن الكتاب كالخطاب باعتبار الحاجة. (الفتاوىٰ البزايزية على هامش الهندية ص:۱۸۵ ج:۴. رشيدية).

ہدایہ ص:۳/ج:۳۔اشرفی بک ڈپو دیوبند۔

الصریح لا یحتاج إلی النیۃ ۔(شامی ص:۴۶۱/ج:۴۔زکریا)۔

البحر الرائق ص:۲۵۹/ج:۳۔سعید۔

ولا ينكح مطلقة بها أي بالثلاث حتى يطأها غيره حقيقةً أو حكماً ولو الغير مراهقاً. يجامع مثله. (الدر المختار مع الرد. ص:۴۱۰ ج:۳. كراچی).

## جس تحریر میں طلاق دینے کا بیان نہ ہواس پر دستخط کر دینے کا حکم

**سوال** (۶۷۱): میری شادی کے بعد لڑکی رُخصت ہو کر ہمارے یہاں آئی ایک ماہ بعد پھر اپنے میکے چلی گئی، میں بمبئی چلا گیا۔ پھر دو ماہ بعد واپس آ گیا رخصتی کرا دیا چند ماہ رہی اس کے بعد اس کے والد آئے اور رخصتی کرا کر لے گئے۔ اس کے بعد میں جب پھر رخصتی کے لئے گیا تو پندرہ دن کے بعد رخصتی کرنے کا وعدہ کیا۔ وقت متعین پر گیا رخصتی نہ کی بلکہ پھر دس دنوں کی مہلت لی پھر اس وقت پر گیا پھر نہیں کیا ایسا کئی مرتبہ کیا آخری مرتبہ جب رخصتی کے لئے گیا تو لڑکی کے والد اپنی لڑکی کو لیکر دوسری جگہ چلے گئے وہاں گیا وہاں بھی رخصتی نہیں کی بلکہ بدمعاشوں کو میری جان مارنے کے لئے متعین کر دیا میں کسی طرح اپنی جان بچا کر گھر واپس چلا آیا۔ اس کے بعد لوگوں کو کہہ کر پنچایت کیا جس میں وہ بھی تھے ان کو پکڑا تو کہا کہ ۱۲/برس کے بعد رخصتی کروں گا پنچ لوگوں نے رخصتی کرنے پر اصرار کیا اس پر جواب دیا کہ جو کہہ دیا وہی ہوگا۔ پھر خاموش ہو گیا لیکن لڑکی کا نان ونفقہ اپنی وسعت کے مطابق برابر بھیجتا رہا۔ یہی مذکورہ باتوں کا بیان میں نے اعظم گڑھ کے ایک مولانا صاحب کو دیا جو جامعہ الرشاد کے ملازم بھی ہیں انہوں نے ان باتوں کو لکھ لیا پھر مجھ سے کہا کہ آپ اس پر دستخط کیجئے

تا کہ یہ پتہ چلے کہ یہ آپ کا بیان ہے میں نے دستخط کر دیا اس کے بعد مدرسہ سے میرے پاس یہ خط آیا کہ آپ کی بیوی کو طلاق ہوگئی۔

دریافت طلب بات یہ ہے کہ کیا میرے مذکورہ بیانات سے طلاق واقع ہو جائے گی یا نہیں؟ جواب سے نوازیں۔ **بینوا وتوجروا**

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

تحریر استفتاء میں کوئی لفظ ایسا نہیں جس سے طلاق واقع ہوتی ہو اس لئے بر تقدیر صحت بیان طلاق واقع نہیں ہوئی اور اگر واقعہ دوسرا ہو تو حکم اس کے مطابق ہوگا۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ولكن لابد أن يقصدها باللفظ۔ (الأشباه والنظائر ص:۹۱ ج:۱۔ دار الكتاب ديوبند)۔

ركنه لفظ مخصوص وهو ما جعل دلالة على معنى الطلاق من صريحٍ أو كنايةٍ وأراد اللفظ ليدخل الكتابة المستبينة۔ (شامي ص:۲۳۰ ج:۳۔ كراچی)۔

ومن شرائطه شرط الركن وهو اللفظ المخصوص أن لا يلحقه استثناء۔ (البحر الرائق ص:۲۳۸ ج:۳) سعيد۔

## غصہ میں دی گئی طلاق کا حکم

**سوال** (۶۷۲): میں نے اپنی بیوی کو کسی بات پر غصہ ہو کر تین طلاق دیدی ہے تو کیا طلاق واقع ہوگئی ہے یا کوئی اور صورت ہے؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

طلاق غصہ ہی میں دی جاتی ہے، محبت میں نہیں بہر حال بیوی پر تین طلاق واقع ہو کر

مغلظہ ہوگئی۔اب زید کا اپنی بیوی سے تعلق از دواجیت قائم کرنا حرام ہوگیا۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: ثلاث جدهن جد۔ وهزلهن جد، النكاح والطلاق والرجعة۔ (سنن أبی داؤد ص:۲۹۸ ج:۱، کتاب الطلاق)۔

ولذا يقع بلا توقف على نية في حالة الغضب۔ (شامی ص:۳۰۱ ج:۳۔ کراچی)۔

لو كان كذالك لم يقع على أحدٍ طلاق لأن أحداً لا يطلق حتى يغضب۔ (بذل المجهود ص:۱۷۹ ج:۸) مركز الشيخ۔

ولا ينكح مطلقة بها أي بالثلاث لوحرة۔ وثنتين لو أمة حتى يطأها غيره ولو الغير مراهقاً يجامع مثله۔ (الدر المختار مع الشامي ص:۴۱۰ ج:۳) کراچی۔

ہندیہ ص:۵۳۵/ج:۱، زکریا۔

## حالت جنون میں دی گئی طلاق کا حکم

**سوال** (۶۷۳): زید نے سات مہینہ پہلے پاگل پن کی حالت میں اپنا بہت کچھ نقصان کیا اور اپنی بیوی ہندہ کو کئی مرتبہ طلاق بھی دیا جبکہ عورت کو دو مہینہ کا حمل بھی تھا اور ابھی ساتھ میں ہے ایسی صورت میں طلاق ہوئی کہ نہیں؟ اب زید ہوش وحواس میں ہے۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

برتقدیر صحت سوال بیوی پر طلاق واقع نہیں ہوئی لہٰذا حسبِ سابق شوہر اپنی بیوی سے تعلق از دواجیت قائم رکھے اور اس کے حقوق کو ادا کرتا رہے۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ولا یقع طلاق الصبی والمجنون والنائم۔ (ھدایۃ ص:۳۸۸ ج:۲۔ اشرفی بک ڈپو دیوبند)۔

لا طلاق صَبِیٍّ ومجنونٍ ونائمٍ لقوله علیه السلام کل طلاق جائز إلا طلاق صبی والمجنون۔ (مجمع الأنہر ص:۱۰ ج:۲۔ فقیه الأمة)۔

الجنون اختلال القوة الممیزة بین الأمور الحسنة والقبیحة۔ المدرکة للعواقب بأن لا تظهر آثارها وتقطّل أفعالها۔ (شامی ص:۲۴۳ ج:۳، کراچی)۔

(۲) ولا ینع طلاق مجنونٍ لا یفیق أصلاً أو یفق أحیاناً۔ (سکب الأنہر علی ھامش مجمع الأنہر ص:۱۰ ج:۲۔ فقیه الأمت)۔

## ارادۂ طلاق کا حکم

**سوال** (۶۷۳): زید کو اپنی بیوی سے جھگڑا، تکرار ہو رہا تھا جس میں زید اپنی بیوی ہندہ سے بولا کہ تمہارا میرے گھر میں بھات نہیں ہے اس پر ہندہ بولی نہیں رکھنا ہو تو چھوڑ دو، ہم کو ایک پیٹ کا بھات نہیں ہوگا؟ اس کے بعد ہندہ بولی کہ اگر تم ایک باپ کے بچہ ہو گے تو ہم کو چھوڑ دو گے تو زید بولا کہ ہم تمہارے باپ کے پاس جا کر فیصلہ کریں گے عورت بولی گھر میں مجھکو رہنا بھی نہیں ہے اس پر زید بولا کہ جب تم کو وہی پسند ہے تو ٹھیک ہے ہم چھوڑ دیں گے اس کے بعد ہندہ بولی میرا سب سامان دیدو زید بولا کہ یہ فیصلہ تمہارے باپ بھائی سے کریں گے۔ اب تم سے کوئی لگاؤ نہیں رہا اب چھوٹا ہوا ہی سمجھو تب ہندہ نے اعلان کر دیا کہ ہم کو چھوڑ دیا۔ گواہ ایک عورت کہتی ہے کہ ہم نے سنا کہ تین طلاق دیا، ایک مرد کہتا ہے کہ ہم نے انہیں عورتوں سے سنا کہ چھوڑ دیا۔ لہٰذا اب ہندہ پر طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟ اگر ہوئی تو کونسی زید ہندہ سے پھر رجوع کرنا چاہتا ہے اس کی کیا صورت ہوگی؟

**نوٹ**: ایک مرد نے زید سے پوچھا کہ ہندہ کہتی ہے کہ ہم کو چھوڑ دیا اس پر زید نے

جواب دیا کہ اگر ہندہ کہتی ہے تو ہوسکتا ہے۔

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

میاں بیوی کے جھگڑے اور تکرار میں شوہر نے تین قسم کے جملے استعمال کئے ہیں جس سے وقوع طلاق کا شبہ ہوتا ہے تینوں قسم کا جملہ نقل کرنے کے بعد پھر اس کا حکم ذکر کیا جاتا ہے۔(۱) تمہارا میرے گھر میں بھات نہیں ہے۔(۲) بیوی کے سوال طلاق میں شوہر کا یہ کہنا کہ جب تم کو یہی پسند ہے تو ٹھیک ہے ہم چھوڑ دیں گے۔ (۳) اب تم سے کوئی لگاؤ نہیں رہا، اب چھوٹا ہوا ہی سمجھو۔

پہلے جملہ سے کسی قسم کی طلاق واقع نہ ہوگی۔ اگرچہ شوہر بول کر طلاق کی نیت کرلے کیونکہ یہ لفظ الفاظ کنایہ میں سے نہیں ہے اور دوسرے جملے سے بھی طلاق واقع نہ ہوگی، کیونکہ شوہر صرف طلاق دینے کا وعدہ کررہا ہے۔ اور وعدہ کرنے سے طلاق واقع نہیں ہوئی۔ اگرچہ جھوٹا وعدہ ہی کیوں نہ ہو۔ **وفی المحیط:"ولو قال بالعربیة أطلق لا یکون طلاقًا الّا اذا غلب استعماله للحال فیکون طلاقًا کما فی الهندیة"(۱)وایضاً فی الدر المختار علی هامش رد المحتار:(۲) ۲/ ۶۷۸ "انا اطلق نفسی لم یقع لانه وعد جوهرة ما لم یتعارف او تنو الإنشاء"** اور تیسرے جملہ کا مفہوم ومطلب فقط ارادۂ طلاق ہے اور یہ جملہ "اب چھوٹا ہی سمجھو، صرف ارادہ طلاق پر دلالت کرتا ہے اور ارادۂ طلاق سے طلاق واقع نہیں ہوتی۔

اب کسی عورت کا یہ کہنا کہ ہم نے تین طلاق دیتے ہوئے سنا ہے اور اسی طرح کسی مرد کا یہ کہنا کہ ہم نے عورتوں سے سنا کہ زید نے اپنی بیوی کو چھوڑ دیا یہ گواہیاں معتبر نہیں اور ایسی گواہی سے طلاق واقع نہ ہوگی، طلاق اسی وقت واقع ہوگی جبکہ شوہر طلاق دینے کا اقرار کرلے یا شرعی شہادت یعنی دو عادل مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں متفق طور پر اس بات کی شہادت دیں کہ ہم نے طلاق سنا ہے اور شوہر نے طلاق دی ہے۔

**ونصابها لغیرها من الحقوق سواء کان الحق مالا او غیره کنکاح**

---

وطلاق الخ رجلانِ الخ او رجل وأمراتان كما فی الدر المختار: ۴/ ۳۷۲۔(۳)

الحاصل صورت مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی، لہٰذا حسبِ سابق شوہر حقوقِ ازدواجیت ادا کرتا ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) (الفتاویٰ الہندیہ ص:۴۵۲ ج:۱) زکریا۔

(۲) الدر المختار مع الشامی ص:۳۱۹ ج:۳۔ کراچی۔

**ولو قال أطلقك لم يقع۔ (سكب الأنهر على هامش مجمع الأنهر ص:۱۴ ج:۲۔ فقيه الأمت)۔**

(۳) الدر المختار ص:۹۱ ج:۲۔ کتاب الشہادات متن۔ دار الکتاب۔

## دسیوں بار طلاق طلاق کہا کیا حکم ہے؟

**سوال** (۶۷۵): زید کی بیوی کئی روز سے میکہ جانا چاہتی تھی لیکن زید میکے جانے دینا نہیں چاہتا تھا اسی بات پر جھگڑا ہوا اس نے اپنی بیوی کو ایک لات مارا بعد میں لو کی کھینچ کر مارا اور تکیہ سے بھی مارا اس کے بعد اپنی بیوی کو کئی بار طلاق طلاق کہا قریب دسیوں بار تو کیا اس سے طلاق واقع ہوگی کی نہیں اور اگر ہوگی تو کس قسم کی طلاق ہوگی؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں زید کی بیوی مطلقہ مغلظہ ہوگئی اب اس سے تعلق از دواجیت قائم رکھنا جائز نہیں۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ولو کرَّرَ لفظ الطلاق وقع الکل۔ (الدر المختار ص:۲۹۳ ج:۳) کراچی۔

(۲) وإن کان الطلاق ثلاثاً فی الحرة وثنتین فی الأمة لم تحل له حتی تنکح زوجاً غیره نکاحاً صحیحاً ویدخل بها ثم یطلقها أو یموت عنها۔ (الفتاویٰ الهندیة ص:۵۳۵ ج:۱۔ زکریا)۔

لا ینکح مطلقة بها أی بالثلاث حتی یطأها غیره حقیقة أو حکماً ولو الغیر مراهقاً یجامع مثله۔ (الدر المختار ص:۴۱۰ ج:۳۔ کراچی)۔

## حق طلاق کسی دوسرے کو دیدینے کا حکم

**سوال** (۶۷۶): زید ذہنی طور پر بہت چڑاچڑا غصہ ور، موڈی، سنکی، اور ضدی ہے، اس لئے زید کا عقد ہی اسی شرط پر کیا گیا کہ زید اپنا حق طلاق اپنے والد کو دیدے اور زید نے اپنے ہوش وحواس کے ساتھ اپنا حق طلاق اپنے والد کو دیدیا، اور عقد کے بعد بھی لڑکی کے والد اور دیگر لوگوں کے سامنے زید کو بتایا گیا کہ اب تم کو طلاق دینے کا حق نہیں ہے۔ اس لئے کہ اپنا حق طلاق اپنے والد کو دیدیا ہے۔ والد نے بھی زید سے کہا کہ اگر تم اپنی بیوی کو ہزار بار طلاق دو گے تو طلاق نہیں ہوگی اور اگر تمہارے والد بی بی کو طلاق دیدیں گے تو طلاق ہوجائے گی۔ زید نے مخالفت نہیں کی بلکہ منظور کیا، عقد کے ۸، ۹ ماہ کے بعد زید پر ایک عجیب دورہ آیا اور غصہ میں آپے سے باہر ہوگیا اور اپنی بیوی کو ۱۰، ۱۵ طلاق خوب زوردار آواز سے دیدیا، زید کے والد نے اس سے اور سبھوں سے کہا کہ طلاق نہیں ہوئی کیونکہ زید نے اپنا حق طلاق اپنے ہوش وحواس میں بلا کسی جبر کے مجھے دے دیا ہے۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ یہ طلاق ہوئی کہ نہیں، اور اگر ہوگئی تو زید کی دوسری تیسری شادی کر بھی دیجائے تو زید چونکہ ذہنی وفکری طور پر معذور ہے کہ پھر نہ طلاق دیدے، ایسے معذور کے لئے شریعت میں کیا سہولت ہے۔

## الجواب: حامدًاومصليًا

زید کا اپنا حق طلاق والد کو سونپنا درست ہے، (۱) لیکن اس کے بعد خود اس کا طلاق دیدینا بھی شرعاً معتبر ہے، (۲) بشرطیکہ اس نے بسلامتی ہوش وحواس یہ طلاق دی ہو، جب زید عقل وخرد کے اعتبار سے ایسا ہے تو کیا ضروری ہے کہ اس کی شادی ہی کی جائے۔

## التعليق والتخريج

(۱) كل عقد جاز أن يعقده الإنسان بنفسه جاز أن يؤكل به غيره۔ (هداية ص:۱۷۷ ج:۳۔ اشرفی بك ڈپو دیوبند)۔

لو فعل الوكيل ما أمربه قبل علمه به نفذ نصرفه۔ (حاشية القواعد القهية ص:۱۳۔ دار الكتاب)۔

(۲) ويقع طلاق كل زوجٍ عاقلٍ بالغٍ لصدوره من أهله في محله۔ (البحر الرائق ص:۲۴۴ ج:۳۔ سعيد)۔

ملتقی الأبحر ص: ۲۶۲ / ج: ۱، مؤسسۃ الرسالۃ۔

## ''اب اُو کرے طلاق ہوئی نہ ایسا کری'' کہنے کا حکم

**سوال** (۶۷۷): زید نے اپنی بیوی ہندہ کو ایک اجنبی شخص سے بات چیت کرتے ہوئے دیکھا تو رات میں سوتے وقت زید نے ناراضگی کا خود اظہار کیا جس کی وجہ سے ہندہ بہت روئی اب زید اپنے دوست بکر کو ایک باغ میں تفریح کے وقت کہتا ہے کہ ایک بات کی وجہ سے میں اپنی بیوی کو اتنا رولایا کہ اب اُف کرے طلاق ہوئی نہ ایسا کریں (مادری زبان میں کہا) بغیر طلاق کے ارادے سے بلکہ زید نے بطورِ محاورہ کے یہ بات کہی ہے تو طلاق پڑے گی یا نہیں اگر پڑے گی تو فوراً پڑے گی یا بیوی کی ویسی حرکت کرنے پر پڑے گی پھر اگر طلاق پڑے گی تو طلاق رجعی پڑے گی یا بائن۔

## الجواب: حامدًاومصلیًا

صورت مسئولہ میں ہندہ پر کوئی بھی طلاق واقع نہیں ہوئی (۱) اس لئے کہ (اب روکرے طلاق ہوئی) یہ تہدید ہے جیسا کہ عرف یہی ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ولكن لابد أن يقصدها باللفظ۔ (الأشباه والنظائر ص:۹۱ ج:۱۔ دار الكتاب ديوبند)۔

ركنه لفظ مخصوص وهو ما جعل دلالة على معنى الطلاق من صريح أو كناية۔ (شامي ص:۲۳۰ ج:۳۔ كراچی)۔

ومن شرائطه شرط الركن وهو اللفظ المخصوص أن لا يلحق استثناء۔ (البحر الرائق ص:۲۳۸ ج:۳۔ سعيد)۔

## بلا قصد تلاق (بالتاء) لکھ کر دے دیا کیا حکم ہے؟

**سوال** (۶۷۸): ایک شخص نے شادی کی، پندرہ سال تک کوئی بچہ نہ ہوا جس کی وجہ سے بغیر عورت (بیوی) کے مشورہ کئے ہوئے دوسری شادی کرلی پہلی بیوی اپنے شوہر کو الٹی سیدھی باتیں سناتی تھی اور یہ کہتی تھی کہ دوسری بیوی کو طلاق دیدو، مرد طلاق قطعاً نہیں چاہتا تھا، نہ دل میں ہی اس کے کبھی طلاق دینے کا ارادہ تھا لیکن پہلی بیوی کے بار بار اصرار سے پریشان ہوجاتا تھا کچھ دنوں کے بعد ایک مولوی صاحب نے ان سے کہا (ت) سے تلاق لکھ سکتے ہو (ت) سے تلاق کے معنی ملنے کے آتے ہیں۔ طلاق نہیں پڑے گی، مرد کو اطمینان نہیں ہوا لیکن مولوی صاحب کے کہنے پر دو آدمیوں کے سامنے یہ اقرار کرلیا کہ اچھا صاحب نہیں پڑتی ہے تو پہلی عورت کو تسلی کے لئے دو آدمیوں کے سامنے (ت) سے تین مرتبہ تلاق

لکھ کر دیدیا، اس کو یقین تھا کہ (ت) سے طلاق نہ پڑے گی۔ اس لئے طلاق دینے کا خیال بھی نہیں کیا ہے نہ کرے گا۔ ایسی صورت میں طلاق ہوئی یا نہیں۔

برائے کرم اسے مع حوالہ مطلع فرمائیں، بعض فقہیوں کا کہنا ہے کہ طلاق مغلظہ پڑ جائے گی۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

جتنی طلاقیں لکھ کر دی تھیں اتنی پڑ جائیں گی، لفظ تلاق بھی طلاق کی طرح صریح ہے، مولوی صاحب کو چاہئے کہ مسائل فقہیہ میں بغیر علم کے اس طرح اپنے عقل نہ بھڑایا کریں ورنہ امت کی نگاہ سے گرجائیں گے۔

ويقع بها اى بهذه الألفاظ وما بمعناها من الصريح ويدخل نحو طلاع وطلاك وتلاك او ط. ل. ق. وطلاق باش بل لا فرق بين عالم وجاهل. قال فى البحر ومعه الالفاظ المصحفة وهى خمسة. فزاد على ما هنا تلاق......الخ.(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) (شامی ص:۲۴۸ ج:۳۔ کراچی۔

ومنه الألفاظ المصحفة وهى خمسة تلاق وتلاغ وطلاك. وتلاك. طلاع. فيقع قضاءً ولا يصدق إلا إذا كان على ذلك بأن قال: أمرأتى تطلب منى الطلاق وأنا أطلق فأقول هذا.... ولا فرق بين العالم والجاهل. وعليه الفتوى. (البحر الرائق ص:۲۵۲ ج:۳. سعيد).

الصريح لا يحتاج إلى النية. (شامى ص:۶۱ ج:۴) زكريا.

فإن نوى ثلاثاً فثلاث. ونحته فى الشامية. لأن الثلاث كل الطلاق فهى الفرد الكامل فيه. (الدر المختار مع الشامى ص:۲۵۲ ج:۳. كراچى).

## بیوی سے ناراض ہو کر چار ماہ باہر رہا، کیا نکاح ٹوٹ گیا؟

**سوال** (۶۷۹): یہاں ایک مولانا صاحب نے دوران تقریر فرمایا کہ زید اپنی بیوی سے ناراض ہو کر اگر باہر چلا گیا اور چار یا پانچ ماہ تک باہر رہا پھر واپس آیا تو زید کا نکاح ٹوٹ گیا، کیا مولانا صاحب کا یہ فرمانا صحیح ہے تفصیل سے تحریر فرمائیں؟

**الجواب: حامداً ومصلياً**

نکاح کے بندھن کو توڑنے کے مخصوص الفاظ ہیں۔ (۱) ان میں سے صورت مسئولہ میں کوئی لفظ مستعمل نہیں اس لئے نکاح نہیں ٹوٹا حسب سابق باقی رہے گا۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

### التعليق والتخريج

(۱) لابد أن يقصدها باللفظ۔ (الأشباه والنظائر ص:۹۱ ج:۱۔ دار الكتاب ديوبند)۔

وركنه لفظ مخصوص وهو ماجعل دلالة على معنى الطلاق من صريحٍ أو كنايةٍ۔ (شامی ص:۲۳۰ ج:۳۔ کراچی)۔

ومن شرائطه شرط الركن۔ وهو اللفظ المخصوص أن لا يلحقه استثناء۔ (البحر الرائق ص:۲۳۸ ج:۳) سعيد۔

## تین طلاق کا حکم

**سوال** (۶۸۰): محمد امین نے اپنی بیوی میم النساء کو کسی آپسی نزاع کے سبب اپنی ساس اور دو گواہوں مسمیان محمد یاسین و محمد معین کے سامنے طلاق دیدی۔ طلاق کے الفاظ یہ تھے دور جاؤ میں نے تمہیں تین طلاق دیدی اس وقت میم النساء محمد امین کے بڑے بھائی محمد

یاسین کے گھر میں رہ رہی ہیں اب دونوں میاں بیوی پھر سے مل جانا چاہتے ہیں قرآن وحدیث کی روشنی میں اس اختلاف کو ختم کر کے فریقین کو ایک ساتھ رہنے کی اجازت دیجائے۔ والسلام

**الجواب: حامدًاومصليًا**

صورت مسئولہ میں چونکہ میم النساء پر طلاق مغلظہ واقع ہوگئی ہے اس لئے میاں بیوی کے لئے اب ایک جگہ رہنا اور میاں بیوی جیسے تعلقات قائم کرنا جائز نہیں۔ البتہ حلالہ کے بعد حسب ضابطہ شرعیہ بیوی کی رضامندی سے عقد کیا جاسکتا ہے۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) وإن كان الطلاق ثلاثاً فى الحرة وثنتين فى الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره. نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۵۳۵ ج:۱) زكريا۔

ولا ينكح مطلقة بها أى بالثلاث لو حرة وثنتين لو أمة۔ حتى يطأها غيره ولو الغير مراهقاً۔ بنكاح وتمضى عدته۔ (الدر المختار مع الشامى ص:۴۱۰ ج:۳ كراچى)۔

## ’’طلاق دے دوں گا‘‘ کہنے کا حکم

**سوال** (۶۸۱): اگر کوئی بار بار کہتا ہو کہ میں طلاق دیدوں گا اور اپنا فیصلہ کرالو اس حالت میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

**الجواب: حامدًاومصليًا**

طلاق دیدوں گا کہنے سے شرعاً طلاق نہیں پڑتی (۱) البتہ ایسا جملہ زبان سے نہیں نکالنا چاہئے اس لئے کہ مباح چیزوں میں اللہ پاک کے نزدیک سب سے زیادہ منحوس (طلاق)

(۲) ہے آئندہ خیال رکھیں۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۲) عن محارب قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أحل الله شيئًا أبغضه إليه من الطلاق وفى رواية: أبغض الحلال إلى الله الطلاق۔ (سنن أبي داؤد ص:۲۹۶ ج:۱۔ كتاب الطلاق۔ بلال)۔

(۱) ولو قال بالعربية "أطلق" لا يكون طلاقاً۔ (الفتاویٰ الہندیہ ص:۴۵۲ ج:۱)۔ زکریا۔

ولو قال: أطلقك لم يقع۔ (سكب الأنهر على هامش مجمع الأنهر ص:۱۴ ج:۲۔ فقيه الأمة)۔

قال: أطلق نفسي لم يقع لأنه وعد۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۳۱۹ ج:۳)۔ کراچی۔

## طلاق نامہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لیا کیا حکم ہے؟

**سوال** (۶۸۲): زید نے نکاح کے بعد دو دن ازدواجی تعلقات قائم کرنے کے بعد اپنی بیوی کے نام طلاق نامہ لکھ کر اپنی جیب میں رکھ لیا اسکے بعد پھر سسرال آ کر ازدواجی تعلقات قائم رکھا اس درمیان بیوی حاملہ ہوگئی دو مہینہ کے بعد جب اس کو پتہ چلا تو اس نے ڈاکٹر سے رجوع کیا اور حمل گروا دیا۔

(۱) دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا طلاق پڑ گئی؟

(۲) اور اگر طلاق پڑ گئی تو عدّت کی مدت کب سے شروع ہوگی؟

(۳) اور عدت کتنے دن گزارنی ہے؟

**الجواب: حامدًا و مصليًا**

(۱) صورت مسئولہ میں طلاق واقع ہوگئی۔(۱)

(۲) خط لکھنے کے بعد سے ہی عدت شروع ہوگئی۔ (۲)

(۳) تین حیض۔ (۳)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) كتب الطلاق إن مستبيناً على نحو لوح وقع إن نوى وقيل مطلقاً۔ وتحته فی الشامية لا يحتاج إلى النية دفی المستبين المرسوم۔ (شامی ص:۲۴۶ ج:۳) کراچی۔ ولأن الكتاب كالخطاب باعتبار الحاجة۔ (الفتاوىٰ البزازية ص:۱۸۵ ج:۴) رشيدية على هامش الهندية۔

(۲) وهی انتظار مدة معلومة يلزم المرء ة بعد زوال النكاح۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۵۷۹ ج:۱۔ زکریا)۔

(۳) إذا طلق الرجل امرأته طلاقاً بائناً أو رجعياً أو وقعت الفرقة۔ بينهما بغير طلاق وهی حرة ممن تحيض فعدتها ثلاثة أقراء۔ (هداية ص:۴۲۲ ج:۲۔ اشرفی بك ڈپو ديوبند)۔

## طلاق کے بعد شادی میں دیئے گئے سامانوں کی واپسی کا حکم

**سوال** (۶۸۳): اگر کسی کی شادی دو ڈھائی سال قبل ہوئی ہو اور شوہر نے از خود طلاق دیدیا اب طلاق کے بعد لڑکی کے ذمہ دار شادی میں لڑکے یا لڑکے کے باپ وغیرہ کو دیئے ہوئے سامان کو طلب کریں واپس کرنے کے لئے۔

(۱) مثلاً شادی سے قبل یا شادی کے بعد نقدی طور پر روپئے کچھ مقدار میں لڑکے کے باپ کو دیا گیا کچھ لڑکا کو دیا گیا یا سامان کی شکل میں گھڑی، لباس، بکس، سوٹ کیس، انگوٹھی وغیرہ پلنگ کرسی سائیکل۔

(۲) کھانا پکانے کھلانے کے برتن، سنگاردان وغیرہ۔

(۳) طلاق سے پہلے شوہر نے لڑکی کو روپیہ یا کپڑا یا سامان وغیرہ دیا ہو۔

(۴) اولاد پیدا ہونے کی خوشی میں لڑکی کے گھر والوں نے لڑکے کے گھر والوں کو دیا بچہ کو لڑکے کے گھر والوں نے دیا۔

(۵) لڑکے کی طرف سے لڑکی کو شادی کے دن زیور وغیرہ۔

(۶) طلاق کے بعد بچہ اور اس کی ماں کی طرف سے شوہر پر کیا ذمہ داری عائد ہوتی ہے اور کب تک ہوتی ہے۔

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

(۱) اس مسئلہ کا مدار عرف پر ہے اس علاقہ کا عرف یہی ہے کہ جہیز کی ساری چیزیں جدائے گی کے بعد واپس لے جاتی ہیں اس لئے جتنا سامان لڑکی والوں کی طرف سے ملا ہے جس حال میں بھی ہو شوہر اسے واپس کرے۔ سوال ۱-۲ میں جتنے سامان کا تذکرہ ہے وہ سارا سامان واپس لے سکتے ہیں۔(۱)

(۳) تعلق از دواجیت کی حالت میں شوہر اپنی بیوی کو نفقہ کی ادائیگی کے طور پر کچھ کپڑے پیسے وغیرہ دیا ہی کرتا ہے لہٰذا شوہر اسے واپس نہیں لے سکتا۔(۲)

(۴) بچہ کو اور اس کی ماں کو جو کچھ دیا گیا وہ سب ہدیہ وتحفہ ہے لہٰذا اس کی واپسی نہیں ہوگی اور اس ہدیہ کے عوض میں جو کچھ دیا گیا وہ بھی واپس نہیں ہوگا۔(۳)

(۵) اس کا بھی تعلق عرف سے ہے جیسا عرف ہو اس کے مطابق عمل کیا جائے۔(۴)

(۶) طلاق کے بعد شوہر کے ذمہ عدت کا نفقہ واجب ہوتا ہے (۵) اور اگر مہر ادا نہ کیا ہو تو پوری مہر کی ادائیگی واجب ہے (۶) اور بچہ کی پرورش کا حق ماں کو حاصل ہے اور اس کا پورا خرچہ باپ کے ذمہ ہے اگر لڑکا ہو تو باپ کے ذمہ ۷/سال کا نفقہ اور لڑکی ۹/سال تک رہ سکتی ہے۔(کمافی مجمع الانہر: ۱/ ۷۸۲)(۷)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) إذا بعث الزوج إلی أهل زوجته أشیاءً عند زفافها منها منها دیباج فلما زفت إلیه، أراد أن یسترد من المرءة الدیباج لیس له ذلك إذا بعث إلیها علی جهة التملیك۔ (الفتاویٰ الهندیة ص:۳۹۳ ج:۱، زکریا)۔

(۲) النفقة تقلق بأشیاء منها الزوجیة والإحتباس۔ فتجب علی الرجل نفقة امرأته المسلمة والذمیة والفقیرة والغنیة۔ (فتاویٰ قاضی خان ص:۳۶۷ ج:۱، دار الکتب العلمیة)۔

(۳) والعرف فی الشرع له اعتبار ٭ لذا علیه الحکم قد یدار۔ رسم المفتی ص:۱۵۳۔

(۴) خذ عوض هبتك أو بدلها أو بمقابلتها فقبضه الواهب سقط الرجوع۔ (البحر الرائق ص:۲۹۲ ج:۷۔ سعید)۔

(۵) المعتقدة عن الطلاق تستحق النفقة والسکنی۔ (فتاویٰ ہندیہ ص:۶۰۵ ج:۱۔ زکریا)۔

(۶) المهر یتأخد بأحد ثلاثة معان "الدخول" مرا الخلوة الصحیحة وموت أحد الزوجین۔ (هندیه ص:۳۷۰ ج:۱۔ زکریا)۔

(۷) ویکون الغلام عندهن حتی یستغنی عنها۔۔۔ وقدر بتسع أو بسبع والجاریة عند الأم أو الجاریة حتی تحیض قدر مدة الا ستغفاء الخصاف بسبع سنین وعلیه الفتوی۔ (مجمع الأنهر علی هامش الملتقی ص:۱۶۸ ج:۲، فقیه الامت)۔

## طلاق نامہ پر شوہر سے دستخط کرالینے کا حکم

**سوال** (۶۸۴): حالت (۱) میاں اپنی بیوی سے کسی بات سے سخت ناراض ہوگیا اور تین بار یا اس سے زیادہ بار کہا کہ میں تم کو نہیں رکھوں گا عام طور سے بھی کہا کہ میں اپنی بیوی کو نہیں رکھوں گا اپنے خسر صاحب سے بھی کہا میں نہیں رکھوں گا۔

حالت (۲) تقریباً ۳ر ہفتے کے بعد لڑکے کے سسرال والے پانچ چھ آدمی تاریخ مقررہ

پر آئے، گاؤں والے بھی کچھ لوگ اکٹھا ہوئے، لڑکی والوں نے کہا کہ بھئی جب لڑکی کو رکھنا رکھانا نہیں ہے تو جس کے جو حقوق ہیں دین لین کرلیں اس کے بعد کاتب نے لڑکے کی طرف سے پنچوں کی موجودگی میں کاغذ لکھا کہ میں نے اپنی بیوی کو ۳ طلاق دیا اسی بات کو ۳؍ بار تحریر کیا اور لڑکے سے اور کچھ پنچوں سے دستخط کرا کر لڑکی والوں کو دیدیا گیا مگر لڑکے سے طلاق دینے والا جملہ زبانی نہیں کہلوایا گیا اسی طرح لڑکی کی طرف سے دوسرا کاغذ لکھا گیا کہ میرے سب حقوق مجھے مل گئے لکھ کر لڑکے والے کو دیدیا گیا۔

(۱) کیا مذکورہ عبارت سے حالت (۱) کے مطابق لڑکی پر طلاق پڑ گئی۔

(۲) کیا مذکورہ عبارت سے حالت (۲) کے مطابق لڑکی پر طلاق واقع ہوگئی، جبکہ لڑکے سے طلاق دینے والا جملہ نہیں کہلوایا گیا اور نہ تو اس سے اس قسم کی دستی تحریر ہی لکھائی گئی۔

حالت (۳) کیا لڑکے کا زبانی یا تحریری طلاق دینے والا جملہ کہنا یا کہلوانا یا تحریراً لکھنا لکھوانا ضروری نہیں ہے اور اگر کسی نے زور وزبردستی سے کسی سے طلاق لے لیا یا کہلوایا یا اس قسم کی کوئی تحریر لکھ کر دھوکے سے یا یوں ہی ہنسی مذاق میں کسی آدمی سے دستخط کرا لیا تو کیا اس کی بیوی پر طلاق واقع ہوجائے گی؟

## الجواب: حامداً ومصلیاً

طلاق کے واقع ہونے کے لئے زبان سے الفاظ طلاق کہنا ضروری ہے (۱) لہٰذا اگر کسی نے بغیر شوہر کے حکم کے طلاق نامہ لکھ لیا اور اس پر زبردستی شوہر سے دستخط کرا لیا تو طلاق واقع نہیں ہوگی (۲) اور اگر طلاق نامہ شوہر نے خود لکھا ہو یا کسی کو لکھنے کا حکم دیا ہو تو تحریر میں جتنی طلاقیں درج ہوں گی اتنی واقع ہوجائے گی اور اگر دوسرے نے لکھ کر دیا اور شوہر نے اس کو پڑھا اس کو تسلیم کرلیا اور اس کا اقرار کیا اور اپنی رضامندی سے دستخط کیا تب بھی حسبِ تحریر طلاق واقع ہوجائے گی۔ **کذا فی رد المحتار والهندية.** (۳)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ولكنه لفظ مخصوص وهو ما جعل دلالة على معنى الطلاق من صريحٍ. أو كنايةٍ. (شامی ص:۲۳۰ ج:۳. کراچی).

(۲) ويشترط أن يكون الإكراه على التلفظ بالطلاق فإذا أكره على كتابة الطلاق فكتبه لا يقع به الطلاق. (الفقه على المذاهب الأربعة ص:۲۵۸ ج:۴. بيروت).

(۳) رجل استكتب من رجلٍ آخر خرالي امرأته كتاباً بطلاقها وأقر الروج أنه كتابه. فإن الطلاق يقع عليها. (هنديه ص:۴۳۶ ج:۱، زكريا)

# طلاق نامہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لینے کا حکم

**سوال** (۶۸۵): زید نے اپنی بیوی کو اپنے ہاتھ سے خود طلاق نامہ (تین طلاق) لکھ کر اپنے بکس میں رکھ لیا زبان سے کہا نہیں اور نہ اس طلاق نامہ کی اطلاع دوسروں کو دی حتی کہ اپنی بیوی کو بھی نہیں دیا اور نہ بتلایا تو ایسی صورت میں زید کی بیوی مطلقہ ہوئی یا نہیں اگر ہوگئی تو مراجعت کی کیا صورت ہو سکتی ہے۔ بینوا توجروا۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

طلاق کے واقع ہونے کے لئے مجمع کا ہونا یا بیوی کا سننا شرط نہیں صورت مسئولہ میں جب زید نے خود طلاق نامہ لکھا ہے تو لکھتے ہی حسبِ تحریر تین طلاق واقع ہو کر بیوی مغلظہ ہوگئی (۱) اب حلالہ کرائے بغیر زید کی زوجیت میں نہیں آسکتی۔ کما فی الهندیہ (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) كتب الطلاق إن مستبيناً على نحو لوح وقع إن نوى. وقيل مطلقاً وتحته في الشامية لا يحتاج إلى النية في المتبين الموسوم. (شامی ص:۲۴۶ ج:۳. کراچی).

وإن كانت (الكتابة) مرسومة يقع الطلاق نوى أولم ينو۔ (ہدایۃ ص:۴۴۶ ج:۱۔ زکریا)۔

(۲) وإن كان الطلاق ثلاثاً فى الحرة وثنتين فى الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۵۳۵ ج:۱۔ زكريا)۔

الدر المختار مع الشامی ص: ص ۴۱۰ ج: ۳۔ کراچی۔

## کیا میاں بیوی میں باہم تکرار یا لوگوں کی افواہ پر طلاق واقع ہو جاتی ہے؟

**سوال** (۶۸۶): تقریباً ۲؍سال ہوئے زید اور اس کی بیوی کے مابین باہم تکرار وتو تو میں میں ہوئی زید اپنی بیوی کے غیر شرعی طور طریقے و چال چلن کو دیکھ کر بہت سمجھایا لیکن بیوی آخر کار اپنی ہی چال پر مصر رہی اور شوہر کی کوئی بات نہ مانی زید نے از راہِ دھمکی اپنی بیوی کو ڈروانا چاہا کہ اپنی سابقہ حرکت سے باز آجاؤ نہیں تو پھر ہم طلاق دیدیں گے اور ہمارے ساتھ نباہ مشکل ہو جائے گا اس ۲؍سال کے عرصہ میں زید اور اس کی بیوی کے تعلقات ناخوشگوار ہی رہے اور ملاقات تک نہ ہوئی، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ:

(۱) کیا زید کی بیوی پر طلاق واقع ہوگئی اگر ہوئی تو کون سی؟

(۲) کیا میاں بیوی کے باہم تکرار سے طلاق پڑ جاتی ہے؟

(۳) شوہر کے بیوی سے لڑائی جھگڑے کے بعد اگر تین دن میں رجوع نہ کیا جائے تو کیا طلاق پڑ جائے گی؟

(۴) کچھ لوگوں کے افواہ اڑا دینے یا جھوٹی شہادت دینے سے طلاق پڑ جاتی ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

(۱) ”طلاق دیدیں گے“ کہنے سے طلاق واقع نہیں ہوتی یہ وعدہ طلاق ہے طلاق نہیں۔ (۱)

(۲) طلاق کے الفاظ کو استعمال کئے بغیر صرف تکرار و جھگڑے سے طلاق واقع نہیں ہوتی

طلاق واقع ہونے کے لئے الفاظ طلاق کا استعمال ضروری ہے۔ (۲)

(۳) لڑائی جھگڑے کر کے ترک تعلقات و مقاطعہ تین دن سے زائد تعلیمات نبویہ کے خلاف ہے۔ لیکن اگر تین دن سے زائد گزر جائے اور تعلقات بحال نہ ہوں تب بھی طلاق واقع نہیں ہوتی۔ (۳)

(۴) **الطلاق لمن اخذ بالساق۔** طلاق کا مالک صرف شوہر ہے وہی جب طلاق دے گا تو طلاق واقع ہوگی صرف افواہ سے طلاق واقع نہیں ہوتی "**کلها مذکورة فی کتب الفقه**" (۴)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ولو قال أطلق لم يقع۔ (سکب الأنہر علی ہامش مجمع الأنہر ص: ۱۴ ج: ۲۔ فقیہ الأمت)۔

(۲) قال: أطلق نفسي لم يقع لأنه وعد۔ (الدر المختار مع الشامی ص: ۳۱۹ ج: ۳۔ کراچی)۔

(۲) وركنه لفظ مخصوص وهو ما جعل دلالة على معنى الطلاق من صريحٍ أو كناية۔ (شامي ص: ۲۳۰ ج: ۳۔ کراچی)۔

(۳) عن أبي أيوب الأنصاري أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا يحل لمؤمن أن يهجر أخاه فوق ثلاثه أيام يلتقيان ليغرض هذا ويعرض هذ وخيرهما الذي يبدأ بالسلام۔ (سنن أبي داؤد ص: ۶۷۳ ج: ۲۔ كتاب الآداب۔ باب في هجرة الرجل أخاه۔ مكتبه بلال)۔

عن ابن عباسٍ رضي الله عنهما (في حديث طويل) إنما الطلاق لمن أخذ بالساق۔ (سنن ابن ماجه ص: ۱۵۱ ج: ۱۔ مكتبه ملت)۔

لا يقع طلاق المولى على امرأة عبده لحديث ابن ماجه الطلاق لمن أخذ بالساق۔ (شامي ص: ۲۴۲ ج: ۳۔ كراچی)۔

## طلاق دیدوں گا کہنے کا حکم

**سوال** (٦٨٧): ایک سال کے اندر زید نے کئی مرتبہ جھگڑے میں بیوی سے یہ کہا کہ میں رکھوں گا نہیں، تمہیں طلاق دیدوں گا وقت آنے پر اور اکثر میاں بیوی میں جھگڑا رہتا ہے ایک بار بیوی میکے جارہی تھی زید نے منع کیا مگر مانی نہیں اس پر زید نے کہا اگر نہیں مانی چلی گئی تو طلاق دیدوں گا کیا طلاق پڑگئی یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں زید کی بیوی پر طلاق واقع نہیں ہوئی (۱) لیکن آئندہ خیال رکھے۔ طلاق جائز ضرور ہے لیکن بوقت ضرورت بلا ضرورت طلاق دینے والا شخص اللہ کو پسند نہیں۔ (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب — الجواب صحیح

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی — بندہ عبدالحلیم عفی عنہ

(۲) عن محارب قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أحل الله شيئًا أبغض إليه من الطلاق وفي رواية أبغض الحلال إلى الله الطلاق. (سنن أبي داؤد ص:۲۹۶ ج:۱) كتاب الطلاق، بلال۔

(۱) ولو قال: أطلقك لم يقع. (سكب الأنهر ص:۱۴ ج:۲۔ فقيه الأمة)

ولو قال: بالعربية: أطلق لا يكون طلاقاً۔ (الفتاویٰ الہندیۃ ص: ۴۵۲ ج:۱۔ زکریا)۔

قال: أطلق نفسي لم يقع لأنه وعد۔ (الدر المختار مع الشامی ص: ۳۱۹ ج: ۳۔ کراچی)۔

## طلاق بالتحریر کا حکم

**سوال** (٦٨٨): زید کی حقیقی بھاوج کا کہنا کہ، زید ہر روز کی طرح آج جب مکان میں داخل ہوا تو اس وقت زید کی منکوحہ کے اور میرے علاوہ مکان میں اور کوئی موجود نہیں تھا، زید نے ہی اپنی منکوحہ سے سوال کیا کہ تم مجھے چاہتی ہو یا اپنے ماں باپ کو، جواب میں زید کی

منکوحہ نے کہا کہ میں مرتبے کے حساب سے دونوں کو چاہتی ہوں، بس یہ جواب پاتے ہی زید مکان سے باہر کی طرف چلا گیا اور ایک کاغذ پر کچھ تحریر کرکے لے آیا اس کاغذ کو زید زبان سے کچھ کہے بنا اپنی منکوحہ کی طرف پھینکا اور فوراً وہاں سے چلا گیا، زید کی بھاوج نے اس کاغذ کو اٹھالیا، زید نے اپنی منکوحہ کو لکھا تھا کہ میں تجھے طلاق دے رہا ہوں، زید کی بھاوج نے پڑھا، زید کی منکوحہ کو یہ نہیں بتلایا کہ اس میں زید نے کیا لکھا ہے، کاغذ کو پھاڑ کر پھینک دیا، چند روز گذرنے کے بعد زید اپنے سسرال والوں کو بذریعہ ڈاک ایک خط روانہ کرتا ہے، اور لکھتا ہے کہ میں نے اپنی بیوی یعنی آپ کی بیٹی کو اپنے حقیقی بڑے بھائی کے سامنے طلاق دیدی ہے، حالانکہ یہ خط زید نے جھوٹ لکھا، کیونکہ زید کے بڑے بھائی کو تو اس کا علم نہیں ہے۔ پہلی مرتبہ بھی زید زبان سے کچھ کہے بنا ایک کاغذ اپنی منکوحہ کی طرف پھینک کر چلا گیا تھا، لیکن زید کی بھاوج نے اس کو پڑھ کر پھاڑ کر پھینک دیا زید کی منکوحہ کو نہیں بتلایا کہ زید نے کیا لکھا تھا۔ تو زید کی اس حرکت سے کیا طلاق ہو جائے گی۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

صورت مسئولہ میں زید کے اس لکھنے سے کہ میں تمہیں طلاق دے رہا ہوں ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی، (۱) لیکن عدت کے اندر رجوع کرسکتا ہے (۲) طلاق واقع ہونے کے لئے بیوی کو اطلاع ہونا شرط نہیں، لہٰذا بھاوج نے اگر اطلاع نہیں دی تب بھی طلاق واقع ہوگئی۔ اب اگر عدت تین حیض گذر چکی ہے تو زید کی بیوی بائنہ ہوگئی۔ اب بغیر تجدید نکاح کے اپنی زوجیت میں نہیں رکھ سکتا، (۳) البتہ حلالہ کی ضرورت نہیں، البتہ آئندہ احتیاط کی ضرورت ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب — الجواب صحیح

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ — بندہ عبدالحلیم

## التعليق والتخريج

(۱) كتب الطلاق۔ إن مستبيناً على نحو لوح وقع إن نوى وقيل مطلقاً۔ وتحته في الشامية لا يحتاج إلى النية في المستبين الموسوم۔ (شامی ص:۲۴۶ ج:۳۔ کراچی)۔

إن كانت (الكتابة) مرسومة يقع الطلاق نوى أو لم ينو۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۴۴۷ ج:۱۔ زکریا)۔

(۲) وإذا طلق الرجل امرأته تطليقة رجعيةً أوتطليقتين فله أن يراجعها فى عدتها رضيت بذلك أو لم ترضه۔ (هداية ص:۳۹۴ ج:۲) اشرفی بك ڈپو دیوبند۔

(۳) وينكح مبانة دون الثلاث فى العدة وبعدها بالإجماع ومنع غيره بالإجماع ومنع غيره فيها لاشتباه النسب وتحته فى الشامية: أى غير الزوج فى العدة۔ (الدر المختار مع الشامى ص:۴۰۹ ج:۳)۔ کراچی۔

## لفظ طلاق تین مرتبہ کہنے کا حکم

**سوال** (۶۸۹): یاسین بھیا میں اس لڑکی سے ہر طرح تنگ آ کر اس کے کہنے پر اور مزید میرے او پر ہر روز ایک نہ ایک الزام لگاتی رہتی ہے اس لئے میں اس کو طلاق دے رہا ہوں، طلاق طلاق طلاق۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں حمدی بیگم پر تین طلاق واقع ہو کر مغلظہ ہوگئی اب اس سے زن وشوہر کے تعلقات قائم رکھنا جائز نہیں لقولہ تعالیٰ ''فان طلقها فلا تحل له حتى تنكح زوجًا غيره''

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) (سورۃ البقرۃ رقم الآیۃ: ۲۳۰)۔

ولو كرر لفظ الطلاق وقع الكل۔ (الدر المختار ص:۲۹۳ ج:۳) کراچی۔

إذا قال لا مرأته أنت "طالق " وطالق" "طاق" ولم يعلقه بالشرط إن كانت مدخولاً بها طلقت ثلاثاً۔ فإن كانت غير مدخولة بها طلقت واحدة۔ (الفتاوىٰ

الهندیة ص:۴۲۳ ج:۱، زکریا)۔

ولا ینکح مطلقة بها أی بالثلاث لو حرة وثنتین لو أمة۔ حتی یطأها غیرہ ولو الغیر مراهقاً یجامع مثله بنکاح وتمضی عدته۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۴۱۰ ج:۳) کراچی۔

## ایک مجلس میں تین طلاق کہنے کا حکم

**سوال** (٦٩٠): زید نے اپنی بیوی سے چار، چھ مرتبہ کہا انیسہ تم کو طلاق دیدیں گے بیوی نے سن کر کہا کہ یہ میرا نام نہیں ہے تو زید نے نام پوچھ کر کہا کہ جاؤ تم کو طلاق دی، طلاق دی، طلاق دی بار بار کہا ایک ہی مجلس میں بار بار طلاق کا لفظ کہنے سے کون سی طلاق واقع ہوگی؟ امام اعظم اور دیگر ائمہ کے نزدیک کونسی طلاق واقع ہوگی؟

کیا کوئی حنفی صرف طلاق میں دیگر ائمہ کی پیروی کرسکتا ہے اگر کرسکتا ہے تو زندگی بسر کس مسلک پر کیجائے؟

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

صورت مسئولہ میں طلاق واقع ہوگئی۔(۱)

کسی دوسرے امام کی پیروی کے شرائط ہیں اس کے بغیر من مانی کسی ایک مسئلہ میں دوسرے امام کی پیروی یہ تلفیق ہے جو ناجائز ہے (۲) علاوہ ازیں ایک ہی مجلس میں تین طلاق دینے سے تین طلاق کا پڑنا متفق علیہ مسئلہ ہے صرف غیر مقلدین اس کے قائل نہیں ہیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

### التعلیق والتخریج

(۲) لا یخرج مقلدہ عن کونه حنیفاً بالعمل۔ (عقود رسم المفتی ص:۱۰۳ جدید)۔

(۱) ولو كرَّرَ لفظ الطلاق وقع الكل. (الدر المختار ص:۲۹۳ ج:۳، کراچی).

(۳) وله كان الطلاق ثلاثاً فى الحرة وثنتين فى الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها. (الفتاوىٰ الهندية ص:۵۳۵ ج:۱، زکریا).

الدر المختار مع الشامی ص:۴۱۰/ج:۳۔ کراچی۔

فتح القدیر ص:۳۱/ج:۴۔ دار إحياء التراث العربی۔

## ''تین مرتبہ طلاق دیتا ہوں'' کہنے کا حکم

**سوال** (۶۹۱): نیر جہاں کی شادی عبد الرؤف سے ہوئی تھی کچھ دنوں کے بعد آپس کی بدمزگی کے سبب عبد الرؤف نے بیوی سے کہا کہ بلاؤ اپنے باپ کو میں تم کو طلاق دیتا ہوں تین مرتبہ یہی الفاظ کہا میں تجھ کو طلاق دیتا ہوں، اس وقت ہمارے میکے کے لوگ اور پڑوس کے لوگ بھی موجود تھے۔ نیر جہاں جبھی سے اپنے میکے میں ہے، طلاق کے بعد ''عبد الرؤف'' نے مقدمہ دائر کر دیا ہے کہ میں ''نیر جہاں'' کو اپنے ساتھ لے جانا چاہتا ہوں لیکن اس کے والدین رخصت نہیں کرتے مقدمہ میں عبد الرؤف دو مرتبہ شکست کھا چکا ہے تیسری مرتبہ اپیل میں مقدمہ خارج ہو گیا نیر جہاں یہ معلوم کرنا چاہتی ہے کہ شرعاً طلاق ہوئی کہ نہیں۔ جواب عنایت فرمائیں کرم ہوگا۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں نیر جہاں پر تین طلاق واقع ہو گئی اب عبد الرؤف کے لئے تعلق از دواجیت قائم کرنا جائز نہیں الا یہ کہ حلالہ ہو۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) فلو قال: "أنت طالق ثلاثاً" إلا نصف تطليقة وقع الثلاث فی المختار۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۲۷۶ ج:۳، کراچی)۔

ولا ينكح مطلقة بها أي بالثلاث لو حرة وثنتين لو أمة حتى يطأها غيره ولو الغير مراهقاً يجامع مثله بنكاح وتمضی عدته۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۴۱۰ ج:۳، کراچی)۔

الفتاویٰ الهندیة ص: ۴۲۳ ج: ۱ ۔زکریا۔

فتح القدیر ص: ۳۱ ج: ۴ ۔دار إحیاء التراث العربی۔

## صورت مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی

**سوال** (۶۹۲): ایک شخص کی شادی ہوئی ایک سال کے بعد لڑکے کے گھر والوں نے لڑکے کو کچھ کھلا پلا کر بیہوش کر دیا اس کے بعد ایک طلاق نامہ لکھ کر لڑکے کو دیا اور لڑکے نے اس طلاق نامہ کو لڑکی کی پھوپھی کو دیدیا اور کہا یہ لو اور تم جانو اور تمہاری لڑکی جانے، اس کے بعد جب لڑکے کو ہوش آیا تو جب لڑکے سے کہا گیا تو لڑکے نے کہا کہ ہم کو نہیں معلوم یہ طلاق نامہ کس نے لکھا اور کس ن دیا لڑکا اس کی وجہ سے بہت پریشان ہے تو آیا اس صورت میں طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) عن ابنا عباس رضی اللہ عنه قال فی "حدیث طویل" إنما الطلاق لمن أخذ بالساق۔ (سنن ابن ماجه ص:۱۵۱ ج:۱۔ مکتبه ملت)۔

لایقع طلاق المولی علی امرأة عبده لحدیث ابن ماجة۔ الطلاق لمن أخذ بالساق۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۲۴۲ ج:۳۔ کراچی)۔

و کذالك کل کتاب لم یکتبه بخطه ولم یمله بنفسه لا یقع به الطلاق إذا لم یقر أنه کتابه کذا فی المحیط۔ (الفتاویٰ الهندیة ص:۴۴۶ ج:۱، زکریا)۔

## ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی

**سوال** (۶۹۳): میں نے اپنی بیوی کو چھ سال قبل طلاق دیدیا ہے یعنی اس طرح سے کہ وہ بہت دنوں سے مجھ سے جدا تھی تو میں نے لوگوں سے کہہ دیا کہ میں نے اپنی بیوی کو طلاق دیدیا ہے، اس کے بعد لڑکی کے والدین اور رشتہ دار میرے پاس پہنچے اور مجھ سے پوچھا کہ واقعی آپ نے طلاق دیدیا ہے، میں نے طلاق کی تصدیق کردی کہ میں نے طلاق دیدیا ہے لڑکی کو طلاق کا پتہ دوسروں کے ذریعہ سے ہوا میں نے لڑکی کے سامنے طلاق نہیں دیا تھا، اس سے میری ایک اولاد بھی ہے جس کی عمر سات سال قریب ہے اب میرے والدین اور لڑکی کے بھائی وغیرہ چاہتے ہیں کہ اگر وہ شریعت کے مطابق لوٹائی جاسکتی ہے تو لوٹالوں تاکہ ایک ساتھ زندگی گذار سکوں یہی خواہش ہے کہ اگر شریعت کے مطابق کوئی گنجائش نکل سکتی ہو تو آپ وہ صورت ہی خط میں لکھ کر بھیج دیں آپ کا بہت ممنون ومشکور ہوں اس لڑکی کی شادی اب تک نہیں ہوئی ہے۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

صورت مسئولہ میں ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی ہے، (۱) اور عدت کے اندر چونکہ رجوع نہیں کیا اس لئے اب از سر نو نکاح کرکے آپ اس عورت کو رکھ سکتے ہیں، (۲) حلالہ کی

ضرورت نہیں ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) وصريحه مالم يستعمل إلا فيه [ "كطلقتك"- "وأنت طالق" "ومطلقة" ويقع بها أى بهذه الألفاظ وما بمعناها من ألصريح واحدة رجعية- وتحته فى الشامية: عند عدم ما يجعل بائناً- (شامی ص:۲۴۷ ج:۳- كراچی)-

(۲) الرجعة إبقاء النكاح على ما كان ما دامت فى العدة كذا فى النبين- (هنديه ص:۵۲۲ ج:۱- زكريا)-

(۳) الآية تدل على شرعية الرجعة وعدم رضاها بها واشتراط العدة لأن بعد انقضاءها لا يسمى بعلاً- (تبيين الحقائق ص:۲۵۱ ج:۲- امدادية ملتان)-
إذا كان الطلاق بائناً دون الثلاث فله أن يتزوجها فى العدة وبعد انقضاءها- (الفتاوىٰ الهندية ص:۵۳۵ ج:۱- زكريا)-

## لفظ ''چھوڑ دیا'' طلاق صریح کے معنی میں مستعمل ہے

**سوال** (۶۹۴): مسمی شاکر علی نے اپنی بیوی مسماۃ ناظمہ خاتون سے ایک جھگڑے کی وجہ سے غصہ سے آپے سے باہر ہو کر اپنی زبان سے یہ کہہ دیا کہ میں نے تجھ کو چھوڑ دیا یہ الفاظ کم از کم دو تین بار ضرور منہ سے نکالے طلاق کا لفظ منہ سے نہیں نکالا تھا مجھے یقین ہے کہ میں نے کم از کم دو بار ضرور چھوڑ دیا کے الفاظ منہ سے نکالے تھے ہوسکتا ہے کہ میں نے تین بار کہا ہو ناظمہ خاتون کا کہنا ہے کہ مجھے یاد نہیں کہ کتنی بار میں نے یہ الفاظ کہے ہیں یہ الفاظ کئی بار کہے گئے ایسی صورت میں شرع شریف کا میرے بارے میں کیا حکم ہے؟

**الجواب: حامدًاومصلیًا**

لفظ ''چھوڑ دیا'' طلاق صریح کے معنی میں مستعمل ہے، (۱) اور چونکہ دو بار کہنے پر یقین ہے اس لئے دو طلاق صریح واقع ہوگئی، (۲) اور اگر تیسری مرتبہ کہنے پر یقین ہوگیا تو پھر مغلظہ ہوجائے گی، (۳) اول صورت میں عدت کے اندر اندر شاکر علی رجعت کرسکتے ہیں، اور اگر عدت گذر چکی ہے تو از سرے نو نکاح کرنا ہوگا، (۴) اور دوسری صورت میں یعنی اگر تیسری مرتبہ کہنے پر یقین ہوگیا تو حلالہ کرنا ہوگا (۵) ''**وفی نوادر ابن سماعه عن محمد رحمه الله تعالی اذا شك فی انه طلق واحدة او ثلاثا فهی واحدة حتی یستیقن اویکون اکبر ظنه علی خلافه الخ**'' (ہندیہ: ۱/ ۳۶۳)

الجواب صحیح — فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

بندہ محمد حنیف غفرلہ — حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعـــلیـــق والتخـــریـــج

(۱) الصریح لایحتاج إلی النیةِ۔ (البحر الرائق ص:۲۵۹ ج:۳۔ سعید)۔

(۲) وصریحه مالم یستعمل إلا فیه... یقع بهذه الألفاظ وبما بمعناها من الصریح واحدة رجعیة وتحته فی الشامیة: بلا اشتراط نیة۔ (شامی ص:۲۴۷ ج:۳۔ کراچی)۔

(۳) إذا طلق الرجل امرأته تطلیقة رجعیةً فله أن یراجعها فی عدتها رضیت بذلك أولم ترض۔ (هدایة ص:۳۹۴ ج:۲)۔

(۴) إذا کان الطلاق بائناً دون الثلا فله أن یتزوجها فی العدة وبعد انقضائها۔ (هندیة ص:۵۳۵ ج:۱۔ زکریا)۔

(۵) ولا ینکح مطلقة بها أی بالثلاث لو حرة ثنتین لو أمة حتی یطأها غیره... وتمضی عدته۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۴۱۰ ج:۳۔ کراچی)۔

(۶) (الفتاویٰ الهندیة ص: ۳۶۳ ج:۱۔ رشیدیة)۔

## غصہ کی حالت میں طلاق دیا تعداد یاد نہیں، کتنی طلاق واقع ہوگی؟

**سوال** (۶۹۵): زید نے اپنی بیوی ہندہ کو حالت غصہ میں جھگڑا کے سلسلہ میں مارنے دوڑا یا ہندہ ڈر کے مارے پڑوس کے ایک مکان میں گھس گئی زید نے جب اپنی بیوی کو نہ پایا تو حالت غصہ میں طلاق دے دیا یہ کام یعنی طلاق اپنے صحن میں دیا دریافت کیا گیا ہے کہ کتنی بار طلاق دیا تو کہا کہ مجھے ہوش نہیں ہے کہ کتنی بار طلاق دیا صرف طلاق کا لفظ یاد ہے تعداد یاد نہیں ہے کتنی طلاق واقع ہوئی؟

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

طلاق غصہ ہی کی حالت میں دی جاتی ہے، (۱) پیار اور محبت میں کوئی طلاق نہیں دیتا (۲) صورت مسئولہ میں چونکہ طلاق کا دینا یاد ہے البتہ تعداد یاد نہیں ہے اس لئے ایک طلاق کا واقع ہونا یقینی ہے، الایہ کہ بعد میں چل کر دو یا تین پر یقین ہو جائے یا غالب ظن ہو تو اس صورت میں اس کے مطابق حکم لگایا جائے گا۔ الحاصل اس وقت صرف ایک طلاق واقع ہوئی لہٰذا عدت کے اندر اندر اگر رجعت کرلیا تو ٹھیک ہے ورنہ عدت گذر جانے پر بائنہ ہو جائے گی۔

**"وفی نوادر ابن سماعه عن محمدؒ اذ شك فی أنه طلق واحدة أو ثلاثا فهی واحدة حتی یستیقن أو یکون اکبر ظنه علی خلافه فان قال الزوج عزمت علی أنها ثلاث او هی عندی علی أنها ثلاث یوضع الأمر علی اشده"** (الفتاوی الہندیہ: ۱/ ۳۶۳) **مطلب وشك انه طلق واحدة أو ثلاثا۔** (۳)

الجواب صحیح
بندہ عبد الحلیم غفرلہ

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) (الفتاویٰ الہندیۃ ص: ۳۶۳ ج: ۱۔ رشیدیۃ)۔

(۲) ولذا یقع بلا توقف علی نیۃ فی حالۃ الغضب۔ (شامی ص: ۳۰۱ ج: ۳۔ کراچی)۔

(۳) لو کان کذالك لم یقع علی أحدٍ طلاق لأن أحداً لا یطلق حتی یغضب۔ (بذل المجھود ص: ۱۷۹ ج: ۸۔ مرکز الشیخ)۔

# غصہ کی حالت میں طلاق دیا طلاق ہوئی یا نہیں؟

**سوال** (۶۹۶): میں عبد الحق اپنی زوجہ کو غصہ میں آکر طلاق طلاق طلاق کہا اس کو ڈارنے کے لئے نہ اس کو طلاق دینا چاہتا ہوں نہ چھوڑنا چاہتا ہوں، یہ نہیں کہا کہ میں نے تم کو طلاق دیا میں اپنی زبان سے جا کر تین آدمیوں سے کہا کہ میں نے اپنی بیوی کو طلاق دیا معراج احمد، محمد احمد اور ایاز احمد، معراج احمد سے یہ بھی کہا کہ اپنی زبان بہت سنبھالا لیکن پھر بھی طلاق دیدیا لڑکی نے کئی آدمیوں کے سامنے کہا کہ ایک مرتبہ طلاق دیا تو میں نے لنگی پکڑ لیا کہ ایسا کیوں کررہے ہیں پھر اس کے بعد دو مرتبہ طلاق طلاق کہا لڑکی کے بیان کے کئی گواہ ہیں۔ مولانا سکندر علی صاحب، مولانا عبد الوحید صاحب، فضل الرب صاحب، لڑکی نے یہ بھی کہا کہ شوہر نے قرآن شریف ہاتھ میں لے کر طلاق کا لفظ کہا۔ لڑکے کے بیان کے گواہ محمد احمد معراج احمد، ایاز احمد۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

طلاق غصہ ہی میں دی جاتی ہے، (۱) پیار و محبت میں کوئی بھی شخص طلاق نہیں دیتا (۲) تین مرتبہ طلاق طلاق طلاق کہنے کی وجہ سے بیوی پر تین طلاق پڑ گئی (۳) اور تعلق از دواجیت ختم ہوگیا، اب بغیر حلالہ کے اس سے نکاح کرنا جائز نہیں، (۴) صرف طلاق کہنے سے بھی طلاق پڑ جاتی ہے ”ولا یلزم کون الاضافۃ صریحۃ فی کلامہ کما فی البحر لو قال طالق فقیل لہ من عنیت فقال امرأتی طلقت امرأتہ الخ“

(شامی: ۲/ ۴۲۹)

اور چونکہ یہ لفظ صریح ہے اس لئے اس میں نیت کا اعتبار نہیں، اگر ڈرانے کی صرف نیت تھی پھر بھی طلاق پڑگئی۔ (کذا فی الدر المختار: ۲/ ۴۳۰) (۵)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) شامی ص: ۴۲۹ ج: ۲ نعمانیہ باب الصریح۔

(۱) ولذا يقع بلا توقف على نية فى حالة الغضب۔ (شامی ص: ۳۰۱ ج: ۳۔ کراچی)۔

(۲) لو كان كذالك لم يقع على أحد طلاق لأن أحداً لا يطلق حتى يغضب۔ (بذل المجهود ص: ۱۷۹ ج: ۳۔ مرکز الشیخ)۔

(۳) ولو كرَّرَ لفظ الطلاق وقع الكل الدر المختار ص: ۲۹۳ ج: ۳۔ کراچی۔

(۴) لا ينكح مطلقة بها أى بالثلاث لو حرة وثنتين لو أمة حتى يطأها غيره ولو الغير مراهقاً يجامع مثله وبنكاح وتمضى عدته۔ (الدر المختار مع الشامی ص: ۴۱۰ ج: ۳۔ کراچی)۔

## طلاق صریح و معلق کی ایک شکل

**سوال** (۶۹۷): زید نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دیدیا اس کے بعد زید نے اپنی بیوی سے کہا کہ اگر تم نے پندرہ دن کے بعد میری اجازت کے بغیر اس گھر میں قیام کیا تو تم پر طلاق ہے لیکن پندرہ دن کے اندر ہی لوگوں نے زید کو راضی کرلیا اور زید نے پندرہ دن کے اندر ہی اس گھر میں ہمیشہ قیام کی اجازت دیدی تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ اور اب اس کے بعد کتنے طلاق کا مالک رہے گا؟

**الجواب: حامداً ومصلياً**

پہلی طلاق چونکہ تنجیزاً ہے اس لئے اس کے واقع ہونے میں تو کوئی شبہ (۱) نہیں البتہ دوسری طلاق چونکہ تعلیقاً تھی اور پندرہ دن کے اندر زید نے اجازت دیدی اس لئے یہ طلاق واقع نہ ہوئی، (۲) اب آئندہ صرف دو طلاق کا زید مالک ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) وصریحه مالم یستعمل إلا فیه.... یقع بهذه الألفاظ وما بمعناها واحدة رجعیة وتحته فی الشامیة بلا اشتراط نیةٍ. (شامی ص:۲۴۷ ج:۳. کراچی).

(۲) وإذا أضافه إلی الشرطا وقع عقیب الشرط اتفاقاً. (ہندیہ ص:۴۸۵ ج:۱، زکریا).

تبطل الیمین ببطلان التعلیق. (الدر المختار مع الشامی ص:۳۵۲ ج:۳. کراچی).

مجمع الأنہر ص:۵۹ ،ج:۲، فقیہ الامت۔

البحر الرائق ص:۲۴ ،ج:۴، سعید۔

## والدین کے حکم پر طلاق کا مسئلہ

**سوال** (۶۹۸): زید نے بکر کے لڑکے عثمان کو اپنی طرف راغب کر کے اپنے دوست کے ذریعہ اس کو اپنی دامادی کے لئے منتخب کرنے کا اظہار کیا اور لڑکے نے اپنے والد کو خط لکھ کر مطلع کیا اور ابھی بات چل رہی تھی کہ اسی دوران لڑکی والوں نے لڑکے کے سامنے لڑکی کو کر دیا اور اس لڑکی کے ہاتھ سے تحفہ دیا پھر لڑکے نے بھی اپنے رشتہ کے لئے لڑکی کے ہاتھ تحفہ بھجوایا، ان حرکتوں کی اطلاع لڑکے نے اپنے والدین کو ان کے صدور کے بعد کی، ان حرکتوں کے بعد لڑکے کے والدین کے اختیار میں تذبذب ہوگیا اور لڑکے کے اصرار پر لڑکی لانے پر راضی ہونے کے سوا چارہ نہ تھا شادی بعد لڑکی والوں نے نہ معلوم تسخیر کے عمل کے ذریعہ یا کوئی ناشائستہ حرکتوں کے ذریعہ لڑکے کو اپنا بنالیا اور اسے والدین سے کاٹ

کیااس طرح عمل تسخیر کرنایا کروانا کیسا ہے؟

یہاں تک کہ لڑ کا ایک اسکول سے وعدہ خلافی کر کے مستعفی ہو کر سسرال والوں کے زیر اثر اسکول میں ملازمت کے لئے چلا گیااور وہاں جا کر بالکل ہی سسرال والوں کا ہو گیااور والدین کی کوئی بات ماننے کو تیار نہیں چاہے وہ قرآن وحدیث کے مطابق ہوں اور سسرال والوں کے خلاف قرآن وحدیث کی بات پر بھی آمنا وصدقنا کہتا ہے اور وہ ان پر عمل کرتا ہے اور والدین و دیگر رشتہ داروں کی حق تلفی کرتا ہے، اس کی بیوی اسکو جماعت میں جانے سے روکتی ہے اور اس کے پیسہ پر بھی قبضہ جمائے رہتی ہے اور اپنے میکے والوں پر اس سے خرچ کرواتی ہے اور اس کے والدین کو دینے نہیں دیتی، اپنی بیوی کے اثر میں آکر اپنی والدہ اور بہنوں پر زیادتی بھی کرتا ہے اور لڑکے کی دینی حالت پہلے کی طرح نہیں رہی حد یہ کہ لڑکی کی سات نمازیں شادی میں مہدی لگانے کے سبب جانے پر قضا ہونے پر بکر نے زید سے شکایت کی تب ہی سے لڑکی نے اس بات کو اختلاف کا سبب بنایا ان سب باتوں میں عثمان لڑکا اور لڑکی کے والدین اس کا ساتھ دے رہے ہیں لڑکی عثمان سے جھگڑتی بھی رہتی ہے اور اس کی خدمت کرنے کے بجائے اس سے خدمت لیتی ہے یہ سب کچھ عثمان اس لئے سہ کر کے ہے کہ وہ زید کے زیر اثر ہے زید اور ان کی بیوی کا حال دیکھتے ہوئے بکر سوچتا ہے کہ اگر یہ لڑکی عثمان کے نکاح میں رہی تو اس کا حال برا ہوگا کہ لڑکی نہ تو امور خانہ داری کو اچھی طرح جانتی ہے نہ بچّا کی پرورش کرنے کا ڈھنگ ہے نہ عثمان کی خدمت کا ولولہ ہے بلکہ اس سے خدمت لیتی ہے ان سب حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے بکر سوچتا ہے کہ اس طرح اس کے لڑکے عثمان کی زندگی اور دنیا و آخرت دونوں برباد ہو رہے ہیں اور ہونے والے بچوں کی زندگی بھی خراب ہونے کا خطرہ ہے یہ سوچ صحیح ہے یا غلط؟

لہٰذا بکر اپنے لڑکے عثمان کو اس کی بیوی کو طلاق کا حکم دے یہ جائز ہے یا نہیں؟ اور عثمان سے ناراض رہ کر اس کو طلاق دینے پر مجبور کرے تو حق بجانب ہے یا نہیں؟ اور عثمان نہ مانے تو والدین کا نافرمان ہوگا یا نہیں؟ اور اس سے بکر کو احتجاج کا حق ہے یا نہیں؟

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان کے لڑکے حضرت اسماعیل کی بیوی کی تنگ دستی کی شکایت کرنے پر حضرت اسماعیل کو حکم دیا کہ وہ اپنی بیوی کو طلاق دیدیں اس سے سند پکڑ کر بکر خیال کرتا ہے کہ عثمان کو اس کی بیوی کو طلاق دینے کا حکم دینے میں وہ حق بجانب ہے جواب تحریر فرمائیں۔

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

ایسا عمل جو بیٹے کو باپ سے شوہر کو بیوی سے جدا کردے جائز نہیں، البتہ کسی مسئلہ میں زیادہ بدظنی کی بھی اجازت نہیں قرآن نے ''**ان بعض الظن اثم**'' فرمایا ہے۔(۱)

اس کا یہ عمل غلط ہے حدیث پاک کے خلاف ہے''**لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق**'' قرآن وحدیث کے خلاف امر میں کسی کی اطاعت جائز نہیں۔(۲)

یہ شوہر کی کمزوری ہے جو فی الحال بھی اور آئندہ بھی بہت زیادہ نقصان دہ ہوگا۔ یہ فکر وسوچ صحیح ہے، لیکن اس کی اصلاح کی اور بھی صورتیں ہیں طلاق ہی ضروری نہیں، والدین کو چاہئے کہ ایسی صورت میں طلاق پر مجبور نہ کریں، ہاں اس کی کوشش کریں کہ یہ باتیں عثمان کے بھی دل ودماغ میں اتر جائیں اور خود اس کی اصلاح کی تدابیر کو اختیار کریں، اس زمانہ میں جتنا کام پیار ومحبت سے ہوتا ہے احتجاج کرنے سے نہیں ہوتا احتجاج کر کے اپنی رہی سہی عزت بھی گنوانا ہے سمجھ دار والدین کبھی بھی ایسا نہیں کرتے، نیز طلاق دیدینے کے بعد مطلقہ عورت کے لئے دشواریاں پیش آتی ہیں وہ محتاج بیان نہیں، اور نتیجۃً جن معاصی میں مبتلا ہوتی ہیں ناقابل ذکر ہیں، پوری کوشش اصلاح وسدھار وبناؤ کی کی جائے، جذبات میں سنجیدگی پیدا کر کے اس پر غور کیا جائے اور خلاصی کی تدبیر اختیار کی جائے، اگر تعدیل حقوق والدین جو حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہ کا رسالہ ہے''معاشرت پر ایک نظر'' جو حضرت مفتی محمود حسن صاحب مدظلہ کا رسالہ ہے جس کو مولانا فاروق صاحب میرٹھی نے مرتب کیا ہے دیوبند میں ملتا ہے مطالعہ کرلیں تو بہتر ہوگا۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

# التعليق والتخريج

(۱) عن الحسن قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا طاعة لمخلوق فی معصية الخالق۔ (المصنف لابن أبي شيبة ص:۲۴۷ ج:۱۸ كتاب السير رقم الحديث: ۳۴۴۰۶۔ المجلس العملی)۔

عن ابن عمر رضی اله عنهما قال: كانت تحتی امرأة أحبها وكان أبي يكرهها فأمرنی أن أطلقها فأبيت۔ فذكرت ذلك للنبی صلى الله عليه وسلم فقال: يا عبد الله بن عمر طلق امرأتك۔ (سنن الترمذی ص:۲۲۶ ج:۱۔ مكتبه بلال)۔

لما أمر عمر رضی الله عنها ابنه عبد الله بطلاق زوجته لم يكن طلاقها واجباً عليه فلما أمره النبی صلى الله عليه وسلم وجب عليه الطلاق۔ (بذل المجهود ص:۵۲۶ ج:۱۳۔ مركز الشيخ)۔

عن محارب بن دثارٍ رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أبغض الحلال إلى الله الطلاق۔ (سنن أبی داؤد ص:۲۹۶ ج:۱) بلال۔

## پہلے دو طلاق دیا، پھر تین چار کا اعلان کیا، کتنی طلاق واقع ہوئی؟

**سوال** (۶۹۹): مجھے میرے سالے نے مارا جس کی وجہ سے بہت غصہ آیا اس پر میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ مجھے یہ ذلت گوارہ نہیں لہٰذا اپنی بیوی کو خطاب کر کے میں نے دو طلاق دیدیا پھر میں باہر آیا میرے سسرالی رشتہ دار میرے ساتھ بدتمیزی اور سختی سے پیش آئے تو میں نے کہا کہ جاؤ میں نے تین چار طلاق دیدیا ہے جو کرنا ہو کرلو۔

اب اس صورت میں میری بیوی پر کتنی طلاق واقع ہوئی جبکہ ہم دونوں رشتہ قائم رکھنے پر راضی ہیں اور بیوی کا بھی بیان ہے کہ ہم نے دو ہی مرتبہ طلاق کا لفظ سنا ہے اب علماء دین جو فرمائیں ہم لوگ کریں۔ ماجد خان (سلطان پور بھادا)

معرفت مولانا قمر الزماں صاحب ناظم بیت المعارف الہ آباد

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

صورت مسئولہ میں دو طلاق تو بلا شک وشبہ واقع ہوگئی، البتہ شوہر کا باہر نکل کر یہ کہنا کہ ''جاؤ جاؤ میں نے تین چار طلاق دیدیا ہے جو کرنا ہے کرلو'' اگر اس سے اس کی مراد یہ تھی کہ گو ابھی تک تین چار طلاق نہیں دی تھی مگر اب دے رہا ہوں تو ایسی صورت میں تین طلاق واقع ہوگئی بدون حلالہ تجدید نکاح درست نہیں، اور اگر انشاء کے بجائے اس کا مقصد صرف اخبار تھا تو ایسی صورت میں خبر کاذب ہونے کی وجہ سے دیانۃً طلاق واقع نہیں ہوئی، اس لئے کہ پہلے دو طلاق دی ہے نہ کہ تین چار اور عدت کے اندر رجعت کرلینے پر حسب سابق وہ بیوی ہوجائے گی۔ البتہ آئندہ صرف ایک طلاق کا مالک رہے گا، اور اگر بیوی کے نزدیک تین طلاق متحقق وثابت ہوجائے تو پھر المرأۃ کالقاضی کے تحت مرد کو اپنے اوپر قدرت دینا اس کے لئے جائز نہ ہوگا لیکن سوال سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ بیوی کے نزدیک بھی دو ہی مرتبہ طلاق دینا متحقق وثابت ہے، لہٰذا اس کے لئے جائز ہے کہ شوہر کو اپنے اوپر قدرت دیدے۔

''ثم نقل عن البزازیه والقنیة لو اراد به الخبر عن الماضی كذبًا لا یقع دیانةً وان شهد قبل ذلك لا یقع قضاء ایضا'' (رد المحتار جدید: ۲/ ۴۲۳)(۱)

الجواب صواب
بندہ محمد حنیف غفرلہ

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) شامی ص: ۴۲۳ ج: ۲ نعمانیہ مطلب فی المسائل التی تصح مع الِ اِکراہ۔

وصریحه مالم یستعمل إلا فیه.... یقع یهقع بهذه الألفاظ وما بمعناها وتحته فی الشامیة: بلا اشتراط فیه۔ (شامی ص: ۲۴۷ ج: ۳) کراچی۔

الصریح لا یحتاج إلی النیة۔ (البحر الرائق ص: ۲۵۹ ج: ۳۔ سعید)۔

# تین طلاق کی ایک صورت

**سوال** (۷۰۰): زید سے اس کی بیوی خالدہ نے کسی وجہ سے کہا حرامی تم مجھ کو طلاق دیدو اس کے جواب میں زید نے کہا کہ تم کو طلاق ہی کی پڑتی رہتی ہے کیا تم کو طلاق چاہئے تو خالدہ نے کہا کہ ہاں طلاق چاہئے اس کے بعد زید نے کہا کہ اگر طلاق چاہئے تو طلاق طلاق طلاق۔

اب اس صورت میں کیا زید کا نکاح خالدہ کے ساتھ باقی رہا یا ختم ہوگیا اگر طلاق واقع ہوئی تو کون سی قسم کی ہے؟ کیا رجعت ہو سکتی ہے؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں زید کی بیوی خالدہ پر تین طلاق واقع ہوگئی، (۱) اب بغیر حلالہ کے زید کے لئے اس سے تعلق از دواجیت قائم کرنا جائز نہیں۔ (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ولو كرَّرَ لفظ الطلاق وقع الكل۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۲۹۳ ج:۳۔ کراچی)۔

(۲) ولا ينكح مطلّقة بها أي بالثلاث حتى يطأها غيره حقيقةً أو حكماً ولو الغير مراهقاً يجامع مثله۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۴۱۰ ج:۳، کراچی)۔

وإن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۵۳۵ ج:۱۔ زکریا)۔

# ہوش وحواس کے ساتھ دی گئی طلاق کا حکم

**سوال** (۷۰۱): ایک آدمی کے ہوش حواس بالکل درست تھے اس نے بیوی کو طلاق دیدیا اور اس طلاق کا بعد میں کچھ لوگوں نے اقرار بھی کیا چند دنوں کے بعد یہ کہنا کچھ لوگوں سے شروع کیا کہ میرا دماغ صحیح نہیں تھا میں پاگل ہوگیا تھا مجھے کچھ خبر نہیں اور اب حال یہ ہے کہ یہ طلاق کے مسئلہ کو چھوڑ کر جن پہلو پر گفتگو کی جاتی ہے تو ہر ممکن تشفی بخش جواب اور رہر طرح سے سارے لوگ مطمئن ہوجاتے ہیں لیکن جب طلاق کا مسئلہ چھڑا بس آپے سے باہر اور بالکل عقل سے پیدل ہوش وحواس بالکل درست نہیں رہتے، تو دریافت یہ کرنا ہے کہ اس صورت میں طلاق واقع ہوئی یا نہیں صحیح صورت سے روشناس فرما کر عنداللہ ماجور وعندالناس مشکور ہوں۔

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

جب طلاق کا خود مقر ہے تو طلاق واقع ہوگئی، (۱) سوال میں ذکر کردہ باتوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کو جنون نہیں بلکہ یہ مکر ہے، ممکن ہے کہ کسی نے بتلا دیا ہو کہ اس طرح سے تمہاری جان بچ جائے گی اس کے باوجود اگر اس کا یہی دعوی ہو کہ میرا دماغ صحیح نہیں اور گاؤں والے اس کی تصدیق کرتے ہیں تو پھر طلاق کے وقت وقوع کی بات زیر غور ہو جائے گی لیکن اتنی بات ضرور ہے کہ غصہ میں اکثر ایسی کیفیت ہوجاتی ہے اور یہ وقوع طلاق میں مؤثر نہیں، اور اس زمانے میں اکثر لوگ طلاق دینے کے بعد اسی انداز کی تاویلات کیا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ بس ہدایت عطا فرمائے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) ويقع طلاق كل زوجٍ عاقل بالغٍ ولو مكرهاً۔ (ملتقى الأبحر ص:۲۶۲ ج:۱۔ مؤسسة الرسالة۔

ہدایۃ ص:۳۵۸ ج:۲۔تھانوی

ويتح طلاق كل زوجٍ عاقلٍ بالغٍ لصدوره من أهله فى محله۔ (البحر الرائق ص:۲۴۴ ج:۳سعيد)۔

ولذا يقع بلا توقف على نيةٍ فى حالة الغضب۔ (شامى ص:۳۰۱ ج:۳۔ کراچی)۔

## طلاق غضب کا حکم

**سوال** (۷۰۲): ایک شخص نے اپنی بیوی کو غصہ کی حالت میں تین طلاق دے دیا شریعت مطہرہ میں اس کا کیا حکم ہے؟ بینوا وتو جروا۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

طلاق غصہ ہی میں دی جاتی ہے، (۱) پیار میں کوئی طلاق نہیں دیتا، (۲) اس لئے بہر حال تین طلاق واقع ہو کر مغلظہ ہوگئی، اب بیوی سے تعلق از دواجیت قائم رکھنا جائز نہیں۔ (۳) البتہ اگر بیوی راضی ہو تو حلالہ شرعی کے بعد شرعی طریقہ پر نکاح کر کے رکھ سکتے ہیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب — الجواب صحیح

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ — بندہ عبدالحلیم

## التعليق والتخريج

(۱) ولذا يقع بلا توقف على نية فى حالة الغضب۔ (شامى ص:۳۰۱ ج:۳۔ کراچی)۔

(۲) لو كان كذلك لم يقع على أحد طلاق لأن أحداً ا يطلق حتى يعضب۔ (بذل المجهود ص:۱۷۹ ج:۸) مركز الشيخ۔

(۳) إن كان الطلاق ثلاثاً فى الحرة وثنتين فى الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً

غیرہ۔ نکاحاً صحیحاً ویدخل بہا ثم یطلقہا أو یموت عنہا۔

(الفتاویٰ الھندیۃ ص:۵۳۵ ج:۱۔ زکریا)۔

الدر المختار مع الشامی ص:۴۱۰ ج:۳۔ کراچی۔

## غیر محرم کے ساتھ سفر پر طلاق کا حکم

**سوال** (۷۰۳): زید کی بیوی خالدہ آج تقریباً چھ سال سے بسلسلۂ علاج معالجہ بمبئی میں اپنے والدین کی آغوش میں تھی رمضان سے پہلے زید نے بیوی کے پاس آنے کا خط لکھا خط پاتے ہی بیوی آنے کے لئے بے حد پریشان ہوئی اس کی پریشانی کو دیکھ کر والدین نے کسی طرح اس کو زید کے پاس بھیجنے کی سوچی۔ اتفاق کی بات خالدہ کے گاؤں کا ایک نوجوان لڑکا گھر جانے والا تھا جو کہ خالدہ کا نہ تو محرم نہ کوئی رشتہ دار نہ ہی پڑوسی تھا فقط گاؤں کا تھا۔ اور نہ کوئی متقی اور پرہیزگار ہی بلکہ داڑھی صاف کرنے والا اپٹوڈیٹ قسم کا تھا والدین خالدہ کی بے چینی دیکھ کر اسی کے ساتھ خالدہ کو لگا دیا کہ بمبئی سے گھر تک پہنچا دے گا (باوجود یہ کہ خالدہ کا بھائی اور باپ وغیرہ بھی بمبئی ہی میں موجود تھے) تو گاؤں کے لڑکے نے اس کو تنہا بمبئی سے لے کر گھر تک پہنچایا۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ ایسا کرنے والے شخص کا شرعاً حکم کیا ہے؟ کیا اس طرح کا سفر درست ہے؟ اور خالدہ کے محرم موجود ہونے کے باوجود اس کے والدین کا ایسا کرنا اور خود خالدہ کا ایک غیر محرم کے ساتھ اس طرح سفر کرنا کیسا ہے؟ اور خالدہ کا شوہر زید اس صورت میں اب کیا کرے؟ اگر اس خفگی کی حالت میں زید خالدہ کو اپنے سے جدا کرنا چاہے تو کرسکتا ہے یا نہیں؟ اگر جدا کردے گا تو کیا قابل مواخذہ و سزا اور گنہگار ہوگا؟

تشفی بخش جواب سے نوازیں۔ عین کرم ہوگا۔

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

خالدہ کا غیر محرم کے ساتھ یہ سفر غیر شرعی اور موجب گناہ ہوا۔ (۱) خالدہ کے والدین کو ایسا

نہیں کرنا چاہئے تھا، بہر حال آئندہ اس کا خیال رکھنا ضروری ہے، اور خالدہ کو چاہئے کہ وہ توبہ استغفار کرے۔

لیکن اس کی وجہ سے زید کے لئے جائز نہیں کہ خالدہ کو طلاق دے دے، (۲) البتہ اپنی بیوی کو افہام وتفہیم کردے۔

الجواب صحیح — فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

بندہ محمد حنیف غفرلہ — حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۲) عن ابن عمر رضی اللہ عنهما: عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال: أبغض الحلال إلی اللہ الطلاق۔ (سنن أبی داؤد ص: ۲۹۶ بلال)۔

(۱) ولا تجوز للمرءة أن یسافر یوماً ولیلة إلا کان معها محرم سواء کانت المرأة شابة أو هرمةً۔ (المنهل العذب المورود ص:۲٦٦ ج:۱۰)۔

شامی ص: ۴۶۴/ج: ۲۔ کراچی۔

البحر الرائق ص: ۳۱۵/ج: ۲۔ سعید۔

بدائع الصنائع ص: ۲۹۹/ج: ۲۔ زکریا۔

فتاویٰ قاضی خان ص: ۲۵۱/ج: ۱۔ دار الکتاب العلمیة۔

بذل المجهود ص: ۱۳/ج: ۷۔ مرکز الشیخ۔

نیل الأوطار ص: ۳۲۵/ج: ۴۔

## طلاق مغلظہ کی ایک شکل

**سوال** (۷۰۴): جناب سرفراز کو معلوم ہو کہ خط موضع کھلا سے جناب ادریس علی تمہاری لڑکی کو طلاق دے رہے ہیں۔ اس لئے کہ آپ نے وعدہ کیا تھا کہ میں ۳۰/۸/ ۱۹۸۴ء کو اپنی لڑکی کی رخصتی کردوں گا لیکن آپ رخصت نہیں کئے اس لئے مجبور ہو کر طلاق

دے رہا ہوں اور طلاق نہیں دیتے کیونکہ پنچایت میں عدہ ہو چکا تھا کہ اپنی لڑکی کی رخصتی کر دوں گا آپ مانے تھا آپ نے رخصتی نہیں کیا، اس وجہ سے طلاق طلاق طلاق دے رہے ہیں اور بس، موضع کہلا۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

صورت مسئولہ میں ادریس علی کی بیوی پر تین طلاق واقع ہو کر مغلظہ ہوگئی، (۱) اب اس سے ادریس علی کے لئے تعلق از دواجیت قائم رکھنا جائز نہیں۔ (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) **ولو كرّر لفظ الطلاق وقع الكل.** (الدر المختار مع الشامی ص: ۲۹۳ ج: ۳۔ کراچی)۔

(۲) **ولا ينكح مطلقة بها أي بالثلاث حتى يطأها غيره حقيقة أو حكماً ولو الغير مراهقاً يجامع مثله بنكاح حتى تمضي عدته.** (الدر المختار مع الشامی ص: ۴۱۰ ج: ۳۔ کراچی)۔

(۳) الفتاویٰ الہندیہ ص: ۵۳۵/ ج: ۱۔ زکریا۔

## ایک دو تین طلاق کہنے کا حکم

**سوال** (۷۰۵): زید نے اپنی بیوی (انوری) کو اس کی نافرمانیوں کی وجہ سے غصہ کی حالت میں اپنی بیوی سے کہا ایک دو تین طلاق اس کے علاوہ اس کے بعد کسی لفظ کا استعمال نہ کیا پھر تھوڑی ہی دیر بعد زید نے اپنی ماں سے کہا کہ میں نے رخسانہ کی ماں (انوری) کو طلاق دیدیا ہے۔ صورت مسئولہ میں جواب طلب امر یہ ہے کہ زید پھر اپنی بیوی کو اپنے نکاح میں رکھ سکتا ہے یا نہیں؟ اور کونسی طلاق واقع ہوئی؟

**المستفتی**: اذکار احمد ۸ اقبال ہاسٹل پٹنہ

(الف) جواب منجانب مرکزی دارالقضاء اتر پردیش

باسمہ تعالیٰ وہو الصواب

عرف میں ایک دو تین طلاق تین مرتبہ طلاق دینے کے معنیٰ میں استعمال ہوتا ہے اسی عرف کا بعد میں زید نے اعتراف بھی کیا ہے اس لئے تین طلاق واقع ہونے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ ''متی قرن الطلاق بالعدد کان الوقوع بالعدد'' (شامی: ۲/ ۶۷۲) (۱)

فقط محمد مستقیم ندوی ۲۷/ ۷/ ۱۴۱۱ء

(ب) جواب منجانب مدرسہ اسلامیہ شمس الہدیٰ پٹنہ

بصورت مذکورہ چونکہ زید نے اپنی بیوی سے ایک دو تین طلاق کہہ کر اس کی صراحت نہیں کی ہے کہ اس نے طلاق دیدی یا طلاق دے دے گا اس لئے اس سے اس کی بیوی پر طلاق واقع نہیں ہوئی البتہ بعد میں اس کے اقرار طلاق کی وجہ سے اس کی بیوی پر ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی عدت کے اندر اس کو رجعت کا حق ہے اور اگر عدت گذر چکی ہو تو دونوں کی رضامندی سے آپس میں دوبارہ نکاح جائز ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

مرکزی دارالقضاء اتر پردیش کا جواب صحیح ہے، تین طلاق واقع ہوکر مغلظہ ہوگئی، اب بغیر حلالہ کے تعلق ازدواجیت قائم کرنا درست نہیں۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) (شامی ص: ۲۵۰ ج: ۳۔ مطلب طلاق غیر المدخول بہا)۔ کراچی۔

(۲) إن کان الطلاق ثلاثاً فی الحرة وثنتین فی الأمة لم تحل له حتی تنکح زوجاً غیره

نکاحاً صحیحاً۔ ویدخل بھا ثم یطلقھا أو یموت عنھا۔ (الفتاویٰ الھندیة ص:٥٣٥ ج:١۔ زکریا)۔

فتح القدیر ص:٣١/ج:٤۔ دار إحیاء التراث العربی۔

الدر المختار مع الشامی ص:٤١٠/ج:٣۔ کراچی۔

## حالت حمل میں طلاق کا حکم

**سوال** (٧٠٦): زید کو اپنی زوجہ سے آپسی رنجش ہوگئی جس کی وجہ سے اس کی بیوی اپنے شوہر کے گھر سے باہر جارہی تھی زید نے اس کو باہر جانے سے روکا مگر وہ نہ مانی اور گھر سے چلی گئی جب وہ زید کی نگاہوں سے دور چلی گئی تو زید نے ایک عورت کے روبرو کہا کہ میں نے ایک دو تین طلاق دیا جب زید کی زوجہ واپس آنگن میں آئی تو زید نے دیگر عورت کو مخاطب کرکے کہا کہ میں نے ایک دو تین طلاق دیدیا ہے یہ میرے آنگن میں کیوں آئی۔ اب غور طلب بات یہ ہے کہ زید کی بیوی دو ماہ کی حاملہ ہے ایک چھوٹی بچی گود میں ہے فی الوقت اپنے ماں باپ کے گھر زندگی بسر کر رہی ہے ادھر زید اپنے اس فعل مذموم پر کافی نادم ہے اور اپنی بیوی سے رجوع کا خواہاں ہے عرض حال یہ ہے کہ از رئے شرع گنجائش نکال کر ممنون کریں۔

محمد جمال الدین

پھلواری شریف، پٹنہ

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

حالتِ حمل میں طلاق دینے سے بھی طلاق واقع ہوجاتی ہے۔ (١) لہٰذا صورت مسئولہ میں زید کی بیوی پر تین طلاق مغلظہ واقع ہوگئی، اور بیوی حرام ہوچکی۔ اب شرعی حلالہ کے بغیر دونوں کے درمیان دوبارہ نکاح کے جائز ہونے کی شرعاً کوئی دوسری صورت نہیں ہے۔

”وان کان الطلاق ثلاثًا فی الحرة او ثنتین فی الامة لم تحل حتی تنکح

زوجًا غیرہ نکاحًا صحیحا ویدخل بھا ثم یطلقھا او یموت عنھا“
(ہدایہ: ۲/۳۷۹) (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم
سہیل احمد قاسمی

## جواب دار الافتاء دار العلوم دیوبند

ہوالموفق: آج کل بعض علاقوں میں آمادگی اور مستعدی کو ظاہر کرنے کے لئے ایک دو تین کا استعمال ہوتا ہے۔ یعنی یقینی طور پر یہ کام کر رہا ہوں اس لئے صورت مذکورہ میں زید کی بیوی پر ایک طلاق بائن واقع ہوئی۔ اگر تین طلاق دیتا تو زید یہ کہتا ”تین طلاق دی“ ایک دو اس سے پہلے نہ لگاتا۔ باقی حالت حمل میں طلاق دیا ہے تو طلاق اس سے بھی واقع ہو جاتی ہے۔

اس کا حکم یہ ہے کہ اگر عورت راضی ہو تو دوبارہ بلا حلالہ اس کے ساتھ نکاح ہوسکتا ہے۔

الجواب صحیح
واللہ اعلم

کفیل الرحمٰن نائب مفتی دار العلوم
محمد ظفیر الدین مفتی دار العلوم دیوبند

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

دار القضاء امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ کا جواب صحیح ہے، زید کی زوجہ مطلقہ ثلاثہ ہوگئی، اب بغیر حلالہ کے رکھنا درست نہیں ہے۔ (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) وطلاق الحامل یجوز عقیب الجماع۔ (ھدایۃ ص: ۳۵۶ ج: ۲۔ اشرفی دیوبند)۔

(۲) وإن کان الطلاق ثلاثاً فی الحرۃ أو ثنتین فی الأمۃ لم تحل لہ حتی تنکح زوجاً

غیرہ نکاحاً صحیحاً ویدخل بها ثم یطلقها أو یموت عنها۔ (هدایة ص:۳۹۹ ج:۲۔ اشرفی بک ڈپو دیوبند)۔

الفتاویٰ الہندیہ ص:۵۳۵/ج:۱۔زکریا۔

فتح القدیر ص:۳۱/ج:۴۔دار إحیاء التراث العربی۔

## ایک دو تین، تم کو جواب دیا، کہنے کا حکم

**سوال** (۷۰۷): زید نے اپنی بیوی حمیدہ کو غصہ کی حالت میں کہا کہ اگر تو ماں بیٹا کا علاقہ لگاتی ہے کہ ہم تمہاری ماں اور تو میرا بیٹا۔ تو ایک دو تین ”تم کو جواب دیدیا۔

شرعی حکم سے نواز کر ممنون کریں۔

**الجواب: حامدًا و مصلیًا**

ایک دو تین کے بعد تم کو جواب دیا یہ قرینہ ہے اس بات پر کہ ایک دو تین سے مراد طلاق ہے لہٰذا حمیدہ مطلقہ ثلاثہ ہوگئی۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) أن الصریح مالم یستعمل إلا فی الطلاق من أی لغة کانت۔ (شامی ص:۲۹۹ ج:۳۔ کراچی)۔

إن کان الطلاق ثلاثاً فی الحرة اوثنتین فی الأمة لم تحل له حتی تنکح زوجاً غیره نکاحاً صحیحاً ویدخل بها ثم یطلقها أو یموت عنها۔ (الفتاویٰ الهندیة ص:۵۳۵ ج:۱) زکریا۔

ہدایہ ص:۳۹۹/ج:۲۔اشرفی بک ڈپو دیوبند۔

فتح القدیر ص:۳۱/ج:۴۔دار إحیاء التراث العربی۔

# تحریری طلاق کا حکم

**سوال** (۷۰۸): میاں بیوی میں گھریلو جھگڑا ہوا اور لڑکی میکے چلی گئی وہ تقریبا پانچ ماہ سے ہے، لڑکے کا ماموں مذکورہ لڑکا کو لیکر گئے کہ وہاں سمجھا کر لڑکی کو لے آویں گے مگر لڑکے کا ماموں لڑکے کو دوسرے صاحب کے مکان پر بٹھا کر لڑکی والے کے یہاں گئے اور کہا کہ لڑکے نے طلاق دیدیا ہے یوں ہی ایک کاغذ نکال کر دکھایا کہ یہ ہے طلاق نامہ، مہر کی معافی کی تحریر لکھ کر دو مجھے جلدی جانا ہے اور ادھر لڑکے سے کہا الٹا سیدھا بنا کر دستخط کرایا کہ تم دونوں کی اب صلح نامہ تحریر ہے لڑکی نے دستخط کر دیا جبکہ دونوں کو ان باتوں کی خبر نہیں لڑکی اپنے شوہر کے پاس آنے والی تھی اور یہ بات پھیلائی گئی کہ طلاق ہوگئی۔ اس صورت میں کیا طلاق ہوگئی؟

**نوٹ:** لڑکا جب اپنی بیوی کو لینے گیا تو لڑکی کے والدین نے کہا کہ جب اس طرح کی باتیں ہوئی ہیں تو پہلے فتوی منگوالو، اگر اس طرح کی باتوں سے طلاق نہ ہوگی تو ہم لڑکی کو روانہ کردیں گے۔

محمد سلیم پنڈرا عبدالمنان

مسجد پنڈرا پوسٹ پنڈرا ضلع بلیا

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

تحریر سے طلاق اس وقت واقع ہوتی ہے (۱) جب تحریر لڑکا خود لکھے یا لکھوائے یا طلاق نامہ کے لکھنے کا حکم دے، (۲) اگر لڑکے نے نہ لکھا نہ لکھنے کا حکم دیا بلکہ کسی نے از خود لڑکے کی طرف سے طلاق نامہ مرتب کر دیا اور زبردستی اکراہ کی حالت میں اس پر دستخط کروالیا یا دھوکہ دیکر کچھ اور بتا کر اس پر دستخط کروالیا لڑکے نے نہ اس کو پڑھا اور نہ اس میں لکھے ہوئے مضمون کی تصدیق کی تو اس سے طلاق واقع نہ ہوگی۔ (کمافی الشامی) (۳)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) کتب الطلاق إن مستبیناً علی نحو لوح وقع إن نوی وقیل مطلقاً وتحته فی الشامیة۔ ولا یحتاج إلی النیة فی المستبین الموسوم۔ (شامی ص:۲۴۶ ج:۳۔ کراچی)۔

(۲) ولو قال للکاتب اکتب طلاق امرأتی کان إقراراً بالطلاق وإن لم یکتب۔ (شامی ص:۲۴۶ ج:۳۔ کراچی)

(۳) وکذا کل کتاب لم یکتبه بخطه ولم یمله بنفسه لا یقع الطلاق مالم یقر أنه کتابه۔ (شامی ص:۲۴۷ ج:۳۔ کراچی)۔

الفتاویٰ الهندیة ص:۱۶۶ ج:۱۔ زکریا۔

## جہیز کی واپسی کا حکم

**سوال** (۷۰۹): زید نے اپنی بیوی کو طلاق دیدیا تو اس کے ذمہ عورت کے متعلق کن کن چیزوں کا واپس کرنا ضروری ہے اور جو رخصتی کے موقع پر مٹھائی وغیرہ دیتے ہیں لڑکی کے اولیاء اسے بھی واپس لینا چاہتے ہیں آیا یہ جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًاومصلیًا**

جب لڑکے کو طلاق دینا تھا اس وقت مسئلہ نظر نہیں آیا کہ لاؤ معلوم کرلیں طلاق کس طرح کن حالات میں دی جاتی ہے بس اٹھایا اور تینوں گولی چھوڑ دی اور اب جب مال کی واپسی کا نمبر آیا تب مسئلہ یاد آیا کہ کیا دوں کیا نہ دوں کاش طلاق سے پہلے پوچھ لیا جاتا کتنی طلاق دوں کیسے دوں بہر حال مضٰی ما مضٰی، اب صورت مسئولہ کا حکم یہ ہے کہ جن چیزوں کی واپسی کا آپ کے علاقہ میں عرف ہے ان کی واپسی ضروری ہے، چونکہ اس مسئلہ کی بنیاد عرف پر ہے۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) وإذا بعث الزوج إلى أهل زوجته أشباءً عند زفافها منها ديباج فلما زفت إليه أراد أن يسترد من المرأة الديباج ليس له ذلك إذا بعث إليها على جهة التمليك۔ (الفتاویٰ الهندية ص: ۳۹۳ ج:۱۔ الفص السادس فی جهاز البنت۔ زكريا)۔

للمبيح أن يمنعه عن التصرف فيه۔ (مجمع الأنهر ص:۳۸۵ ج:۱۔ فقيه الأمت كتاب الزكاة)۔

## طلاق کے بعد جہیز کی واپسی کا حکم

**سوال** (۷۱۰): زید کے دو بیٹے ہیں ایک عمر اور دوسرا بکر، زید کی حیات ہی میں دونوں بیٹیوں نے علاحدگی اختیار کرلی، زید بذات خود عمرو کی طرف چلے گئے، اس دوران زید بھی صاحب حیثیت اور تندرست وتوانا تھے، محنت ومشقت کرکے کماتے رہے کچھ دنوں بعد (جب کہ زید عمرو کے ساتھ تھے) کچھ زمین کی خریداری کچھ عرصے کے بعد آپسی تنازع کی بناء پر زید بکر کے ساتھ ہوگئے اور وہیں ان کی وفات ہوگئی، زید کی وفات پر خریدی گئی زمین پر بکر نے اپنا حق جتا کر اپنا حصہ لینے کی کوشش کی لیکن عمرو کہتے ہیں کہ یہ جائیداد میری اپنی رقم سے خریدی گئی ہے اس لئے یہ مری ہے اور میں اس کا عشر عشیر بھی کسی کو نہ دوں گا اب مسئلہ درپیش ہے کہ اس جائیداد پر بکر کا کوئی حق بنتا ہے؟ اور کیا یہ جائیداد زید کی ملکیت تصور کی جاسکتی ہے؟

بوقت نکاح کچھ زیورات لڑکے والوں کی طرف سے لڑکی کو دیئے جاتے ہیں اور اسی طرح لڑکی والوں کی طرف سے لڑکے کو دیئے جاتے ہیں تو کیا چیزیں علی الترتیب ایک دوسرے کی ملکیت ہوتی ہیں؟ تاکہ طلاق کی صورت میں دونوں کی اشیاء واپس کی جائیں گی۔

ظہیر احمد

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

پہلے اس کا تصفیہ ضروری ہے کہ زمین عمرو کی رقم سے خریدی گئی ہے یا زید کی رقم سے، نیز زمین زید کے نام لکھی گئی ہے یا عمرو کے، اس کے بعد ہی جواب دیا جاسکتا ہے۔

دینے والوں کی نیت پر مدار ہے ان کی نیت کیا ہوتی ہے اور نیت کی تعیین عرف سے کی جائے گی۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## دو طلاق دیا، کون سی طلاق واقع ہوئی؟

**سوال** (۱۷۱): محمد عبد المتین نے اپنی بیوی کو کسی غصہ یا تقرار (تکرار) ہونے پر اپنی زبان سے دو سال قبل طلاق دیا تھا اور خلیل صاحب ان کے سسر (خسر) ہیں، عبد المتین نے لفظ دو بار کہا تھا کہ اپنے سسر کا نام لیکر بیوی کی طرف مخاطب کر کے کہ خلیل کی ماں ”تمہیں طلاق دیا تمہیں طلاق دیا، اس کے بعد زبان بند ہوگئی، دو بار سے زائد نہ کہا، اور گواہ نے بھی سنا۔

(۱) گواہ ان کے داماد اور بہو اسی جگہ موجود رہے ان دونوں کے علاوہ اس گھر میں اس وقت اور کوئی نہ تھا گواہ کے بیان بہ حلفیں (بالحلف) لیا گیا تو گواہ نکا دو بی بی رجو نے بیان اپنی دئیے کہ کہ خلیل کی ماں تو ہیں، لاق دیا طلاق دیا۔ عبد المتین کے زبان سے یہ کلام جاری ہونے کے بعد اور کچھ نہ بولا۔ اب دو سال زمانہ گذرنے پر محلہ والے اور پڑوسی وغیرہ اعتراض کرتے ہیں کہ طلاق دی ہوئی بیوی کو کیسے رکھتے ہیں، اس مسئلہ کو بہت جلد حل کراؤ ورنہ برادری سے الگ کر دیں گے، اس مسئلے کو آپ برائے مہربانی حل کر دیں۔

عبد المتین رنگریز

پوسٹ گولا بازار کھیتا سرائے جونپور یو، پی

## الجواب: حامداً ومصلیاً

برتقدیر صحت سوال، سائل کے بیان کے مطابق مسمی عبد المتین نے اپنی بیوی کو دو طلاق صراحۃً دی ہے جس کے بعد رجعت کا حق باقی رہتا ہے، یعنی بغیر نکاح ثانی کئے ہوئے وہ اپنی بیوی کو اپنے پاس رکھ سکتا ہے، (۱) البتہ اگر اب تیسری طلاق دے گا تو طلاق مغلظہ ہو جائے گی پھر بغیر حلالہ کے اپنے پاس نہیں رکھ سکے گا۔ (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) وإذا طلق الرجل امرأته تطليقه رجعية أو تطليقتين فله أن يراجعها فى عدتها رضيت بذلك أو لم ترض۔ (هدايه ص: ۳۹۴ ج: ۲)۔

(۲) وإن كان الطلاق ثلاثاً فى الحرة أو ثنتين فى الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره۔ (هداية ص: ۳۹۹ ج: ۲)۔

أما الطلاق الرجعي۔۔۔ وذلك بعد الطلاق الأول والثانى غير البائن إذا تمت المراجعة قبل انقضاء العدة۔ (الفقه الإسلامى ص: ۹۵۵ ج: ۹)۔ دار الفكر المعاصر۔

## جنون کی حالت میں دی ہوئی طلاق کا حکم

**سوال** (۷۱۲): میں نے اپنی لڑکی کی شادی تین سال پہلے کی تھی جس وقت نکاح ہوا اس سے پہلے لڑکا پاگل تھا ہم کو معلوم نہیں تھا انجانے میں میں نے نکاح کر دیا جس وقت نکاح ہوا اس وقت بھی دماغی الجھن تھی نکاح کے کچھ دن بعد وہ پھر پاگل ہو گیا اور اب بھی پاگل ہے ایک لڑکا بھی ہو چکا ہے آج سے قریب پانچ سال پہلے وہ آیا اور میرے گھر کا دروازہ بند تھا، اس وقت اس کے دماغ میں الجھن تھی اور وہ دروازے پر کہہ کر چلا گیا کہ شکیلہ ہم تم کو طلاق دے کر بمبئی جا رہے ہیں۔ اس بات کو کئی لوگوں نے سنا پھر اس نے اپنے ایک رشتے

دار سے جا کر کہا کہ میں نے ایسا کہہ دیا ہے کیا طلاق ہوگئی ایسی حالت میں آپ شرع کے مطابق حکم بیان فرمائیں نکاح ہوا یا نہیں اور اگر نکاح ہوا تو طلاق ہوئی یا نہیں؟ اور اگر نکاح نہیں ہوا تو بچے کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ جواب عنایت فرمائیں۔

حاجی محمد یوسف
تحصیل فتح پور ضلع بارہ بنکی (یوپی)

## الجواب: حامدًا ومصليًا

مسلمان، حاذق، ڈاکٹروں سے رجوع کریں اگر وہ جنون ثابت کردیں نیز یہ کہ طلاق بھی جنون کی حالت میں دی ہے تو طلاق واقع نہ ہوگی، (۱) اور اگر افاقہ کی حالت میں طلاق دی ہے تو طلاق واقع ہوجائے گی۔ (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۲) ویقع طلاق کل زوجٍ عاقلٍ بالغ الخ ملتقى الأبحر ص:۲۶۲ ج:۱۔ مؤسسة الرسالة۔

(۲) ولا يقع طلاق الصبي والمجنون والنائم۔ (هدايه ص:۳۵۸ ج:۲) اشرفی بك ڈپو دیوبند۔

الجنون اختلال القوة المميزة بين الأمور الحسنة والصحيحة المدركة للعواقب۔ (شامی ص:۲۴۳ ج:۳۔ کراچی)۔

## مکرہ کی طلاق کا حکم

**سوال** (۷۱۳): زید اپنے سسرال گیا اور رات کے وقت سسرال کے کچھ آدمیوں نے طلاق لینے کی غرض سے اس کو بند کر دیا اور طلاق دینے کے لئے کہہ رہے تھے مگر زید انکار کرتا رہا یہاں تک کہ صبح ہوگئی اور اس وقت کچھ غنڈوں اور بدمعاشوں کو اکٹھا کر دیا گیا اور زبردستی ایک سادے کاغذ پر انگوٹھے کا نشان لینا چاہتے تھے مگر زید مٹی بند کر کے انکار کرتا رہا اور اسی وقت پیچھے سے ایک بدمعاش نے یک بیک جھٹکے کے ساتھ اپنے دونوں گھٹنوں کو زید کی پیٹھ پر لگا کر دبوچ دیا جس کی وجہ سے زید کی ریڑھ کی ہڈی بول گئی اور اس کے ساتھ ہی تقریباً چودہ پندرہ آدمی زید کے اوپر ٹوٹ پڑے جس کی وجہ سے وہ بے ہوش ہوگیا چہرے پر پانی کا چھینٹا پڑنے کے بعد ہوش آیا تو لوگوں سے معلوم ہوا کہ بے ہوشی کی حالت میں اسی سادے کاغذ پر زید کے انگوٹھے کا نشان لیا گیا ہے تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس صورت میں طلاق ہوئی کہ نہیں؟ بینوا توجروا

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

صورت مسئولہ میں زید کی بیوی پر طلاق واقع نہیں ہوئی۔ زبردستی کاغذ پر انگوٹھے کا نشان لینے سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اس سے طلاق واقع نہیں ہوا کرتی۔ اس لئے زید کی بیوی حسب سابق اس کی بیوی ہے اس کو روکنا یا اس کی دوسری جگہ شادی کرنا جائز نہیں ہے۔ ”رجل أکرہ بالضرب والحبس علی أن یکتب طلاق امرأۃ فلانۃ بنت فلان ابن فلان فکتب امرأتہ فلانۃ بنت فلان بن فلان طالق لا تطلق امراتہ کذا فی فتاوی قاضیخان، وکذلك کل کتاب لم یکتبہ بخطہ ولم یملہ بنفسہ لا یقع بہ الطلاق اذا لم یقر انہ کتابہ کذا فی المحیط“ (فتاوی ہندیہ: ۱/ ۳۷۹) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب — حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

الجواب صحیح — بندہ محمد حنیف غفرلہ

## التـعـلـيـــق والـتـخـريــج

(۱) (الفتاویٰ الهندیہ ص:۳۴۶ ج:۱۔ زکریا)۔

ولو أكره على كتابته أو على الإقرار به لا يقع۔ (سكب الأنهر ص:۸ ج:۲۔ فقيه الأمت)۔

الفقہ علی المذاہب الأربعۃ ص:۲۵۸/ج:۴۔ بیروت۔

شامی ص:۲۳۶/ج:۳۔ کراچی۔

## کاغذ پر ایک طلاق لکھ کر پھاڑ دیا، طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**سوال** (۷۱۴): رخصتی کے لئے بار بار جانے کے بعد ہماری ساس نے کہا کہ ہماری لڑکی تمہارے ساتھ نہیں رہے گی تو ہم نے کہا پھر طلاق لے لو اس کے بعد لوگوں نے سمجھایا مجھے کہ یہ بات بہت خراب ہے یہ ہونا نہیں چاہئے اس کے بعد ہماری بیوی رخصت ہو کر گھر آئی ایک بار ہم نے طلاق نامہ اپنے ہاتھ سے لکھا اور اس میں یہ لکھا تھا کہ ہم نے اپنے ہوش وحواس میں تم کو طلاق دیدیا ایک بار اور بغیر کسی کے دکھائے اس کو پھاڑ کر پھینک دیا کچھ دنوں کے بعد زبانی طلاق دینے کی بات ہم نے اپنے استاذ سے بتایا کہ ہم نے اپنی بیوی کو اللہ ورسول کو حاضر جان کر دل سے طلاق دیدیا ہے استاذ نے پوچھا کہ پھر تم اس کو کیسے رکھے ہو تو ہم نے کہا کہ جو کچھ بھی ہم کر رہے ہیں غلط کر رہے ہیں اس وقت بیوی ہمارے گھر موجود تھی اس بات کا علم میری بیوی کو نہیں ہے اس کے بعد استاذ نے ہماری بات کو لوگوں پر ظاہر کیا تو لوگوں نے ہم سے پوچھا تو ہم نے ان لوگوں سے کہا کہ ہاں ہم نے طلاق دیدیا ہے اس کے بعد ہم باہر چلے گئے بیوی ہماری ہمارے گھر پر رہی اور باہر سے ہم نے خرچہ وکپڑا وغیرہ بھیجا تھا اور وہ ہمارے گھر پر تھی ان دونوں حمل میں ہے اس مسئلہ میں علماء دین کیا فرماتے ہیں نکاح قائم رہا یا طلاق ہوگئی؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں امیر علی کی بیوی پر ایک طلاق واقع ہوگئی، چونکہ طلاق نامہ میں ایک ہی طلاق لکھا تھا طلاق نامہ کو پھاڑنے سے طلاق پر کوئی اثر نہیں پڑتا، بلکہ طلاق واقع ہوجاتی ہے۔ ''ونظيره لو قال للكاتب اكتب طلاق امرأتي كان اقرارًا بالطلاق وان لم يكتب'' (ردالمحتار: ۲/۴۲۹)(۱)

لہٰذا اگر عدت نہ گذری ہو تو امیر علی رجعت کرسکتے ہیں، (۲) اور اگر عدت گذر چکی ہو تو اب بائنہ ہوگئی، بغیر نکاح جدید کے اسکو رکھنا جائز نہیں، البتہ حلالہ کی ضرورت نہیں ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) ونظيره لو قال.... وإن لم يكتب. (شامي ص:۲۴۷ ج:۳. كراچی).

(۲) إذا اطلق الرجل امرأته لطليفمة رجعيةً أو تطليقتين فله أن يراجعها فی عدتها رضيت بذلك أو لم ترض. (هداية ص:۳۹۴ ج:۳).

وأما الطلاق الرجعي.... وذلك بعد الطلاق الأول. والثاني غير البائن إذا تمت المراجعة قبل انقضاء العدة. (الفقه الإسلامي وأدلته ص:۶۹۵۵ ج:۹).

الفتاویٰ الہندیہ ص: ۵۳۲ ج: ۱ زکریا۔

## طلاق دیا ایک بار کہا، اور دیا دیا کئی بار کہا، کتنی طلاق واقع ہوئی؟

**سوال** (۷۱۶): گذارش ہے کہ میری لڑکی کی شادی تقریباً دس سال ہوگئے جس سے چار بچے ہیں میاں بیوی میں کچھ تو تو میں میں ہوگئی اسی حالت میں شوہر نے یہ کہا کہ ہم نے طلاق دیا دیا دیا کہتے ہوئے چلے گئے طلاق دیا ایک بار کہا اور دیا کئی بار کہا یہ واقعہ ہونے کے بعد لڑکی اپنے میکے چلی آئی لہٰذا آپ سے گذارش ہے کہ شرع محمد سے بتائیں کہ طلاق

ہوگئی یا نہیں؟

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

صورت مسئولہ میں تین طلاق واقع ہو کر مغلظہ ہوگئی، اب میاں بیوی کا تعلق ختم ہوگیا، اب زوجین تعلق از دواجیت بغیر حلالہ کے قائم نہیں کر سکتے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

**(۱) إن كان الطلاق ثلاثاً في الحرة وثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً ويدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها۔** (ہندیہ ص:۵۳۵ ج:۱ زکریا۔

**(۳) فتح القدير ص:۳۱ ج:۴۔ دار إحياء التراث العربي۔**

**(۴) الدر المختار مع الشامي ص:۱۱۰ ج:۳۔ کراچی۔**

## دو مرتبہ طلاق کہا، کیا حکم ہے؟

**سوال** (۷۱۶): جناب رمضان کی بیٹی تبسم کو میں اپنی خوشی سے دو طلاق دیدیا ہوں، شریعت کا اس بارے میں کیا حکم ہے؟

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

صورت مسئولہ میں رمضان کی بیٹی تبسم پر حسب تصریح دو طلاق واقع ہوگئی، (۱) اب اس کا حکم یہ ہے کہ عدت کے اندر اگر شوہر رجعت کرلے (یعنی زبان سے یہ کہہ دے کہ میں نے رجوع کرلیا یا تعلق ازدواجیت قائم کرلے) تو تبسم زوجیت میں واپس آجائے گی، (۲) ورنہ عدت کے بعد بینونت ہوجائے گی، زوجیت میں واپسی کے لئے تجدید نکاح ضروری ہوگا۔ رجعت کی صورت میں اس کا خیال رکھنا ہوگا کہ آئندہ شوہر صرف ایک طلاق کا مالک ہوگا۔ ایک طلاق جب کبھی دے گا اس کے بعد تبسم پر طلاق مغلظہ واقع ہوجائے گی، بغیر حلالہ

کے پھر زوجیت میں واپس نہیں آسکتی۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) متی قرن الطلاق بالعدد کان الوقوع بالعدد۔ (شامی ص:۲۸۷ ج:۳۔ کراچی)۔

إذا طلق الرجل امرأته تطليقة رجعية أو تطليقتين فله يراجعها في عدتها رضيت بذلك أولم ترض۔ (هداية ص:۳۹۴ ج:۲۔ اشرفی دیوبند)۔

(۲) أما الطلاق الرجعي: وذلك بعد الطلاق الأول والثاني غير البائن إذا تمت المراجعة قبل انقضاء العدة۔ (الفقه الإسلامي ص:۶۹۵۵ ج:۹)۔

(۳) كما تثبت الرجعة بالقول تثبت بالفعل وهو الوطء واللمس عن شهوة۔ (هندية ص:۵۳۳ ج:۱۔ زکریا)۔

(۴) وندب الإشهاد عليها وإعلامها بها۔ (ملتقی الأبحر ص: ۲۷۵ ج:۱۔ مؤسسۃ الرسالۃ)۔

# طلاق بائنہ کی ایک صورت

**سوال** (۱۷۷): محترم جناب توفیق احمد صاحب آپ کو معلوم ہو کہ میں نے آپ کی بیٹی کو ایک طلاق دیا۔

سلام اللہ خان کجرا کول 13/4/95

مندرجہ بالاتحریر کی تحقیق کے بعد معلوم ہوا ہے کہ یہ تحریر حقیقت ہے اور سلام اللہ خان کجرا کول ہی کی تحریر ہے۔ سوال طلب امر یہ ہے کہ مندرجہ بالاتحریر کا شرعی حکم کیا ہے؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

مذکورہ بالاتحریر کی روشنی میں لڑکی پر ایک طلاق واقع ہوگئی اور عدت بھی گذر چکی ہے اس لئے مباینت ہوگئی یعنی اب کسی قسم کا رشتۂ ازدواجیت باقی نہیں رہا۔ (۱) اس لئے لڑکے کو

چاہئے کہ جولڑکی کا ساز وسامان اور شرعی حق ہو اس کو ادا کردے اس میں بھلائی ہے۔(۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) إن كان الطلاق بائناً دون الثلاث فله أن يتزوجها في العدة وبعد انقضائها۔ (هندية ص:۵۳۵ ج:۱۔ زكريا)۔

(۲) المهر يتأكد بأحد معان ثلاثة الدخول والخلوة الصحيحة وموت أحد الزوجين۔ (بدائع الصنائع ص:۵۸۴ ج:۲) زكريا۔

# طلاق کا ایک مسئلہ

**سوال** (۷۱۸): اگر کوئی عورت یہ کہے کہ میرا شوہر مجھے طلاق یدیا ہے اور میں بیوہ ہو چکی ہوں، اور عورت کے شوہر سے پوچھا جائے تو شوہر کہے کہ میں نے طلاق نہیں دی ہے بلکہ جھگڑے کی حالت میں یہ کہہ دیا ہے کہ تم کو طلاق دیدوں گا، اتنا کہنے کی شوہر قسم کھا جائے اور شوہر کے قسم کھانے کا عورت اعتبار کرلے اور شوہر کے کہنے پر عورت شوہر کے ساتھ جانے پر تیار ہو جائے اور یہ مان لے کہ مجھے سننے میں فرق ہوگیا۔ تو ایسی صورت میں طلاق ہونا مانا جائے گا یا نہیں مانا جائے گا؟ اس بارے میں کسی اور جانکاری خبر یا معلومات نہیں یعنی طلاق دینے کی اور آواز سنا ہی نہیں۔ جواب بذریعہ تحریر عنایت کریں گے۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

طلاق از قبیل انشاء ہے، اخبار نہیں۔ برتقدیر صحت سوال صورت مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی، چونکہ شوہر نے یہ کہا ہے ”طلاق دیدوں گا“ اور یہ مستقبل کا صیغہ ہے، اس طلاق سے واقع نہیں ہوتی۔(۱) اور اگر اس کے علاوہ کوئی اور جملہ کہا ہو تو اس کے مطابق حکم ہوگا۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) ولو قال: أطلقك لم يقع۔ (سکب الأنهر ص:ص۱۴ ج:۲۔ فقیہ الامت)۔

ولو قال: بالعربية: أطلق لا يكون طلاقاً۔ (الفتاویٰ الہندیہ ص: ۴۵۲ ج:۱۔زکریا)۔

قال: اطلق نفسی لم یقع لأنه وعد۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۳۱۹ ج:۳۔کراچی)۔

## تفویض طلاق کی ایک صورت

**سوال** (۷۱۹): زید اور زینب دونوں میاں بیوی ہیں، آپس میں کسی معاملہ کو لیکر جھگڑا ہوا نوبت بایںجا رسید کہ بیوی نے طلاق کا مطالبہ کر دیا شوہر نے طلاق دینے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ ہمارے خاندان کے مزاج ورواج کے خلاف ہے، تم چاہو تو طلاق دے لو میں نہیں دوں گا، اس پر بیوی نے یہ سمجھتے ہوئے کہ میرے کہنے سے تو طلاق ہوگی نہیں، ۳؍مرتبہ طلاق، طلاق، طلاق کہہ دیا۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا یہ شوہر کی جانب سے تفویض طلق ہے؟ اور کیا عورت کے کہنے سے طلاق واقع ہوگئی؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

''تم چاہو تو طلاق دے لو'' شوہر کی جانب سے یہ تفویض طلاق ہے، لہٰذا بیوی کے تین مرتبہ طلاق، طلاق، طلاق کہنے سے طلاق واقع ہوگئی بشرطیکہ مجلس تفویض میں عورت نے طلاق دی ہو، اس لئے کہ تبدیل مجلس سے تفویض ختم ہو جاتی ہے۔ قال لها طلقي نفسك فلها، هٰذا تفويض بالصريح، ولا يحتاج الخانيه، والواقع به رجعي وتصح فيه نية الثلاث (شامی ج۲ ص ۶۵۳) (۱) واذا قال لها طلقي نفسك سواء قال لها ان شئت اولا فلها ان تطلق نفسها فى ذٰلك المجلس خاصة وليس له ان يعزلها (عالمگیری ج۱ ص ۴۰۳) (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) شامی نعمانیہ ص: ۶۵۳ ج: ۲ نعمانیہ۔

(۲) ہندیہ ص: ۱۲۶ ج: ۱۔ رشیدیہ۔

ہدایہ ص: ۳۸۰ ج: ۲۔ اشرفی بک ڈپو دیوبند۔ تبیین الحقائق ص: ۲۲۵ / ج: ۲۔ امدادیہ ملتان۔

## شوہر لفظ طلاق کہنے سے انکار کرتا ہے، کیا حکم ہے؟

**سوال** (۷۲۰): ضروری گذارش یہ ہے کہ رات میں گیارہ بج رہے تھے میرے شوہر نے طلاق طلاق کے الفاظ تین بار کہے۔ میں اپنے کان سے سنی اور میرے گھر کے دوسرے آدمی بھی سنے لیکن صبح ہوتے ہی میرے شوہر قسم کھا گئے اور قرآن شریف ہاتھ میں لینے کو تیار ہو گئے کہ میں نے تم کو کچھ بھی نہیں کہا ہے، مجھ سے بولنے کے لئے کافی پریشان ہو گئے، اور میرے شکم میں حمل بھی ہے، ایسی حالت میں طلاق کا کیا حکم ہے؟ ہوا یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

اگر آپ کے شوہر کے طلاق دینے پر دو گواہ موجود ہیں تو تین طلاق مغلظ فی الفور واقع ہو گئیں، اب آپ شوہر سے علیحدگی اختیار کریں، شوہر کا طلاق دینے سے انکار نا قابل اعتبار ہے۔ وشرط لغير ذٰلك رجلان او رجل وامرأتان مالا او غير مال كالنكاح والرضاع والطلاق (ملتقی الابحر ج ۲ ص ۸۴) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) وشرط للغير ذلك رجلان۔۔۔ والطلاق۔ (ملتقی الأبحر ص: ۸۴ ج: ۲۔ مؤسسۃ الرسالۃ)۔
ونصابها لغيرها من الحقوق سواء كان الحق مالاً أو غيره كنكاح وطلاق۔۔۔۔ رجلان أو رجل وامرأتان۔ (الدر المختار ص: ۹۱ ج: ۲۔ كتاب الشهادات)۔

## بلا نیت طلاق نامہ پر دستخط کیا، طلاق ہوئی یا نہیں؟

**سوال** (۷۲۱): میرا لڑکا ریاض احمد بالغ ہے، ہوش وحواس کی حالت میں طلاق نامہ پر دستخط کر دیا زبان پر طلاق کا لفظ جاری نہیں کیا کہ کوئی سن سکے، البتہ طلاق نامہ اس کی موجودگی میں لکھا گیا اور اس نے اس کو بیٹھے بیٹھے پڑھ بھی لیا مگر زبان سے طلاق کا لفظ جاری نہیں کیا اور نہ خود اس نے اپنے ہاتھ سے طلاق نامہ لکھا بلکہ لکھنے والے علی اظہر پردھان عرف مسٹر ہیں، لکھنے کے بعد مسٹر اور لڑکی کے بھائی نے میرے لڑکے سے کہا کہ دستخط کردو، تب اس نے دستخط کیا۔ اب سوال یہ ہے کہ ایسی صورت میں جبکہ زبان سے لفظ طلاق استعمال نہیں کیا صرف دستخط کر دیا تو کیا طلاق واقع ہو جائے گی؟ نوٹ: لڑکے کا کہنا یہ بھی ہے کہ میں نے خوشی سے دستخط نہیں کئے بلکہ والدین کی ناراضگی کے خوف سے کر دیا۔ از روئے شرع جواب سے مطلع فرمائیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورتِ مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوگی، البتہ شوہر نے اگر طلاق نامہ پر دستخط کرتے وقت طلاق کی نیت کی ہو تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ **ومستبين غير مرسوم كالكتابة على الجدران او اوراق الاشجار او على الكاغذ لا على الوجه المعتاد فلا يكون حجة الا بانضمام شئ اٰخر اليه كالنية والاشهاد عليه والاملاء على الغير حتى يكتبه لان الكتابة قد تكون لتجربة ونحوها** (شامی ج ۵ ص ۴۷۰) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) (شامی ص:۲۴۶ ج:۳۔ کراچی)۔

**ولو أكرها على كتابته أو على الإقرادبه لا يقع۔ (سكب الأنهر ص:۸ ج:۲۔ فقيه الأمت)۔**

الفقہ علی المذاہب الأربعۃ ص:۲۵۸/ج:۴۔ بیروت۔

(۴) شامی ص:۲۳۶/ج:۳۔ کراچی۔

# دھوکہ دیکر طلاق نامہ پر دستخط کرایا، کیا حکم ہے؟

**سوال:** چندلوگوں نے مل کر ایک تحریر لکھی، مجھ کو بلا کر بلا سنائے بلا دکھائے کہا کہ اس تحریر پر دستخط کرو، میں نے دستخط کر دیا، اور مجھ کو معلوم نہیں کہ اس تحریر میں کیا لکھا ہوا ہے، بعد میں معلوم ہوا کہ تحریر تمہارے طلاق کی تھی۔ ایا اس صورت میں طلاق واقع ہو گی یا نہیں؟

## الجواب: حامدًاومصليًا

تحریر میں جو مضمون تحریر ہے اگر واقعہ وہی ہے تو اس صورت میں صرف دستخط سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) **ولو أكره على كتابته أو على الإقرار به لا يتع۔ (سكب الأنهر ص:۸ ج:۲۔ فقيه الأمت)۔**

الفقہ علی المذاہب الأربعۃ ص:۲۵۸ ج:۴۔ بیروت۔

شامی ص:۲۳۶/ج:۳۔ کراچی۔

فتاویٰ قاضی خان علی ہامش الہندیۃ ص:۴۷۲/ج:۱۔ رشیدیۃ۔

## مطلقہ مغلظہ کا مسئلہ

**سوال** (۷۲۳): زید نے اپنی بیوی فاطمہ کو طلاق مغلظہ دی، اس کے بعد فاطمہ نے دوسرے شوہر راشد سے نکاح کرلیا، ابھی ہم بستری کی نوبت بھی نہیں آئی تھی کہ زید نے راشد سے جبراً طلاق لے لی، راشد نے دو طلاق دیدی، دریافت طلب امر یہ ہے کہ طلاق ہوئی یا نہیں؟ اسی طرح حلالہ کا ثبوت ہوا یا نہیں؟ قرآن وحدیث شریف کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

**الجواب: حامدًاومصليًا**

صورت مسئولہ میں طلاق واقع ہوگئی لیکن فاطمہ ابھی زید کے لئے حلال نہیں ہے، کیونکہ اسکے لئے زوج ثانی راشد کا فاطمہ سے ہمبستری کرنا ضروری ہے اور یہاں یہ مفقود ہے **ويقع طلاق زوج بالغ عاقل ولو عبدا او مكرها، فان طلاقه صحيح، قوله فان طلاقه صحيح، اى طلاق المكره** (شامی ج ۲ ص ۴۲۱)(۱) **لا ينكح مطلقة من نكاح صحيح نافذ كما سنحققه بها، اى بالثلاث، لو حرة وثنتين لو امة، ولو قبل الدخول وما فى المشكلات باطل او مؤل كما مر، حتى يطأها غيره ولو الغير مراهقا، بنكاح وتمضى عدته** (شامی ج ۲ ص ۵۳۸)(۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ويتع طلاق كل زوج بالغٍ عاقلٍ ولو عبداً أو مكرهاً فإن طلاق صحيح أى طلاق المكره۔ (الدر المختار ماع الشامى ص:۲۳۵ ج:۳۔ کراچی)۔

ملتقی الأبحر ص: ۲۶۲ / ج: ۱ ، مؤسسة الرسالة۔

ہدایہ ص: ۳۵۸ / ج: ۲ ۔ اشرفی بک ڈپو دیوبند۔

ولا ینکح۔۔۔۔وھی عدته۔ (شامی ص:۴۱۰ ج:۳۔ کراچی۔

فتح القدیر ص:۳۱ /ج:۴۔دار احیاء التراث العربی۔

## لفظ طلاق تین مرتبہ بلا ''واؤ'' کے کہا، کیا حکم ہے؟

**سوال** (۷۲۴): شوہر بیوی کے درمیان تو تو میں میں ہوئی، اور شوہر نے اپنی بیوی سے تین مرتبہ کہا طلاق، طلاق، طلاق تو کتنی طلاق واقع ہوئی؟ اب دونوں کے درمیان سابق زوجیت باقی رہی یا نہیں؟ زوجین ایک ساتھ رہ سکتے ہیں یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

صورت مسئولہ میں لفظ طلاق بغیر ''واؤ'' تین مرتبہ کہنے سے اگر تین طلاق مغلظ مراد لیا ہے تو تین طلاق مغلظ واقع ہوئی ورنہ ایک طلاق رجعی ہوئی۔ **کما فی الفتاوی الهندیة.** (۱) **رجل قال لامراته انت طالق انت طالق انت طالق فقال عنیت بالاولی الطلاق وبالثانیة والثالثة افهامها صدق دیانة وفی القضاء طلقت ثلاثا کذا فی فتاوی قاضی خان**۔ لہٰذا پہلی صورت میں تین طلاق مراد لینے میں سابقہ زوجیت فسخ اور ختم ہو چکی ہے، اس کے ساتھ مصاحبت، مجالست، اور مباشرت سب شرعا ناجائز اور حرام ہیں، اور دوسری صورت ایک طلاق مراد لینے میں رجوع کرنے کا حق حاصل ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) (الفتاویٰ الہندیہ ص:۴۲۳ ج:۱۔ زکریا)۔

(۲) **ولو کرّر لفظ الطلاق وقع الکل۔** (الدر المختار مع الشامی ص:۲۹۳ ج:۳۔ کراچی)۔

(۳) **متی کرّر لفظ الطلاق بحرف الواو أو بغیر حرف الواو یتعدد الطلاق۔** (هندیه ص:۴۲۳ ج:۱۔ زکریا)۔

## بیوی کا نام لئے اور اسے مخاطب کئے بغیر لفظ طلاق کہا، کیا حکم ہے؟

**سوال** (۷۲۵): زید کی بیوی حاملہ ہے، اس کو اپنی بیوی سے بہت ہی کم محبت ہے، آپس میں ہمیشہ تو تو میں میں ہوتی رہتی ہے، ایک دن چند لوگوں کے سامنے دوران گفتگو زید نے اپنی بیوی کا نام لئے بغیر چند مرتبہ طلاق طلاق طلاق کہا، ایا صورت مذکورہ میں طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟ اگر ہوئی تو کون سی؟

نیز ایک مجلس میں تین طلاق دینے سے کتنی طلاق واقع ہوتی ہے؟ ایک یا تین؟ دونوں کو مکمل وضاحت کے ساتھ تحریر فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں تین طلاق کی نیت سے مغلظہ طلاق واقع ہوئی ہے۔ کیونکہ قرینہ (یعنی آپس میں ہمیشہ تو تو میں میں ہونا اور لوگوں کا اس کو سمجھانا) یہ ہے کہ زید نے اپنی ہی بیوی کو طلاق دی ہے، اس لئے کہ طلاق کا محل وہی ہے۔ اور کتب فقہ میں تصریح ہے کہ عادةً جس کی بیوی ہوتی ہے وہ اسی کی طلاق پر قسم کھاتا ہے، جیسا کہ شامی میں ہے **ولا يلزم كون الاضافة صريحة في كلامه كما في البحر لو قال طالق فقيل له من عنيت فقال امرأتي طلقت امرأته الخ ثم قال ويؤيده ما في البحر لو قال امرأة طالق او قال طلقت المرأة ثلاثا وقال لم اعن امرأتي يصدق اه ويفهم من انه لو لم يقل ذلك تطلق المرأة لان العادة ان من له امرأة انما يحلف بطلاقها لا بطلاق غيرها** (شامی ج ۲ ص ۴۲۹، ۲۳۰) (۱) اب اگر دوبارہ زید اس عورت کو اپنے نکاح میں لانا چاہتا ہے تو بچہ کی ولادت کے بعد حلالہ ضروری ہے۔

ہدایہ میں ہے: **وان كان الطلاق ثلاثا في الحرة او ثنتين في الامة لم تحل له حتى تنكح زوجا غيره نكاحا صحيحا ويدخل بها ثم يطلقها او يموت عنها والاصل فيه قوله تعالى فان طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح**

زوجا غیرہ والمراد الطلقة الثالثة الخ (ہدایہ ج ۲ ص ۳۷۹ باب الرجعۃ) (۲)

## التعلیق والتخریج

(۱) (شامی ص: ۴۳۰-۴۲۹ ج: ۲ نعمانیہ۔

(۲) (ہدایہ ص: ۳۹۹ ج: ۲ اشرفی دیوبند)

ہندیہ ص: ۵۳۵ / ج: ۱ زکریا۔

فتح القدیر ص: ۱۳۱ / ج: ۴ دار إحیاء التراث۔

## ''میں بیوی نہیں رکھوں گا'' اور قرآن اٹھالیا، کیا حکم؟

**سوال** (۷۲۶): میری بیوی دادی کے مرنے کے بعد آئی دوسرے دن، میں غصہ میں تھا اس بات پر میں نے قرآن اٹھالیا اور کہا کہ میں اس کو نہیں رکھوں گا، اس بات سے طلاق ہوئی یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

نکاح ایک عظیم نعمت ہے، آپسی تعلق اور محبت ومودت کا ایک اہم ذریعہ ہے، اس کے برخلاف طلاق آپسی بگاڑ، اور باہمی تنازع اور جھگڑے کا سبب ہے، اور اللہ ورسول اور تمام لوگوں کے نزدیک بہت مبغوض اور ناپسندیدہ چیز ہے۔ (۱) جب انسان کو اپنی بیوی یا کسی اور پر کسی وجہ سے غصہ آئے تو چاہئے کہ غصہ کو دبالے اور ہوش کو برقرار رکھے اور ایسا فعل نہ کرے کوئی ایسی بات منہ سے نہ نکالے جس سے آئندہ شرمندگی ہو اور ذلت ورسوائی کا سامنا کرنا پڑے۔

بہر حال صورت مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی، کیونکہ شوہر کا قول ''میں اس کو نہیں رکھوں گا'' صیغہ استقبال ہونے کی وجہ سے کسی قسم کی طلاق پر دال نہیں، (۲) جیسا کہ فتاویٰ عالمگیری (۳) میں ہے ''کنم لانه استقبال فلم یکن تحقیقا بالتشکیك وفی المحیط لو قال فی العربیة اطلق لا یکون طلاقا الا اذا غلب استعماله للحال فیکون طلاقا'' (عالمگیری ج ۱ ص ۳۸۴) فتاویٰ دار العلوم

میں ہے: (۴)

**سوال:** زید نے اپنی بیوی کو مار پیٹ کر گھر سے باہر نکال دیا اور یہ الفاظ کہے ”خدا کی قسم اس عورت کو میں کبھی نہیں رکھوں گا“ الخ

**جواب:** اس صورت میں زید کی زوجہ پر طلاق واقع نہیں ہوئی کیوں کہ صیغہ استقبال میں اگر صریح الفاظ طلاق کے ساتھ بھی تکلم کرے تو اس سے طلاق واقع نہیں ہوتی، مثلاً اگر یوں کہے کہ خدا کی قسم میں تجھ کو یا اس کو طلاق دیدوں گا تو بھی اس سے طلاق نہیں پڑتی (فتاویٰ دارالعلوم ج ۹ ص ۴۷)

خلاصہ یہ کہ صورت مسئولہ میں طلاق واقع نہیں ہوئی، نکاح علی حالہ باقی ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) عمر ابن عمر رضی الله عنهما عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: أبغضه الحلال إلى الله الطلاق۔ (سنن أبي داؤد ص:۲۹۶ ج بلال)۔

(۲) كنتم لأنه استقبال۔۔۔ دفيكون طلاقاً۔ (هندية ص:۳۸۴ ج:۱۔ رشيدية)۔

(۲) ولو قال أطلقك لم يقع۔ (سكب الأنهر ص:۱۴ ج:۲۔ فقيه الامت)۔

(۴) فتاویٰ دارالعلوم دیوبند ص:۴۷ / ج:۹۔

## بیوی نے شوہر کو ”ابا“ کہہ دیا، کیا حکم ہے؟

**سوال (۷۲۷):** زید اپنی بیوی کی پٹائی کر رہا تھا، تو بیوی نے زید سے کہا کہ ”ابا چھوڑ دیجئے“ تو کیا شوہر کو ابا کہنے سے نکاح ٹوٹ گیا؟

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

صورت مذکورہ میں نکاح علی حالہ باقی ہے، کیونکہ شوہر کو ابا کہنا مفسدات نکاح میں سے

نہیں ہے۔ کما ہو مذکور فی کتب الفقہ (فتاوی رشیدیہ)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## ان شاء اللہ کے ساتھ طلاق دینے کا حکم

**سوال** (۷۲۸): زید نے اپنی بیوی سے کہا میں نے تجھ کو تین طلاق دیدی، اور انشاء اللہ متصلاً کہا۔ تو طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

صورت مسئولہ میں وقوع طلاق (جزا) مشیت خداوندی (شرط) پر معلق ہے، اور جزا کا وجود شرط کے وجود پر موقوف ہوتا ہے، اور خدا کی مشیت کا علم کسی کو نہیں۔ گویا کہ "تینوں طلاق دیدی" کا جملہ معدوم ہے، اور شوہر نے اس کا تکلم ہی نہیں کیا ہے، بنا بریں کوئی طلاق واقع نہیں ہوئی۔ کما فی الهدایه: **واذا قال لامرأته انت طالق ان شاء الله تعالىٰ متصلا لم يقع الطلاق لقوله ﷺ من حلف بطلاق او عتاق وقال ان شاء الله تعالىٰ متصلًا به لا حنث عليه ولانه بصورة الشرط فيكون تعليقا من الوجه وانه اعدام قبل الشرط والشرط لا يعلم هٰهنا فيكون اعدامه من الاصل (ج ۲ ص ۳۶۹)** (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

### التعلیق والتخریج

(۱) إذا قال لا مرأته أنت طالق إن شاء الله.... الخ۔ (هداية ص:۳۸۹ ج:۲۔ اشرفی بك ڈپو دیوبند)۔

ولا تطلق في أنت طالق إن شاء الله متصلاً۔ (كنز الدقائق ص:۱۲۸)۔ رشيدية۔

## دو طلاق رجعی کا حکم

**سوال** (۷۲۹): (۱) زید نے اپنی بیوی کو کسی وجہ سے طلاق دیدیا پھر معاً دوسرے تیسرے روز ہی زن وشوہر نے آپسی تعلقات قائم کرلیا اور تاہنوز ایک ساتھ رہتے سہتے ہیں، اور اب دونوں کے تعلقات بھی خوشگوار ہیں، مگر کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ ایسی صورت میں دوبارہ نکاح کرنا چاہئے؟ شریعت مطہرہ اس سلسلہ میں کیا رہنمائی کرتی ہے؟ واضح ہو کہ مرد وعورت دونوں طلاق کے مقر ہیں۔

(۲) طلاق رجعی، طلاق بائن، طلاق مغلظہ کی کیا شکلیں ہیں؟

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

(۱) برتقدیر صحت سوال مرد نے اگر صراحۃً دو ہی مرتبہ طلاق طلاق یا بیک زبان دو طلاق کہا ہے تو اس سے بیوی پر دو طلاق رجعی واقع ہوگئی، اور زن وشوہر کے تعلقات مدت عدت میں قائم کرنے سے بیوی سابق نکاح میں علی حالہ باقی ہے، نکاح ثانی کی کوئی ضرورت نہیں، **واذا طلق الرجل امرأته رجعية او تطليقتين فله ان يراجعها فى عدتها رضيت بذالك اولم ترض** (ہدایہ ج ۲ ص ۳۷۴) (۱)

(۲) صریح لفظ طلاق ایک یا دو مرتبہ کہنے سے رجعی اور کنائی الفاظ طلاق جیسے جواب دیا، چھوڑ دیا وغیرہ دو مرتبہ تک کہنے سے طلاق بائن اور تین مرتبہ صریح یا کنائی الفاظ سے طلاق دینے سے طلاق مغلظہ واقع ہوتی ہے۔ **الطلاق على ضربين صريح وكناية فالصريح قوله انت طالق ومطلقة فهٰذا يقع به الطلاق الرجعى** (ہدایہ ج ۲ ص ۳۳۹) (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) (ہدایہ ص: ۳۹۴ ج: ۲۔ اشرفی بک ڈپو دیوبند)۔

الفقہ الاسلامی ص: ۶۹۵۵ ر ج: ۹۔ دار الفکر المعاصر۔

ملتقی الأبحر ص: ۲۷۵ ر ج: ۱۔ مؤسسۃ الرسالۃ۔

(۲) ہدایہ ص: ۳۵۹ ر ج: ۲۔ اشرفی بک ڈپو دیوبند۔

## ایک صورت طلاق مغلظہ کی

**سوال:** مفتی صاحب عرض اینکہ ساس نے داماد کی کسی غلطی پر کہہ دیا ہم کو معلوم رہتا کہ لڑکا ایسا ہے، تو ہم اپنی بیٹی کی شادی اس لڑکے سے ہر گز نہ کرتے۔ اسی دن لڑکا کو سسرال سے اپنے گھر بھی جانا تھا، گھر جاکر زبان سے تین چار بار طلاق طلاق طلاق نکل گیا۔ ایا صورت مذکورہ میں طلاق پڑی یا نہیں؟ اگر پڑی تو کتنی اور کون سی؟ آپ میاں بیوی کا ایک ساتھ رہنا درست ہے یا نہیں۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

طلاق دینا بہت ہی بری اور ناپسندیدہ چیز ہے۔ (۱) طلاق دینے سے زمین وآسمان اور اس کے درمیان کی ساری چیزیں کانپ جاتی ہیں۔ سخت مجبوری کی حالت میں طلاق دینا جائز ہے جس کے صحیح اور جائز طریقے فقہ وفتاویٰ کی کتابوں میں لکھے ہوئے ہیں ان طریقوں کو معلوم کرنا شرعاً لازم وضروری ہے لیکن جب لڑکے نے اپنی بیوی کو تین طلاق دے دی تو اس سے اس کی بیوی پر تین طلاق مغلظہ واقع ہوگئی، رشتہ نکاح بالکل ختم ہو چکا ہے اور بیوی نکاح سے نکل چکی ہے، اب دونوں کا ایک ساتھ رہنا شرعاً جائز نہیں۔ البتہ اگر دوبارہ لڑکا اس بیوی کو اپنے نکاح میں لانا چاہتا ہے تو شرعی حلالہ ضروری ہے، اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں۔ **کما فی الهدایه: وان کان الطلاق ثلاثا فی الحرة وثنتین فی الامة لم تحل له حتی تنکح زوجا غیره نکاحا صحیحا ویدخل بها او یموت عنها، والاصل فیه**

**قوله تعالیٰ، فان طلقها فلا تحل له من بعد حتی تنکح زوجا غیره** (ہدایہ ج۲ص ۳۹۹) ہکذا فی الفتاویٰ الہندیہ ج۱ص ۴۷۳)(۳)

خلاصہ یہ کہ صورت مسئولہ میں تین طلاق واقع ہو چکی ہے، رشتہ ازدواجیت بالکل ختم ہو چکا ہے، دوبارہ زوجیت میں لانے کے لئے شرعی حلالہ ضروری ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) **عن ابن عمر رضی الله عنهما عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: أبغض الحلال إلى الله الطلاق۔ (سنن أبي داؤد ص:۲۹۶ ج:۲۔ بلال)۔**

(۲) (ہدایہ ص:۳۹۹ ج:۲۔ اشرفی دیوبند)۔

(۳) ہندیہ ص:۵۳۵/ج:۱۔ زکریا۔

(۴) فتح القدیر ص:۳۱/ج:۴۔ دار إحیاء التراث۔

✪✪✪✪

# باب التعلیق

## طلاقِ مشروط کی ایک شکل

**سوال** (۷۳۱): زید نے غصہ کی حالت میں یونہی بیوی سے کہا کہ اگر ہمارا استعمال کیا ہوا صابن تم نے کبھی اپنے مصرف میں استعمال کیا تو تم پر تین طلاق اور یہ کہے ہوئے کئی سال گذر گئے اب زید اپنا استعمال کیا ہوا صابن اپنی بیوی کو استعمال کرنے کی اجازت دینا چاہتا ہے دے سکتا ہے یا نہیں یا اس کی کیا صورت ہے؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

اس کی آسان صورت یہ ہے کہ بیوی کے لئے ایک دو درجن صابون الگ سے خرید کر رکھ دے اور بیوی اسی کو استعمال کرے لیکن اگر شوہر کا استعمال کیا ہوا صابون استعمال کرلیا تو شرط کے مطابق تین طلاق واقع ہوجائے گی۔(۱) چاہے یہ کہے کئی سال کیوں نہ ہوگئے ہوں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

### التعلیق والتخریج

(۱) وإذا أضافه إلی الشرط وقع عقیب الشرط اتفاقاً۔ (هندیه ص:۴۸۸ ج:۱۔ زکریا)۔

تحل أی تبطل المین ببطلان التعلیق۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۳۵۲ ج:۳۔ کراچی)۔

إذا وجد الشرط انتهت الیمین إلا فی کلما۔ (مجمع الأنهر ص:۵۹ ج:۲۔ فقیہ الأمت)۔

تبیین الحقائق ص:۲۳۴ ر ج:۲۔ امدادیہ ملتان۔

البحر الرائق ص:۱۴ ر ج:۴۔ سعید۔

## مشروط طلاق کا حکم

**سوال** (۷۳۲): زید بازار کر کے گھر کے اندر داخل ہوا تو زید کی بیوی کسی ضرورت سے باہر جارہی تھی دروازہ پر جب پہوچی تو زید نے کہا کہ اگر تمہارا قدم دروازہ سے باہر نکلا تو تم پر طلاق، وہیں سے زید کی بیوی واپس لوٹ آئی، زید نے اجازت دی کہ اب تم باہر جاسکتی ہو ایسی صورت میں ہندہ پر طلاق واقع ہوگی یا نہیں اگر ہوئی تو کون سی؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

صورت مسئولہ میں ہندہ پر طلاق واقع نہیں ہوئی **ولو ارادت المرأة الخروج فقال الزوج ان خرجت فانت طالق تقيد الحنث بالفعل فورًا فلو لبث ساعة ثم فعلت لا يحنث الحالف وهذه يمين الفور مجمع الأنهر مع ملتقى الابحر ج١ص ٥٥٥** (١)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

### التعليق والتخريج

(١) (مجمع الأنهر ص:٢٨٧ ج:٢ فقیہ الامت)۔ (باب اليمين في الدخول والخروج والاتيان والسكنى)۔

النہر الفائق ص:٧٣ ج:٣ زکریا۔

ملتقى الأبحر ص:٣٢١ ج:١ مؤسسة الرسالة۔

## طلاق مشروط کی ایک شکل

**سوال** (۷۳۳): ہندہ اپنے شوہر سے الجھ کر بار بار یوں کہتی کہ مجھ کو کرایہ دیدو میں چلی جاؤں گی زید نے ہندہ کے کہنے پر جب کبھی کرایہ دیا تو ہندہ نے جانے سے انکار کر دیا، پھر ہندہ نے وہی الفاظ دہرائے تو زید نے غصہ میں یوں کہا کہ اب کی نہ گئی تو تم کو طلاق، زید

نے نہ کرایہ دیا اور نہ ہندہ جانے پر تیار ہوئی، ایسی صورت میں ہندہ پر طلاق واقع ہوئی یا نہیں اور ہوئی تو کون سی؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

طلاق واقع نہیں ہوئی ففی جمیعھا ای جمیع الالفاظ اذا وجد الشرط انتھت الیہ الیمین الخ ملتقی الابحر ج۱ ص۴۱۸ باب التعلیق (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ملتقی الأبحر ص:۴۷۲ ج:۱۔ مؤسسۃ الرسالۃ۔

تنحل أی یبتطل الیمین ببطلان التعلیق۔ (الدر المختار مع الشامی ص:۳۵۲ ج:۳۔ کراچی)۔

مجمع الأنہر ص:۵۹/ج:۲۔ فقیہ الامت۔

تبین الحقائق ص:۲۳۴/ج:۲۔ امدادیہ ملتان۔

البحر الرائق ص:۱۴/ج:۴۔ سعید۔

## طلاق کو شرط پر معلق کرنے کے بعد شوہر نے رجوع کرلیا، کیا حکم ہے؟

**سوال:** زید نے اپنی عورت ہندہ سے کہا کہ اگر تو محمد علی کمپاؤنڈ گئی تو تجھے طلاق بعد ازاں زید نے اپنے قول سے رجوع کرلیا، اور کہا کہ اگر اب گئی تو تمہیں طلاق نہیں، اس رجوع کے بعد ہندہ محمد علی کمپاؤنڈ چلی گئی تو آیا صورت مسئولہ میں ہندہ پر طلاق واقع ہوئی یا نہیں۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

صورت مسئولہ میں ہندہ پر طلاق ہوگئی (کما فی الھدایہ (۱) ج ۲ ص ۳۸۵) باب الایمان فی الطلاق اذا اضافہ (الطلاق) الی شرط وقع عقیب الشرط

مثل ان یقول لامرأته ان دخلت الدار فانتِ طالق وھذا بالاتفاق وھکذا فی الدر المختار علی ھامش رد المحتار (ج۲ص ۵۰)(۲)

اور زید کے رجوع کرنے سے کچھ فائدہ نہیں، کیونکہ طلاق معلق بالشرط ہے اور اس میں رجوع کرنے سے تعلیق باطل نہیں ہوتی اور تعلیق اس وقت تک باطل نہیں ہوگی جب تک کہ کم از کم ایک مرتبہ شرط نہ پالی جائے، جب ایک مرتبہ شرط پالی جائے گی تب تعلیق باطل ہوجائے گی کمافی الدرالمختار بحوالہ سابق

ای تبطل الیمین ببطلان التعلیق اذا وجد الشرط مرۃً وفی فتح القدیر باب الیمین فی العتلق والطلاق ج۴ ص ۴۳۴ لو قال ان دخلت الدار فانتِ طالق ...... فانقضت عدتھا فدخلت انحلت الیمین۔ (۳)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) وإذا أضاف الطلاق۔۔۔ وھذا بالاتفاق۔ (ھدایہ ص:۳۸۵ ج:۲) باب الإیمان فی الطلاق۔

(۲) (شامی ص:۳۵۲ ج:۳۔ کراچی)۔

(۳) تنحل أی تبطل الیمن ببطلان النعلیق إذا وجد الشرط مرۃ۔ (شامی ص:۳۵۲ ج:۳۔ کراچی)۔

فتح القدیر ص:۴۳۴ رج:۴۔ دار إحیاء التراث۔

إذا وجد الشرط انتھت الیمین إلا فی کلھا۔ (مجمع الأنھر ص:۵۹ ج:۲۔ فقیہ الامت)

تبیین الحقائق ص:۲۳۴ رج:۲۔ امدادیہ ملتان۔

البحر الرائق ص:۱۴ رج:۴۔ سعید۔

# معلق بالشرط طلاق کا حکم

**سوال** (۷۳۵): زید نے غصہ کی حالت میں اپنی بیوی کو کہا کہ اگر ہمارا استعمال کیا ہوا صابن تم نے کبھی اپنے مصرف میں استعمال کیا تو تم پر تین طلاق اور یہ کہے ہوئے کئی سال گذر گئے اور زید اپنا استعمال کیا ہوا صابن اپنی بیوی کو استعمال کرنے کی اجازت دینا چاہتا ہے دے سکتا ہے یا نہیں یا اس کی کیا صورت ہے **بینوا توجروا**

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

اس کی آسان صورت یہ ہے کہ بیوی کے لئے ایک دو درجن صابون الگ سے خرید کر رکھ دے اور بیوی اسی کو استعمال کرے لیکن اگر شوہر کا استعمال کیا ہوا صابون استعمال کرلیا تو شرط کے مطابق تین طلاق واقع ہوجائے گی۔ چاہے یہ کہے کئی سال کیوں نہ ہوگئے ہوں۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) وإذا أضافه إلى الشرط وقع عقيب الشرط اتفاقاً۔ (هنديه ص:۴۸۸ ج:۱۔ زكريا)۔

تنحل أى تبطل اليمين ببطلان التعليق۔۔ (الدر المختار مع الشامى ص:۳۵۲ ج:۳۔ كراچى)۔

إذا وجد الشرط انتهت اليمين إلا فى كلها۔ (مجمع الأنهر ص:۵۹ ج:۲۔ فقيه الأمت)۔

تبیین الحقائق ص:۲۳۴ ج:۲۔ امدادیہ ملتان۔

البحر الرائق ص:۱۴ ج:۴۔ سعید۔

# طلاق معلق کی تنسیخ کا حیلہ

**سوال** (۷۳۶): زید نے اپنی منکوحہ بیوی رضیہ خاتون کو ایک طلاق بائن دیدیا پھر رجعت کے وقت زید سے رضیہ کے میکہ والوں نے یہ شرط لگائی کہ اگر تم مندرجہ منسلک تحریر پر دستخط کرو تو رجعت ورخصتی ہوسکتی ہے۔ ورنہ نہیں۔ لہٰذا زید نے مجبور ہوکر آمادگی ظاہر کی اور میکہ والوں نے تحریر لکھا کر دستخط کرالیا کہ اگر رضیہ خاتون کی زندگی میں کسی بھی دوسری عورت سے نکاح کروں تو دوسری منکوحہ کو تین طلاق مغلظہ واقع ہو۔

(۱) دریافت طلب امر یہ ہے کہ صورت مذکورہ پر زید کے لئے دوسرے نکاح کی گنجائش ہے یا نہیں۔ اور تعلیق کے ختم ہونے کی جو صورت ممکن ہو تحریر فرمایا جائے۔ کیونکہ مذکورہ بالا تعلیق کی وجہ سے اور میکہ والوں کی بداخلاقیوں سے تنگ آکر ہی طلاق پر اقدام کیا تھا۔ اب وہی بداخلاقیاں دوسرے نکاح کے بعد بھی سامنے ہیں۔

(۲) یہ تعلیق ابدی ہوگی۔ یا جب تک وہ بیوی نکاح میں باقی رہے۔ نیز طرفین کی رضامندی سے تعلق پر ترمیم وتنسیخ ہوسکتی ہے یا نہیں؟

(۳) نیز یہ بتایا جائے کہ اس محرم کی تحریر لکھنے اور لکھانے اور زید کو مقید کرنے پر پیش پیش جو صاحب رہے ہیں ان کا شرعاً یہ فعل کیسا ہے؟ اور شرع سے ان کے لئے کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

صورت مسئولہ میں زید اپنی تحریر (اگر رضیہ خاتون کی زندگی پر کسی بھی دوسری عورت سے نکاح کروں تو دوسری منکوحہ کو تین طلاق مغلظہ واقع ہو) کے مطابق جس عورت سے بھی رضیہ کی زندگی پر نکاح کرے گا وہ مطلقہ ہوکر نکاح سے نکل جائے گی: ''**شرطة الملك كقوله لمنكوحته إن ذهبت فأنت طالق أو الإضافة إليه أى الملك الحقيقى أو الحكمى كان نكحت امرأة أو إن نكحتك فأنت طالق و كذا كل امرأة**

الخ“ (تنویر الابصار مع الدر: ۴/ ۴۹۴) (۱) اب اگر زید رضیہ کی زندگی پر دوسری عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے تو اس کا حیلہ یہ ہے کہ زید کا کوئی دوست از خود کسی عورت سے فضولی بنکر زید کا نکاح کردے اور اس کے بعد زید کو آکر اطلاع دے کہ میں نے تمہارا نکاح فلاں عورت سے کردیا ہے یہ خبر سن کر زید زبانی کچھ نہ کہے بالکل خاموش رہے۔ البتہ زید مقرر کردہ مہر نصف یا ثلث یا کم وبیش دوست کو دیدے یہ دوست لیجاکر بیوی کو پہونچادے اس کے بعد یہ عورت زید کے نکاح میں آجائے گی۔ زید اس سے تعلق ازدواجیت قائم کرے۔ طلاق واقع نہیں ہوگی۔

اس کے بعد اگر چاہے تو رضیہ خاتون کو حسبِ اجازت شرعی اپنی زوجیت سے خارج کردے۔

”والحلیة فیه ما فی البحر من أن یزوجه فضولی ویجیز بالفعل کسوق الواجب إلیها الخ“ (ردالمحتار: ۲/ ۴۹۵) (۲)

”فی البحر عن البزازیه التزوج فعلًا اولی من فسخ الیمین فی زماننا وینبغی ان یجئ الی عالم ویقول له ما حلف واحتیاجه الی نکاح الفضولی فیزوجه العالم امرأة ویجیز بالفعل فلا یحنث الخ“ (شامی: ۲/ ۴۹۷) (۳)

”حلف لا یتزوج فزوجه فضولی فاجاز بالقول حنث وبالفعل لا یحنث به یُفتٰی خانیه.“ بالفعل ”کبعث المهر او بعضه بشرط ان یصل الیها وقیل الوصول لیس بشرط“ (النہر) (۴)

”کل امرأة تدخل فی نکاحی او تصیر حلالی فکذا فاجاز نکاح فضولی بالفعل لا یحنث“ (رد المحتار مع الدر المختار: ۳/ ۱۳۷) مطلب ”قال کل امرأة تدخل فی نکاحی فکذا“ (۵)

اگر تحریر لکھوانے والوں کے علم میں رضیہ اور اس کے گھر والوں کی زیادتی تھی تو زید کو

اس انداز سے مقید نہیں کرنا چاہئے تھے۔ان کا یہ فعل اس صورت میں مستحسن نہیں۔اور اگر زید کی غلطی تھی تو وہ لوگ قابل عتاب نہیں واللہ اعلم بحقیقۃ الحال امید کہ سارے شکوک کے ازالہ کے لئے مذکورہ بالاتحریر کافی ہوگی۔اس کے بعد بھی اگر کوئی بات قابل دریافت طلب ہو تو معلوم کرلیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) الدر المختار ص: ۳۴۴ ج: ۳۔کراچی۔

(۲) شامی ص: ۴۹۵ ج: ۲۔نعمانیہ۔

(۳) شامی ص: ۴۹۷ر ج: ۔نعمانیۃ۔

(۴) رد المحتار مع الدر المختار ص: ۱۳۷ ج: ۳۔نعمانیہ۔

**إذا قال كل امرءة اتزوجها منهى طالق فزوجه فضولى فأجاز بالفعل بأن ساق المهر ونحون لا تاطالق. (فتح القدير ص:۱۰۶ ج:۴۔ زكريا).**

(۶) فتاویٰ قاضی خان ص: ۵۶۰ر ج: ۱۔دار الکتب العلمیۃ۔

(۷) النہر الفائق ص: ۱۲۱ر ج: ۳۔زکریا۔

## وقوع شرط سے پہلے طلاق کا حکم

**سوال** (۷۳۷): طلاق مشروط میں وقوع شرط سے پہلے اگر طلاق صریح کا استعمال کیا جائے تو کونسی طلاق واقع ہوگی۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

طلاق مشروط میں وقوع شرط سے پہلے اگر طلاق صریح دیدی تو وہ واقع ہوجائے گی خواہ ایک ہو یا دو۔"**ولو قال لامرأته ان دخلت الدار فانت طالق ثلاثًا وطلقها واحدة أو ثنتين قبل دخول الدار فتزوجت بزوج آخر، دخل بها ثم**

عادت الزوج الاول فدخلت الدار طلقت ثلاثًا فی قول ابی حنیفة وابی یوسفؒ کذا فی البدائع" (ہندیہ:۱/۴۱۶)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) الفتاویٰ الہندیہ ص:۴۵۷ ج:۱۔ رشیدیہ۔

فیثبت له حکم طالقٍ و کذا کان عندنا من التصریح لا یحتاج إلی النیة۔ (البحر الرائق ص:۲۵۹ ج:۳۔ سعید)۔

شامی ص:۷۴۲ ج:۳۔ کراچی۔

## طلاق ارادہ معلق بالشرط کا حکم

**سوال** (۷۳۸): میری شادی سگی خالہ کی لڑکی کے ساتھ ہوئی ہے ہماری بیوی سے اور ہماری چھوٹی بہن جو کہ ہم عمر ہے ہمیشہ ٹکراؤ ہوتی رہتی ہے جس کی وجہ سے ہمارے سسرال والے ایک خط ہمارے سالے کے یہاں اسی بات کو لکھ دیا تو ہمارے سالے نے ہماری بہن کے پاس الٹا سیدھا خط لکھ دیا میری بہن نے وہ خط مجھے دکھلایا جس سے مجھے غصہ آیا اور یہ جملہ میں نے اپنی زبان سے کہا کہ اگر عمران (میرا سالہ) ہمارے دروازے پر آئے گا تو طلاق واجب سمجھو حالانکہ ہمارے دل میں کبھی طلاق دینے کا کوئی ارادہ نہ تھا اور نہ کوئی ارادہ ہے صرف خط کی وجہ سے غصہ میں میرے منہ سے یہ الفاظ نکل گئے۔ میری عورت مجھ سے کہتی ہے کہ تمہاری بہن کی وجہ سے میرا بھائی چھوٹ گیا اب وہ یہاں نہیں آسکتا۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

عمران جب بھی حسبِ شرط دروازہ پر آئے گا آپ کی بیوی پر ایک طلاق رجعی واقع ہوجائے گی "وعلی هذا الخلاف إذا قال لها إن فعلت کذا فطلاقك علیّ

واجب أو قال لازم او قال ثابت ففعلت'' واختيار الصدر الشهيد الوقوع فى الكل كذا فى المحيط. الفتاوىٰ الهنديه: ۱/ ۳۵۵، الباب الثانى فى ايقاع الطلاق ۔(۱)

اوراس کا حل یہ ہے کہ عمران گھر آئے اور شرط کے مطابق آپ کی بیوی پر طلاق واقع ہو اور اس کے بعد آپ رجعت کرلیں یعنی زبان سے کہہ دیں کہ میں نے رجوع کیا یا جماع کرلیں ۔(۲) بیوی زوجیت میں لوٹ آئے گی اسکے بعد عمران آتا جاتا رہے طلاق واقع نہیں ہوگی ۔البتہ آئندہ آپ صرف دو طلاق کے مالک رہیں گے ۔لہٰذا سنبھال کر رکھنی ہوگی ۔

چرا عاقل کند کارے کہ بعد آید پشیمانی ۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) الفتاویٰ الہندیہ ص:۳۵۵ ج:۱۔رشیدیہ۔

وإذا أضافه إلى الشرط وقع عقيب الشرط اتفاقاً ۔(هنديه ص:۴۸۸ ج:۱۔ زكريا)۔

(۳) إذا وجد الشرط انتهت اليمين ۔(مجمع الأنهر ص:۵۹ ج:۲۔ فقيه الامت)۔

(۴) والرجعة أن يقول: رجعتك ۔وراجعت امرأتى هذا صريح فى الرجعة ۔أو يطأها أو يقبلها أو يلمسها بشهوة۔۔۔ ويستحب أن يشهد على الرجعة ۔(هدايه ص:۳۹۵ ج:۳۔ اشرفى بك ڈپو ديوبند)۔

(۵) البحر الرائق ص:۱۵/ ج:۴۔سعید۔

(۶) شامی ص:۳۹۹/ ج:۳۔کراچی۔

(۷) تبیین الحقائق ص:۲۵۱/ ج:۲۔امدادیہ ملتان۔

# طلاق معلق کا حکم

**سوال** (۷۳۹): حافظ حامد نے اپنی بیوی جمیلہ کو یہ لکھ دیا کہ دوشنبہ کو چار بجے تک اپنے میکہ سے میرے گھر نہیں پہونچتی ہو تو میں نے طلاق بائن دیا اگر حافظ صاحب کی بیوی بجائے چار بجے پہنچنے کے چھ بجے پہنچتی ہے یا ایسی صورت میں حافظ حامد کی بیوی کو طلاق پڑے گی یا نہیں اگر پڑے گی تو کون سی بائن یا رجعی؟

پھر اس واقعہ کے ایک سال بعد اسی بیوی سے ایک بچہ پیدا ہوتا ہے آیا یہ بچہ حرامی ہوگا کہ نہیں۔ چونکہ یہ بچہ طلاق کے ایک سال بعد پیدا ہوا ہے۔

**الجواب: حامدًا و مصلیًا**

طلاق کو کسی امر پر معلق کرنے کے بے شمار نظائر کتب فقہ میں مذکور ہیں یہ امر محتاج اثبات نہیں، زمانہ کی طرف نسبت کسی خاص یوم اور وقت کی طرف اضافت کی صحت پر بھی نظائر تمام کتب فقہ و فتاویٰ میں موجود ہیں یہ بھی محتاج اثبات نہیں فقہاء کرام نے طلاق کو معلق کرنے کی صورت میں تصریحات طلاق کا اعتبار بھی کیا ہے کما ھو مصرح فی کتب الفقہ اس لئے حافظ حامد نے جب طلاق کو دوشنبہ دن اور چار بجے وقت پر معلق کیا اور زوجہ چار بجے نہیں آئی تو ان کی بیوی پر ان کی تصریح کے مطابق طلاق بائن پڑ گئی۔

**فی روایة اختتن ابراهیم وابن ثمانین سنة الشیخین (ابن المسبب) قال کان ابراهیم اول النّاس ضیّف الضیف واول الناس اختتن واول الناس قص شاربه الخ جمع الفوائد:** ۱/ ۳۱۳۔ مذکورہ بالا عبارت سے یہ معلوم ہوا کہ سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ختنہ کرایا۔

**سوال**: ختنہ کی ابتدا کہاں سے ہوئی اور کس طرح ہوئی اور کیوں ہوئی؟

**سوال**: مرد عورت کے بالوں میں مانگ نکالنے کا مسنون طریقہ؟

**سوال**: سر کے بالوں کو مانگ نکال کر دو حصوں میں تقسیم کرنے میں کیا مردوں اور

عورتوں کے لئے الگ الگ مخصوص طریقے ہیں؟ اگر ہیں تو وہ کس طرح؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

روایات صحیحہ وصریحہ سے بالوں کا فرق (بیچ سے مانگ نکالنا) ثابت ہے۔ **کما فی الترمذی وابی داؤد والنسائی**۔ لہٰذا اگر کوئی مرد سنتی بال رکھے تو اس کے لئے بھی فرق مسنون ہے مرد وعورت کے بالوں میں فرق کے سواء کوئی فرق نظر سے نہیں گذرا۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) وإذا أضافه إلى الشرط وقع عقيب الشرط اتفاقاً۔ (هندية ص:۴۸۵ ج:۱) زکریا۔

(۲) لوقال رجل لا مرأته أنت طالق غداً أو في غدٍ تطلق أي المرئة عند الصبح أي بطلوع الفجر الصادق من الغد۔ (كنز الدقائق ص:۱۱۷ ج: رشيدية)۔

(۳) تبطل اليمين ببطلان التعليق۔ (الدر المختار مع الشامي ص:۳۵۲ ج:۳۔ کراچی)۔

(۴) إذا كان الطلاق بائناً دون الثلاث فله أن يتزوجها في العدة وبعد انقضاءها۔ (هندية ص:۵۳ ج:۱۔ زکریا)۔

# طلاق معلق اور اس میں تخفیف کی ایک صورت

**سوال** (۷۴۰): زید نے اپنی بیوی کو غصہ کی حالت میں کہا کہ اگر تو فلاں سے بولے گی تو تجھے تین طلاق ہے۔ اب دریافت طلب بات یہ ہے کہ اگر بیوی فلاں سے بولے گی تو طلاق واقع ہو جائے گی یا نہیں؟ اور اس سے بچنے کی کوئی صورت ہے یا نہیں؟ برائے مہربانی قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں، نوازش ہوگی۔

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

صورت مسئولہ میں بیوی جب تک فلاں سے نہیں بولے گی طلاق واقع نہیں ہوئی ہے۔ مگر فلاں سے بولے گی تو طلاق واقع ہو جائے گی اور شوہر کے لئے حرام ہو جائے گی، بدون شرعی حلالہ کے حلال نہ ہوگی۔ "**وإذا أضافه إلى شرط وقع عقيب الشرط**" (ہدایہ اولین ج ۲ ص ۳۶۵) (۱) البتہ تین طلاق سے بچنے کی صورت یہ ہے کہ شوہر ایک طلاق رجعی دیکر بیوی کو الگ کردے۔ عدت کے بعد (تین حیض گذرنے کے بعد اور اگر حاملہ ہے تو وضع حمل کے بعد) بیوی فلاں سے بولے تو اس سے شرط پوری ہو جائے گی اور تین طلاق واقع نہ ہوگی کیوں کہ شرط پوری ہونے کے وقت نکاح میں نہیں ہے۔ اس کے بعد شوہر سے نکاح کرلے، حلالہ کی ضرورت نہیں ہے۔ اب نکاح کرنے کے بعد پھر دوبارہ کبھی بھی فلاں سے بولے گی تو بولنے سے نکاح پر کوئی اثر نہیں پڑے گا اور طلاق واقع نہیں ہوگی۔ درمختار میں ہے: "**وتنحل اليمين بعد وجود الشرط مطلقا لكن إن وجد في الملك طلقت وعتقت والا لا فحيلة من علق الثلاث بدخول الدار ان يطلقها واحدة ثم بعد العدة فدخلها فتنحل اليمين فينكحها**"۔ (در مختار باب التعلیق ج ۲ ص ۵۰۲) (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) **وإذا أضافه إلى شرط وقع عقيب الشرط۔ (هداية ص:۳۸۵ ج:۲)۔**

ہندیہ ص: ۴۸۵ / ج: ا زکریا۔

الدر المختار مع الشامی ص: ۳۵۲ / ج: ۳۔ کراچی۔

(۴) (مجمع الأنہر ص: ۵۹ ج: ۲۔ فقیہ الامت)۔

البحر الرائق ص: ۱۴ ج: ۴۔ سعید۔ (۶) شامی مع الدر المختار ص: ۵۰۲ ج: ۲۔ نعمانیہ۔

# باب الخلع

## خلع کے بعد حلالہ ضروری ہے یا نہیں؟

**سوال** (۷۴۱): زید نے ایک لڑکی سے شادی کی کسی وجہ سے کچھ دنوں کے بعد علیحدگی ہوگئی، اس کے بعد پھر دوسری شادی ہوئی، اس سے ایک لڑکا پیدا ہوا، گھریلو کسی معاملہ میں جھگڑا وغیرہ کی وجہ سے بھاگ کر میکے چلی گئی اور عدالت میں مقدمہ دائر کر کے خلع چاہنے لگی، خلع ہوگیا، پھر کچھ دنوں کے بعد تیسری شادی ہوئی۔ اس سے ایک لڑکی پیدا ہوئی، اس درمیان میں خلع شدہ بیوی ازخود شوہر سے تعلقات قائم کرنے لگی اور بلا حلالہ ونکاح شوہر کے گھر آگئی اور اب تک دونوں میاں بیوی کی طرح ایک ساتھ رہے ہیں، کیا یہ جائز ہے؟ تیسری والی بیوی کو چھوڑ دیا اور مہر وغیرہ سب کچھ ادا کر دیا، قرآن وحدیث کی روشنی میں معتبر دلائل کے ساتھ جواب تحریر فرمائیں۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

خلع طلاق بائن ہے، (۱) اور طلاق بائن کے بعد اگر شوہر خلع شدہ بیوی کو اپنے پاس لانا چاہے تو شرعا بلا حلالہ مہر جدید کے ساتھ دوبارہ نکاح کرنا لازم اور ضروری ہے، (۲) اس کے بغیر اس بیوی کے ساتھ رہنا سہنا، کھانا پینا حرام اور ناجائز ہے، اس سے وطی کرنا زنا ہے، اس نطفہ سے پیدا ہونے والی اولاد حرامی اور ولد الزنا ہے۔

خلاصہ یہ کہ صورت مذکورہ میں زید پر دوسری بیوی کو اپنے پاس رکھنے کے لئے بلا حلالہ دوبارہ نکاح شرعا لازم اور ضروری ہے بغیر نکاح کے اس بیوی کو اپنے پاس رکھنا ناجائز اور حرام ہے، اور عورت پر لازم ہے کہ وہ زید کے پاس سے چلی جائے اور اجنبیہ عورت کی طرح زید سے بالکل الگ تھلگ رہے ورنہ سخت گنہگار ہوگی، اور اب تک بغیر نکاح کے ایک ساتھ رہنے کی وجہ سے جو حرام فعل ہوا ہے، اس سے دونوں پر توبہ واستغفار لازم ہے ورنہ دنیا

وآخرت ہر جگہ اسے سزا بھگتنی پڑے گی۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) وإن تشاق الزوجان وخافا أن لا يقيما حدود الله فلا باس بأن تفتدى نفسها منه بمال يخلعها به۔ فإذا فَعَلَ ذلك وقع بالخلع تطليقه بائنة لقوله عليه السلام۔ (الخلع تطليقة بائنة۔ (ولأنه يحتمل الطلاق حتى صار من الكنايات والواقع بالكنايات بائن)۔ (هداية ج:۲، ص:۴۰۴۔ تهانوی ديوبند)۔

اذا كان الطلاق بائناً دون الثلاث، فله أن يتزوجها فى العدة وبعد انقضائها۔ (الفتاوىٰ الهنديه ج:۱، ص:۵۳۵)۔ زكريا جديد۔

(۳) وحكمه اى الخلع أن الواقع به ولو بلا مالٍ وبالطلاق اعلى مالٍ طلاق بائن۔ (الشامى ج:۲، ص:۴۴۴) سعيد كراچى۔

وينكح مبائته بما دون الثلاث فى العدة وبعدها بالاجماع۔ (الشامى ج:۳، ص:۴۰۹۔ سعيد كراچى)۔

(۵) الدر المختار ج:۱، ص:۲۴۰۔ دار الكتاب ديوبند۔

## بدچلن شوہر سے خلاصی کی صورت

**سوال** (۷۴۲): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ حامد نے اپنی بچی کا نکاح ۱۹۶۴ء میں زید کے ساتھ کر دیا شادی ہونے کے بعد زید کا بڑا بھائی رشید لڑکی کے میکے آیا اور لڑکی کے والد کی عدم موجودگی میں لڑکی کو پانچ رپیہ دے کر دیکھا اور دن مقرر کر کے اس کو گھر لے گیا اور اس سے اپنی خواہشات نفسانی کا اظہار کیا اور وہ کسی طرح راضی نہ ہوئی اس کی عدم رضا کی وجہ سے رشید اور اس کے گھر والے طرح طرح کی تکلیف

دینے لگے چند روز کے بعد بچی کا بھائی اس کو دیکھنے کے لئے اس کے گھر گیا اور لڑکی نے رو رو کر ساری داستان سنائی بچی کا بھائی زبردستی اپنی بہن کو رخصت کرا کے گھر لے آیا اس وقت سے بچی کا شوہر گھر نہیں آیا یعنی سسرال اور زید کے والد نے بھی اپنی خواہشات کا اظہار کیا تھا اور زید کی بہن نے بھی اس بات پر اس کو مجبور کیا تھا کہ وہ اپنے خسر کا ہاتھ پاؤں دبائے لڑکی نے اپنے شوہر سے ان سب بے ہودہ باتوں کو بتلایا لیکن اس نے کچھ اثر نہیں لیا اس وجہ سے لڑکی آنے کے بعد اپنے سسرال نہیں گئی اور نہ اس کے گھر سے کوئی آیا اور لڑکی کے دو بچے بھی ہیں اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ حامد اپنی بچی کا طلاق لینا چاہتا ہے کیونکہ اس کے گھر کے لوگ اس قسم کے ہیں جیسا کہ اوپر بیان کیا اور زید کے اندر، ہر قسم کی برائی ہے مثلاً شرابی، جواری، چوری، چماری سب کچھ کرتا ہے اس لئے لڑکی اس کے یہاں جانے کے لئے تیار نہیں کیوں کہ وہ اپنے شوہر کے تمام افعال قبیحہ سے واقف ہوگئی ہے اور زید طلاق نہیں دے رہا ہے فقط وہ پریشان کرنا چاہتا ہے کئی مرتبہ طلاق کے متعلق اس سے گفتگو کی گئی مگر اس نے انکار کیا اور لڑکی نے مجبور ہو کر کئی آدمیوں سے کہلوایا کہ تم اپنی بری عادتوں سے باز آجاؤ اور ہم کو تنہا لے کر رہو تو ہم تمہارے ساتھ رہنے کے لئے تیار ہیں لیکن وہ اس بات پر آمادہ نہیں ہوا اور دوسری شادی کر لیا ہے اور پہلے ہی اس نے ایک چمائن رکھا تھا بعد میں معلوم ہوا اور وہ آج تک موجود ہے اب حامد اپنی بچی کے بارے میں کیا کرے اور زید نے اپنے محبین دوستوں سے کہا ہے کہ ہم نے طلاق دے دیا ہے تو کیا حامد اپنی بچی کا نکاح ثانی کرے یا نہ کرے۔ تقریباً بچی اپنے دونوں بچوں کے ساتھ اپنے گھر بارہ سال سے ہے اور نان ونفقہ حامد دیتا ہے حامد بہت کافی پریشان ہے تو کیا کرے طلاق کی کیا صورت ہوسکتی ہے اور بچوں کا شوہر مستحق ہوگا یا لڑکی اور بارہ سال کا نان ونفقہ شوہر کو ادا کرنا ہوگا یا کہ نہیں اور لڑکی کا کہنا ہے کہ جب بارہ سال کا نان ونفقہ نہیں ملے گا ہم بچوں کو نہیں دیں گے اور اگر بچے جانے کے لئے تیار نہ ہوں تو اس کے والد مجبور کر سکتے ہیں یا نہیں۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

سوال میں مذکور ہے کہ رخصتی کے چند روز کے بعد لڑکی میکے آگئی اس کے بعد سے لڑکی کا شوہر گھر نہیں آیا یعنی سسرال میں اور نہ لڑکی اپنے سسرال گئی پھر لڑکی کے دو بچے غور طلب ہیں بہر حال اگر تعلق کو استوار کرنے کی کوئی صورت ہو تو اسے اختیار کیا جائے اور کوشش کی جائے کہ تعلق میں خوشگواری آجائے اور موانعات ختم ہو جائیں۔

**وفی القهستانی عن شرح الطحاوی السنة اذا وقع بين الزوجين اختلاف ان يجتمع اهلهما ليصلحوا بينهما فان لم يصطلحا جاز الطلاق والخلع** (رد المحتار ج ۲ ص ۷۶۷ باب الخلع) (۱) اور اگر تعلق قائم کرنے کی کوئی صورت نہ ہو تو شوہر کو بہلا پھسلا کر خوشامد کر کے لالچ دے کر طلاق حاصل کر لیں یا خلع کرالیں تب جا کر دوسری شادی کر سکتے ہیں چونکہ حدیث میں ہے **الطلاق لمن اخذ بالساق** (الدر المختار ج ۲ ص ۵۰۵) (۲) اور جیسا کہ سوال میں مذکور ہے کہ زید اپنے بعض دوستوں سے کہتا ہے کہ میں نے طلاق دے دیا تو زید سے معلوم کر لیں اگر زید کو اپنے اس قول کا اعتراف ہو تب تو طلاق واقع ہو جائے گی، پھر کسی مزید جدو جہد کی ضرورت نہیں اور اگر زید اس قول کا اعتراف نہ کرتا ہو تو پھر شہادت کی ضرورت پیش آئے گی لہٰذا اگر دو عادل آدمی اس کی تصدیق کر دیں گے کہ زید نے میرے سامنے طلاق دیا ہے تو خلاصی اس صورت میں بھی ہو جائے گی **ونصا بها بغيرها من الحقوق سواء كان الحق مالًا او غيره كنكاح وطلاق الخ رجلان او رجل وامرأتان الخ** (درمختار ج ۵ ص ۵۱۵) (۳)

مفتی بہ قول کے مطابق سات سال ماں کو حق حضانت حاصل رہتا ہے اس کے بعد باپ کے ذمہ اس کی تربیت عود کر جاتی ہے حتیٰ کہ فقہاء نے لکھا ہے کہ باپ کو مجبور کیا جائے گا کہ اولاد کو لے اور تربیت وغیرہ کے اعتبار سے اس کی حفاظت کرے۔

**ويكون الغلام عندهن حتى يستغني عنها بأن يأكل وحده ويشرب وحده ويلبس وحده ويستنجي وحده وقدر بتسع او بسبع اى قدر مدة**

الاستغناء ابوبکر الرازی بتسع والخصاف بسبع سنین وعلیه الفتوی (مجمع الانہر (۴) ج ا ص ۴۸۲ الدرالمنتقی (۵) ج ا ص ۴۸۲) علی هامش مجمع الانهر ثم یجبر الاب علی اخذه لان الصیانة علیه الخ (ملتقی الابحر ج ا ص ۴۸۲ وفی سکب الانہر ج ا ص ۴۸۲) (۶) ثم بعد استغناء ه یجبر الاب علی أخذه لأن نفقته وصیانته علیه بالإجماع فیجبر.

غرضیکہ اگر بچے جانے کے لئے تیار نہ ہوں تو اس کے والد مجبور کر سکتے ہیں نیز بیوی کو کوئی حق نہیں کہ وہ بچوں کو جانے سے روکے باقی رہا بارہ سال مدت کا نان ونفقہ تو یہ از روئے شرع شوہر پر لازم نہیں البتہ اخلاقاً جو چاہے دیدے۔

ولا تجب علیه نفقة مدة مضت ولم تصل الیها اما بعجزه او تعنته او غیبته بالحبس وغیره وقد اکلت من مال نفسها ولم یبین مقدار زمنه وذالك شهر کما فی الفتح وفی الغایة ان نفقته بما دون الشهر لا تسقط الا ان تکون النفقة قضی بها بتقدیر القاضی النفقة بها او تراضیا ای اصطلح الزوجان علی مقدارها بشئ معلوم منهما لکل شهر او سنة فتجب النفقة المفروضة او المرضیة لما مضی ما دام حیین الخ (مجمع الانہر مع ملتقی الابحر ج ا ص ۴۹۱) (۷)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ردالمحتار مع الدرالمختار ص: ۴۴۱ ج: ۲۔ کراچی۔

(۲) الطلاق لمن أخذ بالساق۔ (الدرالمختار مع الشامی ص: ۲۴۲ ج: ۳۔ کراچی۔

(۳) (الدرالمختار ص: ۹۱ ج: ۲۔ أشرفیہ کتاب الشہادات)۔

(۴) مجمع الأنہر ص: ۱۶۹ ج: ۲۔ فقیہ الأمت۔

(۵) الدرالمنتقی علی ہامش مجمع الأنہر ص:۱۶۹/ج:۲ فقیہ الامت۔

(۶) ملتقی الأبحر ص:۲۹۹/ج:۱ مؤسسۃ الرسالۃ۔

(۷) مجمع الأنہر مع ملتقی الأبحر ص:۱۸۳/ج:۱ فقیہ الأمۃ۔

## لڑکی کی اجازت کے بغیر باپ نے خلع کرالیا کیا حکم ہے؟

**سوال** (۷۴۳): بالغہ لڑکی کی اجازت کے بغیر باپ نے خلع کرالیا تو خلع ہوگا یا نہیں یعنی لڑکی مہر نہیں معاف کرنا چاہتی لیکن طلاق کی خواہاں ہے اور لڑکے نے مہر کی معافی پر طلاق دیدیا بعد میں وہ کہہ رہی ہے کہ مہر میں نے معاف نہیں کیا تھا اور نہ معاف کروں گی قیامت میں دامن گیر ہوں گی تو طلاق ہوا کہ نہیں۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

صورت مسئولہ میں والد کا عمل لایعبأبہ کے درجہ میں ہے اس کا اعتبار (۱) نہیں لڑکی اپنی رضامندی سے خلع کرانا چاہے (۲) تو اس کو اختیار ہے نیز دیگر شرائط خلع بھی ہوں تب صحیح ہے ورنہ نہیں "لڑکے نے مہر کی معافی پر طلاق دیدیا" اگر اس کا مطلب یہ ہے کہ مہر کی معافی کی شرط پر طلاق دیا ہے یعنی یوں کہا ہے کہ اگر مہر معاف کردیا ہے تو طلاق دیتا ہوں تب تو شرط کے نہ پائے جانے کی وجہ سے طلاق نہیں واقع ہوگی اور اگر مہر کی معافی پر طلاق دینے کا مطلب یہ ہے کہ اس کو بتلایا گیا کہ مہر معاف کردیا گیا ہے اور اس غلط خبر پر بلا شرط طلاق دیدی یعنی یوں کہہ دیا کہ طلاق دیتا ہوں یا دیدیا تو طلاق واقع ہوگئی (۳) اور لڑکی کو مہر کے مطالبہ کا حق ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

**التعلیق والتخریج**

(۱) ولیس للأب أن یختلع بنتہ الکبیرۃ سواء کانت بکراً أو شیباً۔ فإذا فعل ذلک

وقع الخلع موقوفاً على إجازتها فإن أجازته فإنه يصح الخلع ويلزمها المال، وإن لم تجزه لايقع ولا يلزمها المال۔ (الفقه على المذاهب الأربعة ص:۳۰۸ ج:۴، سلمان دیوبند)۔

(۲) والخلع جائز عند السلطان وغيره لأنه عقد يعتمد الراضى كسائر العقود وهو بمنزلة الطلاق بعوضه۔ (المبسوط للسرخسى ص:۱۷۳ ج:۶۔ دار الكتاب العلمية)۔

(۳) وإذا أضافه إلى الشرط وقع عقيب الشرط اتفاقاً۔ (الفتاوىٰ الهنديه ص:۴۸۸ ج:۱۔ زکریا)۔

(۴) ولا يطلق مالم يوجد الشرط۔ (المصدر السابق: ص:۴۸۴ ج:۱، زکریا)۔

(۵) صريحه مالم يستعمل إلا فيه كطلقتك وأنت طالق ومطلق ويقع بها أى بهذه الألفاظ وما بمعناها من الصريح۔ (شامی ص:۲۴۷ ج:۳) کراچی۔

## طریقہ خلع

**سوال** (۷۴۴): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میری شادی تقریباً چھ سات سال کی عمر میں یعنی صغر سنی میں ہوگئی جس کا مجھے قطعی علم نہیں اس شادی کے بارے میں مجھے اس وقت معلوم ہوا جب کچھ لوگ میری رخصتی کے لئے میرے یہاں آئے کافی بحث وتکرار کے بعد میرے والد صاحب نے کہا کہ میری بیٹی اس گھر میں نہیں جائے گی جس گھر میں لوگ اسلامی رسم ورواج تہذیب وتمدن صوم وصلوٰۃ سے ناواقف ہیں اس سلسلہ میں میری بھی رائے لی گئی تو میں نے کہا پہلی بات تو یہ ہے کہ اس شادی کا مجھے علم نہیں نکاح کب ہوا معلوم نہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جن لوگوں کو مذہب سے دور کا بھی واسطہ نہ ہو وہاں جانا مجھے گوارا نہیں لہٰذا میں ہرگز نہیں جاؤں گی تو ان لوگوں نے جو رخصتی کے لئے آئے تھے دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ تم کو طلاق نہیں دی جائے گی۔ پھر کیا کروگی اب

ایسی صورت میں کیا میرا خلع ہوسکتا ہے براہ کرم مطلع فرمائیں۔

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

میاں بیوی کے تعلقات جب خراب ہوجائیں یا خراب ہونے کا امکان ہو بظاہر نباہ مشکل ہو تعلق از دواجیت کا قائم رکھنا ناممکن ہو اور عورت گلو خلاصی چاہتی ہو تو ایسی صورت میں شریعت نے یہ طریقہ بیان کیا ہے کہ شوہر کو کچھ روپیہ پیسہ دے کر یا مہر معاف کر کے یہ کہے کہ اتنا روپیہ لے کر میری جان چھوڑ دیجئے یا یوں کہے کہ مہر جو آپ کے ذمہ ہے اس کے عوض میری جان چھوڑ دیجئے اس کے جواب میں شوہر یہ کہے کہ میں نے چھوڑ دی تو اس سے بیوی پر ایک طلاق بائن پڑ جائے گی اس کے بعد عورت کو اختیار ہوگا کہ عدت گذار کر جہاں جی چاہے اپنی شادی کر لے اس طریقہ سے جان چھڑانے کا نام خلع ہے۔

ھو ای الخلع ازالۃ ملك النكاح المتوتنة على قبولها بلفظ الخلع او ما فى بمعناه ولا بأس به عند الحاجة للشقاق بعد الوفاق بما يصلح للمهر وهو يمين فى جانبه قبل قبولها ولا يصح شرط الخيار له ولا تقتصر على المجلس اى مجلسه ويقتصر قبولها على مجلس علمها الخ (تنویر الابصار مع الدر المختار ج ۲ ص ۵۵۸)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) شامی ص: ۴۲۔۴۳۹ رج: ۳۔ کراچی۔

(۲) (مجمع الأنہر ص: ۱۰۳ ج: ۲ فقیہ الأمۃ)۔

وإن تشاق الزوجان إن خافا أن لا يقيما حدود الله فلا بأس بأن تفتدى نفسها منه بمالٍ يخلعها به۔ (هدايه ص: ۴۰۴ ج: ۲۔ اشرفی بك ڈپو)۔

الفتاویٰ الہندیہ ص: ۵۴۸ رج: ۱۔ زکریا۔

# بالغہ لڑکی کی اجازت کے بغیر باپ نے خلع کرالیا خلع ہوا یا نہیں؟

**سوال** (۷۴۵): بالغہ لڑکی کی اجازت کے بغیر باپ نے خلع کرالیا تو خلع ہوا یا نہیں، یعنی لڑکی مہر نہیں معاف کرنا چاہتی لیکن طلاق کی خواہاں ہے اور لڑکے نے مہر کی معافی پر طلاق دیدیا بعد میں وہ کہہ رہی ہے کہ مہر میں نے معاف نہیں کیا تھا اور نہ معاف کروں گی، قیامت میں دامنگیر ہوں گی، طلاق ہوا کہ نہیں؟

## الجواب: حامدًا ومصليًا

صورت مسئولہ میں والد کا عمل لا یعبأبہ کے درجہ میں ہے اس کا اعتبار نہیں، (۱) لڑکی اپنی رضامندی سے خلع کرانا چاہے (۲) تو اس کو اختیار ہے نیز شرائطِ خلع اور بھی ہیں تب صحیح ہے ورنہ نہیں، عبارت ''لڑکے نے مہر کی معافی پر طلاق دیا'' اگر اس کا مطلب یہ ہے کہ مہر کی معافی کی شرط پر طلاق دیا ہے یعنی یوں کہا کہ اگر مہر معاف کردیا ہے تو طلاق دیتا ہوں تب تو شرط کے نہ پائے جانے کی وجہ سے طلاق نہیں واقع ہوئی (۳) اور اگر مہر کی معافی پر طلاق دینے کا مطلب یہ ہے کہ اس کو بتلایا گیا کہ مہر معاف کردیا گیا ہے اور اس غلط خبر پر یقین کرکے طلاق دے دی یعنی یوں کہہ دیا کہ طلاق دیتا ہوں یا دیدیا تو طلاق واقع ہوگئی۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) وليس للأب أن يختلع الكبيرة سواء كانت ابكراً أو ثيباً فاذا فعل ذلك وقع الخلع موقوفاً على إجازتها فإن إجازته يصح الخلع ويلزمها المال وإن لم تجزه لا يقع ولا يلزمها المال. (الفقہ علی المذاہب الأربعۃ ص: ۳۰۸ ج: ۴ سلمان دیوبند)۔

(۲) والخلع جائز عند السلطان وغيره لأنه عقد يعتمد التراضي كسائر العقود وهو بمنزلة الطلاق بعوضه. (المبسوط للسرخسي ص: ۱۷۳ ج: ۶، دار الكتب

العلمية بيروت)۔

(۳) وإذا أضافه إلى الشرط وقع عقيب الشرط اتفاقاً۔ (الفتاویٰ الھندیہ ص:۴۸۸ ج:۱ زکریا)۔

(۴) ولا يطلق مالم يوجد الشرط۔ (المصدر السابق ص:۴۸۴ ج:۱۔ زکریا)۔

## بدچلن شوہر سے خلاصی کی صورت

**سوال** (۷۴۶): میری شادی تقریباً سات سال پہلے ہوئی تھی، میری چار سالہ زندگی بڑی تکلیف کے ساتھ گزری ہے جس میں کھانے کپڑے وغیرہ کی تکلیف شامل ہے، میں بیڑی بناتی تھی دو چار روپیہ مل جاتا تھا اور شوہر مذکور کو جب معلوم ہوتا تھا تو مذکور رقم کو مجھ سے چھین لیتا تھا۔ میرے شوہر کا حال یہ ہے کہ وہ دوسری بری لت میں پڑ گیا ہے یعنی شراب جوا وغیرہ میں پورا دن گزار دیتا ہے اور میری خبر گیری نہیں کرتا، میں اپنے والدین سے یہی کہتی تھی کہ میرے شوہر سے میرا چھٹکارا کرا دیں، اسی دوران مذکور شوہر سے حاملہ ہوئی اور ایک بچی بھی پیدا ہوئی ہے اور اب بھی میرے مذکور شوہر کا حال وہی پرانا ہے۔ چال چلن میں کوئی تبدیلی نہیں آئی اس لئے اب آپ سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ شریعت مطہرہ کی روشنی میں میرا طلاق دلوا دیں یا فسخ کرا دیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

سوال کی تحریر سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ شوہر لاپرواہ اور بدقماش ہے، نان ونفقہ کے انتظام کی طرف توجہ نہیں دیتا اس لئے چند معزز و باوقار افراد جن سے شوہر بھی متاثر ہو اور ان کی بات کو مانتا ہو ایسے افراد کو بلا کر شوہر کو سمجھایا جائے اور نان ونفقہ کی اہمیت کو سامنے رکھا جائے اگر اس سے شوہر لائن پر آجاتا ہے تو ٹھیک ہے ورنہ پھر مہر و نان ونفقہ معاف کر کے اس سے خلع حاصل کرنے کی کوشش کی جائے یا اور کچھ لالچ دے کر یا اس کے دوستوں کے ذریعہ افہام وتفہیم کی لائن سے خلع پر آمادہ کیا جائے، (۱) الحاصل جس صورت سے بھی آپ خلع کرا سکتی ہوں کرالیں اس لئے کہ قاضی کو یہ حق نہیں کہ اتنی بات پر نکاح کو فسخ کر دے۔

یہ دوسری بات ہے کہ اگر وہ خلع کے لئے تیار نہ ہو اور نان ونفقہ سے انکار کردے تو حسب قواعد شرعیہ اس وقت قاضی نکاح فسخ کرسکتا ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) ولا بأس به عند الحاجة أي بالخلع۔ للسقاق بعدم الوفاق۔ وتحته في الشامية: السنة إذا وقع بين الزوجين اختلاف أن يجتمع أهلهما تيصلحوا بينهما۔ فإن لم يصطلحا جاز الطلاق والخلع۔ (شامي ص:۴۴۱ ج:۳، كراچی)۔

إذا تشاق الزوجان أن لا يقيما حدود الله فلا بأس بأن تفتدي نفسها منه بمالٍ يخلعها به فإذا فعلا ذلك وقعت تطليقة بائنة۔ (الفتاویٰ الہندیہ ص:۵۴۸ ج:۱، زکریا)۔

مجمع الأنہر ص:۱۰۱۱ ج:۲، فقیہ الامت۔

ملتقی الأبحر ص:۲۸۰ ج:۱، مؤسسة الرسالۃ۔

## شوہر کے گھر والوں سے تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہے لڑکی کیا کرے؟

**سوال** (۷۴۷): والد نے اپنی نابالغ لڑکی کا نکاح اپنے خاندان میں ایک لڑکے سے کردیا جبکہ لڑکی کے دادا اور ماں اور بڑے بھائی وغیرہ فقط والد کے اور کسی کی مرضی نہیں تھی چونکہ خاندانی تنازعہ اور کشیدگی زمانہ گذشتہ میں موجود تھی والد نے سوچا کہ رشتہ طے کردینے سے سابقہ کشیدگی اخوت ہمدردی میں تبدیل ہوکر اتفاق واتحاد بھی ہوجائے گا بعد نکاح کے کچھ دنوں کے بعد پھر دونوں گھر میں کشیدگی پیدا ہوگئی لڑکے کا باپ پہلے جوا کا عادی بھی تھا کشیدگی ہوجانے کے سبب نوبت یہاں تک پہونچی کہ لڑکی ایک مرتبہ رخصت ہوکر آجائے تو ان لوگوں سے پوچھ لیں گے یعنی چھوڑ دیں گے بلکہ لڑکے کے باپ نے صریحا لڑکی کے چچا سے باتوں باتوں میں کہہ دیا ہے سب حالات دیکھ کر کہ لڑکی بھی ان کے ہونے والے ظلم وستم سے

گھبرا کر جانے سے انکار کرتی ہے لڑکی کے والدین بھی اب رخصت کرنا نہیں چاہتے، کیونکہ لڑکی کی عزت سے کھیلنا رسوا کرنا جو روستم چاہتے ہیں، لڑکی کی رخصتی ابھی ایک مرتبہ بھی نہیں ہوئی ہے اور لڑکی اب بالغ ہو چکی ہے آئندہ کی رسوائی کی خوف کھا کر لڑکی کے والدین خلع حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ شریعت کی رو سے خلع کے جواز سے روشناس فرمائیں۔

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

صرف دوسروں کے کہنے پر اتنی زیادہ بدگمانی اور بات کو طول دینا مناسب نہیں، بہتر تو یہ تھا کہ لڑکی رخصت ہو کر جاتی اس کے بعد اس کا سلوک دیکھ کر قطعی طور پر لڑکی اور اسی طرح لڑکی کے گھر والے کوئی رائے قائم کرتے، تاہم اگر خلع کرنا ہو تو اس کی صورت اس کے علاوہ کوئی نہیں کہ شوہر کی خوشامد کر کے یا اس کو لالچ دے کر اس سے طلاق حاصل کی جائے (۱) بغیر طلاق حاصل کئے لڑکی کی کسی دوسری جگہ شادی جائز نہیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ولا بأس به أي بالخلع عند الحاجة للشقاق بعدم الوفاق بما يصلح بالمهر وتحته في الشامية: لوجود الشقاق وهو الاختلاف والتخاصم۔ (شامی ص:۴۴۱ ج:۳۔ کراچی)۔

(۲) إذا انشاق الزوجان وخافا أن لا يقيما حدود الله فلا بأس بأن تفتدي نفسها منه بمالٍ يخلعها به فإذا فعلا ذلك وقعت تطليقة بائنة۔ (الہندیہ ص:۵۴۸ ج:۱ زکریا)۔

(۳) لا يجوز للرجل أن يتزوج غيره وكذالك المعتدة۔ (هنديه ص:۳۴۶ ج:۱۔ زکریا)۔

## خلع کی ایک شکل

**سوال** (۷۴۸): میری دختر ریحانہ خاتون عمر سولہ سال، جس کا عقد قریب ایک سال سے زائد ہوا جناب سلیم عمر پچیس سال ولد عبد الخالق ساکن مڑیاہوں ہوا تھا تین بار میری

لڑکی اس کے یہاں گئی مگر لڑکی کے کہنے کے مطابق شوہر سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوا اور نہ کوئی خرچ کیا اور نہ ہی نان ونفقہ کا انتظام کرتا تھا اس صورت میں میری لڑکی ایسی سسرال نہیں جانا چاہتی ہے لڑکا شرابی کبابی اور بد فعل ہے لڑکا طلاق دینے پر رضامند نہیں ہے ایسی صورت میں کیا ہم بغیر طلاق کے کہیں لڑکی کا عقد کرسکتے ہیں یا نہیں؟ تقریباً تین چار ماہ سے لڑکی میرے یہاں ہے۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

بغیر طلاق حاصل کئے لڑکی کی شادی دوسری جگہ کرنا جائز نہیں ہے، (۱) اس لئے کسی طرح چاہے لالچ دیکر ہو یا مہر وغیرہ معاف کرکے ہو طلاق حاصل کرنے کی کوشش کریں (۲) اگر کسی طرح بھی طلاق دینے پر راضی نہ ہو تو پھر شرعی پنچایت میں لڑکی ایک درخواست دے کہ میری شادی فلاں بن فلاں سے اتنے سال ہوئے ہوئی تھی لیکن میرا شوہر حقوق ازدواجیت ادا کرنے سے قاصر ہے لہٰذا میرا نکاح اس سے ختم کردیا جائے، شرعی پنچایت تحقیق کرنے کے بعد اگر بات صحیح نکلی تو شرعی طریقہ پر نکاح ختم کرسکتی ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۲) ولا بأس به أی بالخلع عند الحاجة للشقاق بعدم الوفاق بما يصلح للجهر وتحته فی الشامية لوجود الشقاق وهو الاختلاف والتخاصم۔ (شامی ص:۴۴۱ ج:۳۔ کراچی)۔

إذا تشاق الزوجان وخافا أن لا يقيما حدود الله فلا بأس بأن تفتدی نفسها منه بمالٍ يخلعها به فإذا فعلا ذلك وقعت تطليقةً بأئنة۔ (ہندیہ ص:۴۸۸ ج:۱۔ زکریا)۔

(۱) لا يجوز للرجل أن يتزوج زوجة غيره وكذلك المعتدة۔ (ہندیہ ص:۲۸۰ ج:۱)۔ زکریا۔

# فسخ نکاح کی ایک شکل

**سوال** (۷۴۹): زید نے اپنی بچی کی شادی تقریباً ڈیڑھ سال قبل زید کے ساتھ کیا اور ساتھ ہی رخصتی بھی ہوئی تھی، بچی بالغہ تھی، دو دن کے بعد بچی کے والد وغیرہ رخصت کرا کر لائے اس کے بعد معلوم ہوا کہ لڑکا یعنی زید کے اخلاق اچھے نہیں ہیں چوری چنڈاری جیسی خرافات واہیات باتیں اس کے اندر موجود ہیں بچی کسی قیمت پر اس کے ساتھ عقد میں رہنے کے لئے تیار نہیں ہے گاؤں کے کچھ حضرات لڑکی کا نکاح لڑکے سے فسخ کرانے کے ارادے سے گئے مگر زید طلاق دینے پر راضی نہیں ہوا بلکہ جانے والوں کو دھمکیاں دیا اور یہ بھی ڈروایا کہ ہم اپنی اہلیہ کو کسی قیمت پر چھوڑیں گے نہیں بلکہ ہم راتوں رات اس کو اٹھا بھی لا سکتے ہیں اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کسی طریقہ سے لڑکی کو اس کے ہاتھ سے چھڑایا جا سکے حالانکہ بچی اپنا نان ونفقہ عدت ومہر جملہ حقوق معاف کر دینے پر تیار ہے شریعت کی روشنی میں کوئی واضح طریقہ مفصل ومدلل بیان فرمائیں ان شاء اللہ عند اللہ ماجور ہوں گے۔

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

شادی سے پہلے ان چیزوں کو دیکھ بھال لینا چاہئے تھا، اب اگر علاحدگی ضروری ہے تو اس کے سوا اور کوئی صورت نہیں کہ لڑکے سے جس صورت سے بھی ہو سکے طلاق حاصل کی جائے، (۱) یا پھر لڑکی کو سمجھا بجھا کر شوہر کے یہاں بھیج دیں، اور شوہر کو بھی اخلاق کی ترغیب دیتے رہیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) السنة إذا اوقع بين الزوجين اختلاف أن يجتمع أهلها ليصلحوا بينهما فإن لم يصطلحا جاز الطلاق والخلع۔ (شامی ص:۴۴۱ ج:۳۔ کراچی)۔

(۳) ہندیہ ص:۵۴۸ ج:۱۔ زکریا۔

# باب العدة والنفقة

## اگر بیوی میکہ رہے تو کیا وہ نفقہ کی مستحق ہے؟

**سوال** (۷۵۰): ایک عورت اپنے شوہر کے مستقل ظلم وستم کے باعث اپنے شوہر سے الگ میکہ میں قیام پذیر ہے اور غیر مطلقہ ہے اور تقریباً ۲ سال کا بچہ ساتھ میں ہے ایسی صورت میں وہ اپنے شوہر سے محمدی کی رو سے گذارہ کی مستحق ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

بیوی شوہر کے گھر پر ہے یا شوہر کی اجازت سے میکہ میں ہے اس وقت شوہر پر نفقہ لازم وضروری ہے (۱) اور اگر شوہر کی اجازت کے بغیر میکہ چلی جائے تو شوہر پر اس کا نفقہ لازم وضروری نہیں (۲) اور بچہ کی پرورش والد کے ذمہ ہے (۳) چاہے اس کی ماں سے پرورش کرائے یا کسی اور سے اگر والد ماں ہی سے پرورش کرانا چاہے تو اس صورت میں پرورش کا واجبی خرچہ دینا ہوگا موجودہ صورت حال کا شرعی آسان حل یہ ہے کہ ایک دین دار صوم صلوٰۃ کا پابند شخص لڑکے کی طرف سے اور ایسا ہی ایک شخص لڑکی کی طرف سے جائے اور دونوں کے حالات کا جائزہ لیکر آپس میں جوڑ پیدا کرنے کی کوشش کرے اور دونوں دیکھیں کہ واقعتًہ شوہر ظلم وستم کر رہا ہے یا نہیں اگر شرعی طور پر ظلم وستم ثابت ہو جائے تو آئندہ ظلم نہ کرنے کا معاہدہ کرا کر لڑکی کو رخصت کرا کر شوہر کے گھر پہونچا دیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) النفقة واجبة للزوجة على زوجها مسلمة أو كافرة. (هنديه ص:۴۳۷ ج:۲) مكتبه تهانوى.

فتجب للزوجة على زوجها ــ ولو هي في بيت أبيها إذا لم يطالبها الزوج بالنفقة وبه يفتى۔ (شامی ص:۵۷۲۔ ۵۷۵ ج:۳) کراچی۔

(۲) إن نشزت فلا نفقة لها حتى تعود إلى منزله۔ (هدايه ص:۴۳۸ ج:۲) تهانوی۔ (هنديه ص:۵۹۵ ج:۱) زكريا جديد۔

عن الشعبي: أنّه سئل عن امرأة خرجت من بيتها عاصية لزوجها ألها نفقة؟ قال لا وإن مكثت عشرين سنة۔ (مصنف أبي شيبه ص:۱۵۲ ج:۱۰، رقم: ۱۹۳۱۶۹) دار قطبيه بيروت۔

(۳) ونفقة الأولاد الصغار على الأب لا يشاركه فيها أحدٌ كما لا يشاركه في نفقة الزوجة۔ (هدايه ص:۴۴۴ ج:۲) تهانوی۔

## بیوی جب ازخود میکے چلی جائے تو کیا نان ونفقہ شوہر پر ہے؟

**سوال** (۷۵۱): زید کی بیوی بلا اجازت تقریباً چار سال سے اپنے میکے میں رہ رہی ہے زید اور اس کے والد کے بار بار کہنے کے باوجود وہ زید کے گھر نہیں آرہی ہے اور کہہ رہی ہے کہ تاعمر زید کے گھر نہیں جاؤں گی وہ چاہتی ہے کہ میکے میں رہ کر زید سے اپنا اور چار سال کا ایک لڑکا ہے اس کا بھی نان ونفقہ زید سے وصول کروں اگر انکار کرے تو موجودہ عدالت کے ذریعہ وصولی کروں۔

(۱) کیا بیوی بلا شوہر کی اجازت کے میکے میں رہ سکتی ہے۔

(۲) کیا وہ شوہر سے ایسی صورت میں نان ونفقہ کا مطالبہ کرسکتی ہے۔

(۳) بیوی بلا اجازت شوہر کے لڑکے کو کتنی مدت تک اپنے ساتھ رکھ سکتی ہے جبکہ شوہر بچے کو اپنے ساتھ رکھنا نہایت ضروری سمجھتا ہے کیونکہ ننھال کا ماحول ٹھیک نہیں ہے۔ بیوی کے ساتھ بچہ کو رکھنا مناسب نہیں سمجھتا؟ جبکہ بچہ لڑکا ہے۔

(۴) میکے میں رہ کر شوہر سے نان ونفقہ موجودہ گورنمنٹ کے ذریعہ وصول کرنا چاہتی

ہے بیوی کے لئے شرعاً جائز ہے؟

(۵) مذکورہ صورت میں شوہر سے زبردستی خرچہ وصول کرانے کے لئے عورت کی مدد کرنے والے **ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان** کے زمرے میں آئیں گے یا نہیں۔ شریعت کا ایسے لوگوں کے بارے میں کیا حکم ہے۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

(۱) نہیں۔(۱)

(۲) نہیں۔(۳)

(۳) سات سال کمال فی مجمع الانہر: ۱؍ ۴۸۲۔(۳)

(۴) نہ معلوم کیوں ایسا وہ چاہ رہی ہے۔

(۵) **تعاون علی الاثم** کا فیصلہ پوری تفصیل کے علم میں آنے کے بعد ہی کیا جاسکتا ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) ليس لها أن تخرج بلا إذنه أصلاً فافهم۔ (شامی ص:۱۴۶ ج:۳) کراچی۔

ليس للمرأة أن تخرج بغير إذن الزوج۔ (على هامش الهنديه ص:۴۴۳ ج:۱) رشیدیہ پاکستان۔

(۳) إن نشزت فلا نفقة لها حتى تعود إلى منزله۔ (هنديه ص:۴۳۸ ج:۲) اشرفی۔ (هنديه ص:۵۹۵ ج:۱)۔ زکریا جدید۔

عن الشعبي: أنّ سئل عن امرأة خرجت من بيتها عاصبة لزوجها الها نفقة؛ قال: لا وإن مكثت عشرين سنه۔ (مصنف ابی شیبه ص:۱۵۲ ج:۱۰۔ رقم: ۱۹۳۶۹)۔ دار قطبه بيروت۔ (وفی مصنف عبد الرزاق ص:۱۷ ج:۷۔ دار الکتب العلمیہ بیروت۔

(۳) قدّر مدّة الاستغفاء أبو بكر الرازی بتسع سنين والخصاف بسبع سنين وعليه الفتوى كما فی أكثر الكتب اعتباراً للغالب۔ (مجمع الأنهر ص:۱۶۹ ج:۲) فقيه الأمت۔ (وفی التاتارخانیه ص:۲۷۳ ج:۵)۔ زکریا۔

## صورت مسئولہ میں ہندہ نفقہ اور مہر کی حقدار ہے یا نہیں

**سوال** (۷۵۲): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ زید اور ہندہ کی شادی ہوگئی گھریلو نااتفاقی کی بنا پر ہندہ نے زید سے طلاق طلب کیا زید نے ایسا رویہ اختیار کیا کہ سنا ہی نہیں ؟؟؟؟؟ ہندہ کی زبان پر یہ لفظ بار بار آیا میرے چاہنے والے بہت ہیں زید اس کو بھی ان سنی کرتا گیا زید ان سب باتوں کو حلفاً یقین دلا سکتا ہے بعدہ ہندہ کے گھر والے پولیس کی مدد سے ہندہ کو لے گئے اور ہندہ خوشی بخوشی گھر والے کے ساتھ چلی گئی ہندہ کی زبان پر اس وقت بھی یہ الفاظ تھے میں اس کے ساتھ نہیں رہ سکتی بعدہ ہندہ کے گھر والوں نے ایک دستی خط روانہ کیا جس میں زید کے خط کا حوالہ دیا گیا ہے کہ زید کے مضمون سے یہ نکلتا ہے کہ زید طلاق دینا چاہتا ہے یہ قیاس آرائی ہوئی حالانکہ زید کا شکایت سے مطلب اصلاح تھی اور ہندہ کے گھر والوں کے دستی خط میں لفظاً یہ موجود ہے کہ زید فوراً ہندہ سے سبکدوش ہو جائے ورنہ ان کو آئندہ بہت پریشانی اٹھانی پڑے گی طرح طرح کی دھمکی سے زید کو نوازا گیا ہندہ کے گھر والوں کی بدسلوکی یعنی پولیس کے ذریعہ ہندہ کو لے جانا اور پھر دستی خط میں دھمکی کے ساتھ لفظ سبکدوش فرمانا اس سے زید کو یقین ہوگیا کہ ہندہ اور اس کے گھر والے زید کو پسند نہیں کرتے اس لئے زید طلاق دینے پر راضی ہے حاصل کلام یہ ہے کہ مذکورہ بالا صورت میں ہندہ مہر وخرچہ کی حقدار ہے یا نہیں ہندہ کے گھر والے طلب کر سکتے ہیں یا نہیں۔

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

اگر شوہر حقوق شرعیہ کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرتا ہو تو لڑکی کے گھر والوں کو طلاق کے مطالبہ کا حق نہیں ہے اور اگر حقوق شرعیہ کی ادائیگی سے قاصر ہو یا ادا ہی نہ کرتا ہو تو یہ امر آخر ہے۔

صورت مسئولہ میں اگر زید ہندہ کو طلاق دے گا تو مہر کی ادائیگی ضروری ہے (۲) لیکن نشوز کی وجہ سے عدت کا نفقہ ساقط ہو جائے گا۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) إذا اوقع بين الزوجين اختلاف أن يجتمع أهلهما ليصلحوا فإن لم يصلطحا جاز الطلاق والخلع۔ (شامی ص:۴۴۱ ج:۳، کراچی)۔

(۲) فإن سماها أودونها فلها عشرة بالوطأ أو الموت وبالطلاق قبل الدخول ينتصف لأن بالدخول يتحقق تسليم المبدل۔ (البحر الرائق ص:۴۴۔ ۱۴۳ ج:۲)۔ سعید۔

(۴) تبیین الحقائق ص:۱۳۸/ج:۲۔امدادیہ ملتان۔

## عورت عدت کہاں گذارے

**سوال** (۷۵۳): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ ایک شخص کی بیوی میکے میں ہے اسی حالت میں کسی مدرسہ کے طالب علم نے اس کے پاس رقعہ بھیجا اتفاق سے اس کا باپ آیا اور رقعہ اس کے ہاتھ میں دیکھ لیا اور رقعہ اس کے ہاتھ سے لے لیا اور پوچھنے پر وہ بولی کہ معلوم ہوتا ہے کہ محبت نامہ ہے بس فوراً وہ مدرسہ میں آئے اور اس لڑکے کو مارا اور مدرسہ سے اخراج کرا دیا یہ بات قرب وجوار میں عام ہوگئی اس کے بعد شوہر کو یہ بات بطور خبر متواتر کے معلوم ہوئی تو اس نے اس کو طلاق بائن دے دیا آیا شوہر پر نفقہ واجب ہے یا نہیں اگر واجب ہے تو یہ بھی بتلائیں کہ عورت جتنا مانگ رہی ہے اتنا دیا جائے یا اس گاؤں میں جتنا نفقہ عدت مقرر ہے اتنا دیا جائے گا گاؤں میں تو کم وبیش ساٹھ یا ستر مقرر ہے اور اس کی مانگ ہے دو ہزار کی کیا دو ہزار کی مستحق بن سکتی ہے پھر شوہر پردیسی ہے شوہر

کے گھر والے یہ کہہ رہے ہیں کہ تم ہمارے گھر آ کر عدت گذارو تمہیں مکان اور روٹی کپڑا پورے عدل وانصاف کے ساتھ دیں گے اس پر بھی وہ تیار نہیں ہے صرف یہی کہہ رہی ہے کہ ہم دو ہزار سے کم نہیں لیں گے۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

صورت مسئولہ میں جب طلاق بائن دے دیا تو شوہر کے ذمہ نفقہ واجب ہے کذا فی عالمگیری ج ۱ ص ۵۵۷ **المعتدة عن الطلاق تستحق النفقة والكسنی كان الطلاق رجعيًا او بائنا** معتدہ کا نفقہ وہی ہے جو بقاء نکاح کے وقت شوہر کے ذمہ لازم ہوا کرتا ہے یعنی اگر نکاح قائم ہوتا تو جو نفقہ ہر مہینہ شوہر ادا کرتا اتنی ہی مقدار نکاح ختم ہو جانے کے بعد عدت گذارنے کی صورت میں شوہر ادا کرے گا۔ (کذا فی عالمگیری ج ۱ ص ۵۵۸) (۱)

**ويعتبر فی هذه النفقة ما يكفيها وهو الوسط من الكفاية وهی غير مقدرة لان هذه النفقة نظير لنفقة النكاح فيعتبر فيها ما يعتبر فی نفقة النكاح الخ** (۲)

اور نفقہ نکاح میں مفتی بہ قول اوسط کا ہے خواہ شوہر معسر ہو اور بیوی موسر یا شوہر موسر ہو اور بیوی معسر اور اوسط کی مقدار اس جگہ کے نرخ اور گرانی کے اعتبار سے مقرر ہو سکتی ہے مثلاً اگر ادنیٰ درجہ کا نفقہ پچاس روپیہ ماہوار کا ہے اور اعلیٰ درجہ کا نفقہ سو روپیہ کا ہے تو اوسط پچہتر روپیہ ماہوار ہوگا۔ (کذا فی الدر المختار مع رد المحتار ج ۲ ص ۶۴۵) (۳)

**تستحق النفقة بقدر حالهما به يفتى الخ فی رد المحتار قال فی البحر واتفقوا على وجوب نفقة الموسرين اذا كانا موسرين وعلى نفقة المعسرين اذا كان معسرين وانما الاختلاف فيما اذا كان احدهما موسرا والاخر معسرا فعلى ظاهرا الرواية الاعتبار لحال الرجل فان كان موسرًا وهی معسرة فعليه نفقة الموسرين وفی عكسه نفقة المعسرين**

اما علی المفتی به فتجب نفقة الوسط فی المسألتین وهو فوق نفقة المعسرة ودون نفقة الموسرة الخ

حاصل کلام یہ ہے کہ نفقہ معتدہ کے سلسلے میں اوسط کا قول مفتی بہ ہے اور یہی قابل عمل ہے بہتر صورت یہ ہے کہ باہمی مصالحت اور متدین حضرات کے مشورہ سے کوئی مقدار مقرر کرلیں باقی رہا عورت کا مطالبہ کہ دو ہزار دو تو اس کے مطالبہ کی وہ مستحق نہیں ہے وہ صرف عدت کا نفقہ طلب کرسکتی ہے اور شوہر کے ذمہ اوسط نفقہ واجب ہے یہاں ایک دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ عورت عدت کہاں گذارے اس بارے میں تمام فقہا اس پر متفق ہیں کہ فرقت سے پہلے عورت جہاں رہتی تھی اسی گھر میں عدت گذارنا واجب ہے بحر الرائق میں ہے وتعتدان فی بیت وجبت فیه العدة الا ان تخرج او ینهدم ای معتدة الطلاق والموت تعتدان فی المنزل المضاف الیهما بالسکنی وقت الطلاق والموت ولا تخرجان منه الا بضرورة لما تلونا من الآیة والبیت المضاف الیهما فی الآیة ما تسکن کما قدمنا الی ان قال ......... ولهذا قلنا لو زارت اهلها فطلقها زوجها کان علیها ان تعود الی منزلها وتعتد فیه (ج ۴ ص ۱۶۷) اور بالکل اسی طرح درمختار اور شامی میں بھی ہے۔ (۴)

عبارت بالا سے یہ بھی معلوم ہوا کہ عورت اگر اپنے میکے ہو اور شوہر نے طلاق دے دیا اس پر واجب ہے کہ فوراً اپنے گھر آکر عدت گذارے صورت مسئولہ میں چونکہ بمطابق حکمِ شارع عورت اپنے گھر نہیں آئی اور حق زوج اور حق شرع دونوں اس نے فوت کیا اس لئے وہ ناشزہ ہے اور ناشزہ کو نفقہ نہیں ملا کرتا (کما صرح فی البحر ج ۴) (۵) لا ناشزة بالجر عطف علی الزوجة ای لا تجب النفقة للناشزة وهی فی اللغة العاصیة علی الزوج الی ان قال وفی الشرح کما قال الامام الخصاف الخارجة عن منزل زوجها المانعة نفسها منه والمراد بالخروج کونها فی غیر منزله بغیر اذنه ص ۱۷۹ صورت مسئولہ میں عورت نفقہ کی بالکل مستحق نہیں ہے جب تک کہ اپنے گھر یعنی شوہر

کے گھر آ کر عدت نہ گذارے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) (الفتاویٰ الہندیۃ ص:۶۰۵ ج:۱) زکریا۔

(۲) الفتاویٰ الہندیۃ ص:۶۰۶/ج:۱۔ زکریا ص:۵۵۸/ج:۱۔ رشیدیۃ۔

(۳) شامی ص:۵۷۴ ج:۳۔ باب النفقۃ کراچی۔

(۴) البحر الرائق ص:۱۵۴ ج:۴۔ سعید۔ باب العدۃ۔

(۵) البحر الرائق ص:۱۷۹ ج:۴۔ سعید۔

## معتدۂ طلاق عدت کہا گذارے؟

**سوال** (۷۵۴): مندرجہ ذیل مسئلہ طلاق کا شریعت کی رو سے کیا فیصلہ ہے براہ کرم مطلع فرمائیں نوازش ہوگی۔

(۱) طلاق اس بنا پر دینے کے لئے مجبور ہوا کہ عرصہ سے بیوی ہمیشہ میرے حکم کی خلاف ورزی کرتی رہی میں اسے برابر سمجھتا رہا لیکن اس کی سمجھ میں میری کوئی بات نہیں آئی عرصہ ہو رہا ہے میں نے دوسری شادی بھی کر لی جو کہ خلاف شرع نہیں ہے شادی کرنے کے باوجود بھی میں اپنی پہلی بیوی کا خرچ برابر دیتا رہا پھر بھی وہ آئے دن جھگڑا فساد کرتی رہی آخر میں اس نے خود بھی کہا کہ میرا فیصلہ کر دو جب میں عاجز آ گیا اور میں نے حالات کو خراب تر ہوتے دیکھا تو مؤرخہ ۲۴/دسمبر ۱۹۸۱ء کو اپنی پہلی بیوی کو طلاق دے دی۔

(۲) طلاق شدہ بیوی سے پانچ بچے ہیں آخری بچے کی عمر تقریباً چار سال ہے ابھی وہ میرے ہی گھر میں ہے حالانکہ اب مجھے ہر لمحہ خطرہ ہے۔ براہ کرم شرعی حکم سے آگاہ کریں کہ میں کون سا راستہ اختیار کروں کہ گنہگار نہ ہونے پاؤں اور طلاق شدہ بیوی کیا اب بھی میرے

مکان میں رہنے کی حقدار ہے۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

مطلقہ بیوی کی عدت اگرگذر چکی ہے تو پھر شوہر کے گھر سکونت اختیار کرنے کی وہ مستحق نہیں ہے شوہر کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنے مملوک مکان سے اس کو خارج کر دے لیکن سوال سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عدت ابھی نہیں گذری ہے۔

لہٰذا جب تک عدت نہ گذرے شوہر کو لازم ہے کہ اس کو اپنے مکان میں رکھے اور اس کا نفقہ دے۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) المعتدة عن الطلاق تستحق النفقة والسكنى كان الطلاق رجعياً أو بائناً أو ثلاثاً۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۶۰۶ ج:۱۔ زكريا)۔

وتعتدان أى معتدة طلاقٍ وموتٍ فى بيتٍ وحبت فيه ولا يخرجان منه إلاَّ أن تخرج أوينهدم المنزل النزل أو تخاف۔ (شامى كراچى ص:۵۳۶ ج:۳) باب الحداد۔

(۳) البحر الرائق ص:۱۵۴ ج:۴۔ سعيد۔

(۴) تبيين الحقائق ص:۳۷ ج:۳۔ امداديه ملتان۔

## مطلقۂ ثلاثہ کا بعد عدت شوہر کے گھر میں رہنا کیسا ہے؟

**سوال** (۷۵۵): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین کہ صلاح الدین کا نکاح تقریباً بارہ سال کی عمر میں مسماۃ حسینہ سے ہوا تھا مگر حسینہ اب تک صلاح الدین کی عمر چونتیس پینتیس سال ہو چکی کبھی بخوشی صلاح الدین کے ساتھ نہ رہی اور نہ اس کے گھر گئی اگر ایک دو بار گئی بھی ہو تو اوروں کی ضمانت اور ذمہ داری پر آخراً عاجز ہو کر صلاح الدین نے حسینہ

کے باپ کے کہنے پر دوسری شادی کرلی اس سے ایک بچہ ہے حسینہ کے بطن سے صلاح الدین کے تین لڑکے بھی ہیں اور اب جوان اور بالغ ہیں حسینہ نے دوسرے نکاح کی خبر سن کر اپنے موضع کے کچھ آدمی اور لڑکوں کو لے کر زبردستی گھر میں داخل ہوگئی اور دنگا وفساد کرنے لگی عاجز ہوکر صلاح الدین نے طلاق دے دیا لیکن کئی سال سے حسینہ اور لڑکے گھر پر قابض ہیں اور مجھ کو اتنا مارا کہ اپنی دانست میں مردہ جان کر چھوڑا مگر حیات تھی کہ میں علاج ومعالجہ سے اچھا ہوگیا مگر اپنے گھر نہیں جاسکتا کہ جان کا خطرہ ہے جو لوگ اس عورت کے ساتھی اور میرے مخالف ہیں کہتے ہیں کہ نصف جائیداد اور مکان تقسیم کر کے اس عورت اور لڑکوں کو دے دو تو کیا شرعاً مجھ پر یہ حق عائد ہوتا ہے حالانکہ عورت اور بچوں سے ہر وقت جان کا خطرہ ہے امید کہ شریعت کے حکم سے آگاہ فرمائیں گے۔

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

عدت کے ختم ہوجانے کے بعد شوہر کے گھر میں رہنا جائز نہیں عورت پر لازم ہے کہ وہ شوہر کا گھر خالی کردے **وان کان ذلك ای الطلاق او الموت فی مصرہ لا تخرج منه ما لم تعتد ثم تخرج الخ ملتقی الابحر مع مجمع الانھر** ج ۱ ص ۴۷۴

گھر اور مکان میں سے نصف حصہ کا مطالبہ جب کہ وہ عورت ایک انچ کی بھی مالک نہیں ہے سراسر ظلم ہے اور لوگوں کی اعانت اعانت علی الظلم ہے اور خداوند قدوس نے ظلم سے منع فرمایا ہے **تعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان** لہٰذا ان لوگوں کو چاہئے کہ فوراً اپنی اس حرکت سے باز آجائیں اور ان کو شریعت نے جو حصہ دیا ہے اس حصہ کی مستحق شوہر کے مرنے کے بعد ہوتی بشرطیکہ وہ آخری وقت تک عقد نکاح میں رہتی۔ اسی وجہ سے خداوند قدوس نے ترکہ کی صراحت کی ہے **ولھن الربع ما ترکتم ان لم یکن لکم ولد الآیة** اگر بیوی کو اپنی حیات میں چھوڑ دے تو وہ صرف مہر اور عدت کے نان ونفقہ کی مستحق ہوتی ہے اور بس۔ غرض مکان اور زمین کا مطالبہ عورت کے لئے کسی طرح بھی جائز نہیں ہے اسی طرح لڑکوں کو بھی مطالبہ کا کوئی حق نہیں ہے کیونکہ باپ جب تک زندہ

رہتا ہے ساری چیزوں کا وہ مالک ہوتا ہے دوسرے لوگ مرنے کے بعد مستحق ہوتے ہیں حیات میں مطالبہ نہیں کر سکتے اس لئے لڑکوں کے لئے بھی لازم ہے کہ وہ اپنے اس مطالبہ سے باز آجائیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## نفقہ مطلقہ پر تحقیقی مقالہ نفقہ کب واجب ہے کب نہیں؟

**سوال** (۷۵۶): (۱) کیا مطلقہ عورت عدت کے بعد نفقہ کی حقدار ہے اور غیر محدود گذارہ اس کا قانونی حق ہے؟

(۲) نان ونفقہ کی ذمہ داری کن وجوہ سے عائد ہوتی ہے اور اس کی شرعی مدت کیا ہے؟

(۳) اگر مطلقہ عدت کے بعد نان ونفقہ کی مستحق نہیں تو اس کے گذر بسر کا انتظام کیسے ہوگا جو مجبور یا محتاج ہو؟

(۴) رشتہ داروں پر ذمہ داری ڈالی گئی ہے اگر وہ پوری نہ کریں تو مجبور عورت کی گذر بسر کیسے ہوگی؟

(۵) متاع کا جو حکم دیا گیا ہے تو متاع کیا ہے؟ کیا اس کی مقدار مقرر ہے؟

(۶) اگر کوئی عدالت کوئی بڑی رقم واجب کردے تو کہاں تک شریعت میں قابل قبول ہے؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

(۱-۲) شادی کے بعد عورت کی وہ آزادی جو اس سے پہلے تھی ختم ہو جاتی ہے اس کو قیم وقوام کی ماتحتی مان کر زندگی گذارنی پڑتی ہے، اگر کہیں جانا ہو تو شوہر کی اجازت ضروری ہے، اگر شوہر نے منع کیا پھر بھی چلی گئی تو وہ ناشزہ (نافرمان) کہلائے گی، بغیر شوہر کی اجازت کے کسی مہمان کو اپنے شوہر کے کمرہ میں نہیں رکھ سکتی۔ شوہر کی خدمت واطاعت لازم ہو جاتی ہے، امور خانہ کی انجام دہی شوہر کے مال وسامان کی حفاظت اس کے فرائض میں داخل

ہوجاتی ہے۔ غرضیکہ شادی کے بعد کچھ ایسی پابندیاں بیوی پر عائد ہوجاتی ہیں جس کی وجہ سے بیوی شوہر کے حق میں بالکل محبوس (مقید) ہوجاتی ہے، اسی وجہ سے شریعت کا یہ قانون ہے کہ بیوی کے نان ونفقہ (طعام، سکنیٰ، کسوہ) کا وہ انتظام کرے اور اس کی ضروریات کی کفالت کرے، **تجب للزوجۃ** (یعنی النفقہ) **علی زوجھا لانھا جزاء الاحتباس** (در مختار ج ۲ ص ۶۴۴)(۱) جیسے مفتی، قاضی وغیرہما کی تنخواہ بیت المال سے دی جائے گی اسی لئے کہ یہ حضرات بھی اپنے اوقات کو مسلمانوں کے مصالح کے حق میں محبوس کردیتے ہیں، **کمفتٍ وقاض ووصّی قولہ کمفت وقاض ای ووالٍ فلھم قدر ما یکفیھم ویکفی من تلزمھم نفقتھم من بیت المال لاحتباسھم فی مصلحۃ المسلمین اھ** (رد المحتار ج ۲ ص ۶۴۴)(۲)

اور یہ نفقہ (طعام، کسوہ، سکنیٰ) اسی وقت تک لازم رہے گا جب تک احتباس باقی ہو اور احتباس کے ختم ہونے پر نفقہ کا لزوم بھی ختم ہوجائے گا جیسے قاضی ومفتی اپنے احتباس بحق مصالح المسلمین کو ختم کردیں تو اس کا معاوضہ بھی ختم ہوجاتا ہے، یا ملازم کی ملازمت ختم ہوجائے خواہ کسی بھی وجہ سے تو اس کا معاوضہ بھی ختم ہوجاتا ہے وہ معاوضہ کا مستحق نہیں ہوتا لہٰذا جس طرح ملازمت کے ختم ہونے کے بعد بھی مالک سے معاوضہ واجرت مانگنے والے کو عقل سے پیدل کہا جائے گا اسی طرح وہ عورت جو کسی سبب سے نفقہ کو ختم کردے اس کے باوجود کوئی نفقہ لازم وضروری قرار دے وہ بھی عقل سے پیدل سمجھا جائے گا۔

الحاصل اسلامی قانون میں احتباس کے ختم ہونے کے بعد اس کا کوئی نفقہ شوہر پر لازم نہیں، گو خانہ ساز قانون اجازت دے تو دے لیکن اسلامی قانون میں اس کی اجازت نہیں۔

(۳-۴) مجبوری ومحتاجی کا سوال جس طرح عورت کے بارے میں پیدا ہوتا ہے اسی طرح مرد کے بارے میں بھی تو ہے کہ اگر مرد محتاج ومجبور ہو تو ایسی صورت میں اس کا کیا ہوگا؟ مثلاً شوہر خوشحال تھا اس کی دوکان جل گئی یا لٹ گئی جس کی وجہ سے وہ نانِ شبینہ کا محتاج ہوگیا اور اس مجبوری میں اس کو طلاق دینا پڑا یا مفلوج ہوگیا یا نابینا ہوگیا ان صورتوں میں آخر شوہر

کے ضروری اخراجات کا کون ذمہ دار ہوگا۔ اور اگر یہ کہا جائے کہ شوہر محنت مزدوری کرسکتا ہے، بیوی مزدوری نہیں کرسکتی تو یہ غلط ہے اس لئے کہ عورتوں کے لئے بھی بہت سے کام ہیں اگر وہ کرنا چاہیں، مثلاً کسی کے گھر جا کر روٹی پکادیا کریں، غلہ بنادیا کریں، دودھ پلادیا کریں، بہت سے لوگ اس کے لئے پریشان رہتے ہیں کہ کوئی روٹی پکانے والی ملے۔ لیکن اس کام کے لئے ایک عورت بھی نہیں ملتی۔ یہاں ایک سوال یہ ہے کہ اس سے اہم مسئلہ تو اس کے جنسی خواہشات کی تسکین وتکمیل کا ہے لیکن اس کو موضوع بحث نہ بنا کر صرف اس کی ضروریات واخراجات کو موضوع بحث بنانا چہ معنی دارد۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی لڑکی جوان ہو پھر وہ مطلقہ ہو جائے اور پھر جرائم کا ارتکاب کرے اور فواحش کے اڈے قائم کرے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں؟ بہر حال مطلقہ عورت کے گذر بسر کی بہت سی صورتیں ہیں:

۱- اس کی دوسری شادی کا نظم کیا جائے اور مناسب جگہ رشتہ کر دیا جائے، لیکن اس کے لئے پہلے عوام کے ذہنوں کو بنانا ہوگا، بیوہ سے شادی چونکہ عرف میں معیوب ہے اس لئے ذہنوں کو پہلے صاف کرنا ہوگا۔ جس طرح غالباً حضرت نانوتوی نور اللہ مرقدہ نے اس کے فضائل کو بتلا کر لوگوں کو اس کی ترغیب دی اور بہت سی بیواؤں کی شادی کرادی، بہر حال اس کے لئے حضرات علماء کو متحرک ہونا پڑے گا۔

۲- کسی کے گھر روٹی پکانے یا کسی اور کام کی ملازمت کرے، لیکن اس کے لئے ہر شہر میں ایک آدمی مقرر ہو مطلقہ عورتیں اپنا نام وہاں درج کرادیں۔ اور وہ پھر اس کا اشتہار دیدے کہ اگر کسی صاحب کو گھریلو کام کاج کے لئے کسی عورت کی ضرورت ہو تو وہ فلاں پتہ پر آ کر ملاقات کریں۔

۳- دستکاری سیکھ لے، (مثلاً کپڑا سلنا، سوئیٹر بننا، سوت کاتنا وغیرہ) یا عورتوں کی ضروریات کی چیز مثلاً کپڑا، تیل، صابن، چوڑی وغیرہ گھر میں رکھ لے اور یہ سب سامان دوکان کی حیثیت سے ہو اور پردہ کے ساتھ گھروں میں جا کر تجارت کریں۔ مردوں کے مقابلہ

میں ان کی تجارت کامیاب ہوگی۔ اس لئے کہ عورتوں کا عورتوں کی طرف طبعاً میلان زیادہ ہوتا ہے، اور عورتیں بات بنانا بھی خوب جانتی ہیں اور جب عورتوں کو معلوم ہو جائے گا کہ بیوہ ہے ان کا ذریعہ صرف یہی ہے تو ان سے سامان خریدنے کو یقیناً ترجیح دیں گی۔

۴- اور اگر پڑھی لکھی ہوں تو کسی مدرسۃ البنات میں ان کو جگہ دلوائی جائے نہیں تو اپنے گھر بیٹھ کر بچوں اور بچیوں کو پڑھائے اور اہل قریہ یا اہل محلہ ان کی تنخواہ مقرر کر دیں اس طرح بچیوں کی تعلیم کا بھی انتظام ہو جائے گا اور ان بیواؤں کے گذر بسر کا بھی انتظام ہو جائے گا۔

۵- اور اگر مذکورہ بالا چار کاموں میں سے کسی ایک کام کی بھی صلاحیت نہ ہو تو پھر اگر اس کے لڑکے ہوں تو مطلقہ ماں کی کفالت کریں کیونکہ شرعاً بھی نفقہ ان پر واجب ہے۔

۶- اور اگر لڑکے نہ ہوں تو ایسی صورت میں اس کے قریبی رشتہ داروں کی ذمہ داری ہے کہ اس کے اخراجات کا انتظام کریں۔

۷- اور اگر اس کے رشتہ دار اس کے اہل نہ ہوں وہ اس کا انتظام نہ کر سکتے ہوں تو پھر عوام کو اس کی طرح متوجہ کیا جائے وہ چندہ کر کے یا صدقات واجبہ یا نافلہ کے ذریعہ اس کے اخراجات کا انتظام کریں، لیکن یہ سب سے آخری صورت ہے جس کو بدرجۂ مجبوری اختیار کیا جائے ورنہ مطلقہ عورتیں چاہیں گی کہ مفت میں گھر بیٹھے وظیفہ ملا کرے۔

بہر حال اخراجات کو پورا کرنے کی بہت سی صورتیں ہیں لیکن مطلقہ اگر جوان ہے تو اس کے جنسی خواہشات کی تسکین کے لئے سوائے پہلی صورت کے کوئی دوسری صورت نہیں حکومت کو اس پر زیادہ توجہ دینی چاہئے لیکن نہ معلوم اس سے صرفِ نظر کیوں کیا گیا؟

(۵) متاع کے معنی وقتی نفع اور فائدہ پہونچانے کے ہیں اور اس کا مقصد صرف تطییب خاطر و دلجوئی ہے، جس طرح مہمان کے لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم ہے کہ جب وہ جانے لگے تو اس کو زادِ راہ (راستہ کا توشہ) دیدیا جائے تا کہ سفر میں کم از کم چوبیس گھنٹے تک اس کو کام دے۔ ''**وجائزته يوم وليلة**'' اسی طرح مطلقہ جب رخصت ہو کر جانے لگے تو شوہر کو چاہئے کہ اس کو تین کپڑا دے دے۔ ۱- کرتا۔ ۲- اوڑھنی۔ ۳- چادر (۳) ''**والمتعة**

**ثلاثة اثواب من كسوة مثلها وهى درع وخمار وملحفة**" (ہدایہ ج ۲ ص ۳۰۵) اور صرف تین ہی کپڑوں میں اکثر گھروں سے نکلتی ہیں۔ (عنایہ)(۴) **لان المرأة تصلى فى ثلاثة اثواب و تخرج فيها عادة فتكون متعتها كذالك** الحاصل متعہ نصف مہر مثل سے زیادہ نہ ہو اور پانچ درہم سے کم نہ ہو **هى لا تزاد على مهر مثلها ولا تنقص عن خمسة دراهم** (زیلعی ج ۲ ص ۴۰)(۵) اور یہ تقدیر یعنی متعہ سے مراد کپڑے ہی ہیں سونا چاندی وغیرہ نہیں اور وہ تین ہی ہیں حضرت عائشہؓ اور حضرت عبد اللہ بن عباسؓ سے منقول ہے: "**كما صرح به صاحب الهدايه وهذا التقدير مروى عن عائشة وابن عباس (رضى الله عنهما) الخ**" (ہدایہ ج ۲ ص ۳۰۵)(۶)

اخیر میں بطور تتمہ کے عرض ہے کہ متعہ واجب بھی ہے اور مستحب بھی لیکن اس کی تعیین سے پہلے اجمالاً طلاق کی قسموں کا تذکرہ ضروری ہے، طلاق کی باعتبار خلوت صحیحہ ومہر کے چار قسمیں ہیں۔

۱- صحبت یا خلوت صحیحہ کے بعد طلاق دی گئی ہو اور مہر مقرر ہو۔

۲- صحبت یا خلوتِ صحیحہ کے بعد طلاق دی گئی ہو اور مہر مقرر نہ ہو۔

۳- صحبت یا خلوتِ صحیحہ کے پہلے طلاق دی گئی ہو اور مہر مقرر ہو۔

۴- صحبت یا خلوتِ صحیحہ کے پہلے طلاق دی گئی ہو اور مہر مقرر نہ ہو۔

صورتِ اولیٰ میں پورے مہر کی ادائیگی ضروری ہے اور نص قطعی قرآن کی آیت سے ثابت ہے: **وَ اُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ** (پ ۵ سورہ نساء)

صورتِ ثانیہ میں مہر مثل واجب ہوگا اور یہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ایک فیصلہ سے ثابت ہے جس کو علامہ زیلعی نے تفصیل سے نقل کیا ہے تبیین الحقائق جلد دوم ص ۱۴۰

صورتِ ثالثہ میں نصف مہر دیا جائے گا۔ اور یہ بھی نصِ قطعی سے ثابت ہے: **وَ اِنْ**

طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَ قَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ الأية

صورتِ رابعہ میں صرف متعہ دیا جائے گا: لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۚ وَّ مَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَ عَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًۢا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ کا مصداق یہی صورت ہے۔

ان صورِ اربعہ میں سے صورتِ اولیٰ وثانیہ وثالثہ میں متعہ مستحب ہے۔ اگر کوئی شخص دیدے تو اچھا ہے اور اگر نہ دے تو گنہگار نہیں ہوگا اور صورتِ رابعہ میں متعہ واجب ہے چنانچہ علامہ زیلعی فرماتے ہیں وہذہ المتعۃ واجبۃ (بعض ائمہ مثلاً حضرت امام مالک اور فقیہ ابو اللیث اور ابن ابی لیلیٰ کے نزدیک اس صورت میں بھی متعہ مستحب ہے)۔ (زیلعی ج ۲ ص ۱۴)

چونکہ صورتِ اولیٰ وثانیہ وثالثہ میں مہر عورت کو ملتا ہے۔ چاہے مہرِ مثل ہو یا مفروض (یا مقرر کردہ) مہر) پوری ہو یا نصف، بخلاف صورتِ رابعہ کے اس میں مہر بالکل نہیں اسی وجہ سے متعہ واجب ہے۔

(۶) اگر کوئی عدالت بڑی رقم واجب کردے تو شوہر کو اختیار ہوگا کہ اپنی وسعت کے مطابق وہ خوشی سے قبول کرلے راضی ہو تو کوئی مضائقہ نہیں البتہ اس صورت میں کسی کو واجب کرنے کا اختیار نہیں اور اگر شوہر قبول نہ کرے، راضی نہ ہو تو زبردستی قبول نہیں کرایا جاسکتا۔

جب حضرات فقہاء نے اس کی تصریح کردی **لا تزاد علی نصف مهر مثلها ولا تنقص عن خمسة دراهم** پھر اتنی رقم واجب کرنا جو نصفِ مہرِ مثل سے زیادہ ہو ظلم ہوگا اور ایسی رقم کا استعمال عورت کے لئے جائز نہ ہوگا **لقوله عليه السلام "لا يحل مال امرءٍ الا بطيب نفسه"** (۷) اس لئے جب قانونی طور پر وصول کیا جائے گا تو یقیناً رضاء ورغبت اس میں بالکل نہ ہوگی اور ناجائز کام کو کرنے والا جس طرح گنہگار ہوگا اسی طرح تعاون کرنے والے بھی گنہگار ہونگے، **فلذالك قال الله تعالىٰ ولا تعاونوا على الاثم والعدوان** حکومت وعدالت کو بڑی رقم واجب کرنے کا کوئی حق نہیں اگر واجب

کرتی ہے تو یہ ظلم ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) (شامی ص:۲۷۵ ج:۳) کراچی۔

(۲) (شامی ص:۳۲۷۵ ج:۳) کراچی۔

(۳) ہدایہ ص:۴۳۸ ج:۲۔اشرفی بک ڈپو دیوبند۔

(۴) العنایہ علی ہامش الہدایہ ص:۴۲۵ ج:۲۔اشرفی بک ڈپو۔

(۵) تبیین الحقائق ص:۱۴۰ ج:۲) امدادیہ ملتان۔

(۶) ہدایہ ص:۴۲۵ ج:۲۔

(۷) عن أبي حرة الرقاشي رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم: لا يحل مال امرئٍ مسلمٍ إلا عن طيب نفسه۔ (سنن الدار قطني ص:۲۲ ج:۳۔ رقم الحديث: ۲۸۶۳)۔ دار الإيمان سهارنپور۔

## عدت کا خرچہ کتنا دیا جائے؟

**سوال (۷۵۷)**: میں نے اپنی بیوی کو تعلقات کے خوشگوار نہ رہنے کی بناء پر طلاق دے دیا اور اس کے پاس مجھ سے ایک بچی بھی ہے، مہر دو سو اکیاون روپئے سکہ رائج الوقت ہے، میں مطلقہ بیوی کو مہر اور عدت کا خرچ دینا چاہتا ہوں، اور اس عورت نے میرے خلاف مقدمہ قائم کر دیا ہے۔ میں غریب آدمی ہوں، محنت مزدوری کرتا ہوں۔ وہ میری حیثیت سے زیادہ لینا چاہتی ہے جو میرے لئے دشوار ہے لہٰذا میرے ذمہ شرعی حکم کے مطابق مہر اور عدت کا خرچ جو واجب ہے تحریر فرمائیں؟ لڑکی ابھی چار سال کی ہے شرعی اعتبار سے وہ اپنی ماں کے پاس کتنے دنوں تک رہ سکتی ہے؟ میں اپنی بچی کو کتنا دوں کہ گذارہ ہو سکے؟

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

نکاح کے وقت جو مہر متعین کی جاتی ہے اسی کی ادائیگی ضروری ہوتی ہے آپ کی تحریر کے مطابق مہر دوسوا کیاون روپئے ہے لہٰذا مہر کے نام پر دوسوا کیاون روپئے کی ادائیگی ضروری ہے۔

عدت کا خرچہ شریعت نے واجب کیا ہے لیکن اس کی تحدید منصوص نہیں ہے **ولا تقدير فى النفقة عندنا وانما يجب عليه كفايتها بالمعروف وذلك يختلف باختلاف الاوقات والاماكن خانيه على هامش الهنديه** (ج۱ ص۴۲۵) (۱) اس لئے دو چار متقی افراد زوجین میں سے ہر ایک کے حال کے مطابق جو طے کردیں وہ قابل قبول ہوتا ہے۔

**وتقدر بقدر كفايتها بلا اسراف ولا تقتير ويعتبر فى ذالك حالهما (اى الزوجين) فى اليسار والاعسار وهو اختيار الخصاف وعليه الفتوىٰ كما فى الهدايه ففى المؤسرين من الزوجين يعتبر حال اليسار ككسوتهم وفى المعسرين حال الاعسار (اى الافتقار) وفى المختلفين بين ذالك اه** (مجمع الانہر ج۱ ص۴۸۶) (۲)

لڑکی مفتیٰ بہ قول کے مطابق ماں کے پاس نو سال تک رہ سکتی ہے۔ **الجارية عند الام او الجدة حتى تحيض وعند محمد حتى تشتهى وبه يفتىٰ لفساد الزمان واختلف فى حد الشهوة فقدره ابو الليث تسع سنين وعليه الفتوىٰ كما فى التبيين ملتقى الابحر مع مجمع الانهر** (۳)

اولاد کا نفقہ (خرچہ) ہر حال میں باپ کے ذمہ ہے خواہ مؤسر ہو یا معسر اپنی وسعت کے مطابق خرچہ دے لہٰذا صورت مسئولہ میں لڑکی کا خرچہ جب تک لڑکی ماں کے پاس رہے گی باپ ہی کے ذمہ ہے۔

اس باب میں بھی نفقہ کا وجوب تو منصوص ہے لیکن کوئی تحدید منصوص نہیں اس لئے چند

دیندار متقی افراد باپ کے حال کی رعایت کرتے ہوئے جو طے کردیں گے وہ قابل قبول ہوگا۔

ونفقة الطفل الحر الفقير على ابيه بالاجماع سواء كان الاب مؤسرًا او معسرًا لكن على المعسر تفرض عليه بقدر الكفاية وعلى المؤسر بقدر ما يراه الحاكم وان كان الاب عاجزا يتكفف الخ (مجمع الانہر ج ا ص ۴۹۶) (۴)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) (خانیۃ علی ہامش الہندیہ ص: ۴۲۵ ج: ۱) رشیدیہ۔

(۲) مجمع الأنہر ص: ۱۷۶ ج: ۲۔ فقیہ الأمت۔

(۳) مجمع الأنہر ص: ۱۶۹ ج: ۲ فقیہ الأمت۔

(۴) مجمع الأنہر ص: ۱۹۱ ج: ۲۔ فقیہ الأمت۔

ويعتبر فى هذه النفقة ما يكفيها وهو الوسط من الكفاية۔ (هنديه ص: ۶۰۶ ج: ۱)۔ زكريا ص: ۵۵۸۔ ج: ۱۔ رشيدية۔

## مطلقہ حاملہ کی عدت کا حکم

**سوال** (۷۵۸): لڑکی اور لڑکا دونوں میں جھگڑا ہوا اسی دوران لڑکی نے کہا تم مجھے طلاق دے دو لڑکا کچھ نہیں بولا دوبارہ پھر اس نے کہا اگر تم مجھے طلاق نہیں دیتے ہو تو اپنے ماں کے ساتھ زنا کروگے تو لڑکے نے کہا کہ تمہارے گھر والے آجائیں یا تمہارا وارث آجائے تو میں تمہیں طلاق دیدوں گا۔ تو لڑکی نے کہا کہ میں گھر والوں کو کیا جانوں میں خود مختار ہوں تم مجھے طلاق دیدو تو لڑکے نے مارے غصہ کے طلاق دیدیا نیز لڑکی حاملہ تھی طلاق دینے کے

چار ماہ بعد بچی پیدا ہوئی جو تین مہینہ کی ہو چکی ہے تو طلاق لڑکی کی طرف سے ہوئی یا لڑکے کی طرف سے؟ مہر ادا کرنی ہوگی یا نہیں؟ اگر ادا کرنی ہوگی تو کتنی؟ اور خرچہ طلاق کے بعد ہی سے دینا پڑے گا یا بچی کی پیدائش کے بعد سے۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورتِ مسئولہ میں شوہر کے ذمہ پورے مہر کی ادائیگی ضروری ہے **كذا فى الفتاوى الهنديه ج ا ص ٣٠٣ والمهر يتأكد باحد معان ثلاثة الدخول والخلوة الصحيحة وموت احد الزوجين سواء كان مسمّٰى او مهر المثل حتى لا يسقط منه شيئ بعد ذالك الا بالابراء من صاحب الحق كذا فى البدائع۔(۱)**

نیز عدت کا نفقہ شوہر کے ذمہ لازم ہے اور حاملہ کی عدت وضع حمل ہے وضع حمل کے بعد نفقہ لازم نہیں۔ عدت کا نفقہ معتدہ نے اگر وصول نہیں کیا تو اب وہ بھی ساقط ہوگیا مطالبہ درست نہیں **كذا فى مجمع الانهر۔(۲)**

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی ۷ / ۵ / ۱۴۰۳ھ

## التعليق والتخريج

(۱) ہندیہ ص: ۳۰۷ ج: ۱۔ زکریا۔

**(۲) ولو كانت حاملاً تجب عليه نفقة الحمل (مجمع الأنهر ص:١٩٠۔ ج:٢۔ فقيه الأمة)۔**

النہر الفائق ص: ۲۳۰ ج: ۲۔ زکریا۔

بدائع الصنائع ص: ۵۸۴ ج: ۲۔ زکریا۔

مجمع الأنہر ص: ۵۰۹ ج: ۱۔ فقیہ الامت۔

البحر الرائق ص: ۱۴۳ ج: ۳۔ سعید۔

وإن كانت حاملاً فعدتها أن تضع حملها۔ (هدايه ص:۴۲۳ ج:۲۔ أشرفی دیوبند)۔

ہندیہ ص:۵۸۱ ج:۱۔ زکریا۔

# اگر عورت عدتِ طلاق کے ختم ہونے کا اقرار کرے تو نکاح درست ہے یا نہیں؟

**سوال** (۷۵۹): زید ہندہ کو لیکر بھاگ گیا اور سال بھر وہ گھر رہا اور سال بھر کے بعد اس کا طلاق ہوا اور طلاق کے بعد ہندہ میکے کسی ڈر سے نہیں جاسکی اور زید کے ساتھ رہ گئی اور تین ماہ تیرہ دن پورا کیا اور اس نے نکاح پڑھالیا اور اس کے بعد جس نے نکاح پڑھایا اس نے یہ پوچھا کہ آپ نے تین ماہ تیرہ دن پورا کیا کہ نہیں اس نے کہا کہ میں نے پورا کیا ہے اب یہ بتائیں کہ نکاح جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

اگر عورت عدت گذرنے کا اقرار کرتی ہے اور اس کے بیان کے مطابق عدت کے گزرنے کے بعد نکاح ہوا ہے (جیسا کہ سوال سے یہی معلوم ہو رہا ہے) تو نکاح صحیح ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) وهى فى حق حرةٍ تحيض لطلاق ثلاث حيضٍ۔ (تنوير الأبصار مع الدر المختار ص:۵۰۴ ج:۳۔ کراچی)۔

(۲) هنديه ص:۵۲۹ ج:۱۔ زکریا۔

(۳) إذا طلق الرجل امرأته وهى حرة ممن تحيض فعدتها ثلاثة أقراء۔ (هدايه ص:۴۲۲ ج:۲۔ اشرفی بک ڈپو دیوبند)۔

## عدت کا خرچہ اور بچہ کا نفقہ کس کے ذمہ ہے؟

**سوال** (۷۶۰): مقصود احمد ولد محمد اسحاق محلہ کوڑیہ قصبہ شاہ گنج کے رہنے والے ہیں ہم نے اپنی بیوی شاہ جہاں سلمہا بنت نذیر احمد محلہ پہاڑ پور شہر اعظم گڑھ کو تعلقات خوش گوار نہ رہنے کی بنا پر طلاق دیدیا اور اس کے پاس مجھ سے ایک بچی بھی ہے میری مہر دوسو اکیاون روپیہ سکہ رائج الوقت ہے میں مطلقہ بیوی کو مہر اور عدت کا خرچ دینا چاہتا ہوں اور اس عورت نے میرے خلاف اعظم گڑھ میں مقدمہ قائم کر دیا ہے میں غریب آدمی ہوں محنت مزدوری کرتا ہوں وہ میری حیثیت سے زیادہ لینا چاہتی ہے جو میرے لئے دشوار ہے لہٰذا میرے ذمہ شرعی حکم کے مطابق مہر اور عدت کا خرچ جو واجب ہے تحریر فرمائیں۔

(۱) لڑکی ابھی چار سال کی ہے شرعی اعتبار سے وہ اپنی ماں کے پاس کتنے دنوں تک رہ سکتی ہے۔

(۲) میں اپنی بچی کے گزارے کے لئے کتنا دوں کہ گزارہ ہو سکے۔

میری ان گزارشوں پر فتویٰ دینے کی زحمت فرمائیں نوازش ہوگی۔ بندہ ناچیز

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

نکاح کے وقت جو مہر متعین کی جاتی ہے اس کی ادائیگی ضروری ہوتی ہے آپ کی تحریر کے مطابق مہر دوسو اکیاون روپئے ہے لہٰذا مہر کے نام پر دوسو اکیاون روپئے کی ادائیگی ضروری ہے۔

عدت کا خرچہ شریعت نے واجب کیا ہے لیکن اس کی تحدید منصوص نہیں ہے **ولا تقدير في النفقة عندنا وانما يجب عليه كفايتها بالمعروف وذالك يختلف باختلاف الاوقات والاماكن** (خانیہ علی ہامش الهندیہ: ۱/ ۴۲۵) (۱)

اس لئے دو چار متقی افراد زوجین میں سے ہر ایک کے حال کے مطابق جو طے کر دیں وہ قابل قبول ہوتا ہے۔

وتقدر بقدر کفایتها بلا اسراف ولا تقتیر ویعتبر فی ذلك حالهما (ای الزوجین) فی الیسار والاعسار وهو اختیار الخصاف وعلیه الفتویٰ کما فی الهدایه ففی المؤسرین من الزوجین یعتبر حال الیسار ککسوتهم وفی المعسرین حال الاعسار (ای الافتقار) وفی المختلفین بین ذالك اه (مجمع الانہر ۱/۴۸۶)(۲)

لڑکی مفتیٰ بہ قول کے مطابق ماں کے پاس نو سال تک رہ سکتی ہے۔ الجاریة عند الام او الجدة حتی تحیض وعند محمد حتی تشتهی وبه یفتیٰ لفساد الزمان واختلف فی حد الشهوة فقدره ابو اللیث تسع سنین وعلیه الفتویٰ کما فی التبیین۔ (ملتقی الابحر مع مجمع الانہر: ۱/۴۸۴)(۳)

اولاد کا نفقہ (خرچہ) ہر حال میں باپ کے ذمہ ہے خواہ مؤسر ہو یا معسر اپنی وسعت کے مطابق خرچہ دے لہٰذا صورت مسئولہ میں لڑکی کا خرچہ جب تک لڑکی ماں کے پاس رہے گی باپ ہی کے ذمہ ہے۔

اس باب میں بھی نفقہ کا وجوب تو منصوص ہے لیکن کوئی تحدید منصوص نہیں اس لئے چند دیندار متقی افراد باپ کے حال کی رعایت کرتے ہوئے جو طے کر دیں گے وہ قابل قبول ہوگا۔

## التعلیق والتخریج

(۱) (الخانیة علی ہامش الہندیة ص: ۴۲۵ ج: ۱۔ رشیدیة)۔

(۲) (مجمع الأنہر ص: ۱۷۵ ج: ۲۔ فقیہ الامة)۔

(۳) (ملتقی الأبحر ص: ۱۶۹ ج: ۲۔ فقیہ الأمت مع مجمع الأن ہر)۔

تجب النفقة علی زوجها لأنها جزاء الاحتباس۔ (الدر المختار مع الشامی ص: ۵۷۲ ج: ۳۔ کراچی)۔

## عدت کا نفقہ کس پر ہے؟

**سوال** (۷۶۱): بیوی حاملہ ہے طلاق کے بعد اپنے میکہ چلی گئی ہے میکہ والے بہت غریب ہیں ایسی صورت میں زید اس کی کچھ مدد کرے تو عدت کے اخراجات میں اس کا شمار ہوسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًاومصليًا**

طلاق کے بعد بیوی عدت کے نفقہ کی حق دار شرعاً اس وقت ہوتی ہے جب عدت شوہر کے گھر گزارے، اگر میکہ چلی گئی اور بغیر شوہر کی اجازت ورضا کے گئی تو وہ نفقہ کی حق دار نہیں (۱) لیکن اس کے باوجود شوہر اس کو نفقہ دے تو کوئی مضائقہ نہیں بلکہ اس کو اللہ پاک کے یہاں اجر ملے گا اور صورت مسئولہ میں جبکہ میکہ والے غریب ہیں شوہر کو چاہئے کہ ضرور تعاون کرے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

### التعليق والتخريج

(۱) المعتدة من الطلاق تستحق النفقة والسكنى.... والأصل أن الفرقة متى كانت من جهة الزوج فلها النفقة.... وإن كانت بمعصية لا نفقة لها. (هندية ص:۶۰۵ ج:۱ زكريا).

(۲) عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الساعي على الأرملة والمسكين كالمجاهد في سبيل الله. (سنن النسائي ص:۲۷۷ ج:۱. بلال).

مجمع الأنہر ص: ۱۸۳/ ج: ۲۔ فقیہ الامت۔

## معتکفہ کی طلاق وعدت کا حکم

**سوال** (۷۶۲): ایک عورت مسجد بیت میں معتکف تھی چوتھے دن اس کے شوہر نے اسے طلاق دیدی کیا وہ عدت گذارنے کے لئے اپنے گھر جا سکتی ہے اور اگر چلی گئی تو اعتکاف کی قضاء اس کے ذمہ ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًاومصلیًا**

عدت گذارنے کے لئے اپنے گھر جا سکتی ہے وہاں رہ کر بقیہ دنوں کا اعتکاف کرے "**لو کانت المرأة معتکفةً فی المسجد فطلقت لها ان ترجع الیٰ بیتها تبنی علی اعتکافها**" (کذا فی التبیین: (۱) ۱/ ۳۵۱، الفتاویٰ الهندیہ: ۱/ ۲۱۲) (۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

### التعلیق والتخریج

(۱) تبیین الحقائق ص: ۳۵۱/ ج: ۱۔ امدادیہ ملتان۔

(۲) (الفتاویٰ الهندیۃ ص: ۲۱۲ ج: ۱۔ رشیدیۃ)۔

البحر الرائق ص: ۳۰۳/ ج: ۲۔ سعید۔

باب الاعتکاف قولہ: ف اِن خرج ساعۃ بلاعذرٍ فسد۔

## طلاق کی عدت کا خرچہ شوہر پر لازم ہے

**سوال** (۷۶۳): زید نے اپنی بیوی کو طلاق مغلظہ دیکر زوجیت سے علاحدہ کر دیا تو زید پر مہر اور عدت کا خرچہ آئے گا یا نہیں؟

**الجواب: حامدًاومصلیًا**

طلاق کی عدت کا خرچہ شوہر کے ذمہ لازم ہے (۱) اور اگر جماع یا خلوت صحیحہ ہو چکی ہے

تو پورا مہر دینا لازم ہے(۲) ورنہ نصف مہر دینا ضروری ہے۔(۳)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) المعتدة عن الطلاق تستحق النفقة والسكنى كان الطلاق رجعياً أو بائناً أو ثلاثاً حاملاً كانت المرء ة أو لم تكن كذا في فتاوىٰ قاضي خان۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۶۰۵ ج:۱۔ زكريا)۔

(۲) المهريتأ كدبأحد ثلاثة معان۔ الدخول والخلوة الصحيحة، وموت أحد الزوجين۔ (بدائع الصنائع ص:۵۸۴ ج:۲۔ زكريا)۔

(۳) وبالطلاق قبل الدخول يتنصف أي المسمى۔ (البحر الرائق ص: ۱۴۴ ج: ۳۔ سعید)۔ تبیین الحقائق ص: ۱۳۸ ج: ۲۔ امدادیہ ملتان۔

## عدت والی عورت کا گھر سے نکلنے کا حکم

**سوال** (۷۶۴): اگر کوئی عورت عدت میں ہو اور اسی گاؤں میں یا دوسری جگہ عورت کا باپ بیمار رہے یا مر چکا ہے تو دیکھنے جا سکتی یا نہیں؟ یا صرف میاں بیوی تھے شوہر مر گیا تو کیا بیوی گھر تنہا نہ سو کر کسی دوسرے گھر عدت کے اندر سو سکتی ہے کہ نہیں؟

عدت اعتکاف کے مانند ہے اگر نکل جائے تو کس طرح عور پھر پوری طرے بلا ضرورت کیا عدت میں عورت باہر قدم نکال سکتی ہے کہ نہیں جبکہ تمام ضرورت کی چیزیں اس کے گھر بر ہیں اور جس کے گھر ضرورت سے فراغت وغیرہ کا انتظام نہ ہو اس کے لئے کیا حکم ہے؟ عورت نیا کپڑا یا چوڑی وغیرہ کب استعمال کرے۔ بہت سی عورتیں شوہر کے انتقال کے بعد کافی دنوں تک نہ چوڑی پہنتی ہیں نہ رنگین کپڑا اور نہ زیور وغیرہ استعمال میں لاتی ہیں اسی طرح مردوں کے مثل ہاتھ رکھتی ہیں، کہاں تک شریعت اجازت دیتی ہے؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

نہیں دوسرے کے گھر جا کر سونا جائز نہیں۔ کذا فی الہندیہ ج ا ص ۵۳۵ اور اگر تنہائی کی وجہ سے بہت زیادہ وحشت ہو رات میں اس گھر میں کوئی مانوس کرنے والا نہ ہو تو دوسرے کے گھر منتقل ہونا جائز ہے (ا) (ہندیہ: ۱/ ۵۳۵) گھر کے آنگن صحن میں نکل سکتی ہے، ہر وقت کمرے میں رہنا ضروری نہیں، قضاء حاجت کی جگہ اگر گھر میں نہ ہو تو باہر جا سکتی ہے، صرف عدت کے زمانہ میں رنگین کپڑا وغیرہ تزین کی ممانعت ہے عدت بعد جائز ہے، ہمیشہ زینت کو ترک کئے رکھنا یہ بھی صرف ایک رسم ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(ا) على المعتدة أن تعتد في المنزل الذي يضاف إليها بالسكن حال وقوع الفرقة والموت كذا في الكافي--- إن اضطرت إلى الخروج من بيتها بأن خافت ستوط منزلها أو نافات على مالها---- فلا بأس عند ذلك أن تنتقل۔ (الفتاویٰ الهندية ص:۵۸۷ ج:۱۔ زکریا)۔

البحر الرائق ص: ۲۵۶/ ج: ۴۔ زکریا۔ تبیین الحقائق امدادیہ ملتان۔ ص: ۳۷/ ج: ۳۔

## جس گھر میں طلاق ہوئی، کوئی دیکھ ریکھ کرنے والا نہیں، عدت کہاں گزارے؟

**سوال** (۷۶۵): زید نے اپنی بیوی کو تین طلاق دیدیا جب اس کے میکے والوں کو معلوم ہوا تو لڑکی کو اپنے گھر لائے اور لڑکی حاملہ ہے جس گھر میں طلاق ہوئی کوئی دوسرا دیکھ ریکھ کرنے والا نہیں صرف لڑکی کے خسر ہیں اس حالت میں لڑکی عدت کہاں گذارے؟

**الجواب: حامدًاومصلیًا**

شوہر کے گھر عدت گذارے، بلا عذر شرعی وہاں سے نکلنا درست نہیں، خسر کو چاہئے کہ اس کا خیال رکھے اور اس پر دھیان دے، اور شوہر کے ذمہ عدت کا نفقہ واجب ولازم ہے۔ (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) تعتد ان أي معتدة طلاقه وموتٍ في بيت وجبت فيه ولا يخرجان منه۔ (الدر المختار مع الشامي ص:۵۳۶ ج:۳) کراچی۔

(۲) البحر الرائق ص:۱۵۶ ج:۴۔ زکریا۔

(۳) تبيين الحقائق ص:۳۷ ج:۳۔ امدادیہ ملتان۔

(۴) المعتدة عن الطلاق تستحق النفقة والسكنى۔ (هنديه ص:۶۰۵ ج:۱۔ زکریا)۔

## بیوہ عدت وفات کہاں گزارے؟

**سوال** (۷۶۶): بیوہ عورت عدت وفات کہاں گذارے گی؟ کیا شوہر کے یہاں یا اپنے ہی میکے میں؟

**الجواب: حامدًاومصلیًا**

عورت شوہر کی زندگی میں جہاں تھی یعنی شوہر کے گھر، وہیں پر عدت وفات بھی گذارے گی، چنانچہ فتاوی نظامیہ میں ہے کہ شوہر کی زندگی میں عورت جہاں سکونت پذیر تھی عدت وہیں گذارے۔ (فتاوی نظامیہ ج ا ص ۱۵۴) اور قدوری میں ہے: وعلى المعتدة ان تعتد في المنزل الذي يضاف اليها بالسكنى حال وقوع الفرقة (قدوری ص ۱۸۸) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) قدوری ص:۱۸۸ متن۔باب العدة۔

الفتاویٰ الہندیہ ص:س۵۸۷/ج:۱۔زکریا۔

البحر الرائق ص:۲۵۶/ج:۴۔زکریا۔

تبیین الحقائق ص:۳۷/ج:۳۔امدادیہ ملتان۔

# معتدہ متوفی عنہا زوجہا کا زمانۂ عدت میں میکہ جانا کیسا ہے؟

**سوال** (۷۶۷): میری والدہ عدت وفات گزار رہی ہے، تو کیا وہ اپنے بھائی کے انتقال پر میکہ جاسکتی ہیں یا نہیں؟

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

زمانہ عدت میں (خواہ طلاق کی ہو یا وفات کی) گھر سے معتدہ کا باہر نکلنا اور کہیں کا سفر کرنا شرعاً جائز نہیں، البتہ عدت وفات میں اگر نان ونفقہ کا انتظام نہ ہو تو مجبوراً بوجہ عذر گھر سے باہر نکل سکتی ہے۔خلاصہ یہ کہ سوال میں ذکر کردہ معتدہ عورت کا اپنے بھائی کے انتقال پر میکہ جانا شرعاً درست نہیں ہے۔(موسوعۃ الفقہیہ ج ۲۹ ص ۳۴۸)

## التعلیق والتخریج

(۱) ذهب الفقهاء إلى أنه يجب على المعتدة من طلاق أو فسخ. أو موتٍ ملازمة السكن فى العدة. فلاً تخرج منه إلا لحاجة أو عذرٍ. (الموسوعة الفقهية ص:۳۴۸ ج:۲۹)۔

(۲) قدوری ص:۱۸۸۔

(۳) الفتاویٰ الهندیة ص:۵۸۷ ج:۱۔زکریا۔

(۴) تبیین الحقائق ص:۳۷ ج:۳۔امدادیه ملتان۔

# کتاب الذبائح والأضحية

## رات میں قربانی کرنا کیسا ہے؟

**سوال** (۷۶۸): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ رات کوکسی جانور کے ذبح کرنے میں کوئی کراہت ہے یا نہیں اگر کراہت ہے تو مدلل جواب سے نوازیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

دن میں ذبح کرنا مستحب ہے **كذا في عالمگیری کتاب الذبائح والمستحب ان يكون الذبح بالنهار** ص ۲۸۷ اور مستحب کو قصداً ترک کرنے کی وجہ سے کراہت تنزیہی لازم آتی ہے **كذا في الطحطاوی علی المراقی** ص ۳۲

**ومقتضى ترك السنة كراهة التنزيه مع العمدة والا فلا الخ** بہر صورت رات کو اگر کوئی بالقصد جان بوجھ کر ذبح کرتا ہے تو یہ مکروہ تنزیہی ہے ورنہ نہیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) (ہندیہ ج: ۵ ص: ۳۳۱ زکریا بک ڈپو دیوبند)۔

(۲) (حاشیۃ الطحطاوی علی المراقی) ص: ۵۷، دار الکتاب دیوبند)۔

ويجوز الذبح في لياليها إلا أنه يكره لاحتمال الغلط في الظلمة۔ (البحر الرائق ج:۸، ص:۳۲۲۔ زکریا)۔

والمستحب ذبحها بالنهار دون الليل، لأنه امكن لا ستيفاء العروق۔ (هنديه ج:۵، ص:۳۴۱، زکریا)۔

وهكذا في۔۔۔ الفتاوىٰ التاتارخانيه۔ ١٧ ج:٤٢٠، زكريا۔

احسن الفتاوىٰ ج:٧، ص:٥١٠۔ دار الاشاعت دهلوى۔

فتاوىٰ محموديه ٧/٤٥٦۔ مكتبه شيخ الاسلام ديوبند۔

## صرف مردے کے نام سے قربانی کرنے سے وجوب ساقط نہ ہوگا

**سوال** (٧٦٩): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر قربانی کوئی شخص مردے کے نام سے کروائے تو کیا ایک نام زندہ آدمی کی بھی کروانا چاہئے اصل مسئلہ سے روشناس فرمائیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

مسئلہ مذکورہ فی السوال میں لوگوں کا قول بالکل صحیح ہے یعنی جو آدمی صاحب نصاب ہے جس کی وجہ سے اس پر قربانی واجب ہے پھر وہ شخص اپنے نام سے قربانی نہ کرے بلکہ صرف کسی میت کے نام سے قربانی کردے تو اس قربانی سے اس کے ذمہ جو واجب ہے وہ ساقط نہیں ہوگا بلکہ اس کے لئے ضروری ہے کہ اپنے نام کی قربانی کرے اس کے بعد اگر وسعت ہو تو میت کے نام قربانی کردے۔ (١)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(١) فلا تجوز الشاة والمعز إلاعن واحد وإن كانت عظيمة سمينة۔ (هنديه ج:٥، ص:٢٩٧، رشيديه پاكستان)۔

(٢) وفي الظهيرية۔ ولو أن رجلين ضحيا بعشر من الغنم بينهما لم تجز۔ (البحر الرائق ج:٨، ص:١٧٧، سعيد كراچى)۔

فتاوىٰ محموديه ج:١٧، ج:٣٣٠۔ مكتبه شيخ الاسلام ديوبند۔

قال الامام العینی: اعلم أن الشاة لا تجزئی الاعن واحد وانها اقل ما تجب۔
(ملتقی الابحر ج:۲،ص:۲۲۵ مؤسسة الرسالة)۔

## ایام اضحیہ میں قربانی نہیں کرنے کا کیا حکم ہے؟

**سوال** (۷۷۰): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ اگر کسی غنی نے قربانی کے لئے جانور خریدا اور کسی وجہ سے قربانی کے ایام میں قربانی نہ کرسکا اب وہ بعد گذرنے ایام اضحیہ کے عقیقہ کرنا چاہتا ہے تو کیا اسی جانور کا عقیقہ شرعاً جائز ہے یا نہیں براہ کرم جواب سے مطلع فرمائیں۔

**الجواب: حامدًاومصلیًا**

اسی جانور کا زندہ صدقہ کرنا واجب ہے عقیقہ درست نہیں کذا فی شرح (۱) التنویر ج ۵ ص ۳۱۴ وتصدق بقیمتها غنی شراها اولا ذکر فی البدائع ان الصحیح ان الشاة المشتراة للاضحیة اذا لم یضح بها حتی مضی الوقت یتصدق الموسر بعینها حیة کالفقیر بلا خلاف بین اصحابنا رحمهم الله تعالی

ولو ترك الاضحیة ومضت ایامها تصدق بها حیة الخ (الدر المختار ج ۵ ص ۲۰۳)(۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) وتصدیق بقیمتها غنی شراها۔۔۔ الی کالفقیر بلا خلاف بین اصحابنا رحمهم الله تعالیٰ۔ (الشامی ج:۵،ص:۲۰۴، مکتبہ نعمانیہ دیوبند)۔

(۲) ولو ترك الاضحیة ومضت ایامها تصدق بها حیة۔ (الدر المختار ج:۲،ص:۲۳۲،

دار الكتاب ديوبند)۔

إذا اشترى اضحية فوجبها ثم باعها ولم يضح ببدلها حتى مضى ايام النحر تصدق بقيمته التي باع، فإن لم يبع حتى مضت ايام النحر تصدق بها حية، فان ذبحها وتصدق بالحمها جاز۔ (الفتاویٰ التاتارخانیہ ۱۷ ج:۴۲۳ زکریا دیوبند)۔

(۴) ولو لم يضح حتى مضت أيامها وكان غنياً وجب عليه ان يتصدق بالقيمة سواء اشتراها أو لم يشترها وان كان فقيراً فان كان اشتراها وجب عليه التصدق بها۔ (البحر الرائق ۸ ص:۱۷۶ سعيد كراچى)۔

ومنها: أنها تقضى اذا فاتت عن وقتها، ثم قضاؤها قد يكون.... الى فيتصدق بعينها حيّه۔ سواء كان موسراً أو معسراً و كذا إذا اشترى شاة ليضحى بها فلم يضح حتى مضى الوقت۔ (هنديه ج:۵، ص:۳۳۹، زكريا ديوبند)۔

## بقرعید کی نماز سے پہلے پیدا ہونے والے بکری کی قربانی کا حکم

**سوال:** کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل میں کہ ایک بکری کا بچہ جو بقرعید کی نماز کے پہلے پیدا ہو رہا ہے کیا اس بچہ کی قربانی آئندہ سال بقرعید کی نماز کے بعد کی جاسکتی ہے یا نہیں مسئلہ کی وضاحت فرمائیں۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

قربانی کے جائز ہونے کے لئے بکری کے بچہ کا مکمل ایک سال کا ہونا ضروری ہے ایک سال سے اگر ایک گھنٹہ کم ہوگیا تو اس کی قربانی جائز نہیں اس لئے احتیاطاً عید کے دوسرے دن بکری کی قربانی کریں۔

فقد ذكر القدوري ان الفقهاء قالوا الجذع من الغنم ابن ستة اشهر والثنى ابن ستة الخ وبعد اسطر قال وتقدير هذه الاسنان بما قلنا يمنع النقصان ولا يمنع الزيادة حتى لو ضحى باقل من ذالك شيئًا لا

یجوز ولو ضحّٰی باکثر من ذالک شیئا یجوز ویکون افضل فتاویٰ ھندیه (۱) ج ۵ ص ۲۹۷ وھکذا فی امداد (۲) الفتاوی ج ۳ ص ۴۹۰ شیاً کی تعمیم اس پر دال ہے کہ ایک سال سے چند گھنٹے کا کم ہونا بھی مانع عن جواز الاضحیہ ہے فافہم۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ہندیہ ج:۵،ص:۲۹۷ رشیدیہ۔

(۲) والجزع من الضأن ماتمت له سنة أشهرٍ عند الفقهاء۔ وذكر الزعفرانی انه ابن سبعة أشهرٍ والثنی من الضأن والمعز ابن سنة۔ (البحر الرائق ج:۸، ص:۱۷۷، سعيد کراچی)۔

وہکذا فی۔(تبیین الحقائق ج:۶،ص:۷،، امدادیہ ملتان۔

شامی ۶/ ۳۲۲۔۳۲۱۔ کراچی پاکستان۔

(۲) امداد الفتاویٰ ج:۳،ص:۵۶۸۔ زکریا بک ڈپو دیوبند۔

## قربانی کی کھال کو خود استعمال کرنا جائز ہے؟

**سوال:** کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ قربانی کے جانور کی کھال کو ہم اپنے مصرف میں لا سکتے ہیں کہ نہیں یا اس کو کسی ایسے مدرسہ میں دے دیں جہاں کہ نادار بچے نہیں رہتے اور اس کی قیمت کو کسی ایسے مدرسہ میں دے دیں جہاں نادار طلباء پڑھتے ہیں اور ان کا قیام وطعام مدرسہ پر رہتا ہے تو ایسی صورت میں ہمارے ذمہ سے اس امر کی ادائیگی کس صورت میں ہوگی آپ سے گذارش ہے کہ بحوالہ کتب تحریر فرمائیں جس سے ہم بری الذمہ ہوسکیں۔

## الجواب: حامدًا ومصليًا

قربانی کا چمڑہ فروخت کرنے سے قبل خود بھی استعمال کرسکتا ہے (مثلاً ڈول بنوالے، موزہ بنوالے) اور اغنیاء کو بھی دے سکتا ہے اور فقراء ومساکین کو بھی دے سکتا ہے غرضیکہ قربانی کرنے والا اس چمڑے کا مالک ہوتا ہے جہاں چاہے صرف کرے لیکن اگر اس کو فروخت کردیا تو خواہ کسی بھی نیت سے فروخت کرے اس پیسہ کا صدقہ کرنا واجب ہوجاتا ہے اس کا مصرف فقراء ومساکین ہیں اور وہ تمام لوگ ہیں جو زکوٰۃ کے مصارف ہیں اس پیسہ کو اغنیاء کو دینا یا ملازمین ومدرسین کی تنخواہ میں دینا یا قصاب کی اجرت میں دینا جائز نہیں۔ کذا فی العالمگیری(۱) ج ۵ ص ۳۰۱ الباب السادس ويتصدق بجلدها او يعمل منه نحو غربال وجراب الى ان قال ولا يبيعه بالدراهم على نفسه وعياله واللحم بمنزلة الجلد فى الصحيح الخ كذا فى التبيين(۲) وفى خلاصة الفتاوى(۳) الفصل السادس فى الانتفاع بالاضحية ويجوز الانتفاع بجلد الاضحية والهدى والمتعة والتطوع بأن يتخذه فروا او جرابًا او غربا لا وله ان يشترى به متاع البيت كالغربال والجراب والخف ولا يشترى به الخل المرى واللحم ولا بأس ببيعه بالدراهم يتصدقها وليس له ان يبيعه بالدراهم ينفقها على نفسه ولو فعل ذالك يتصدق بثمنه الخ (ج ۴ ص ۳۲۱ وج ۴ ص ۳۲۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ويتصدق بجلدها أو يعمل منه نحو غربال.... إلى بمنزلة الجلد فى الصحيح.

(هنديه ج:۵، ص:۳۰۱) رشيديه۔

(۲) و كذا فى (تبيين الحقائق ج:۶، ص:۸۔ امداديه ملتان۔

(۳) ویجوز الانتفاع بجلد الاضحیۃ۔۔۔۔۔إلی ولیس لہ أن یبیعہ بالدراھم ینفقھا علی نفسہ ولو فعل ذلك یتصدق بثمنہ۔ (خلاصۃ الفتاویٰ ج:۴، ص:۳۲۲۔ ۳۲۱) مکتبہ اشرفیہ دیوبند۔

(۴) ویتصدق بجلدھا أو یعمل منہ نحو غربالی أو جراب۔ لأنہ جزء منھا وکان لہ التصدق والانتفاع بہ ألا تری أن بہ أن یأکل لحمھا ولا بأس بأن یشتری بہ ما ینتفع بعینہ مع بقائہ استحساناً وذلك مثل ماذکرنا لان للبدل حکم المبدل۔

(البحر الرائق ج:۸، ص:۱۷۸، سعید کراچی)۔

وھکذا فی الشامی۔ ج:۶، ص:۳۲۸، کراچی پاکستان۔

لا بأس بأن ینتفع بإھاب الأضحیۃ أو یشتری بھا الغربال والمنخل وان باعہ بدراھم أو فلوس یتصدق بثمنہ۔ (فتاویٰ قاضی خان: ج:۳،ص:۲۴۱، دارالکتب العلمیہ)۔

## شکار پر تیر ے چلاتے وقت بسم اللہ پڑھنا معتبر ہے یا نہیں؟

**سوال:** کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ شکار کے سلسلہ میں بعض لوگوں کا اعتقاد ہے کہ تیر مارتے وقت اگر بسم اللہ اللہ اکبر پڑھ لیا جائے تو تیرے سے شکار ہلاک ہونے کے بعد دستیاب ہو تو ایسی صورت میں اس کو حلال نہیں قرار دیا جاسکتا اور اسی طرح کتا کو بسم اللہ اللہ اکبر پڑھ کر چھوڑنے کے بعد جو شکار مرنے کے بعد (چاہے اسے کتے نے بالکل نہ کھایا ہو) ملے تو اس کو بھی حلال نہیں سمجھنا چاہئے جو لوگ اس طرح کے شکار کو حلال سمجھتے ہیں ان کے بارے میں غلط احساس پیدا ہو رہا ہے براہ کرم اس مسئلہ کو قرآن وسنت کی روشنی میں سمجھانے کی زحمت فرمائیں۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

شکاری تیر چلاتے وقت یا کلب معلم چھوڑتے وقت اگر بسم اللہ پڑھ لے پھر وہ تیر چلائے یا کتا چھوڑے اور وہ جا کر شکار کو زخمی کردے تو اس کا کھانا جائز ہے وہ حلال ہے جو

لوگ اس کو حرام سمجھتے ہیں ان کے کم علمی کی دلیل ہے۔

ثم الاصطیاد قد یکون بالرمی وارسال الجوارح المعلّمة کالکلب والفهد والبازی والباشق والصقر نصب الشبکة وحفر البئر وغرز القصب والسکین وما اشبه ذالك فان اراد الرمی ینبغی ان یکون السهم جارحًا ویسمّی عند الرمی حتی لو قتله السهم جرحًا حل اکله ومن شرطه ان یرمی الی صیده (فتاوی خانیہ ج ۳ ص ۳۵۹) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) ثم الاصطیهاد قد یکون بالرمی وارسال الجوارح۔۔۔ الی ومن شرطه ان یرمی إلی صیده۔ (فتاویٰ قاضی خان ج:۳، ص:۲۴۷، دار الکتب العلمیه)۔

(۲) ویشرط إرسال مسلم أو کتابی وبشرط التسمیة أی ممن یعقل بخلاف غیره من صبی أو مجنون أو سکران۔۔۔ عند الإرسال فالشرط اقتران التسمیة به فلو ترکها عمداً عند الإرسال ثم زجره معها فانزجره لم یؤکل صیده۔ (در مختار مع الشامی ج:۶، ص:۴۶۵ کراچی)۔

ویحل بالکلب المعلم والفهد والبازی وسائر الجوارح المعلمة أی یحل الاصطیاد بهذه الأشیاء وغیره۔ إلی فلا بأس بصیده۔ (تبیین الحقائق ج:۶، ص:۵۰۔ امدادیه ملتان)۔

و کذا فی۔ (البحر الرائق ج:۸، ص:۲۲۰۔ سعید کراچی۔

ویشترط فی الرمی التسمیة عند الرمی وفی إرسال الکلب والبازی إلی وإن ترك ناسیاً حل اکله۔ (هندیه ج:۵، ص:۴۲۱۔ رشیدیه۔

# مسائل قربانی

(۱) اگر چند افراد مل کر بڑے جانور کا ایک حصہ یا چھوٹا جانور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے نام قربانی کریں تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں، درست ہے۔

(۲) اگر صاحب نصاب شخص اپنی قربانی چھوڑ کر اپنے میت کے نام کرے تو اس سے اس کا وجوب ساقط نہیں ہوگا، اس کے لئے ضروری ہے کہ پہلے نام کی قربانی کرے اس کے بعد اگر گنجائش ہو تو میت کی طرف سے کرے۔

(۳) اگر کسی میت نے قربانی کی وصیت کی ہو تو ورثہ کے ذمہ واجب ہے کہ ایک تہائی مال سے میت کے نام قربانی کریں۔

(۴) اگر کسی شخص نے بغیر وصیت کے کسی میت کی طرف سے قربانی کر دی تو اس کا ثواب میت کو پہنچ جائے گا۔

(۵) قربانی کے لئے سال بھر سے کم کی بکری یا بھیڑ اور دو سال سے کم کی بھینس اور پڑوا اور پانچ سال سے کم کا اونٹ جائز نہیں۔

(۶) چھ ماہ کا ایسا دنبہ جس کو سال بھر کے دنبوں میں اگر چھوڑ دیا جائے تو کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ چھ ماہ کا ہے، اس کی قربانی جائز ہے۔

(۷) بکری، بکرا، دنبہ، بھیڑ میں ایک سے زائد حصہ درست نہیں۔

(۸) بھینس، پڑوا، اونٹ وغیرہ بڑے جانور میں سات سے زائد حصہ درست نہیں اگر آٹھواں شخص شریک ہوگیا تو اس کی قربانی درست نہیں ہوگی۔

(۹) اگر ایک جانور یا ایک حصہ کی قربانی کر کے اس کا ثواب بہت سے افراد کو پہنچا دیا جائے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں، درست ہے۔

(۱۰) قربانی کے ایام تین یوم ہیں ۱۰/ ۱۱/ ۱۲/ ذی الحجہ کو غروب سے پہلے قربانی ختم کر دینی چاہئے، غروب کے بعد اگر کسی شخص نے قربانی کی تو اس کی قربانی درست نہیں ہوگی۔

(۱۱) اگر کوئی شخص اپنی طرف سے قربانی کرنے کی اجازت کسی کو دے اور وہ قربانی کردے اس کے بعد وہ انکار کردے تو اس کا انکار معتبر نہیں ہوگا، اس کے ذمہ اس کی قیمت کا ادا کرنا ضروری ہوگا۔

(۱۲) جانور کو ذبح کرنے کے بعد ٹھنڈا ہونے سے پہلے اس کی کھال کا اتارنا درست نہیں یہ جانور پر ظلم ہے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے۔

(۱۳) اگر کوئی شخص جنگلی جانور نیل گائے وغیرہ پکڑ کر پال لے اور اس کی قربانی کرے تو قربانی درست نہیں ہوگی، قربانی کا وجوب ذمہ سے ساقط نہیں ہوگا۔

(۱۴) قربانی کی کھال فروخت کر کے کسی امام مسجد یا مؤذن یا مدرس کی تنخواہ میں دینا درست نہیں۔ مکاتب میں جہاں نادار بچے نہ ہوں اور نہ مطبخ ہو، قربانی کی کھال دینا درست نہیں، تعمیر میں کھال کی قیمت لگانا درست نہیں۔

(۱۵) اگر نر و مادہ دونوں گوشت اور قیمت میں برابر ہوں تو مؤنث (مادہ) کی قربانی افضل ہے۔

(۱۶) اگر بکرے کی قیمت بڑے جانور کے ایک حصہ کے برابر یا زائد ہو تو بکرے کی قربانی افضل ہے۔

(۱۷) اگر کسی شخص کو بڑے جانور میں صرف ایک حصہ قربانی کرنی ہو تو بہتر یہ ہے کہ جانور خریدنے سے پہلے ہی اپنے علاوہ مزید چھ شریک تلاش کرلے اس کے بعد جانور خریدے اور اگر پورا جانور خرید لیا اس کے بعد اس نے شرکاء تلاش کیئے اور ان سے پیسے لیکر ان کو حصہ دار بنایا تب بھی کوئی حرج نہیں قربانی درست ہوجائے گی۔

(۱۸) اگر کسی مالدار صاحب نصاب نے قربانی کا جانور خریدا، اس کے بعد وہ جانور گم ہوگیا اس نے جانور خرید لیا پھر پہلا جانور مل گیا تو اس کے ذمہ ایک جانور کی قربانی واجب ہے دونوں جانور کی نہیں۔

(۱۹) اگر کسی غریب نے جس پر قربانی واجب نہیں تھی، قربانی کا جانور خریدا، اس کے بعد وہ گم ہوگیا اس نے پھر دوسرا جانور خرید لیا، پھر پہلا جانور بھی مل گیا تو دونوں جانور کی قربانی

واجب ہوگی۔ اور اگر اس نے دوسرا جانور خریدنے کے وقت یہ نیت کرلی کہ پہلا جانور جو گم ہوگیا ہے اس کی جگہ پر خریدتا ہوں تب ایک ہی جانور کی قربانی واجب ہوگی۔

(۲۰) اگر مال دار نے قربانی کا جانور خریدا، اس کے بعد وہ جانور مرگیا تو اس کے ذمہ واجب ہے کہ دوسرا جانور خرید کر اس کی قربانی کرے۔ اور اگر غریب نے قربانی کے لئے جانور خریدا اور وہ مرگیا تو اس کے ذمہ دوسرا جانور خرید کر اس کی قربانی کرنا ضروری نہیں۔

(۲۱) اگر غریب نے قربانی کے ایام میں قربانی کی نیت سے جانور خریدا تو اس کی قربانی واجب ہے۔

(۲۲) اگر قربانی کے جانور کے تھن میں دودھ ہو تو اس کو نکال کر اپنی ضرورت میں استعمال کرنا درست نہیں بلکہ اس دودھ کو صدقہ کردینا چاہئے۔

(۲۳) جانور ذبح کرنے والے نے کچھ حصہ ذبح کرکے چھری قصاب کے حوالے کردیا تو قصاب کے ذمہ لازم ہے کہ وہ بھی بسم اللہ پڑھ کر باقی ماندہ حصہ کو ذبح کرے اگر قصاب نے بسم اللہ نہیں پڑھا تو قربانی درست نہ ہوگی۔

(۲۴) بڑے جانور کے شرکاء میں سے اگر کسی ایک کا انتقال ہوجائے تو ورثہ کی اجازت سے اس کی طرف سے قربانی کی جاسکتی ہے بشرطیکہ ورثہ بالغ ہوں۔

(۲۵) جن دیہاتوں میں عیدین کی نماز واجب نہیں وہاں قربانی کا وقت ۱۰ر ذی الحجہ کی صبح سے شروع ہوجاتا ہے، لہٰذا اگر نماز عید الاضحیٰ سے قبل کسی نے قربانی کرلی تو درست ہے۔

(۲۶) قربانی کا بہتر وقت دن ہے، رات میں قربانی کرنے کو فقہاء نے مکروہ لکھا ہے۔

(۲۷) قربانی کا گوشت غیر مسلم کو دینا جائز ہے۔

(۲۸) اگر نذر کی قربانی ہو یا میت نے وصیت کی ہو، اس کی طرف سے ورثہ نے قربانی کی ہو تو اس کا گوشت صدقہ کرنا ضروری ہے۔ (عالمگیری)

(۲۹) اگر کسی نے قربانی کے لئے بھیڑ خریدا تو اس کے بال کو کاٹ کر اپنے استعمال میں لانا درست نہیں اس کا صدقہ کرنا ضروری ہے۔ (عالمگیری)

(۳۰) کانجی ہاؤس میں نیلام ہونے والے جانور کو خرید کر اس کی قربانی کرنا جائز ہے۔

(۳۱) اگر بکری کے بچہ کی پرورش خنزیر کے دودھ سے ہوئی ہو اس کے بعد اسی جانور کی قربانی کوئی کرنا چاہئے تو اس میں کوئی حرج نہیں، اس کی قربانی جائز ہے، اس کے گوشت کا کھانا درست ہے۔

(۳۲) اگر قربانی کے جانور کے پیٹ سے زندہ بچہ نکل آئے تو اس کو بھی ذبح کر دینا چاہئے۔

(۳۳) اگر کوئی شخص بڑے جانور میں چند حصے ولیمہ کی نیت سے لے لے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں، اوروں کی قربانی درست ہو جائے گی۔

(۳۴) اگر عورت طاقتور ہے اور قربانی کرنا جانتی ہے تو افضل یہ ہے کہ وہ خود ہی اپنے ہاتھ سے ذبح کرے لیکن قصاب کے سامنے بے پردہ نہ آئے بلکہ ذبح کر کے چلی جائے تو اس کے بعد قصاب آکر کھال اتار دے۔

(۳۵) اگر نابالغ بچہ قربانی کرنا جانتا ہو اور قربانی کر دے تو کوئی حرج نہیں، قربانی درست ہے، (عالمگیری)

(۳۶) شہر میں رہنے والوں کے لئے ضروری نہیں کہ ہر جگہ جب نماز ختم ہو جائے جب ہی قربانی کریں بلکہ اپنی نماز ادا کر کے قربانی کر سکتے ہیں بلکہ ایک جگہ بھی عید الاضحیٰ کی نماز ہو جائے تو قربانی جائز ہو جاتی ہے اس کے بعد شہر والے قربانی کر سکتے ہیں۔ (شامی)

(۳۷) اگر قربانی کرتے وقت سر جانور سے جدا ہو جائے تب بھی قربانی ہو جاتی ہے، البتہ ایسا کرنا مکروہ ہے۔ (شامی)

(۳۸) ایک جانور کو دوسرے جانور کے سامنے ذبح نہیں کرنا چاہئے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے۔

(۳۹) بکرے کے خصیتین (کپورے) کا کھانا درست نہیں، کھانے والا گنہگار ہوگا۔

(۴۰) حاملہ (گابھن) جانور کی قربانی جائز ہے لیکن اگر ولادت (بچہ دینے کا وقت قریب ہو تب قربانی کرنا مکروہ ہے۔ (عالمگیری)

(۴۱) اگر بکرا ایک سال سے ایک دن کا بھی کم ہو تو اس کی قربانی درست نہیں، مکمل ایک سال کا ہونا ضروری ہے۔

(۴۲) قربانی کے دن مستحب یہ ہے کہ سب سے پہلا لقمہ جو منہ میں جائے وہ قربانی کا گوشت ہو لیکن یہ تصور غلط ہے کہ بقرعید کے دن روزہ ہوتا ہے، افطاری قربانی کے گوشت سے ہی ضروری ہے اگر قربانی کے گوشت کے علاوہ کوئی دوسری چیز کھا پی لیا تو گنہگار نہیں ہوگا۔ اگر ایسا شخص جس پر قربانی واجب نہیں وہ گوشت کا انتظار کرے اور سب سے پہلا لقمہ قربانی کے گوشت کو بنائے تو بہتر ہے کوئی حرج نہیں۔

(۴۳) بڑے جانور میں اگر چند افراد شریک ہوں تو افضل یہ ہے کہ قربانی کے وقت سب موجود رہیں، لیکن اگر کسی نے اجازت دیدی اور قربانی کے وقت جانور کے پاس موجود نہیں رہا تو کوئی حرج نہیں، قربانی ہو جائے گی۔

(۴۴) اگر ایام قربانی میں صاحب نصاب کسی وجہ سے قربانی نہ کر سکے تو ایام قربانی کے گذرنے کے بعد ایک بکری کی قیمت کا صدقہ کرنا ضروری ہے اور اگر جانور خرید چکا ہو تو اس جانور کا صدقہ کرنا ضروری ہے۔ (درمختار، رد المحتار، مجمع الانہر، سکب الانہر، عالمگیری، فتاویٰ محمودیہ، امداد الفتاویٰ)

## قربانی کا گوشت کافر کو دینے کا حکم

**سوال:** کسی کافر کو قربانی کا گوشت دینا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا و مصلیًا**

از روئے شرع کافر کو قربانی کا گوشت دینا جائز ہے **ویهب منها ما شاء للغني والفقير والمسلم والذمي** (ہندیہ ج ۵ ص ۳۰۰)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) (هنديه ج:۵،ص:۳۰۰۔ رشيديه)۔

وللمضحي أن يهب كل ذلك أو يتصدق به أو يهديه لغني أو فقير مسلم أو كافرٍ۔

(اعلاء السنن ج:۱۷،ص:۲۶۲)۔ المكتبة الامداديه مكة المكرمة۔

فتاویٰ محموديه ج:۱۷،ص:۴۳۴۔ مكتبة شيخ الاسلام ديوبند۔

# قربانی کا گوشت بلا وزن تقسیم کرنے کا حکم

**سوال:** قربانی کے گوشت کو بغیر وزن کے آپس میں تقسیم کرنا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

بغیر وزن کے قربانی کے گوشت کو شرکاء کے درمیان تقسیم کرنا جائز نہیں **ويقسم لحمها وزنا بين الشركاء لأنه موزون (لاجزافا) لأن في القسمة معنى التمليك فلا يجوز جزافًا** (ملتقى الابحر (۱) مع مجمع الانہر ج ۳ ص ۵۱۷) **وهكذا في الشامي (۲)**

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ويقسم لحمها وزناً بين الشركاء لانه موزون..... الى فلا يجوز جزافاً۔ (مجمع الانهر في شرح ملتقى الابحر ج:۴،ص:۱۶۸) مكتبه فقيه الامة۔

(۲) ويقسم اللحم وزناً لا جزافاً۔ (الدر المختار ج:۶،ص:۳۱۷، كراچى)

ويقسم لحمها وزناً لأنه موزون لا جزافاً لاحتمال الربا۔ (مجمع الأنهر مع سكب الانهر ج:۴،ص:۱۶۸۔ فقيه الامة ديوبند)۔

سبعة ضحوا بقرة واقتسموا لحمها وزناً جاز.... فإن اقتسموا اللحم جزافاً لا

یجوز.... ولو أنهم اقتسموا لحمها جزافاً وحلل کل واحد منهم لأصحابه لفضل لا یجوز۔ (فتاویٰ قاضی خان ج:۳،ص:۲۳۷،دار الکتب العلمیة)۔

وکذا فی البحر الرائق ج:۸،ص:۱۷۴۔ سعید کراچی۔

## قربانی کی کھال کی قیمت کافر کو دینے کا حکم

**سوال:** قربانی کی کھال فروخت کردینے کے بعد اس کی قیمت میں سے کل یا بعض کسی کافر کو دینا جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًاومصليًا**

صورت مسئولہ میں کسی کافر کو کھال کی قیمت دینا جائز نہیں ہے کیونکہ کھال کو فروخت کردینے کے بعد اس کی قیمت صدقہ کردینا واجب ہے اور کافر صدقہ کا محل نہیں ہے ولا یبیع بالدراهم ولینفق الدراهم علی نفسه وعیاله واللحم بمنزلة الجلد فی الصحیح حتی لا یبیعه بما لا ینتفع بها الا بعد الاستهلاك ولو باعها بالدراهم لیتصدق. (ہندیہ ج ۵ ص ۳۰۱)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

### التعلیق والتخریج

(۱) ولا یبیع بالدراهم لینفق الدراهم علی نفسه وعاله۔ الی ولو باعها بالدراهم لیتصدق بها جاز۔ (هندیه ج:۵،ص:۳۰۱،رشیدیه)۔

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ فإن هم أطاعوا لك بذلك فأخبرهم أن الله قد افترض علیهم صدقة تؤخذ من أغنیائهم ترد علی فقرائهم۔ (الحدیث)۔ (صحیح البخاری ج:۱،ص:۲۰۳۔ یاسر ندیم اینڈ کمپنی دیوبند)۔

ولا یجوز أن یدفع الزکاة إلی ذمی۔ (هدایه ج:۱،ص:۲۰۵۔ مکتبه تهانوی دیوبند)۔

عن عون بن أبي جحيفة عن أبيه قال: بعث رسول الله۔ صلى الله عليه وسلم فينا ساعياً۔ فأخذ الصدقة من أغنيائنا، فقسمها فى فقرائنا، وكنت غلاماً يتيماً فاعطانى منها قلوصاً۔ (المصنف لابن أبي شيبة ج:۶، ص:۵۷۴، المجلس العلمي)۔

## ایک آنکھ ضائع شدہ بکرے کی قربانی کا حکم

**سوال:** زید نے قربانی کے لئے ایک بکرا خرید اکسی بچے نے پتھر کے ذریعہ اس کی ایک آنکھ ضائع کر دی اس کی قربانی جائز ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًاومصليًا**

صورت مسئولہ میں مالدار کے لئے اس کی قربانی جائز نہیں البتہ فقیر کے لئے جائز ہے۔

ولو اشترىٰ اضحية وهى صحيحة العينين ثم اعورت عنده وهو موسر او قطعت اذنها كلها او اليتها او ذنبها او انكسرت رجلها فلم تستطع ان تمشي لا تجزى عنه وعليه مكانها اخرىٰ بخلاف الفقير (ہندیہ ج ۵ ص ۲۹۹)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) ولو اشترى اضحية وهى صحيحة العينين الى.... بخلاف الفقير۔ (هنديه ج:۵، ص:۲۹۹، رشيديه)۔

ولو اشتراها سليمة ثم تعيبت يعيب مانع كما مر أى العمياء والعوراء والعجفاء والعرجاء ومقطوع أكثر الأذن أو الذنب أو العين فعليه إقامة غيرها مقامها إن كان غنياً وإن كان فقيراً أجزأه ذلك۔ (شامی ج:۶، ص:۳۲۵، سعید کراچی)۔

وهكذا فى (تبيين الحقائق ج:۶، ص:۶۔ امداديه۔

ولا يضحى بالعمياء والعوراء والعجفاء والعرجاء۔ (البحر الرائق ج:۸، ص:۱۷۶، سعید کراچی۔

عن عبيد بن فيروز قال سألت البراء بن عازب..... فقال أربع لا تجوز فى الاضاحى العوراء بين عورها والمريضة بين مرضها الخ۔ (ابوداؤد ج:۲، ص:۳۸۷۔ مکتبہ بلال دیوبند)۔

## رات میں قربانی کرنے کا حکم

**سوال:** رات میں قربانی کا کیا حکم ہے؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

رات میں قربانی کرنا مکروہ تنزیہی ہے، افضل اور اولیٰ یہ ہے کہ دن میں قربانی کی جائے اور اگر اتنی روشنی کا انتظام ہو کہ ساری رگیں ظاہر ہوں تب مضائقہ نہیں، **ويجوز الذبح فى لياليها الا انه يكره لاحتمال الغلط فى ظلمة الليل.** (ہدایہ ج ۴ ص ۴۴۶)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) ويجوز الذبح فى لياليها الا انه يكره لاحتمال الغلط فى ظلمة الليل۔ (هدايه ج:۴، ص:۴۴۶ فيصل ديوبند)۔

والمستحب أن يكون الذبح بالنهار (ہندیہ ج:۵/ص:۳۳۱) زکریا۔

ومقتضى ترك السنة..... كراهة التنزيه مع العمد والا فلا۔ (حاشية الطحطاوى على المراقى ص:۵۷) دار الكتاب۔

البحر الرائق ج:۸/ص:۳۲۲۔ زکریا۔

وہکذا فی الفتاوی التاتارخانیۃ ج:۱۷/ص:۴۲۰ زکریا۔

احسن الفتاویٰ۔ج:۷/ص۵۱۰۔دارالاشاعت دہلی۔

فتاویٰ محمودیہ ج:۱۷/ص:۴۵۶۔مکتبہ شیخ الاسلام دیوبند۔

## ذبح کے بجائے بندوق سے مار دیا کیا حکم ہے؟

**سوال:** اگر بجائے ذبح کرنے کے بندوق کی گولی سے قربانی کے جانور کو مار دیا جائے تو قربانی صحیح ہوگی یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

بندوق سے مارے ہوئے جانور کی قربانی درست نہیں ہے کیونکہ بندوق سے مارے ہوئے جانور کا بغیر ذبح کئے کھانا جائز نہیں **ولا یوکل ما اصابه البندوقة فمات بها لانها تدق وتکسر ولا تجرح** (ہدایہ ج ۴ ص ۵۱۲)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) (ہدایہ ج:۴ ص:۵۱۱۔۵۱۲ فیصل دیوبند)۔

ولا يحل صيد البندوقية والحجر والمعراض والعصار وما أشبه ذلك وإن حرق ذلك۔ (فتاویٰ قاضی خان ج:۳،ص:۲۴۹) دار الکتب العلمیة۔

ولا تأكل من البندوقة۔ (البحر الرائق ج:۸،ص:۲۲۶) سعید کراچی۔

و کذا فی التبیین الحقائق ج:۶،ص:۵۶۔ امدادیہ ملتان۔

ولا يؤكل ما أصابته البندقة فمات بها۔ (هندیه ج:۵،ص:۴۲۵۔ رشیدیه)۔

# دوسرے سے قربانی کرانے کا حکم

**سوال:** اگر قربانی کرنے والا اچھی طریقہ سے خود قربانی کرنا جانتا ہو پھر بھی دوسرے سے قربانی کرائے اس کا کیا حکم ہے؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

اچھی طرح قربانی کرنے کی قدرت کے باوجود غیر سے قربانی کرانا خلافِ اولیٰ ہے۔ افضل یہ ہے کہ ایسا آدمی خود قربانی کرنے، **والافضل ان يذبح اضحيته بيده ان كان يحسن الذبح.** (ہندیہ(۱) ج ۵ ص ۳۰۰ ہکذا فی (۲) الہدایہ ج ۴ ص ۴۵۰)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) والا فضل ان يذبح اضحيته بيده ان كان يحسن الذبح. (هنديه ج:۵، ص:۳۰۰۔ رشيديه)۔

(۲) هدايه ج:۴ص:۴۵۰۔ فيصل ديوبند۔

وندب أن يذبح بيده إن علم ذلك، لأن الاولى فى القرب أن يتولاها الانسان بنفسه وإن أمر به غيره فلا يضر. (البحر الرائق ج:۸، ص:۱۷۹۔ سعيد كراچى)۔

وكذا فى تبيين الحقائق ج:۶ ص:۹۔ امدادیہ ملتان۔

وأن يذبح بيده إن علم ذلك والا يعلمه شهدها بنفسه ويأمر غيره بالذبح كى لايجعلها ميتة. (شامى ج:۶، ص:۳۲۸، كراچى)۔

## ذبح کرتے وقت معاون نے بسم اللہ نہیں پڑھی کیا حکم ہے؟

**سوال:** اگر قربانی کرتے وقت شروع ہی میں ایک ایسے آدمی نے قربانی کرنے والے کی مدد کی یعنی چاقو پر ہاتھ رکھ کر زور دیا اور اس نے بسم اللہ نہیں پڑھا تو قربانی صحیح ہوگی یا نہیں؟

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

صورت مسئولہ میں قربانی صحیح نہیں ہوگی کیونکہ قربانی کرنے کے وقت دونوں آدمی کا بسم اللہ پڑھنا ضروری ہے رجل اراد ان یضحی فوضع صاحب الشاۃ یدہ علی السکین مع ید القصاب حتی تعاون علی الذبح قال الشیخ الامام یجب علی کل واحد منھما التسمیۃ حتی لو ترك التسمیۃ احدھما لا یجوز (ہندیہ ج ۵ ص ۳۰۴)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) رجل أراد أن یضحی..... إلی حتی لو ترك التسمیۃ احدھما لا یجوز۔ (ھندیہ ج:۵، ص:۳۰۴) رشیدیۃ۔

(۲) أراد التضحیۃ فرضع یدہ مع ید القصاب فی الذبح وأعانہ علی الذبح سمی کل وجوباً، فلو ترکھا أحدھما أو ظن أن تسمیۃ أحدھما تکفی حرمت۔ (شامی ج:۶، ص:۳۳۴۔ سعید کراچی)۔

(۳) وإن ذبح الذابح وسمی صاحب الاضحیۃ أو غیرہ لم یجز۔ (البحر الرائق ج:۸، ص:۱۶۹)۔

## چھ سالہ بچہ کی طرف سے قربانی کا حکم

**سوال:** اگر کسی شخص نے اپنے چھ سالہ بچہ کی طرف سے قربانی کی تو قربانی صحیح ہوگی یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

صورت مسئولہ میں بچے کی جانب سے قربانی درست ہوجائے گی **وقال الحسن بن زياد فی کتاب الاضحية ان كان اولاده صغارًا جاز عنه وعنهم جميعًا فی قول ابی حنيفة وابی يوسف** (ہندیہ ج ۵ ص ۳۰۲)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؒ

## التعليق والتخريج

(۱) (ہندیہ ج:۵،ص:۳۰۲) رشیدیہ۔

(۲) وإن كان للصغير مال يضحي عنه أبوه من ماله أو وصيه من ماله عند أبي حنيفة..... والأصح أنه يضحي من ماله ويأكل منه ما أمكن ويبتاع بما بقي ما ينتفع بعينه۔ (البحر الرائق ج:۸،ص:۱۷۴) سعید کراچی۔

وكذا في تبيين الحقائق ج:۶،ص:۳، امدادیہ ملتان۔

وكذا في الهدايه ج:۴،ص:۴۴۴۔ فیصل دیوبند۔

وفي ظاهر الرواية۔ أنه يستحب ولا يجب۔ والفتوى عليه۔ (شامی ج:۶،ص:۳۱۵۔ کراچی۔

## ایام قربانی میں صدقہ افضل ہے یا قربانی؟

**سوال:** ایام اضحیہ میں اپنے والدین کو ثواب پہونچانے کے لئے (جو انتقال کر چکے ہیں) قربانی کرنا افضل ہے یا کسی غریب کو پیسہ دینا افضل ہے؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

ایام اضحیہ میں عند اللہ قربانی سے افضل کوئی چیز نہیں ہے لہٰذا میت کی جانب سے قربانی کرنا افضل ہوگا، والاضحیۃ فی ایامھا افضل من التصدق بثمنھا بزازیۃ ج ۳ ص ۲۸٦) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) والتضحیة فی ایامها افضل من التصدق بثمنها۔ (هندیه ج:۵، ص:۲۹۵) رشیدیه۔

والتضحیة فیها أفضل من التصدق بثمنها لأنه تقع واجبة۔ (البحر الرائق ج:۸، ص:۱٧٦) سعید کراچی۔

و کذا فی الهدایه ج:۴ ص:۴۴٦۔ فیصل۔

من صام أو صلی أو تصدق وجعل ثوابه لغیره من الامرات والاحیاء جاز۔ (الشامی ج:۳، ص:۱۵۲ زکریا)۔

عن علی رضی اللہ عنه قال: أمرنی رسول الله ﷺ أن أضحی عنه فأنا أضحی عنه ابداً۔ (المسند لإمام أحمد رحمه الله ج:۱، ص:۳۰۸)۔ دار الکتب العلمیه۔

## بدھیا جانور کی قربانی کا حکم

**سوال:** خصی کا بدھیا ہونا قربانی کے لئے عیب ہے کہ نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

بدھیا خصی قربانی کے لئے افضل ہے یہ کوئی عیب نہیں ہے الخصی افضل من الفحل لانه اطیب لحمًا کذا فی المحیط الفتاوی الهندیة (۱) ج ۵

ص ۲۹۹) کتاب الاضحیة الباب الخامس

حضور پاک ﷺ سے بھی خصی (بدھیا) کی قربانی ثابت ہے اسی وجہ سے حضرت امام ابوحنیفہ علیہ الرحمہ بھی قربانی میں خصی (بدھیا) کی قربانی کو اولیٰ قرار دیتے ہیں، **ويضحى بالجماء والخصى والثولاء (قوله والخصى) وعن الامام انه اولى لان لحمه اطيب وقد صح انه عليه السلام ضحى بكبشين املحين موجوءين الى ان قال والموجوئة الخصى اه** (حاشیۃ الطحطاوی علی الدر المختار (۲) ج ۴ ص ۱۶۴)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

**(۱) (هنديه ج:۵،ص:۲۹۹)، رشيديه۔**

(۲) (حاشیۃ الطحطاوی علی الدر المختار ج:۴،ص:۱۶۴)۔

**ويضحى بالخصى، وعن أبي حنيفةؒ هو أولى لأن لحمه اطيب وقد صح أنه عليه السلام۔ ضحى بكبثين املحين موجوئين المراد بالموجزا الخصى۔ (البحر الرائق ج:۸ص:۱۷۶، سعيد كراچى)۔**

ويضحى بالجماء والخصى الخ۔ (در المختار ج:۹ص:۴۶۷) زکریا دیوبند۔

وکذا فی فتاویٰ محمودیہ ج:۱۷ص:۳۴۰۔ زکریا دیوبند۔

الموسوعۃ الفقہیۃ ج:۱۹ص:۱۲۵۔ الکویت۔

## قربانی کے جانور کو کتے نے کاٹ لیا کیا حکم ہے؟

**سوال:** زید نے ایک بکرا قربانی کے لئے خریدا اور قربانی کے ایام سے تین دن قبل ایک کتے نے کاٹ لیا اور دو دانت لگنے کا اثر بھی ہے آیا اس کی قربانی کر سکتے ہیں یا نہیں؟

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

ہر وہ عیب جو منفعت کو پورے طور پر زائل کردے خواہ وہ عیب قدیم ہو یا جدید یا جمال کو پورے طور پر زائل کردے کالجدعاء ای مقطوعۃ الانف مانع عن الاضحیہ ان عیوب کے ہوتے ہوئے یا ان جیسے عیوب کے پیدا ہوجانے کی وجہ سے اس جانور کی قربانی جائز نہیں ہے۔ **ومن المشائخ من یذکر لهٰذا الفصل اصلًا ویقول کل عیب یزیل المنفعة علی الکمال او الجمال علی الکمال یمنع الاضحیة ومالا یکون بهٰذه الصفة لا یمنع الخ** (عالمگیری ج ۵ ص ۲۹۹)(۱)

لہٰذا صورت مسئولہ میں اگر کتے کے کاٹ لینے کی وجہ سے ایسا عیب پیدا ہوگیا جو مزیل منفعت ہو علی وجہ الکمال یا مزیل جمال ہو علی وجہ الکمال تو اس جانور کی قربانی جائز نہیں اور اگر مذکورہ بالا نقص اس کے اندر نہیں پیدا ہوا تو اس کی قربانی جائز ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) (ہندیہ ج:۵،ص:۲۹۹،رشیدیہ)۔

وما علّمتم من الجوارح مكلبين تعلّمونهنّ مما علمكم الله فكلوا مما أمسكن عليكم۔ (سورة المائدة)۔

ولو أضجعها ليذبحها فى يوم النحر فاضطربت فانكسرت رجلها فذبحها أجزأته استحساناً۔ (البحر الرائق ج:۸ ص:۱۷۷،سعيد كراچى)۔

والمستحب أن يكون سليماً عن العيوب الظاهرة۔ (شامی ج:۶ ص:۳۲۳،سعید کراچی)۔

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم۔ أربع لا تجوز فى الأضاحى العوراء بين عورها۔ والمريضة بين مرضها، والعرجاء بين ظلعها والكسير التى لا تنقى، ونقل النووى ابن رشد الإجماع على أن هذه الأربع لا تجزى فى الأضحية، وأجمعوا على أن ما كان أخف من هذه العيوب الأربعة لا يؤثر۔ (الموسوعۃ الفقہیۃ ج:۳۱ ص:۱۱۱۔۱۱۲) الکویت۔

## دو نام میں سے ایک سے عقیقہ دوسرے سے نکاح کا حکم

**سوال:** میرا نام پہلے دوسرا تھا اور عقیقہ بھی پہلے نام سے ہوا تھا اور شادی بھی اسی نام سے ہوئی تھی لیکن کسی شیطانی غصہ سے وہ شادی بھی برقرار نہ رہی اور جب دوسری شادی ہوئی تو دوسرے نام سے نکاح ہوا اور عقیقہ بھی دوسرے نام سے ہوا اس بات کی ہم کو بہت زیادہ پریشانی ہے کہ کہیں اسلامی حقوق کے خلاف نہ ہو برائے مہربانی اس مسئلہ کو ضرور حل کریں۔ آپ کا بہت بہت شکرگذار رہوں گا۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

جب آپ کے دو نام ہیں تو اگر ایک نام سے عقیقہ اور دوسرے نام سے نکاح ہوا تو اس میں کوئی حرج نہیں پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے آپ کا نکاح بھی صحیح ہے۔ اور عقیقہ بھی صحیح ہوگیا۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## معطی کا نام و پتہ معلوم نہ ہو تو کیا کرے

**سوال:** جس بیگ میں روپیہ تھا اس بیگ میں وہ فہرست بھی رکھی ہوئی تھی جن حضرات کی طرف سے قربانی کرانی تھی ان حضرات کا نہ نام معلوم ہے اور نہ ہی ان کا پتہ، مندرجہ بالا صورتوں میں اب مجھے کیا کرنا چاہئے۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

بمبئی کے مشہور اخبارات (مثلاً انقلاب وغیرہ) میں یہ اشتہار دیدیں کہ اس سال جن حضرات نے مدرسہ فرقانیہ گونڈہ کو قربانی کی رقم دی تھی وہ منشی عبدالقدوس صاحب کے سامان کے ساتھ فلاں جگہ سے غائب ہوگئی اس لئے ان حضرات کو اس اشتہار کے ذریعہ اطلاع دی

جارہی ہے کہ اپنی اپنی قربانی کا انتظام کرلیں اس لئے کہ ان حضرات کے ذمہ قربانی کا وجوب باقی ہے اور جس حلقہ سے زیادہ حضرات نے رقم دی تھی وہاں کی مسجد میں بھی اعلان کرادیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## حاجی اگر قربانی نہ کرسکا تو کیا کرے؟

**سوال:** زید حج کی فرائض کی ادائیگی سے فارغ ہوا لیکن مجمع کی زیادتی کی وجہ سے قربانی ادا نہ کرسکا اور نہ روزہ رکھنے کی طاقت ہے تو اب ایسی صورت میں کیا کرے جواب سے نوازیں۔

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

تحریر میں چونکہ اس کی تصریح نہیں ہے کہ حج کونسا تھا افراد یا قران یا تمتع اس لئے ہر ایک کا الگ الگ حکم لکھا جارہا ہے تاکہ اس کے مطابق عمل کرنے میں سہولت ہو۔

حج کی تین قسمیں ہیں: (۱) اِفراد۔ (۲) قران۔ (۳) تمتع۔

(۱) افراد یہ ہے کہ حاجی میقات سے صرف حج کا احرام باندھے عمرہ کو نیت میں شامل نہ کرے اس کا حکم یہ ہے کہ حلق یا قصر سے پہلے رمی کے بعد قربانی کرنا اس کے لئے مستحب ہے اگر قربانی کرے تو ثواب ملے گا اور اگر قربانی نہیں کیا تو کوئی گناہ نہیں؟

(۲) قِران یہ ہے کہ میقات سے حج اور عمرہ دونوں کا احرام باندھے اس صورت میں قارن پر رمی کے بعد حلق سے پہلے ایک دم (دم قران) واجب ہے دم قران کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ اس کو حرم ہی میں ذبح کیا جائے حرم کے علاوہ اگر ذبح کیا تو ادا نہ ہوگا۔ نیز اگر کوئی دم پر قادر نہ ہو تو یہ بھی جائز ہے کہ دس روزے رکھے لیکن اس میں بھی یہ شرط ہے کہ تین روزے دسویں تاریخ سے پہلے رکھے اور اگر نویں تاریخ گزرگئی اور ۳؍روزے نہیں رکھ سکا تو اب روزہ کافی نہیں بلکہ دم ہی دینا ہوگا۔ (۱) دم قران (۲) ذبح سے پہلے حلال ہونے کا۔ اور اگر ایام نحر کے بعد ذبح کیا تو

ایک اور دم ایام نحر سے مؤخر کرنے کالازم ہوگیا۔گویا کہ اب ۳/دم دینے ہوں گے۔

(۳) تمتع یہ ہے کہ میقات سے صرف عمرہ کا احرام باندھا جائے اور ایام حج میں عمرہ سے فارغ ہو کر حلال ہو جائے اور جب حج کا وقت آئے تو پھر حج کا احرام باندھ کر حج کرے اس صورت میں بھی دم واجب ہے اور باقی ساری تفصیل وہی ہے جو بھی قران میں گزر چکی ہے لہٰذا اگر آپ نے حج افراد کیا ہے تو اس میں چونکہ قربانی واجب ہی نہیں تھی اس لئے دم کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور اگر قران یا تمتع کیا ہے تو اس صورت میں آپ کے ذمہ لازم ہے کہ ۳/دم کا پیسہ کسی کے ذریعہ مکہ بھجوائیں جو آپ کی طرف سے جانور خرید کر حرم میں ذبح کردے۔(معلم الحجاج ص:۲۳۰و۲۳۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

# بدھیا اور کان وغیرہ کٹے ہوئے جانور کی قربانی کا حکم

**سوال:** کیا قربانی کے لئے جانور کے ہر عضو کا درست ہونا لازم ہے اگر جانور کا کان کٹا ہو یا دم کٹی ہو یا سینگ ٹوٹی ہو تو کیا اس کی قربانی جائز نہیں ہے۔

بدھیا کئے ہوئے جانور کی قربانی جائز ہے اگر ہے تو کیسے؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

بدھیا کرنے سے جانور میں عیب پیدا نہیں ہوتا بلکہ حسن پیدا ہوتا ہے اس طور پر کہ اس کی وجہ سے گوشت لذیذ ہو جاتا ہے اس لئے اس کی قربانی جائز ہی نہیں بلکہ افضل ہے۔جیسا کہ فقہاء حضرات نے اس کی تصریح کی ہے اور کان کا کٹنا سینگ کا ٹوٹنا عیب ہے اس لئے اس کی قربانی سے فقہا منع فرماتے ہیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

(۱) الخصی أفضل من الفحل لأنه اطیب لحماً۔ (هندیه ج:۵، ص:۲۹۹) رشیدیه۔

ویضحی بالجماء والخصی الخ۔ (در المحتار ج:۹، ص:۴۶۷) زکریا دیوبند۔

و کذا فی البحر الرائق ج:۸، ص:۱۷۶، سعید کراچی۔

الموسوعة الفقهیة ج:۱۹، ص:۱۲۵۔ الکویت۔

و کذا فی فتاویٰ محمودیه ج:۱۷ص:۳۴۰۔ مکتبة شیخ الاسلام دیوبند۔

(۶) وتجزئ الجماء وهی التی لا قرن لها خلقة..... ثم قال مکسورة القرن.....

فإن بلغ الکسر المشاش، لا تجزیه، والمشاش رؤس العظام مثل الرکبتین والمرفقین۔ (بدائع الصنائع ج:۴، ص:۲۱۶۔ زکریا دیوبند)۔

ولا تجزئ متطوعة الأذن والذنب ولا التی ذهب اکثر اذنها وذنبها وان بقی أکثر الأذن والذنب جاز۔ (المختصر القدوری ص:۲۲۹ یاسر ندیم دیوبند)۔

و کذا فی البحر الرائق ج:۸ص:۱۷۶۔ سعید کراچی۔

## چرم قربانی کی رقم، بغیر تملیک کے استعمال کی ایک صورت

**سوال:** صدر مدرسہ نے مدرسہ کے کسی حصہ کو مثلاً چھت یا دیوار کو چرم قربانی کے پیسے سے بنوا دیا اور صدر صاحب کو یہ پتہ نہ تھا کہ چرم قربانی کے پیسے سے مدرسہ کا کوئی حصہ نہیں بنایا جاسکتا اور انہوں نے چرم قربانی کے پیسے سے بغیر تملیک کرائے ہوئے مدرسہ کی چھت بنوادی یہ مدرسہ کو پتہ چلا کہ بغیر تملیک کرائے ہوئے نہیں بنوانا چاہئے تو اب واضح طور پر بیان فرمائیں کہ کیا صورت ہوگی اس چھت کے تملیک کی۔

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

تعمیر میں جتنی رقم لگائی گئی ہے اس کا ضمان صدر پر واجب ہے وہ اتنی رقم مدرسہ میں داخل کرے اس کے ساتھ توبہ اور استغفار کرے اور مدرسہ والوں کو چاہئے کہ ایسے صدر کو معطل کر دے، جو اتنا موٹا مسئلہ نہ جانتا ہو وہ مدرسہ کی صدارت کا قطعاً اہل نہیں ہے۔ یا پھر اس

انداز کے تصرفات پر مکمل اہلِ مدرسہ پابندی عائد کردیں۔

## دیہات میں نماز عید سے پہلے قربانی کا حکم

**سوال:** ''برنگی'' والے عیدین کی نماز ''مانی کلاں'' میں ادا کرتے ہیں تو کیا نماز سے قبل برنگی میں قربانی ہوسکتی ہے؟

اور اگر بارش وغیرہ کی وجہ سے ''برنگی'' ہی میں نماز پڑھی گئی تو اس صورت میں نماز سے قبل قربانی ہوسکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

(۱) جائز ہے اس لئے کہ ''برنگی'' والوں پر نماز عیدین واجب نہیں اور جہاں نماز عید الاضحیٰ واجب نہیں وہاں صبح صادق کے بعد قربانی کی جاسکتی ہے **کما فی (۱) الھندیة**۔

(۲) ''برنگی'' والے برنگی ہی میں نماز پڑھیں تب بھی نماز سے قبل قربانی کی جاسکتی ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

وذبیح غیرہ أی غیر أھل المصر یجوز لھو ذبحھا بعد طلوع الفجر قبل أن یصلی الامام صلاۃ العید۔ (تبیین الحقائق ج:۶، ص:۴) امدادیہ ملتان۔

(۱) والوقت المستحب للتضحیة فی حق أھل السواد بعد طلوع الشمس وفی حق أھل المصر بعد الخطبة۔ (ھندیہ ج:۵، ص:۲۹۵، رشیدیہ)۔

(۳) وبعد طلوع فجر یوم النحران ذبح فی غیرہ۔ أی غیر أھل المصر۔ وتحتہ فی الشامیة۔ فأما اھل السواد والقری والرباطات عندنا۔ یجوز لھم التضحیة بعد طلوع الفجر۔ (رد المختار مع الشامی ج:۶، ص:۳۱۸، سعید کراچی)۔

ویجوز لأھل القری والبادیة أن یذبحوا بعد صلاۃ الفجر قبل أن یصلی الامام

صلاة العید۔ (البحر الرائق ج:۸، ص:۱۷۵، سعید کراچی)۔

(۵) وفی فتاویٰ محمودیه ج:۱۷، ص:۴۵۰۔ مکتبه شیخ الاسلام دیوبند۔

## قربانی کے لئے خریدا ہوا جانور ایام اضحیہ میں ذبح نہیں ہوا، اب کیا حکم ہے؟

**سوال:** زید نے قربانی کا جانور خریدا لیکن ایامِ اضحیہ میں اسے ذبح نہیں کرسکا، اب اس کا کیا کیا جائے؟

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

اس جانور کا زندہ تصدق واجب ہے لہٰذا زید کو چاہئے کہ کسی غریب مستحق کو وہ جانور دیدے۔ (کمافی الہندیۃ: ۵/۲۹۶) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) یعتبر آخر ایام النحر فی الفقر والغنی والموت والولادة لو اشتری شاة للاضحیة عن نفسه أو عن ولده فلم یضح حتی مضت أیام النحر کان علیه أن یتصدق بذلك الشاة أو بقیمتها۔ (هندیه ج:۵، ص:۲۹۶، رشیدیة)۔

وتصدق بقیمتها غنی شراها ۔۔۔۔ إلی کالفقیر بلا خلاف بین اصحابنا رحمهم الله تعالیٰ۔ (الشامی ج:۵، ص:۲۰۴، مکتبه نعمانیه دیوبند)۔

إذا اشتری اضحیة فأوجبها ثم باعها ولم یضح ببدلها حتی مضی أیام النحر تصدق بقیمته التی باع. فإن لم بیع حتی مضت ایام النحر تصدق بها حیه. فإن ذبحها و تصدق بلحمها جاز۔ (الفتاویٰ التاتارخانیه ج:۱۷ ص:۴۲۳۔ زکریا

دیوبند)۔

ولو ترك الاضحية ومضت ايامها تصدق بها حيّةً۔ (الدر المختار ج:۲، ص:۲۳۲) دار الکتاب دیوبند۔

(۵) البحر الرائق ج:۸ ص:۱۷۶ سعید کراچی۔

## قربانی کا گوشت کیسے تقسیم کیا جائے

**سوال:** قربانی کا گوشت کس طرح سے استعمال کیا جائے اس کا خلاصہ حدیث یا کوئی سند کے ساتھ لکھا جائے۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

بہتر یہ ہے کہ گوشت کو تین حصوں پر تقسیم کر دیا جائے (۱) اپنے لئے (۲) اعزہ واقرباء ورشتہ داروں کے لئے (۳) غرباء کے لئے خواہ اپنا کنبہ اور اپنے گھر کے افراد کم ہوں یا زیادہ لیکن یہ تقسیم واجب نہیں کہ اگر کسی نے نہیں کیا تو وہ گنہگار ہوگا بلکہ مسنون ہے۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

والأفضل أن يتصدق بالثلث ويتخذ الثلث ضيافة لأقربائه وأصدقائه ويدخر الثلث، ويستحب أن يأكل منها، ولو حبس الكل نفسه جاز لأن القربة فى الإراقة والتصدق باللحم تطوع۔ (شامی ج:۶، ص:۳۲۸، سعید کراچی)۔

وکذا فی الهندیۃ ج:۵ ص:۳۰۰۔ رشیدیہ۔

بدائع الصنائع ج:۴، ص:۲۲۴۔ زکریا دیوبند۔

الموسوعۃ الفقہیۃ ج:۵ ص:۱۰۲۔ الکویت۔

فتاویٰ محمودیہ ج:۱۷ ص:۴۲۸۔ مکتبہ شیخ الاسلام دیوبند۔

# میت کے نام پر قربانی کرنے کا طریقہ

**سوال:** جس آدمی کا انتقال ہوگیا ہو تو اس کے نام کی قربانی کس طریقہ سے کی جاسکتی ہے؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

مردہ کی طرف سے قربانی جائز ہے خواہ اسی کی نیت سے جانور خرید کر ذبح کرے یا اپنی طرف سے قربانی کرکے اس کا ثواب مردہ کو پہنچادے کہ یا اللہ یہ قربانی جو میں نے کی ہے اس کا ثواب فلاں کی روح کو پہونچادے۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) عن أبي هريرةؓ أن رسول الله ﷺ كان إذا أراد أن يضحى اشترى كبشين عظيمين سمينين أقرنين أملحين موجوءين فذبح أحدهما عن أمته لمن شهد لله بالتوحيد وشهد له بالبلاغ وذبح الآخر عن محمد و عن اٰل محمد ﷺ. (سنن ابن ماجه ص:۲۲۵-۲۲۶- ياسر نديم ديوبند).

لأن الموت لايمنع التقرب عن الميت بدليل أنه يجوز ان يتصدق عنه ويحج عنه وقد صح أن رسول الله صلى الله عليه وسلم، ضحى بكبشين أحدهما عن نفسه والآخر ممن لم يذبح من أمته وان كان منهم من قدمات قبل أن يذبح. (شامي ج:۶،ص:۳۲۶- سعيد كراچى.

سئل عمن يضحى عن الميت قال يضح به كما يضح بأضحيته يريد به أنه يتنال من لحمه كما يتناول من لحم وأضحيته، فقيل له أتصير عن الميت قال: الاجر للميت، والملك للمضحى، وبه قال سلمة وابن مقاتل وأبو مطيع. (تاتارخانيه ج:۱۷ص:۴۴۴) زكريا.

ہدایہ ج:۴/ص:۴۴۹-اشرفی دیوبند۔

# ایک سال سے کم بکرے کی قربانی کا حکم

محترم مفتی صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

**سوال:** عرض ہے کہ گذشتہ سال بقرعید کے دس دن بعد کا پیدا ہوا ایک خصی میرے پاس اپنا پروردہ ہے جو ماشاء اللہ اچھا خاصہ تندرست ہے ایسی نسل کا ہے کہ جسامت کے اعتبار سے بہت لمبا چوڑا تو نہیں ہے، مگر جتنا اپنی نسل کے مطابق ہے کافی اچھا گول مول ہے، پیدا ہوتے ہی قربانی کی نیت اس کی ہوگئی تھی، گو عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ ایک سال سے کم کا خصی عمر کم ہونے سے قربانی کے لئے جائز نہیں ہماری خواہش ہے اور گھر کی یہی خواہش ہے کہ اسے اسی سال اگر شرعی گنجائش ہو تو قربانی کر دی جاوے، اکثر اتنا تیار خصی چربی زیادہ ہوجانے سے زیادہ دن زندہ نہیں رہ پاتا اور پیشاب رک جانے کے سبب مرجانے کا اندیشہ شب و روز بنا رہتا ہے جبکہ اس کے بچت کے لئے نمک وغیرہ کا استعمال کرایا جارہا ہے پھر بھی مطلق اطمینان نہیں ہے، کیا حکم شرعی خصی کے لئے ہے برائے کرم مطلع فرما کر مشکور فرمادیں خصی کی قربانی کے لئے شرعی مدت کیا ہے کیا مندرجہ بالا حالات میں ہم اپنے خصی کی قربانی اس سال کرسکتے ہیں یا اس کے عوض اس سے بڑا خصی کی اور قیمت ملا کر حاصل کر کے کی جاوے یا اسی خصی کو آئندہ سال تک پال کر قربانی کی جاوے جو شرعاً ضروری ہے۔

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مکرمی: زید کرمکم

ایک سال سے کم عمر والے بکرے کی قربانی درست نہیں اور یہ کمی چاہے ایک ہی دن کی کیوں نہ ہو اور آپ کے پاس جو بکرا ہے اس میں دس یوم کی کمی ہے لہٰذا اس سال اس کی قربانی درست نہیں، اب آئندہ سال کا انتظار کریں اور دوا وغیرہ کے ذریعہ حفاظت کرتے رہیں۔

”وتقدير هذه الاسنان بما قلنا يمنع النقصان ولا يمنع الزيادة

حتی لو ضحی أقل من ذلك شیئًا لا یجوز الخ" (الفتاوی الهندیة:۵/ ۲۹۷) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

(۱) الفتاویٰ الهندیة ص:۳۴۳ ج:۵۔ زکریا۔

وأمّا سنه فلا یجوز شيء مما ذکرنا من الإبل والبقر و الغنم من الأضحیة إلا الثنی من کل جنس إلا الجذع من الضأن خاصة إذا کان عظیما، لما روی عنه رسول الله صلی الله علیه وسلم أنه قال: ضحوا بالثنایا إلا أن یعز علی أحد کم قیذبح الجذع فی الضأن۔ (بدائع الصنائع ص:۲۰۵ ج:۴)

وصح الثنی فصاماً مه الثلاثة، والتی هو ابن خمس مه الإبل وحولین من البقر والجاموس وحول من الشاة والمعز والمتول بین الأهلی۔ (شامی ص:۳۲۲ ج:۶۔ سعید)۔

(۴) والثنی من الغنم الذی تم له سنة وطعن فی الثانیة۔ (الفتاویٰ التاتارخانیه ص:۴۲۵ ج:۱۷۔ زکریا)۔

(۵) عن نافع أن عبد الله بن عمر رضی الله عنهما کان یقول: فی الضحا یاوالبدن التنی فما فوقه۔ المؤطا لإمام مالك، کتاب الحج باب النمل فی الهدی حین یساور ۱۴۸ المکتبة الأشرفیة دیوبند)۔

## قربانی کے گوشت کا حکم

**سوال:** قربانی کرنے والا اگر قربانی جس کے گھر میں ہوئی ہے اس کے گھر گوشت بھیج سکتا ہے یا نہیں؟ جس کے گھر قربانی ہوئی ہے وہ گوشت کسی کا نہ لیتا ہے یہ کہہ کر واپس کر دیتا ہے کہ میرے گھر قربانی ہوئی ہے تو سوال یہ ہے کہ یہ کیا گوشت ہی کے لئے قربانی کی جاتی ہے یہ بھی ایک قسم کا ہدیہ ہے واپس کرنے والا انسان خدا اور اس کے رسول کے نزدیک کیسا ہے میرا اصول تو یہ ہے کہ کہیں لیتا ہوں اور بعد میں دل چاہتا ہے تو اس کے گھر بھی بھیج دیتا ہوں ورنہ نہیں۔ قربانی

کرنے سے قبل بکری یا بھیڑ یا خصی یا جو جانور قربانی کیا جاتا ہے اس کو لوگ نہلاتے ہیں یہ کیسا ہے؟ پڑوا وغیرہ تو ہم نے نہلاتے نہیں دیکھا ہے شریعت سے ثابت ہے یا نہیں؟

اگر غریب آدمی اور امیر آدمی قربانی کے لئے جانور رکھا اور وہ ایسا بیمار پڑ گیا اس کو ذبح کر کے کھایا گیا اور فروخت بھی کر دیا گیا تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

کیا شریعت سے اس کا حکم ہے چونکہ لوگ اعتراض کر رہے ہیں کہ اس میں عیب ہو گیا ہے اور اگر اس کے خواہش کو روکنا ہے قربانی کرنے میں ایسے جانور کے بارے میں آدمی بحث مباحثہ کرتے ہیں کہ جس طرح انسان کو ایسا کرنے میں گناہ ہوتا ہے لیکن جانور کے لئے کیا حکم ہے؟

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

آپ اچھا کرتے ہیں، واپس نہیں کرنا چاہئے اس میں دل شکنی ہوتی ہے خواہ قربانی ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو، اگر قربانی ہوئی ہے جس کی وجہ سے گوشت کی فراوانی ہے تو ہدیہ قبول کرے اور خود کسی ضرورت مند کو دیدے۔ (۱)

یہ رسم ہے، غلط قسم کے اعتقاد کی وجہ سے خاص طور پر دیہات کی عورتیں قربانی سے پہلے ضرور نہلاتی ہیں یہ بے اصل بات ہے نہلانا ضروری نہیں۔

اس کی جگہ پر امیر کے لئے دوسرے جانور کی قربانی ضروری ہے۔

جائز ہی نہیں بلکہ افضل ہے حضرات فقہاء نے اس کو افضل قرار دیا ہے، بدھیا انسان میں عیب ہے جانور میں نہیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) وللمضحي أن يهب كل ذلك أو يتصدق به أو هدية لغني أو فقير مسلم أو كافرٍ.

(اعلاء السنن ج:۱۷ص:۲۶۲، المكتبة الامدادية مكة المكرمة).

ہندیہ ج:۵،ص:۳۰۰، رشیدیہ۔

# قربانی کس جانور کی افضل ہے؟

**سوال:** جو جانور گھرپال کر قربانی کی جائے یا جو وقت سے چند روز قبل لیکر قربانی کردی جائے یا خصی اور بکری یا بھیڑ کی قربانی کا ثواب زیادہ ہے یا پڑوا وغیرہ کردینے کا ثواب وہی ملتا ہے جو ان جانوروں میں ہے۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

دونوں صورت جائز ہیں، پال کر قربانی کریں چاہے چند روز قبل خرید کر البتہ پال کر قربانی کرنے میں اس کو اچھا کھانا پینا دیکر موٹا تازہ کرنے کا موقعہ رہتا ہے جو کہ مطلوب ہے۔ (فتاوی ہندیہ:۵/ ۳۰۰)(۱)

اگر گوشت کے مقدار اور قیمت میں دونوں برابر ہوں تو وہ جانور افضل ہے جس کا گوشت عمدہ اچھا ہو اور اگر قیمت میں فرق ہو تو وہ جانور افضل ہے جس کی قیمت زیادہ ہو۔ (عالمگیری: ۵/ ۲۱۹)(۲)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) إختلف المشائخ: أن البدنة أفضل أم الشاة والواحدة؟ قال بعضهم: إن كانت قيمة الشاة أكثر من قيمة البدنه فالشاة أفضل: لأنه الشاة كلها فرض، والبدنة سبعها فرض، والباقي يكون فضلاً۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۳۴۵ ج:۵، زكريا)۔

والشاة أفضل من سبع البقرة إذا اسقويا في القيمة واللحم، لأن لحم اليشاة أفضل إن كانت الشاة أكثر من قيمة البدنة فالشاة أفضل۔ (هنديه)۔

في العتابية: وكان الأستاذ يقول: بأن الشاه السمنية العظيمة التى تساوى

البقرة قيمة و كما أفضل من البقر، لأن جميع الشاة يقع فرضاً بلا خلاف، واختلوا فى البقرة، قال بعض العلماء: يقع سبعها فرضا، والباقى تطوع۔ (الفتاویٰ التاتارخانیہ ص:۴۳۳ ج:۱۷، زکریا)۔

(۳) عن أبي الأسود السلمى عنه أبيه عنه جده قال: كنت بابع سبعة مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فى سفر، فأدركنا الأضحى فأمرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم فجمع كل رجل درهماً، فاشترينا أضحية بسبعة دراهم، وقلنا: يارسول الله! لقد غلينا بها، فقال: إن أفضل الضحايا أغلاها وأسمنها، قال: ثم أمرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم فأخذ رجل برجل ورجل برجل ورجل بيد، ورجل بيد، ورجل بقرن، ورجل بقرن، وذبح السابع، وكبروا عليها جميعاً۔ (المستدرك للحاكم ص:۲۵۷ ج:۴، دار الكتب العلمية)۔

## دیہاتی شہر میں قربانی کب کرے؟

**سوال:** ایک شخص دیہات کا رہنے والا ہے اس نے قربانی کا جانور شہر میں خریدا اور شہر میں قربانی کروانا چاہتا ہے سوال یہ ہے کہ اس کی قربانی صبح صادق کے بعد ہو سکتی ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

قربانی صبح صادق کے بعد نہیں ہو سکتی۔

”فان كانت الاضحية فى المصر وصاحبها فى السواد فوكل رجلا ليضحى فى المصر فذبح الوكيل قبل صلوة العيد عندنا لا يجوز ويعتبر مكان المذبوح لا مكان المالك“ (کمافی الخانیۃ: ۲/ ۳۴۵)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) عن أنس بن مالك رضى الله عنه قال: قال النبى ﷺ: من ذبح قبل الصلاة، فإنما يذبح لنفسه، ومن ذبح بعد الصلاة فقد تم نسكه، وأصاب سنة المسلمين. (صحيح البخارى ص:۸۳۲ ج:۲، یاسر ندیم دیوبند).

(۱) (الفتوىٰ الهندية بامش الخانيه ص:۳۴۵ ج:۳، رشيدية).

ولا يذبح مصرى قبل الصلوٰة وذبح غيره: وذبح غيره: أى غير أهل المصر يجوز لهم ذبحها بعد طلوع الفجر أن يصلى الإمام صلوٰة العيد. (تبيين الحقائق ص:۴ ج:۷، مكتبه امداديه)

المعتبر فى ذلك مكان الأضحية، حتى لو كانت فى السواد والمضحى فى المصر يجوز كما انشق الفجر، فى العكس لا يجوز، الا بعد الصلوٰة. (البحر الرائق ص:۳۲۱ ج:۸، دار الكتب العلمية).

والصحيح قولنا لحديث من ذبح قبل الصلوٰة فليعد أضحيته، وقال: أول نسكها فى يومنا هذا الصلوٰة ثم الذبح، وليس لأهل القرى صلوٰة العيد فلا يثبت الترتيب فى حقهم. (بذل المجهود).

والمعتبر مكان الأضحية لا مكان من عليه: فلو كانت فى السواد والمضحى فى المصر جازت قبل الصلوٰة وفى العكس لم تجز. (الشامى ص:۳۱۸ ج:۶. كراچى).

## قربانی کی کھال فروخت کر کے قصاب کو اجرت میں دینے کا حکم

**سوال:** قربانی کی کھال فروخت کر کے قصاب کو اجرت میں دیا جا سکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

قصاب کو اجرت میں نہیں دیا جا سکتا ہے بلکہ اس کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہے۔ "ولا أن يعطى أجر الجزار والذابح منها فان باع شيئا من ذلك لا ينفذ

ویتصدق بثمنه عند ابی یوسف" (کمافی الفتاوی الهندیہ: ۵/۳۰۱)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) (الفتاویٰ الہندیہ ص: ۳۴۸ ج: ۵۔ زکریا)۔

ولا يعطى أجر الجزر منها: لأنه كبيع لأن كلا منهما معاوضة: لأنه إنما يعطى الجزر بمقابلة جزر، وابيع مكروه، فكذا مافي معناه۔ (الدر المختار مع الشامي ص: ۳۲۸ ج: ۶۔ كراچی)۔

عن علي رضي الله عنه قال: أمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أقوم على بدنه، وأن أتصدق بلحمها وجلودها وأجلتها، وأن لا أعطى الجزار منها، وقال: نحن نعطيه من عندنا۔ (صحيح مسلم؛ كتاب الحج، باب الصدقة بلحوم الهدية وجلودها وجلالها۔ ص: ۴۲۳ ج: ۱، فيصل ديوبند)۔

## چرمِ قربانی کی قیمت کا حکم

**سوال:** قربانی کا چمڑا فروخت کرنے کے بعد اس کو مدرسہ یا مسجد کی تعمیر میں لگایا جاسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

نہیں لگایا جاسکتا۔ "فان بيع اللحم او الجلد به اى بمستهلك او بدراهم تصدق بثمنه" (کمافی الدرالمختار: ۵/۲۰۹) (الدرالمختار ج: ص: ۳۲۸۔ کراچی)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

انّما الصدقات للفقراء والمساکین التوبۃ: ۶۰۔

عن أبي هريرة رضى لله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من باع جلد أضحيته فلا أضحية له۔ المستدرك للحاكم كتاب التفسير ص: ۴۲۲ ج: ۲۔ رقم: ۳۴۶۸۔ دار الكتب العلمية۔

ولو باع الجلد أو اللحم بالدراهم أو بما لا ينتفع به إلا بعد استهلاكه تصدق بثمنه۔ هدايه ج: ۴ ص: ۴۵۰۔ تهانوى۔

(۵) ويهب ماشاء للغنى والفقير..... ولو باعها بالدراهم ليتصدق بها جاز۔ (الفتاوىٰ الهندية ص: ۳۴۶۔ ۳۴۷ ج: ۵) زكريا۔

## قربانی کا گوشت غیر مسلم کو دینے کا حکم

**سوال:** قربانی کا گوشت غیر مسلم کو دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

غیر مسلم کو دیا جاسکتا ہے۔ "ويهب منها ما شاء للغنى والفقير والمسلم والذمى" (کمافی العالمگیریہ: ۵/ ۳۰۰) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) (الفتاویٰ الہندیہ ص: ۳۴۶ ج: ۵) زکریا۔

وللمضحى أن يهب كل ذلك أو يتصدق به أو يهديه لغنى أو فقير مسلم أو كافر۔ (اعلاء السنن ج: ۱۷ ص: ۲۶۲۔ المكتبة الامداديه)۔ (۳) فتاویٰ محمودیہ ج: ۱۷ ص: ۴۳۴۔ مکتبہ شیخ الاسلام دیوبند۔ (۴) یجوز أن يطعم منه الأضحية كافراً۔ (اعلاء السنن)۔

## قربانی کا گوشت شرکاء میں کس طرح تقسیم کرے؟

**سوال:** قربانی کا گوشت وزن کرکے شرکاء میں تقسیم کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

وزن کرکے تقسیم کرنا ضروری ہے۔ "**ويقسم اللحم بالوزن**" (کما فی الفتاوی الہندیہ:۳۰۶/۵)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) (الفتاویٰ الہندیہ ص:۳۵۲ ج:۵۔ زکریا جدید)۔

**ويقسم اللحم وزناً لا جزافاً۔ (الدر المختار ص:۳۱۷ ج:۶۔ کراچی)۔**

**وأرادوا أن يقسموا اللحم بينهم إن اقتسموها وزنا يجوز، وإن اقتسموا جزافاً، إن جعلوا مع اللحم شيئًا من السقط نحو الرأس والأكارع يجوز، وإن لم يجعلوا لا يجوز۔ (الفتاوىٰ الهندية ص:۴۵۵ ج:۱۷، زکریا جدید)۔**

**ويقسم لحمها أي جاز على الشركة فيقسم اللحم وزناً بين الشركاء لأنّه موزون ل جزافاً لأنّ في القسمة معنى التمليك، فلا يجوز جزافاً عند وجود الجنس والوزن۔ (مجمع الأنهر ص:۱۶۸ ج:۴۔ فقيه الامت ديوبند)۔**

## قربانی کے لئے خریدی ہوئی بکری کے دودھ کا حکم

**سوال:** ایک شخص نے قربانی کے لئے بکری خریدی اور وہ بکری دودھ دینے والی ہے سوال یہ ہے کہ یہ شخص قربانی کی نیت سے اس کو خرید چکا ہے تو اس کے دودھ کو نکال کر خود استعمال کرسکتا ہے یا نہیں؟

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

استعمال کرنا جائز نہیں ہے اس کا صدقہ کرنا ضروری ہے۔

"ولو حلب اللبن من الاضحیة قبل الذبح یتصدق ولا ینتفع بها" (کما فی الخانیہ: ۱/ ۳۵۴) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعلیق والتخریج

(۱) خانیہ ج:۳ ص:۲۴۹۔ زکریا۔

ویکره له أن یحلب الأضحیة ویجز صوفها قبل الذبح، وینتفع به، فإن فعل ذلك تصدور بها۔ (الفتاویٰ التاتارخانیہ ص:۴۳۹ ج:۱۷) زکریا۔

# عورت اپنے سے قربانی کرسکتی ہے یا نہیں؟

**سوال:** ایک عورت ہے جو خود قربانی کرسکتی ہے، قوی اور تندرست ہے ایسی صورت میں وہ خود قربانی کرے یا دوسرے سے کراسکتی ہے؟

## الجواب: حامدًا ومصلیًا

اگر قربانی کرنے پر قادر ہے تو اپنے ہاتھ سے قربانی کرسکتی ہے بشرطیکہ پردہ وغیرہ کا انتظام ہو۔ "أو أمرأة او صبیا یعقل التسمیة والذبح ویقدر" (کما فی الدر المختار: ۵/ ۱۸۹) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) عن ابن كعب بن مالك عن أبيه رضى الله عنه أن المرأة ذبحت شاة بحجر، فسئل النبى صلى الله عليه وسلم عن ذلك فأمر بأكلها۔ (صحيح البخارى ص:۸۲۷ ج:۲) ياسر نديم ديوبند۔

(۱) ولوالذابح مجنوناً أو امرأة أو صبياً يعقل التسميه والذبح ويقدر۔ (الدر المختار ص:۴۳۰ ج:۹)۔ زكريا۔

وتحل ذبيحة مسلم و كتبى زمىٍّ أو حربيٍّ ولو أمرة أو صبيًّا أو مجنونا يعقلان۔ (مجمع الأنهر ص:۱۵۳ ج:۴) فقيه الأمت ديوبند۔

(۴) حل ذبيحه مسلم و كتابى وصبى وامرأة۔ (كنز الدقائق ص:۴۱۶ كتب خانه رشيديه دهلى)۔

وندب أن يذبح بيده ان علم ذلك۔ (الدر المختار ص:۳۲۸ ج:۶۔ كراچى)۔

المستحب هو أن يذبح أضحية بيده إن كان يحسن الذبح۔ (البناية ص:۶۰ ج:۱۲) دار الكتب العلمية بيروت۔

## قربانی کے گوشت کو سوکھا کر رکھنے کا حکم

**سوال:** قربانی کے گوشت کو سال بھر سوکھا رکھنا اور اس کو استعمال کرنا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

درست ہے۔ "ويأكل من لحم الاضحية ويؤكل غنيًا ويدخر لقوله عليه الصلاة والسلام كلوا واطعموا وادخروا" (کمافی الدرالمختار: ۵/ ۴۸)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) درمختار مع الشامی ج:۵/ص:۲۰۸ مکتبہ نعمانیہ دیوبند۔

درمختار مع الشامی ج:۶/ص:۳۲۸ کراچی۔

عن سلمة بن الأكوع. قال قال النبی صلی الله علیه وسلم. من ضحی منكم فلا يصبحن بعد ثلاثة وبقی فی بيته منه شئی فلما كان العام المقبل قالوا یا رسول الله نفعل كما فعلنا العام الماضی قال كلوا وأطعموا وادخروا اعم. (بخاری شریف ج:۲، ص۸۳۵ یاسر ندیم، مسلم شریف ج:۲، ص:۱۵۹ یاسر ندیم)۔

وله أن يدخر الكل لنفسه فوق ثلاثه ايام. (هنديه ج:۵، ص:۳۰۰۔ رشيديه)۔

بدائع الصنائع ج:۴، ص:۲۲۴۔ زکریا۔

ويأكل من لحم الأضحية ويوكل ويدخر. (البحر الرائق ج:۸/ص:۱۷۸ سعید کراچی)۔

فتاویٰ محمودیه ج:۱۷، ص:۴۴۰۔ مکتبه شیخ الاسلام دیوبند۔

## رات میں قربانی کرنے کا حکم

**سوال:** رات میں قربانی کے جانور کو ذبح کرنا جبکہ اس جگہ روشنی کا انتظام ہے جبکہ اس کی ساری رگیں نظر آرہی ہے درست ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

رات میں قربانی کرنے کو فقہاء کرام نے مکروہ تنزیہی لکھا ہے غلطی کے احتمال کی وجہ سے لیکن اس زمانہ میں جس جگہ اچھی روشنی کا انتظام ہو اس مقام پر رات میں قربانی کرنا جائز ہے بلا کراہت غلطی کے احتمال نہ ہونے کی وجہ سے۔

"وكره تنزيها الذبح ليلا لاحتمال الغلط" (کمافی الدر المختار:۵/۲۰۳)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) و كره تنزيها الذبح ليلاً لاحتمال الغلط۔ (الدر المختار)۔ ج:۹ص:۴۶۳۔ زکریا۔

والمستحب أن يكون الذبح بالنهار۔ (الهندية ص:۳۳۱ ج:۵۔ زكريا)۔

ومقتضى ترك السنة..... كراهة التزيه مع لعمد والا فلا۔ (حاشية الطحطاوی على المراقی ص:۵۷۔ دار الكتاب ديوبند۔

ويجوز الذبح فی لياليها إلا أنه يكره لاحتمال الغلط فی الظلمة البحر الرائق ص:۳۲۲ ج:۸)۔ زكريا۔

والمستحب ذبها بالنهار دون الليل۔ لأنه أمكن لإستفاء العروف۔ (الهندية ص:۳۴۱ ج:۵) زكريا۔

وہکذا فی الفتاویٰ التاتارخانیہ ص:۴۲۰ ج:۱۷ زکریا۔

وکرالذبح لیلاً۔ ص:۴۶۳ ج:۹۔ زکریا شامی۔

احسن الفتاویٰ ص:۵۱۰ ج:۷۔ دارالاشاعت دہلی۔

فتاویٰ محمودیہ ص:۴۵۷ ج:۱۷ مکتبہ شیخ الاسلام دیوبند۔

## جانور کی کھال کب اتاری جائے؟

**سوال:** جانور کو ذبح کرنے کے بعد اس کے ٹھنڈا ہونے سے پہلے اس کی کھال کا اتارنا درست ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

مکروہ ہے۔ ”و كره كل تعذيب بلا فائدة مثل قطع الرأس والسلخ قبل ان تبرد أی تسكن عن الاضطراب“ (کمافی الدر المختار:۵/۱۸۸) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

عن ابن عباس رضی الله عنهما نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عنه الذبیحة أن تفرس قبل أن تموت۔ (السنن الکبری للبیهقی)۔

(۱) (الدر المختار ص:۲۹۶ ج:۶، کراچی)۔

ویکره سلخ الجلد بعد الذبح قبل أن تبرد۔ (الفتاویٰ التاتارخانیہ ص:۳۹۷ ج:۱۷) زکریا۔

ثم فی حالة القدرة إذا قطع الحلقوم والمرئ والودجین فقد أتم الذکاة۔ (الفتاویٰ التاتارخانیه ص:۳۹۲ ج:۱۷) زکریا۔

والحاصل أن کل مافیه زیادہ ألم لا یحتاج إلیه فی الذکاة مکروہ۔ (الفتاویٰ الهندیه ص:۳۳۲ ج:۵) زکریا۔

## نابالغ پر قربانی کے وجوب کا حکم

**سوال:** دس سال کا ایک بچہ صاحب نصاب ہے اس پر قربانی واجب ہوگی یا نہیں؟ اگر واجب ہے تو خود قربانی کرے یا اس کا باپ یا بھائی اس کی طرف سے قربانی کرے۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

قربانی واجب ہوگی اور صغیر کی جانب سے اس کا بھائی باپ وصی کرسکتا ہے۔

”وأما البلوغ والعقل فلیسا بشرط حتی لو کان للصغیر مال یضحی عنه أبوه أو وصیه من ماله“ (کما فی الفتاوی الہندیہ:۵/ ۲۹۲) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعلیق والتخریج

(۱) (الفتاویٰ الہندیہ ص:۳۳۶ ج:۵) زکریا۔

عن ابن عمر أنه کان لایضحی عن حبل، ولکن کان یضحی عنه عن ولده الصغار

والکبار۔ (مصنف عبد الرزاق ص:۳۸۰ ج:۴، برقم: ۸۱۳۶)

وأما البلوغ والعقل فليسا من شرائط الوجوب فی قول أبی حنيفة وأبی يوسف، وعند محمد وزفرهما من شرائط الوجوب حتى تجب الأضحية فی مال الصبی والمجنون إذا كانا موسرين عند أبی حنيفة وأبی يوسف رحمهما الله حتى لو ضحی الأب أو الصبی من مالهما لا يضمن عندهما۔ (البدائع الصنائع ص:۱۹۷ ج:۴) زکریا۔

(۴) ويضحی عن ولده الصغير من ماله صححه فی الهدايه۔ (شامی ص:۳۱۶ ج:۶، کراچی)

## صاحب نصاب بالغ اولاد کی طرف سے قربانی کا حکم

**سوال:** بالغ لڑکے اور بیوی جو خود صاحب نصاب ہے ان کی طرف سے باپ یا شوہر پر قربانی واجب ہے؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

نہیں۔"وليس على الرجل أن يضحی عن اولاده الكبار وامرأته الا باذنهم"(کما فی الخانیہ: ۳/۳۴۵)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) فتاویٰ الہندیہ ص:۳۴۵ ج:۳۔ رشیدیہ۔

ولو ضحی عن أولاده الكبار وزوجته لا يجوز الا بإذنهم۔ (شامی ص:۳۱۵ ج:۶۔ کراچی)۔

وليس على الرجل أن يضحی عن أولاده الكبار، وامرأته إلا بإذنهم۔ (الفتاویٰ التاتارخانیہ ص:۴۰۵ ج:۱۷)۔

## دو تہائی سے زاید کسی حصہ کے کٹنے کا حکم

**سوال:** ایک جانور ہے جس کا دو تہائی سے زیادہ کوئی حصہ کٹا ہوا ہے اس کی قربانی درست ہے یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

قول صحیح یہ ہے کہ اگر ثلث یا ثلث سے کم ہو تو قربانی درست ہے اور اگر ثلث کی مقدار سے زیادہ ہے تو قربانی درست نہیں۔

**والصحیح أن الثلث وما دونه قليل وما زاد عليه كثير وعليه الفتوى** (کمافی الشامی: ۵/۳۰۶)(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

شامی ج: ۵ ص: ۲۰۶۔ مکتبہ نعمانیہ دیوبند۔

شامی ج: ۶ ص: ۳۲۴۔ سعید کراچی۔

ہندیہ ج: ۵ ص: ۲۹۸۔ رشیدیہ۔

وعن ابي حنيفة رحمه الله أن الثلث إذا ذهب وبقي الثلثان. يجوز وإن ذهب أكثر من الثلث لا يجوز۔ لأن الثلث تنفذ فيه الوصية من غير إجازة الورثة فاعتبر قليلا وفيما زاد لا ينفذ إلا برضاهم: فاعتبر كثيراً۔ (البحر الرائق ج:۸ ص:۱۷۷۔ سعيد)۔

(٦) أنه إن كان ذهب الثلث أو أقل جاز، وإن كان أكثر من الثلث لا يجوز۔ (بدائع الصنائع ج:۴، ص:۲۱۵۔ زكريا)۔

## قربانی کا خریدا ہوا جانور مر گیا اب کیا حکم ہے؟

**سوال:** زید مالدار اور صاحب ثروت ہے اس کے لئے اس کے وکیل نے قربانی کا جانور خریدا سوء اتفاق جانور ریک بیک مر گیا، اس کی قربانی نہیں ہوسکی اب زید کے ذمہ قربانی کا بدل عائد ہوگا یا نہیں؟ دلائل شرع کی روشنی میں جواب سے نوازیں۔

**الجواب: حامدًا ومصلیًا**

قربانی واجب ہونے کے بعد قربانی نہ کرنے کی صورت میں قربانی کی قضا ضروری ہے لہٰذا صورت مسئولہ میں زید کے ذمہ لازم ہے کہ اس کی وسط قیمت صدقہ کرے۔

”ومنها أنها تقضى اذا فاتت عن وقتها ثم قضاؤها قد يكون بالتصدق بعين الشأة حية وقد يكون بالتصدق بقيمة الشاة الخ“ (فتاوی ہندیہ: ۵/ ۲۹۴) (۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب
حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

الجواب صحیح
بندہ محمد حنیف غفرلہ

## التعلیق والتخریج

(۱) فتاویٰ ہندیہ ج: ۵ ص: ۳۳۹۔ زکریا۔

ولو ضلت فليس عليه أن يشتري أخرى مكانها وإن كان غنيًا وافعليه أن يشتري أخرى فكانها۔ (البحر الرائق ص: ۱۷۵ ج: ۸) کراچی۔

إذا اشترى شاة للأضحية وهو موسر ثم إنّها ماتت أو سرقت أو ضلت في ايّام النحر أنه يجب عليه أن يضحي بشاة أخرى۔ (بدائع الصنائع ص: ۱۹۹ ج: ۴) زکریا۔

(۴) وإذا مات المشتراة للتضحية على الموسر مكانها أخرى، ولا شيئ على الفقير ولو ضلت أو سرقت۔ (الفتاویٰ التاتارخانیہ ص: ۴۵۸ ج: ۱۷، زکریا)۔

# قربانی کے جانور کو بیچ کر پیسہ استعمال کرنا کیسا ہے؟

**سوال:** زید نے قربانی کا ایک جانور پالا تھا وہ کسی مرض میں مبتلا ہوگیا جس کی وجہ سے وہ جانور ذبح کر دیا اور ذبح کرنے کے بعد اس نے ڈیڑھ سو روپئے میں فروخت کر دیا، اب اس روپیہ کا کیا حکم ہے؟ کہاں جائز ہے؟ مزید اس جانور کے عوض میں دوسرا جانور قربانی کرنا ہوگا یا نہیں؟

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

ایسی صورت میں اس روپئے کے بارے میں مالک کو اختیار ہے چاہے اپنی ضرورت میں صرف کرے یا جائز مصارف میں سے کسی مصرف کے اندر استعمال کرے، چونکہ صرف جانور کو قربانی کے لئے پالنے سے بعینہ اس جانور کی قربانی واجب نہیں ہوتی، البتہ اس قربانی کے جانور کو بلا ضرورت و بلا وجہ اپنی ضروریات میں استعمال کرنا مکروہ ہے، لیکن اگر ضرورت پیش آئے مثلاً بیمار ہوجائے یا عیب دار ہوجائے تو بلا کراہت اس جانور کو اپنی ضرورت میں لاسکتے ہیں، بعینہ یا بیچ کر، لیکن اگر وہ غنی ہے تو قربانی کے ایام میں اس جانور کی جگہ دوسرے جانور کی قربانی کرنا لازم ہے۔(۱)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

## التعليق والتخريج

(۱) إذا ماتت المشتراة للتضحية على موسر تجب مكانها أخرى، ولا شيئ على الفقير۔ (مجمع الانہر ج:۴، ص:۱۷۳ مکتبہ فقیہ الامۃ دیوبند)۔

ولو اشتراها سليمة ثم تعيبت بعيب مانع فعليه إقامة غيرها مقامها إن كان غنياً وإن كان فقيراً اجزأه ذلك۔ (شامی ج:۶، ص:۳۲۵) سعید کراچی۔

# قربانی میں عقیقہ کا حکم

**سوال:** قربانی کے جانور میں عقیقہ کرسکتے ہیں یا نہیں؟ اگر کرسکتے ہیں تو مدلل جواب تحریر فرمائیں، نوازش ہوگی۔

**الجواب: حامدًا ومصليًا**

قربانی کے جانور میں عقیقہ درست ہے۔ کمافی الدر

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمیؔ

## التعليق والتخريج

(۱) إن الجهات وإن اختلفت صورة فهي في المعنى واحد. لأن المقصود من الكل التقرب إلى الله عن شانه. (بدائع الصنائع ج:۴، ص:۲۰۹، کریا دیوبند).

ولو نوى بعض الشركاء الأضحية: وبعضهم هدى المتعة وبعضهم هدى القران، وبعضهم جزاء الصيد، وبعضهم دم العقيقة جاز عن الكل.... لأن كل واحد متقرب إلى الله تعالى. (الفتاوىٰ التاتارخانيه ج:۱۷، ص:۴۵۲، زكريا ديوبند).

(۱) وشمل مالو كانت القربة واجبة على الكل أو البعض انفقت جهاتها أولا: كأضحية وإحصار وجزاء صيد وحلق ومتعة وقران.... لأن المقصود من الكل القربة: وكذا لوأراد بعضهم العقيقة عن ولد. (شامی ج:۶، ص:۳۲۶۔ سعید کراچی).

وکذا فی امداد الفتاویٰ ج:۳،ص:۵۳۲۔ زکریا۔

فتاویٰ دارالعلوم ج:۱۵/ص:۵۵۴۔ مکتبہ دارالعلوم دیوبند۔

## نام بدلنے پر عقیقہ مکرر کرنا کیسا ہے؟

**سوال:** محترم مفتی صاحب! بعد سلام مسنون کے معلوم ہو کہ:

میں نے اپنے لڑکے کا نام دس سال پہلے محمد زاہد رکھ کر عقیقہ کر دیا تھا۔ اس وقت لڑکے کو نام محمد ساجد پسند ہے۔ گھر میں اور لوگوں کی بھی رائے یہی ہے کہ نام محمد ساجد رکھا جائے، تو کیا پھر سے عقیقہ محمد ساجد کے نام سے درست ہے؟ محمد ساجد کے نام سے عقد شادی ہونے کے بعد عقیقہ کروا دیا جائے تو کیا درست ہے؟

**الجواب: حامداً ومصلیاً**

ایک مرتبہ جب عقیقہ کر دیا گیا تو سنیت ادا ہوگئی اب دوبارہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ فضول ثابت ہوگا۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

حررہ العبد حبیب اللہ القاسمی

☆☆☆☆☆

## حبیب الامت، عارف باللہ حضرت مولانا

# مفتی حبیب اللہ صاحب قاسمی دامت برکاتہم

## کی تصنیفات وعلمی خدمات ایک نظر میں

| | |
|---|---|
| حبیب الفتاویٰ اول | تحفۃ السالکین |
| حبیب الفتاویٰ دوم | نوٹ کی شرعی حیثیت |
| حبیب الفتاویٰ سوم | والدین کا پیغام زوجین کے نام |
| حبیب الفتاویٰ چہارم | تصوف وصوفیاء اور ان کا نظام تعلیم وتربیت |
| حبیب الفتاویٰ پنجم | حضرات صوفیاء اور ان کا نظام باطن |
| حبیب الفتاویٰ ششم | حبیب العلوم شرح سلم العلوم |
| حبیب الفتاویٰ ہفتم | حضرت حبیب الامت کی علمی، دینی خدمات کی |
| حبیب الفتاویٰ ہشتم | ایک جھلک |
| تحقیقات فقہیہ جلد اول | قدوۃ السالکین |
| رسائل حبیب جلد اول | درود وسلام کا مقبول وظیفہ |
| رسائل حبیب جلد دوم | التوضیح الضروری شرح القدوری |
| صدائے بلبل (اشرف التقاریر) جلد اول | خطبات حبیب |
| احب الکلام فی مسئلۃ السلام | مقالات حبیب |
| مبادیات حدیث | برکات قرآن |
| نیل الفرقدین فی المصافحہ بالیدین | علماء وقائدین کے لئے اعتدال کی ضرورت |
| التوسل بسید الرسل | مسلم معاشرہ کی تباہ کاریاں |
| المساعی المشکورۃ فی الدعاء بعد المکتوبۃ | جمع الفوائد شرح شرح عقائد |
| احکام یوم الشک | جہاں روشنی کی کمی ملی وہیں اک چراغ جلا دیا |
| جذب القلوب | |